فروری و مئی ۱۹۵۸ء

خاص نمبر

اورینٹل کالج

میگزین

فروری و مئی ۱۹۵۸ء

خاص نمبر

جلد ۳۴ عدد ۲ و ۳ عدد مسلسل ۱۳۲ و ۱۳۳

ایڈیٹر :—

ڈاکٹر سید عبداللہ

باہتمام مسٹر احسان الحق ہیڈ کلرک یونیورسٹی اورینٹل کالج لاہور، پرنٹر و پبلشر اورینٹل کالج میگزین، پنجاب یونیورسٹی پریس لاہور میں طبع ہو کر اورینٹل کالج لاہور سے شائع ہوا۔

سالانہ چندہ : چار روپے

خاص نمبر کی قیمت بے قاعدہ خریداروں کے لئے : ۵ روپے

ترتیب

اے - ۳۲۴ پنجاب یونیورسٹی پریس — ۳۰۰ — ۹ - ۵ - ۵۸ء

خطبۂ استقبال

جو

یونیورسٹی اورینٹل کالج
لاہور

کے

۸۸ ویں یوم تأسیس (منعقدہ ۲۳ نومبر ۵۷ء)

پر

ڈاکٹر سیّد عبداللہ پرنسپل

نے

پڑھا

باسمہ تعالیٰ

عالی جناب وزیر اعلیٰ مغربی پاکستان، محترمہ صدر صاحبہ و حاضرین باتمکین! میں آپ سب صاحبوں کو صدق دل سے خوش آمدید کہتا ہوں اور آپ کا شکر گزار ہوں۔ خصوصاً عزت مآب وزیر اعلیٰ کا کہ وہ اپنی بے شمار مصروفیات کے باوجود اس جلسے کے لئے وقت نکال سکے اور ہمیں اپنے گراں قدر ارشادات سے مستفید فرمایا میں اور میرے رفقا ان کی اس کرم فرمائی کے لئے بے حد مشکور ہیں۔ میں محترمہ صدر صاحبہ کا بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے علوم مشرقی سے اپنی گہری محبت کا ایک بار پھر ثبوت بہم پہنچایا اور کالج کی دعوت پر، باوجود علالت طبع، لبیک کہہ کر اپنے خلوص کو عملی جامہ پہنایا۔ ؎

رَهَنْتُ یَدِی بِالْعَجْزِ عَنْ شُكْرِ بِرِّكُمْ
وَمَا فَوْقَ شُكْرِی لِلشَّكُورِ مَزِیْدُ

وَلَوْ اَنَّ شَیْأً یُسْتَطَاعُ اسْتَطَعْتُهُ
وَلٰكِنَّ مَا لَا یُسْتَطَاعُ شَدِیْدُ

حضرات! اورینٹل کالج کی تأسیس کے اس یادگاری موقعہ پر ظاہراً مجھے اس کالج اور اس سے متعلقہ علوم مشرقی کے متعلق ہی کچھ اظہار خیال کرنا چاہیے مگر میں آج اس توقع کے خلاف، تعلیم کے عام مسئلے کو اپنا موضوع بناؤں گا۔ یہ اس وجہ سے کہ علوم مشرقی کی ترقی اور اورینٹل کالج کی توسیع کا موضوع بار بار کی

تکرار کے باعث اتنا پریشان کن سا ہوگیا ہے کہ میں خود بھی اب اس سے
اکتا گیا ہوں ۔ ایک سبب یہ بھی ہے کہ علوم مشرقی کے متعلق
اب حکام نے بھی سوچنا شروع کر دیا ہے اور اگرچہ اورینٹل کالج
کی حالت بدستور وہی ہے جو پہلے تھی مگر مشرقی زبانوں کے امتحانوں
کے سلسلے میں صوبے کی وزارت کا رویہ ہمدردانہ ہو رہا ہے جس کے لئے
ہم عالی جناب وزیر اعلی وزیر معارف سردار عبدالحمید دستی اور جناب
ایس ایم شریف صاحب کے شکر گزار ہیں ۔ ہمیں کامل امید ہے
کہ صوبے کی حکومت بشمول وزارت علوم مشرقی اور اورینٹل کالج کے
مسائل کے بارے میں اب مسلسل دلچسپی کا اظہار کریگی ۔ اب میں
اصل موضوع پر آتا ہوں ۔

میرا عقیدہ یہ ہے کہ مشرقی علوم کے سوال کو عام تعلیم کے مسائل سے
الگ کر کے نہیں دیکھا جا سکتا ۔ کیونکہ بالآخر مشرقی علوم کی ساری بحث
بھی انہی اصولوں تک جا پہنچتی ہے جن کا تعلق تعلیم کے عام مقاصد و حکمت
سے ہے ۔ اور پھر اس لئے بھی کہ مشرقی علوم کے سوال کو عام تعلیم
سے الگ رکھ کر سوچنے کی ناسمجھی ہی در اصل اس بات کی ذمہ دار
ہے کہ اس وقت ہماری تعلیم (مشرقی اور مغربی) دو الگ الگ خانوں اور
طبقوں میں تقسیم ہو گئی ہے ۔ جن میں سے عملاً ایک کو اعلی
اور دوسری کو ادنی یا ایک کو مفید اور دوسری کو غیر مفید یا
بے ضرورت خیال کیا جاتا ہے ۔ میرے نزدیک یہ تقسیم ایک غیر
ملکی حکومت کی غرض مندانہ حکمت عملی کا نتیجہ تھی ۔ اور اب اس
تقسیم کو جاری رکھنے کا مطلب ما سوا اس کے کچھ نہیں کہ ہم ایک غلط
رسم کو ہمیشہ کے لئے برقرار رکھنے پر تلے ہوئے ہیں ۔

ان وجوہ سے میں آج پاکستان کی عام تعلیم کے بارے میں اپنے
خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں ۔ شاید آپ کو معلوم ہوگا کہ مرکزی

حکومت پاکستان کے عالی مقام وزیر تعلیم نے حال ہی میں ایک وسیع تعلیمی کمیشن کے قیام کا اعلان کیا ہے ۔ جس میں انہوں نے امور قابل بحث کا تو کوئی تذکرہ نہیں کیا ، مگر اتنی وضاحت کی ہے کہ مجوزہ کمیشن کا دائرہ بحث بہت وسیع ہوگا اور اس کو اختیار ہوگا کہ وہ پاکستان میں تعلیم کی بنیادی حکمت عملی پر بھی غور کرے اور ایسی تجاویز پیش کرے جن سے پاکستان کی تعلیم پاکستان کے مخصوص عقائد کے عین مطابق ہو جائے ـــ!

میرے خیال میں وزیر تعلیم صاحب کا یہ اقدام نہایت مبارک اور قابل قدر ہے، اگر اس کمیشن کا تقرر ہو گیا اور اس نے صحیح سپرٹ میں کام کیا تو اس سے بڑے دور رس نتائج نکلنے کی توقع ہے ۔، میں نہیں کہہ سکتا کہ اس کام کے لئے حکومت کے سامنے نصب العین کیا ہے اور کون کون سے اہل الرائے اور اہل فکر حضرات اس نئی حکمت عملی کی تشکیل میں حصہ لیں گے ۔ مگر یہ تو واضح ہے کہ اصولی طور پر اس کمیشن کا اہم ترین مقصد پاکستان کے لئے ایک مخصوص تعلیمی منصوبے کی تشکیل ہوگا ۔ باقی مسائل جو بھی زیر بحث آئیں گے، وہ اسی بڑے مقصد کے تابع ہوں گے ـــ!

یہ کمیشن اگر وجود میں آگیا جیسا کہ توقع ہے تو اسے سب سے پہلے پاکستان کی تعلیمی غایتوں کا فیصلہ کرنا ہوگا ۔، یہ ملحوظ رہے کہ میں عام تعلیم کی غایتوں کا ذکر نہیں کر رہا ہوں ۔، میں تو یہاں پاکستان کی عام تعلیمی غایتوں کے سوال کو اٹھا رہا ہوں ۔ اور وہ اس لئے کہ پاکستان ہی اس وقت ایک ایسا ملک ہے، جس نے ایک نئے ثقافتی اور اجتماعی عقیدے کو اپنا نصب العین بنا کر ایک نئی مملکت کی بنیاد رکھی ہے ۔، ممکن ہے کچھ لوگ پاکستان کے اس فکری اور اجتماعی نصب العین کو محض اتفاقی حادثہ قرار دے رہے ہوں

مگر میں ان لوگوں سے متفق نہیں ہوں - میرے نزدیک پاکستان کا نصب العین محض جذباتی سا نظریہ نہیں - وہ تو ایک ایسا نظریہ ہے جس میں عاینوں کے لحاظ سے بڑے ثقافتی اور اجتماعی امکانات موجود ہیں - مجھے یقین ہے کہ اگر اس نظریئے پر عمل کیا جائے اور اس کے حصول کے لئے مناسب جد و جہد کی جائے تو یہ کوششیں ضرور بار آور ہوں گی اور اس سے عالم انسانی کو بڑے بڑے اجتماعی فوائد حاصل ہونگے -

مگر یہ یاد رہے کہ مجوزہ کمیشن کا کام کوئی آسان کام نہیں - کیونکہ کمیشن کو محض ترمیم نہیں بلکہ تخلیق یا تعمیر نو کرنی ہوگی - اس کو جرأت رندانہ سے کام لے کر پرانی تعلیمی عمارت کو بالکل بدل دینا ہوگا - جس طرح پاکستان ایک منفرد قسم کا سیاسی عمرانی تجربہ ہے اسی طرح اس کے تعلیمی منصوبے کو بھی ایک منفرد تجربے کی حیثیت سے دیکھنا ہوگا -

اس قسم کے نئے تعلیمی منصوبے کے لئے یہ ضروری ہوگا کہ پہلے مروجہ تعلیمی نظام کے نقائص کا پورا پورا اعتراف کر لیا جائے - یہ تو ماننا پڑے گا کہ گذشتہ ایک سو سال میں اس بر صغیر میں تعلیم ایک خاص غرض کے تحت چلتی رہی اس عرصے میں بظاہر تعلیم کے بعض شعبوں میں ترقی بھی ہوئی، مدرسوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں کا بڑا وسیع نظام قائم ہوا - تعلیم و تربیت کے بعض جدید ترین طریقوں اور اصولوں سے کام لیا گیا - نظم و ضبط کا احساس ہوا - اور اصول و قواعد وضع ہو کر رائج ہوئے اور مختلف اشغال کے مد نظر تعلیم کے مختلف نصاب تجویز ہوئے اور ان میں ضروری ترمیمات ہوتی رہیں غرض گذشتہ سو سال میں مروجہ تعلیم، کئی اعتبار سے ملک کے لئے مفید بھی ثابت ہوئی، اور اس کے عملی اور تجرباتی نتائج کا ایک حصہ ایسا بھی ہے، جس کے تحفظ کی اب بھی ضرورت ہے کیونکہ اس کو ہم اپنی تعلیم کا قیمتی ورثہ خیال کرتے ہیں -

با این همہ پاکستان کے موجودہ عقائد کے پیش نظر ہم اس تعلیمی نظام کو قومی تعلیم کا درجہ نہیں دے سکتے ۔ کیونکہ اس تعلیم کا بنیادی محرک جذبہ غرض مندانہ تھا ۔ اس کے علاوہ اس کے اصول بیشتر صورتوں میں غیر فطری اور غیر عملی تھے ۔ اس میں ہمارے ملک کی سماجی، اخلاقی اور تہذیبی ضرورتوں کو مد نظر نہیں رکھا گیا تھا اور اس کے اکثر نمونے یا خاکے (Patterns) مستعار اور اجنبی تھے ۔ ان سب چیزوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہماری یہ تعلیم ہمارے حق میں اتنی مفید ثابت نہیں ہوئی جتنا کسی اچھی تعلیم کو ہونا چاہئے۔ ایک بہت بڑا نقصان اس نظام تعلیم سے یہ ہوا کہ ہماری تعلیمی روایت کا سلسلہ ٹوٹ گیا ۔ کیونکہ یہ تو مسلّم ہے کہ اس ملک میں بھی ایک تہذیب، ایک ثقافت تھی ۔ اس ملک کے لوگوں کا بھی کوئی ادب تھا، ان کی بھی کوئی روایات تھیں۔ ان کا بھی کوئی نظام تعلیم و تربیت تھا، ۔ میکالے کی نظر میں ان کی اہمیت کچھ بھی ہو یہ تو ماننا ہی پڑے گا کہ تاج محل کی بنا ڈالنے والی قوم، دل اور نظر کی تہی نہیں ہو سکتی ۔، پاک بیں نگاہ اور گداز دل کی یہ تہذیب کسی گمبھیر تعلیمی روایت کے بغیر ممکن نہیں، مگر غیر ملکی حکومت نے یہ تعلیمی روایت یکسر فنا کردی ۔، اس میں اس کے بُرے ارادے کا دخل نہ بھی ہو، تب بھی اس سے ہمارے فکر و نظر کی فطری ترقی بالکل رک گئی ۔ اس سے ہماری تعلیم دو متحارب کیمپوں میں تقسیم ہو گئی اور ملک ان عمدہ نتائج علمی سے محروم ہو گیا جو ان دونوں نقطہ ہائے نظر کے اجتماع و ترکیب سے لازمی طور سے برآمد ہوتے ۔ آج کئی سوچنے والے اور محسوس کرنے والے یہ شکایت کرتے ہیں کہ اب ہم میں غزالی، ابن خلدونؒ، اور شاہ ولی اللہ نہیں پیدا ہوتے تو در اصل اس کی ذمہ داری ہماری ڈیڑھ ہزار سالہ تعلیمی روایت کے انقطاع پر ہے جس سے بڑھتی ہوئی روایت تو

ختم ہو گئی مگر علم و تعلیم تصنیف و تحقیق اور آزادانہ غور و فکر کی کوئی نئی روایت پیدا نہ ہو سکی ـــ!

بہر صورت اب پاکستان کے نظام تعلیم کی اساس اور غایت کو بدل دینا ہوگا ـ میری رائے میں مجوزہ کمشن کو سب سے پہلے پاکستانی تعلیم کی غایت متعین کرنی چاہئے ـ کیونکہ اسی پر اس ملک کی ساری تعلیم کی عمارت بلند ہو سکے گی اور اسی سے اس کی تفصیلات و جزئیات کے نقوش ابھار ہو سکیں گے ـ میں نے تعلیمی غایت کے سلسلے میں مخصوص عقائد کا سوال اس لئے اٹھایا ہے کہ تعلیم کے عام اور مثالی نصب‌العین کچھ بھی ہوں، عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ ہر ملک اور ہر قوم کے نظام تعلیم پر اس کے مخصوص سیاسی اور تہذیبی احوال کا اثر ضرور ہوتا ہے ـ اور عملی شکل میں، اقوام عالم میں سے ہر قوم اپنے خاص احوال کو مد نظر رکھنے پر مجبور ہو جاتی ہے ـ نظری اعتبار سے تو تعلیم کا ہر نصب‌العین اور ہر مقصد نیک ہی ہوتا ہے ـ مثلاً ، شخصیت کی تکمیل، خیر، صداقت اور حسن کی قدروں کی تربیت، عملی قابلیتوں کی تکمیل وغیرہ وغیرہ ـ افلاطون سے لیکر آج تک کئی اہل فکر نے تعلیم کے لئے نہایت اونچے اور مثالی مقاصد تجویز کئے ہیں ـ مگر اس کو تعلیم کی بد قسمتی کہئے یا ناگزیر خصوصیت کہ تہذیب انسانی کے ہر دور میں وہ سامنے کے مخصوص عمرانی یا سیاسی فلسفوں سے ضرور اثر پذیر ہوتی رہی ہے ـ جن میں سے بعض نے حقیقی تعلیم کو آگے بڑھایا اور بعض نے اس کو پیچھے دھکیل دیا ـ مگر مخصوص ملکی اور سماجی احوال کا اثر ہر دور میں ہوتا رہا اور اس کو قبول کرنے پر ہر قوم مجبور رہی ـ

بظاہر یہ تصور تنگ نظری پر مبنی معلوم ہوتا ہے اور میں پاکستان کو اس تنگ نظرانہ اور محدود نقطہ نظر کی دعوت کبھی

نہ دیتا اگر مجھے یہ معلوم نہ ہوتا کہ خوش قسمتی سے پاکستان کی بنیادی تعلیمی غایت قومی ہو جانے پر بھی وسیع اور آفاق گیر ہی رہے گی - یورپ اور امریکہ کے ماہرین تعلیم صدیوں کے تجربوں، کاوشوں اور بحثوں کے بعد جس بین الاقوامیت کی طرف اب رجوع کر رہے ہیں، وہ بین الاقوامیت مسلمانوں کے لئے کوئی نئی چیز نہیں - اسلامی ذہن اصولاً بین الاقوامیت آفاقیت، اور انسانیت سے مانوس ہے - یورپ اور امریکہ بڑی بڑی فکری بغاوتوں کے بعد آج اس تصور کے قریب آئے ہیں جو نسل اور جغرافیہ کی حدوں سے بلند تر نظر کا مدعی ہے - اسلام کا یہ عقیدہ اس کے اولین عقائد میں سے ہے -

یہ تو آپ صاحبوں کو اچھی طرح معلوم ہے کہ یورپ میں دوسرے شعبہ ہائے فکر و نظر کی طرح تعلیمی نظریات میں بھی بغاوتوں کا ایک طویل سلسلہ نظر آتا ہے - کلاسیکی روایت کے خلاف انسانیاتی تحریک (Humanism) کی بغاوت ، اس کے خلاف عمرانیاتی پھر عام سائنسی تحریک - بیچ میں شوپن ہار کی ''خود رو رضائیت (Voluntarism) اور پھر عملی تجرباتی تحریک (Pragmatism) غرض، اسی طرح تعلیم کبھی قومی، کبھی نسلی، کبھی علاقائی عصبیتوں سے متاثر ہوتی رہی، جس کا ایک نمایاں نقطہ وہ تھا جو نازی جرمنی کی درس گاہوں میں نمودار ہوا اور ایک وہ ہے جو اس وقت ایک طرف روس کی منظم تدریس میں ملتا ہے اور دوسری طرف امریکہ کی ''قومی بین الاقوامیت،، کی صورت میں ظاہر ہو رہا ہے -

ان سب نظریات میں اصولی اختلافی مسئلے کم و بیش دو ہی ہیں اول یہ کہ تعلیم کا مقصود کس قسم کے انسان اور کس قسم کی سوسائٹی پیدا کرنا ہے اور دوسرا یہ کہ خدا اور انسان اور فرد و

اجتماع کے باھمی روابط کیا ھیں اور تعلیم ان کی تنظیم میں کیا مدد دے سکتی ھے ۔؟

دنیا کے موجودہ تعلیمی افکار کے تجزیئے سے یہ محسوس ھوتا ھے کہ اس وقت ذھن انسانی، انسان کی ان قسموں کے جھگڑے سے سخت تنگ آگیا ھے اور اب وہ ایک ایسے انسان کی تلاش میں ھے جو عالم ھو یا نہ ھو، نیک ضرور ھو، اور اسے اب ایک ایسے معاشرہ کی تلاش ھے ، جس کی حدیں جغرافیہ نے نہیں ، اساس نے قائم کی ھوں ۔ اسی طرح انسان اب مادے کی کارفرمائیوں سے خوف زدہ ھوکر خود اپنے مستقبل کے بارے میں متفکر ھے ۔ ان حالات میں اب دنیا روحانیات اور مادیات میں مناسب پیوند اور خوشگوار توازن کی آرزومند ھے وہ خاص کی بجائے عام، قومیت کی بجائے بین الاقوامیت اور عصبیت کی بجائے انسانیت کی طرف مائل ھے ۔ اور تعلیم کو سائنس بنانے کی بجائے پھر اخلاق، دین اور فلسفہ بنانے کے رجحانات پیدا ھو رھے ھیں اس کی تائید میں ، میں امریکہ کی مجلس مذاکرہ تعلیمی (Symposium) کی روداد کا صرف ایک ھی اقتباس پیش کرنا کافی سمجھتا ھوں ۔ (ملاحظہ ھو ضمیمہ الف)

اسی طرح صدر امریکہ کے تعلیمی کمیشن کی اکثر سفارسات کا رخ بھی ادھر ھی ھے ۔ یہاں تک کہ خود روس میں بھی جس پر جبریت کا الزام ھے ۔ Return to Culture کی صدا سننے میں آ رھی ھے ۔ جو در اصل مادی افادیت کے ڈھیلا ھونے کی واضح علامت ھے ۔

اس گفتگو سے یہ تو ظاھر ھوا کہ اس وقت تعلیم کا عام رجحان یہ ھے کہ اس میں مادی مقاصد کے ساتھ ساتھ روحانی و اخلاقی تکمیل بھی مد نظر رھنی چاھئے ۔ یہ تصور وہ ھے جو دنیا کو بڑی روحانی آزمائش اور سخت ذھنی تکلیف کے بعد اب ھاتھ آیا ھے ۔ مگر یہ

تصور تو وهی ہے جو مسلمانوں کی تعلیمی روایت کا همیشه سے ایک اهم اصول رها ہے -

امام غزالی کی رائے میں تعلم کا مقصد محض رضائے الٰہی کا حصول ہے اس کے سوا کچھ نہیں، - اور یه رضائے الٰہی ہے کیا ؟ یه ہے انسان کے انسان و کائنات سے روابط کی ایک صورت جسمیں بندے کو هر وقت یه مد نظر رہے که خدا هی ساری دنیا کا خالق ہے - اسی نے سارے عالم کو کنفس واحده پیدا کیا ہے -ذات خداوندی کا یہی احساس تعلم کی غایت اولی ہے جو اگرچه ہے بہت دشوار مگر نسل انسانی کی آخری امید اسی قسم کے تخیل میں ہے لیکن پاکستان کے لئے یه نظریه کوئی نیا نہیں - یه تو اس کا اپنا نظریه ہے - جو اسلام نے اس کو صدیوں پہلے دیا ہے- جس سے اسلامی تہذیب کی ساری بنیادی روح کم و بیش همیشه سرشار رهی ہے -

اس موقع پر ایک غلط فهمی کا ازاله ضروری معلوم هوتا ہے - عام طور سے مسلمانوں کے گذشته تعلیمی نظریات اور نظامات کے متعلق یه سمجھ لیا گیا ہے - که ان کی اساس محض دینی اور راهبانه ہے - اور اس کے نظام میں عقلی، تجربی اور سماجی علوم کا حصه معدوم یا ناقص ہے - مگر یه رائے حقائق کی روشنی میں صحیح نہیں -، تاریخی لحاظ سے عہد اسلامی کے تقریباً هر دور میں مقتضیات زمانه کے مطابق نصاب کے عملی پہلوؤں کو خاص اهمیت دی جاتی رهی ہے - میں اس وقت اسکی تفصیل میں نہیں جانا چاهتا مگر اشارتاً مقدمه ابن خلدون کے تعلیمی مباحث کا حواله دیتا هوں جن میں تعلیم کے عملی عناصر کا بڑا عمده تجزیه مل سکتا ہے - ابن خلدون کو اپنے زمانے کے تعلیمی نصاب کے خلاف بڑی شکایت یه تھی که اس میں صرف و نحو پر ضرورت سے زیاده زور دیا جاتا ہے - ان کے

نزدیک اس طریقے سے قوت تفکر اور تعصبل زبان کی آزاد کوشش کو سخت نقصان پہنچتا ہے ۔، اور یہ شکایت پرانے نصاب کے متعلق آج بھی درست ہے ۔ مگر سماجی علوم اور طبعی علوم سے پرانے زمانے کا نصاب خالی نہ تھا ۔ ابن خلدون نے ان کا خصوصی تذکرہ کیا ہے ہندوستان کے آخری دور میں درس نظامیہ ھی کو لے لیجئے اس میں بھی عملی علوم کا حصہ خاصا ہے ۔ اور درس نظامیہ کے خلاف تو بڑا اعتراض ھی یہ ہے کہ اس میں دینی عنصر کمزور اور دوسرے علوم کا حصہ زیادہ ہے ۔ چنانچہ کل نصاب میں دین کی کتابیں صرف تین ھیں ۔ ایک تفسیر کی، ایک حدیث کی، ایک فقہ کی، باقی سب کتابیں دوسرے عملی علوم سے متعلق ھیں جن میں سے بعض زبان و ادب کی استعداد کے لئے اور بعض تعقل و تفکر کی تربیت کے لئے رکھی گئی ھیں ۔

غرض پرانے نصاب و نظام پر لاکھ دوسرے اعتراضات ھوں مگر یہ کہنا کسی طرح درست نہیں کہ یہ نصاب عملی اور سماجی علوم کو کوئی اہمیت نہیں دیتا بلکہ پرانے نام مشہور نصابوں کی اصل روح یہی رھی ہے ۔ کہ ان سے دینی و دنیاوی اور علمی و عملی کا لفظی امتیاز مٹ کر ایک ایسا توازن روبہ نمودار ھو جو زندگی کو وحدت بسیط کی حیثیت سے دیکھ سکے ۔ غرض دین و دنیا کے درمیان توازن پیدا کرنا اور قائم رکھنا اس کا سب سے بڑا نصب العین رھا ہے !

یہ صحیح ہے کہ آج ھم پرانی تعلیم کو یک رخہ اور دنیا سے ذرا ھٹا ھؤا دیکھتے ھیں ۔ مگر اس کی ذمہ داری اس تعلیم پر نہیں قوم پر ہے یا اس دور غلامی پر ہے جس نے ھماری تعلیم کو دو کیمپوں میں تقسیم کردیا تھا یعنی جدید اور قدیم یا مشرق اور مغربی یا دینی اور دنیوی ۔ یہ چیز دراصل انگریزوں کا دیا ھوا تحفہ ہے جسے ھم آج تک

سینے سے لگائے پھرتے ھیں اگر ھماری تعلیم قدرتی ارتقا کی فضا میں آگے بڑھتی تو یہ دین اور دنیا کے دو کیمپ کبھی قائم نہ ھوتے۔ کیونکہ ھمارے تصورات کی رو سے دنیا دین کے اندر ھے ۔ اس سے باھر نہیں ۔ اسی وجہ سے ھمارے یہاں Christian secularised ، کی سی اصطلاحیں نہیں ملتیں ۔ '

بہر حال یہ دو عملی غیروں کی پیدا کی ھوئی ھے ۔ شبلی نے ندوۃالعلماء کی تحریک میں اس دو عملی کے خلاف آواز بلند کی تھی اور 'طریقہ وحدت تعلیم' پر اصرار کیا تھا تا کہ عام تعلیم کے لئے دینی مدرسے اور دنیوی مدرسے الگ الگ قائم ھوکر قوم کو فکری انتشار میں مبتلا نہ کریں ۔ مگر اس دور کے نقارخانے میں شبلی کی آواز توتی کی آواز سے بھی نحیف تر ثابت ھوئی ۔ میں سمجھتا ھوں کہ غلامی کے خاتمے کے بعد ھماری پاکستانی تعلیم ،نظریہ وحدت تعلیم کے اصول پر نافذ ھونی چاھئے جس میں ملا اور بابو کی یہ تقسیم باقی نہ رھے ۔ اس طرح علوم دین بھی محفوظ رھیں گے اور دنیوی علوم بھی دین کے دائرے میں آ جائیں گے ۔ اور روز روز کا یہ غوغا بھی ختم ھو جائے گا کہ حکومت علوم مشرق کو مٹانے پر تلی ھوئی ھے ۔ اور یہ شکایت بھی نہ رھے گی کہ مولوی ھمارے دین کے اجارہ دار بن کر ھمیں ترقی سے روک رھے ھیں اور اھل دین کی یہ واویلا بھی ختم ھوجائے گی کہ تعلیم یافتہ لوگ دین سے اس درجہ بیگانہ ھو رھے ھیں کہ انہیں یہ بھی معلوم نہیں کہ خلفائے راشدین کون تھے ۔ اور یثرب دنیا کے کس ملک میں واقع ھے ۔ میرا تو عاجزانہ خیال یہ ھے کہ وحدت تعلیم کا تصور ھی ھماری تعلیمی اور تہذیبی مشکلات کا حل ھے ۔ اس دو عملی اور دو کیمپوں کی لڑائی سے تو باھمی نفرت اور بغض و عناد ۔ اور اس سے بھی زیادہ دو طرفہ بے علمی

اور جہالت کی توسیع کے سوا کوئی نتیجہ بر آمد نہیں ہو سکتا ۔ وقت آگیا ہے کہ ہم گذشتہ ڈیڑھ سو سال کے تلخ تجربات سے فائدہ اٹھائیں اور غیروں کی نافذ کردہ اس دو عملی کا خاتمہ کر دیں ۔ وحدت تعلیم کا منصوبہ صحیح بھی ہے اور قابل عمل بھی ۔ مگر ہاں، اس کے لئے تعصب اور جمود دونوں کو خیر باد کہہ دینا پڑے گا ـــ!

غایت کے مسئلے کے بعد مجوزہ کمیشن کو یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ پاکستان کا تعلیمی نظام پہلے کی طرح پھر غیر قدرتی نہ ہونے پائے مروجہ تعلیم اس معنی میں نہایت غیر قدرتی ہے کہ اس کا ذریعہ تعلیم تقریباً ایک سو سال سے ایک غیر ملکی زبان ہے جس کی مشکلات علوم کی اشاعت کے لئے سنگ راہ بنی ہوئی ہیں ۔ دنیا کے ہر ملک میں ذریعہ تعلیم اپنی ہی زبان ہے مگر ہمارے ملک کو مجبوراً ایک غیر قدرتی طریق کار پر عامل ہونا پڑا ۔ یعنی اپنی زبان کی بجائے انگریزی میں پڑھنا پڑھانا ۔ بعض لوگ آج بھی اس غیر قدرتی طریق کار کے حق میں ہیں مگر بیشتر عقلی اور عملی دلائل اس کے خلاف ہیں ۔ انگریزی زبان کی اس حیثیت کو برقرار رکھنے کے حق میں صرف ایک ہی دلیل ہے اور وہ یہ کہ اس کے ذریعے ہم براہ راست انگریزی میں لکھے ہوئے علوم تک پہنچ جاتے ہیں ۔ اگر اس ایک فائدے کو تسلیم کر بھی لیا جائے تو بھی منجملہ اور مضرتوں کے اس کے اس بڑے نقصان کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ یہی چیز علوم کی عام اشاعت کے خلاف جاتی ہے اور علوم ملکی ذہنوں کے اندر جذب نہیں ہوپاتے ۔ علوم زور سے دماغوں میں ٹھونسے جاتے ہیں اور اس ٹھونسا ٹھانسی کا نتیجہ یہ ہے کہ ہم میں آج تک صحیح علمی سپرٹ پیدا نہیں ہو پائی ۔ ہم اس وقت محض نقال ہیں ۔ ہم تو اس طوطے کیطرح ہیں جو سوچے سمجھے بغیر چند لفظوں کو رٹتا رہتا ہے ۔ یا پھر ہم

پیشه ور ترجمہ کرنے والوں کی قوم ہیں ۔ اور ترجمہ بھی کیسا ؟
بعد از وقت اور ادھورا ــــــــــــ میرا اپنا خیال تو یہ ہے کہ
علوم کا ترجمہ کرنا ہی فعل عبث ہے۔ علوم ترجمہ نہیں کئے
جاتے۔ جذب کئے جاتے ہیں یا ان کو عمل میں لایا جاتا ہے۔
علوم اصطلاح سازی نہیں تجربہ ہے ۔ عام یقین ہی نہیں حق الیقین ہے ۔
جو اپنی ترجمانی کے لئے اپنی زبان خود پیدا کرتا ہے ۔ کسی
دوسرے کی زبان (اصل یا ترجمے میں) علم کا منہ چڑانے کے سوا
کوئی کام نہیں کرسکتی۔ ممکن ہے دنیا میں اچھے ترجمے بھی کہیں
ہوئے ہوں ۔ مگر ایسے ترجمے تو گنگے کے اشارے ہیں ۔ فقط ۔
اور ہمارے ملک میں تو ترجمہ کرنے والے ترجمہ کرتے
وقت بھی انگریزی میں ہی سوچتے ہیں کیونکہ ان کی اپنی زبان
کوئی ہے نہیں جسمیں وہ سوچ سکیں ۔ اور جو زبان ان کی تھی وہ ایک
سو سال کی غلامی نے مٹا دی ۔ انگریزی سے ترجمہ کرنے والے کے
لئے عربی فارسی ، کی علمی زبان میں تبحر کی ضرورت ہے۔ یہ تبحر
اب کہاں ہے۔ اس کا گلا تو مدرسے پہلے ہی سے گھونٹ چکے ہیں
ہاں عالموں سے کچھ استفادہ کیا جا سکتا تھا۔ مگر ان کو تعلیمی
دوعملی نے کچھ ایسا بے آبرو کیا ہے کہ اب انہیں خود بھی اپنے
اوپر اعتماد نہیں رہا۔ اس دوعملی نے قدیم و جدید کے درمیان ایسی
خلیج حائل کردی ہے کہ اب مفاہمت کے دروازے تقریباً بند ہو چکے ہیں۔
گویا ایک ہی ملک میں دو الگ الگ قومیں آباد ہیں جنکی
زبانیں بھی الگ الگ ہیں اور مزاج بھی الگ الگ ۔ اس صورت
میں ترجمہ کرنے والے ایک نئی اور اجنبی زبان گھڑ رہے ہیں
جن سے کوئی طبقہ بھی واقف نہیں ۔ یہی صورت اصطلاحات کی ہے۔
بڑا سوال تو یہ ہے کہ ہم اصطلاحات کس کے لئے گھڑ رہے ہیں
شاید ہائی ٹاٹ کے لئے یا جنات کے لئے ؟ کیونکہ ہم جن کے لئے یہ اصطلاحات

بنا رہے ہیں وہ تو بدستور انگریزی پڑھ رہے ہیں ۔ پھر ان اصطلاحات
کو استعمال کون کرے گا ؟ یہ نئی اصطلاحات اسی طرح بے کار رہیں گی
جس طرح قدیم اصطلاحات جو مولویوں کے پاس ہیں اور ان سے صرف
وہی با خبر ہیں دوسرا کوئی نہیں۔ غرض ایک گڑ بڑ ہے جو جاری ہے
اور کوئی نہیں جو مرض کے اصل علاج کی طرف متوجہ ہو ۔
آخر یہ تو سوچئے کہ گذشتہ ڈیڑھ سو سال میں ہمارے یہاں
علوم کی نظری یا علمی یا تجرباتی کوئی روایت کیوں پیدا
نہیں ہوسکی ۔ اس کا کوئی سبب بھی تو ہوگا ؟ ۔ علوم کو
تجربے میں لا کر یا علمی تجربوں سے علوم کو وجود میں لا کر، دنیا کے
علم میں کوئی خاص اضافہ ہمارے ملک کے سائنسی عالموں نے (جہاں تک
مجھے معلوم ہے) نہیں کیا ۔ اسکی بھی تو کوئی وجہ ہوگی ۔ علم
کے جغرافیے میں ہماری بستی کا نام تک موجود نہیں ۔ اس پر بھی تو
کچھ غور ہونا چاہئیے ۔ ان سے بہتر تو وہی لوگ رہے جو
پچھلی ترتیب سے آشنا تھے پھر نئی روشنی سے مستفید ہو کر اچھا
خاصہ کام کر گئے ان میں چند نام امثال ، امیر علی ، سید علی
بلگرامی، وغیرہ کے مل تو جاتے ہیں ۔ جن کا امتیازی کام عالمی
پیمانے پر بھی نظر انداز نہیں ہوسکتا ۔ مگر خالص انگریزی تعلیم نے
کیا کر دکھایا اس نے کون کون بڑی ہستیاں پیدا کیں ۔ اس سوال
کا جواب آپ مجھ سے بہتر دے سکتے ہیں اور اس بات سے تو کوئی
بھی انکار نہیں کر سکتا کہ اس غیر فدرتی نظام تعلیم نے ملک کی اعلیٰ
اختراعی تخلیقی صلاحیتوں کو بالکل تباہ کردیا ہے ۔ ہم میں آزادانہ سوچنے
کی صلاحیت ہی نہیں رہی۔ ہماری سوچ کی دنیا تنگ ہوگئی ہے ۔
ہم غلامانہ تفکر کے دائرے میں قید ہوکر اس تنگی کو بھی وسعت
ہی خیال کرنے لگے ہیں ۔ اور نہیں سوچتے کہ جاپان، روس، چین،
بھی تو انگریزی کے بغیر جی رہے ہیں اور نظری اور تجرباتی علوم میں

روز بروز آگے بڑھ رہے ہیں۔ اور روس کا غیر انگریزی دان سائنس دان تو اب آسوئے افلاک پہنچنے کے لئے پر تول رہا ہے۔ یہ سب ترقی ان ملکوں نے اسلئے کی کہ انہوں نے اپنی تعلیم و تربیت کی اساس قدرتی اصولوں پر رکھی۔ اور ہم ڈیڑھ سو سال میں یہاں تک پہنچے کہ تجرباتی علم میں ایک مسری کی سطح تک بھی نہیں پہنچ سکے۔ آخر یہ سب کیا ہے اور کیوں ہے۔ اس پر کبھی تو غور کر نی لینا چاہئیے اور موجودہ کمیشن سے بہتر کون سا ادارہ ہوگا اور موجودہ وقت سے بہتر کون سا وقت ہوگا جو اس کام کے لئے موزوں ہوگا۔

مروجہ نظامِ تعلیم کے چند اور پہلو بھی قابل غور ہیں ـــــ مثلاً تعلیم کی مدت اور اخراجات تعلیم کا سوال۔ مجھے یہ تسلیم ہے کہ ہمارا تعلیمی دائرہ اتنا وسیع ہوچکا ہے اور انسانی مسائل و معلومات کی پر پیچ وسعتوں کے ساتھ تعلیم کی تنظیم بھی اپنی پر پیچ سی سے ہوگئی ہے کہ اب اسکو کامل طور پر قدیم نظام تعلیم کے نمونے پر لانا مشکل بھی ہے اور ناقابل عمل بھی۔ مگر قدیم نظام تعلیم کا ایک اصول اور تجربہ ایسا ہے جو آج بھی قابل غور اور قابل قدر ہے۔ وہ ہے مدت تعلیم کا تجربہ ۔ عام احساس یہی ہے کہ اس وقت طلباء کی عمر کا کارآمد اور پر جوش زمانہ غیر ضروری طور پر تعلیم میں صرف ہوجاتا ہے چنانچہ تکمیل کے لئے ۲۰ سے لے کر ۲۵ سال تک کی عمر درکار ہوتی ہے۔ اس طرح تکمیل کے بعد تخلیق و تحقیق اور تعلیم کے عملی استعمال کے لئے جوش عمل کا زمانہ کچھ زیادہ نہیں رہتا ـــــ بقول اکبر

مغربی کورس میں ہوئی ہے جوانی رخصت

اب تو پیری رہی رندانہ مشاغل کیلئے

شاید یہی سبب ہے کہ ہمارے ملک میں اعلی ذہنی فکری اور عملی کار کردگی کی شخصی رو داد اکثر تشنہ و مختصر ہی رہتی ہے۔ اور مقابلۃً

جب اسلاف کے کام پر نظر ڈالی جاتی ہے تو یہ دیکھ کر بڑی حیرت ہوتی ہے کہ اس زمانہ کے لوگوں کی زندگیاں کتنی سحر خیز اور بار آور ہوتی تھیں۔ چنانچہ ہماری تاریخ کے ہر دور میں کثیرالتصانیف مصنفوں کی بڑی کثرت دکھائی دیتی ہے، ان میں سے اکثر تصانیف معمولی رسائل تک محدود نہ تھیں بلکہ نہایت جامع، خیال انگیز اور عہد آفریں ہوتی تھیں۔ یہ فہرست بڑی طویل ہے(۱) مگر چند بزرگوں کے نام سن لیجئے:

امام غزالی، ابن عربی، ابن الجوزی، الکندی، فخر رازی، ابن تیمیہ، سیوطی، ابن خطیب، ابن سینا، ابوبکر رازی، ابن الہیثم، زمخشری جن کی تصانیف کی تعداد پچاس سے اوپر ہے اور دور آخر میں شاہ ولی اللہ، خان آرزو، آزاد بلگرامی ـــــ اور سر سید احمد خان، شبلی، نذیر احمد کی تصانیف، کا حال تو آپ سبکو معلوم ہی ہے ان بزرگوں کا اتنا وسیع اور پہلودار کام واقعی حیرت انگیز معلوم ہوتا ہے۔ اور اس میں باقی اسباب کے علاوہ مدت تعلیم کے کم ہونے کا بھی بڑا حصہ ہے۔

پرانے نظام تعلیم میں تکمیل کی مدت موجودہ زمانے کی تکمیلی مدت سے بہت کم تھی۔ صرف ہندوستان کے پرانے اہل کمال میں سے صرف چند مثالیں لیجئے۔ فیضی نے ۱۴ سال کی عمر میں تکمیل کی ابوالفضل نے ۱۵ سال میں، شاہ ولی اللہ نے ۱۵ سال میں، ملا بحرالعلوم نے ۱۷ سال میں، قاضی ثناءاللہ پانی پتی نے ۱۸ سال میں، اور مولانا عبدالحی فرنگی محلی نے ۱۷ سال میں۔ اور جو لوگ مذکورہ بزرگوں کی فضیلتوں سے باخبر ہیں انہیں معلوم ہے کہ یہ لوگ معمولی درجے کے لوگ نہ تھے۔

---

(۱) جمیل بک کی کتاب عقودالجواہر میں ۳۵ ایسے مصنفوں کے نام درج ہیں جن کی تصانیف کی تعداد ۵۰ اور ۱۰۰ کے درمیان تھی۔

مدت تعلیم کے کم ہونے میں اور کوئی جادو نہیں ـــ اس کا راز صرف یہ ہے کہ آزاد اور گہرے مطالعہ کے لئے یا عملی زندگی کے لئے طالب‌العلم کو وقت زیادہ مل جاتا ہے ـــ آخر دیر تک کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ماں باپ کا روپیہ ضائع کرانے سے فائدہ بھی کیا ہے - کالجوں اور یونیورسٹیوں میں تو صرف رہنمائی اور نشان دہی ہونی چاہئیے - اور اگر غور کیا جائے تو تعلیم علم کی منزلوں کی رسمی اور اصولی نشان دہی کا نام ہے - ان رسمیات اور اصولیات کے عبور میں زیادہ وقت لگانے سے سچے مطالعہ یا عملی زندگی کے امکانات اور پروگرام کو شدید نقصان پہنچتا ہے - ان پر زیادہ وقت صرف نہیں کرانا چاہئیے - یوں پورے علوم کے احاطہ اور گہرے مطالعہ و تحقیق کے لئے تو ایک عمر نہیں کئی عمریں درکار ہیں - اس کے لئے تو من‌المہدالی‌اللحد کا اصول ہی صحیح اصول ہے ـــ روایت ہے کہ ابوالفضل نے ریاضی اور علوم طبیعی کی تحصیل اپنی عمر کے آخری ایام میں کی تھی - اور اس عمر میں قرآن مجید کے حفظ کرنے کی تو صدہا مثالیں مل جاتی ہیں ـــ بہر حال عام رسمی تکمیل کے لئے مدت جتنی کم ہوگی عملی زندگی کے لئے وقت اتنا ہی زیادہ بچے گا ـــ اور یہ وہ قیمتی وقت ہوگا جس کے عمدہ نتائج سے فرد، اجتماع اور قوم و ملت سبکو فائدہ پہنچے گا -

حضرات! تعلیم کے مصارف کا سوال بھی اسی مسئلے کے ساتھ وابستہ ہے - خصوصاً اس غریب ملک کے لئے اس کی اہمیت اور بھی زیادہ ہے - مجھے تسلیم ہے کہ حیات اجتماعی کے اس دور میں خانقاہوں کی سی بوریا نشینی ممکن نہیں ـــ اب عام شہری بھی اعلی معیار زندگی کے پر فریب طلسم میں اس حد تک گرفتار ہو چکا ہے کہ اسکو مسجد کی چٹائیوں پر بیٹھنے کی دعوت دینا اس کے احساس عزت پر کچھ

زیادتی ہی ہوگی ۔ مگر قوم و ملک کے موجودہ وسائل کو دیکھتے ہوئے بوریا نشینی کی سرشت پیدا کرنے کی دعوت اور ضرورت ہرگز بے جا اور نامناسب بات نہیں — یہ حقیقت سب پر روشن ہے کہ اس وقت تعلیم پُر مصارف ہوئی ہے اور بے نتیجہ بھی ۔ اس وقت تعلیم ساہ خرچی اور اسراف کا دوسرا نام ہے ۔ اس وقت تمام سہری گراں تعلیم سے انگشت حیرت بدنداں ہی نہیں سرنگرساں بھی ہے مگر جمود، غلامی، نقالی، کند ذہنی اور روحانی گراوٹ نے ہم سب کو ایسا گند کردیا ہے کہ ہم میں سے کوئی بھی اس گراں نظام تعلیم کے خلاف آواز بلند کرنے کی جرأت نہیں کرتا ۔ ہم میں سے کوئی بھی اس گرانی کے اسباب پر غور نہیں کرتا ۔ ہم میں سے کوئی بھی اسکا علاج تجویز نہیں کرتا ۔

میں ایک غریب سے ادارے کا منصرم ہوں ۔ اس حیثیت سے مجھے تعلیم دلانے والے والدین کی ذہنی پریشانیوں کا جو تجربہ ہوا ہے — اور اس کے نتیجے میں جس روحانی انحطاط کا میں نے مشاہدہ کیا ہے اسکو دیکھ کر تو میں اس سارے تعلیمی مشنری کو خطرے کی نگاہ سے دیکھنے لگا ہوں — مگر جرأت مجھ میں بھی نہیں کہ میں اس نظام کے خلاف کوئی مؤثر آواز بلند کروں — ڈر صرف یہ ہے کہ لوگ شور مچا دیں گے کہ یہ شخص قوم کو پھر بیابان کیطرف بلا رہا ہے ۔ جہاں نہ سینما ہوں گے اور نہ (Variety Show) ۔ بس وہی خانقاہیں اور ان کی چٹائیاں ۔ استغفراللہ یہ بھی کوئی زندگی ہے ۔

صاحبو! میں علی وجہ البصیرت یہ رائے رکھتا ہوں کہ موجودہ مدرسوں کے نظام کے مقابلے میں مسجدوں اور خانقاہوں کا نظام تعلیم زیادہ قابل عمل اور غایتوں کے لحاظ سے زیادہ پرمنفعت نظام تھا — جو کم خرچ تھا مگر زیادہ نفع کی طرف لے جاتا تھا — اب ہزار ہا روپے کے خرچ کے بعد بھی نفع معدوم ہے ۔ اس وقت تعلیم آزاد تھی .

اب تعلیم مقید ہے ۔ اس کی وجہ سے اب حکومتوں کو بھی طرح طرح کی پریشانیاں ہیں تعلیم کے سلسلے گراں ہوگئے ہیں اور اپنے وسیع نظام کے اخراجات حکومتوں کے بس کی بات نہیں رہی۔ لہذا جو نظام بھی نافذ ہوتے ہیں ان کے لئے نہ روپیہ ہوتا ہے ـــــ نہ وسائل ـــــ پھر کوئی ان سے پوچھے کہ صاحب ! جو نظام حل نہیں سکتا اسکو محض اس وجہ سے چلاتے جانا کہ امریکہ یا انگلستان میں ایسا ہی ہوتا ہے کہاں کی دانش مندی ہے ۔ میرا تو خانقاہی سا مشورہ یہ ہے کہ اس نقالی کو چھوڑئیے ! تعلیم کو آزاد کیجئے۔ اور ارزاں بھی ! وہی ، بزرگوں کی سی پوریا نشینی جس کے بغیر تعلیم اس وقت عام شہری کے لئے عذاب ہی عذاب ہے ۔ یعنی نور کے لڈو کہ جو کھائے وہ بھی پچھتائے جو نہ کھائے وہ بھی پچھتائے ! ان حالات میں تعلیم کو ارزاں کرنا ہی وقت کی سب سے بڑی ضرورت معلوم ہوتی ہے ۔

اب آپ قدرتی طور پر پوچھیں گے کہ تعلیم میں پوریا نشینی کی یہ شرط عملی طور پر پیدا کرنے کی آخر کوئی تدبیر بھی ہو ! میں عرض کرتا ہوں کہ اسکی صورت ہے تبدیلئی ذہن اور آزادیٔ فکر ! یہی آزادیٔ فکر ہم میں اس ساھن کی سی جرأت پیدا کرے گی جس نے اقبال کی روایت کے مطابق پہاڑوں پر بسیرا کر لیا تھا ۔ یہ جرأت سب سے پہلے قوم کو عرفان نفس سے بہرہ ور کرے گی ۔ پھر آہستہ سے ہمارے کان میں یہ بات ڈال دے گی کہ اپنے ملک کے مسائل اپنے ملک کے وسائل کے مطابق اور ان کی روشنی میں ہی حل ہونے چاھئیں ! یہی سو نصیحتوں کی ایک نصیحت ہے !

ہمارے ملک کے وسائل ہم سے یہ تقاضا کرتے ہیں کہ ہم تعلیم کا سارا بوجھ حکومت پر نہ ڈالیں اور ان ذمہ داریوں میں اس کا ھاتھ بٹائیں میرا خیال ہے کہ تعلیم قومی زندگی کا ایک آزاد ادارہ ہے ۔ اسکا بار پبلک

کو برداشت کرنا چاہئیے ۔۔۔ میرا یہ خیال جنرل ایجوکیشن کے بارے میں ہے ۔ البتہ پیشہ ورانہ اور کارخانجات کی تعلیم یعنی ٹکنیکل تعلیم کی ذمہ داری تمام تر حکومت پر ڈالی جانی چاہئیے ۔ تاکہ ملک کی ٹکنیکل ضروریوں کی سرانجامی زیادہ منظم انداز میں ہو ۔۔۔ اس کے علاوہ جنرل ایجوکیشن کے نصابات کم سے کم ہوں ۔ یعنی صرف رسمی، سانددھی ! طویل نصابات سے اخراجات بھی بڑھتے ہیں اور سطحیت بھی پیدا ہوتی ہے ۔۔۔ اور ان سب امور کے ساتھ عام تعلیم کی تکمیلی مدت بھی زیادہ ہو جاتی ہے ۔۔۔، رہا حکومت کی ملازمتوں کا سوال سو اسکے لئے ہر سطح پر مقابلے کے امتحانات رائج کئے جائیں مگر تعلیم کی واحد غایت ملازمت نہیں ہونی چاہئیے ۔ تعلیم کا ایک نتیجہ ملازمت تو ہو سکتا ہے مگر تعلیم برائے ملازمت کی عادت عہد غلامی کی یادگار ہے ۔ پھر تعلیم اور عام پیشوں کے درمیانی فاصلوں کو بھی مٹا دیا جائے کیونکہ پیشہ وروں کو یہ احساس ہے کہ ہم دوسرے شہریوں سے کم درجے کے لوگ ہیں ۔ اس احساس کے تحت پیشہ وروں کی اولاد بابو بن جانے کو قابل فخر چیز خیال کرنے لگی ہے ۔ اسی وجہ سے پیشے نابود ہو رہے ہیں ۔ اسی طرح تعلیم میں سادہ زندگی کی تربیت کا اصول رائج ہو ۔ کیونکہ اس وقت ملک میں سادہ زندگی کو ذلت کا نشان سمجھا جاتا ہے ۔ کوٹ پتلون اور ریشمی کپڑے لازمہ عزت و شرافت بن گئے ہیں ۔ مگر یہ تبدیلی اس وقت تک ممکن نہیں جب تک تعلیمی اداروں میں اخلاقی دفعہ ۱۴۴ نافذ نہ ہو گی جس کی رو سے منقش پالکیوں کا داخلہ ان سڑکوں پر ممنوع ہو جائے جن پر طالب علموں کی ہر وقت آمدو رفت رہتی ہے ۔ یہی وہ سڑکیں ہیں جن پر غریبوں کے بچے سرنگوں سر افگندہ اور مغموم پھرتے ہیں ۔۔۔ اور ایک ایسے معاشرہ کی سوچ سوچنے لگتے ہیں جو نازک طبائع کے لئے کچھ ناگوار سا ہے یعنی محض پیدل چلنے والوں

کا معاشرہ! بلاشبہ سوچ کا یہ انداز ذہنی کجروی کا نشان ہے ۔ مگر اس ذہنی کجروی کی ذمہ داری کس پر ہے؟ یقیناً اس نظام تعلیم پر جسمیں خدا کا نور ـــــ یا علم ـــــ منڈی کے مال کی طرح حور بازارمیں فروخت ہوتا ہے ۔ اور اس سے صرف وہی آدمی استفادہ کر سکتا ہے جس کے جیب میں خزانہ شاہی کے زرنگار نوٹ موجود ہوتے ہیں پرانے نظام تعلیم نے اسی لئے تو علم کو خود ایک دولت قرار دیا تھا ۔ اور امام غزالی نے تو علم فروشوں کو لائق تعزیر قرار دے کر فیصلہ ہی کر دیا تھا کہ تعلیم ہر حال میں مفت ہونی چاہئیے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے مجوزہ نظام تعلیم میں حجۃ الاسلام امام غزالی کا یہ زریں اصول خاص طور سے مدنظر رہنا چاہئیے ۔

جناب صدر ۔ پاکستان کی تعلیم کے متعلق میرے یہ خیالات ہیں ۔ میرا اپنا خیال یہ ہے کہ اگر پاکستانی تعلیم کا منصوبہ ان تعلیمی اصولوں پر بنایا جائے تو اس سے بہت سی وہ شکایتیں رفع ہو سکتی ہیں جو اس وقت لوگوں کی زبانوں پر ہیں ـــــ ، انہی تعلیمی اصولوں سے مشرقی علوم کے بہت سے مسائل بھی حل ہو سکتے ہیں ـــــ ، اگر آج ملک میں نظریہ وحدت تعلیم نافذ ہو جائے اور نئے اور پرانے کی یہ غیر قدرتی تقسیم مٹ جائے تو مسجد و خانقاہ اور کالجوں اور یونیورسٹیوں کے درمیانی فاصلے بھی مٹ جائینگے ـــــ !

ان گزارشات کے بعد ، میں ایک بار پھر عالی جناب سردار صاحب اور محترمہ صدر صاحبہ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور جملہ خواتین و حاضرین کی خدمت میں ہدیہ نیاز پیش کر کے آپ سے رخصت ہوتا ہوں ۔

ضمیمہ الف

"If education in the United States at this critical stage in civilised history is to set an example, is to be of service to human nature in its variety and richness, education should cease to serve the material at the expense of spiritual, the special at the expense of the general. It should cease to serve the interests of the nation at the expense of world community, upon the creation of which the welfare of every nation, our own not least, has come to depend."

GEORGE B. De HUSZAR,
Goals for American Education.

یونیورسٹی اورینٹل کالج

کا

۸۸واں یوم تأسیس

(منعقدہ ۲۳ نومبر ۱۹۵۷ء)

خطبۂ صدارت

جو

ڈاکٹر مس خدیجہ فیروزالدین
بی ۔ اے (آنرز) ایم ۔ اے (ہسٹری) ایم ۔ او ۔ ایل (گولڈ میڈلسٹ) ڈی لٹ

نے پڑھا

باسمہ تعالیٰ

برادر عالیقدر سردار عبدالرشید خان صاحب!

محترم پرنسپل صاحب و حاضرین کرام!

یہ فیصلہ آپ کے ہاتھ ہے کہ آیا اورئینٹل کالج کی پر عظمت تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک گوشہ گیر خاتون کی ایسے اہم اجتماع میں ذمہ داری صدارت سے عہدہ برآ ہونے کی جرأت تحسین کی مستحق ہے یا آپ کی فیاضانہ پیشکش؟ بہرصورت تشکروامتنان سے لبریزقلب کے ساتھ میں تقریب یوم‌تاسیس پر اس دارالعلوم کے مقصد حیات، اس کی کارگزاریوں اور دشواریوں کا مرقع پیش کرونگی جس کا اثر بالواسطہ اور ایک وسیع حلقۂ سوسائٹی پر بلا واسطہ پڑ رہا ہے۔

جس قوم کے ذی شعور افراد نے آج سے اٹھاسی برس پیشتر اس درس گاہ کی بنیاد ڈالی اس سے بہ ہیئت مجموعی ہمیں ہزار اختلاف اور اس کی سیاسی خود غرضیوں سے شکوہ سہی مگر ہر جمعیت میں جہاں کوتاہ بین عنصر غالب ہوتا ہے وہاں ایسی ہستیاں بھی اس کی عزت کو چار چاند لگاتی ہیں جو کسی قیمت پر بھی حق و انصاف کو ہاتھ سے نہیں دیتیں اور جو رنگ و نسل سے بالا تر نوع بشر کی فلاح و بہبود کا جذبہ اپنے اندر بدرجہ اتم رکھتی ہیں۔ انگریز قوم کا وہ رکنِ رکین جو اورئینٹل کالج کو معرض وجود میں لایا انہی بلند پایہ نفوس میں سے ایک تھا۔ فن تعلیم کا یہ ماہر ڈاکٹر لائٹنر نامی تھا جس نے متحدہ ہندوستان میں اولین مرکز مشرقیات لاہور میں قائم کیا۔ ڈاکٹر لائٹنر اپنی مہارت اولی کی بدولت اس اصول سے بخوبی واقف تھا کہ کسی قوم کی ذہنی تربیت اس وقت تک پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتی جب تک تعلیم کو ملّی خصوصیات و نظریات، مذہب و قوانین کے

ساتھ مربوط نہ کیا جائے۔ ملّی کردار کی تعمیر اور ذہن رسا کی نشو و نما اسی تعلیم کا ماحصل ہوسکتے ہیں جو اس قوم کی روایات ثقافت اور علوم پر مبنی ہو۔ اسی قاعدے کے پیش نظر اس نے یہاں ایک ایسی یونیورسٹی قائم کرنے کا عزم کیا ۔ جو علوم مشرق کے احیاء کی علمبردار ہو اور قوم کے ذہنی ارتقاء کے لئے اس کے دینی نظریات اور تاریخی روایات کی بنیادیں استوار کرے ۔ ایسے شاندار دارالعلوم کا تصور باندھ کر ڈاکٹر لائٹنر نے اس کی بنیاد ایک کالج کی شکل میں ڈالی مگر حالات نے قافیہ تنگ کر دیا ۔ اس کی عقابی پرواز روک دی گئی اور وہ آگے نہ بڑھ سکا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ قریباً ایک صدی گزرنے پر اور کئی ایک صفا کیش ماہرین تعلیم سے علاقہ جوڑنے کے باوجود اورئینٹل کالج پر کس مپرسی کی کیفیت ہی طاری رہی بلکہ متعدد بار آبیاری کی بجائے اس شجر کو بیخ و بن سے اکھاڑنے کی سعی بھی بروئے کار آئی ۔

یہ ایک بد قسمتی ہے کہ اورئینٹل کالج اس ملک کی شایان شان اورئینٹل یونیورسٹی نہ بن سکا جس سے یہ مشرقیات میں ید طولی حاصل کرتا اور براعظم ایشیا کی علمی رہنمائی کا دم بھرتا ۔

اور پھر یہ کہ پنجاب یونیورسٹی جیسی عظیم الشان یونیورسٹی کے سایۂ عاطفت میں رہ کر بھی فیوض و برکات سے محروم رہا جو مزید تکلیف دہ امر ہے ۔

یونیورسٹی کا وجود ایک فریم ورک کی حیثیت رکھتا ہے جس کے اندر مختلف نمونوں کے کالج اپنے اپنے رنگ روپ میں نشو و نما پاتے ہیں اور یونیورسٹی اپنی ہئیت اجتماعیہ میں ان تمام کالجوں کے لئے آزادانہ ارتقاء کا ماحول پیدا کرتی ہے اور ان کی انفرادیت کو اجاگر کرنے میں ممد و معاون ہوتی ہے ۔

واضح رہے کہ ہر کالج بجائے خود ایک سوسائٹی ہے جس کے افراد ایک خاص ذوق رجحان کے مالک ہیں اور یہ خصوصیت مقتضی ہے کہ وہ بغیر کسی بیرونی دباؤ کے اپنی ذمہ داریوں کا زیادہ سے زیادہ احساس

رکھیں اور خود ھی جائزہ لیں کہ وہ کہاں تک ' سوسائٹی ' کی تقویت ' مفاد ' صحت مندانہ فضاء کی تخلیق اور وحدت و کثرت کے روابط کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کر رہے ھیں - تاکہ ایک تکمیل یافتہ اکائی کی صورت میں یونیورسٹی کے فریم ورک میں اپنے متعین مقام پر وہ اپنی ذھنی قوتوں کو بدرجہ اتم حرکت میں لا سکیں - ارباب حل و عقد کالج اور یونیورسٹی سے یہ امر مخفی نہیں کہ لیڈر شپ یعنی قیادت صالح کے اوصاف فی زمانہ ھماری سر زمین میں جتنے اھم ھیں اتنے ھی ناپید ھیں - اس سے مراد وہ جبر و اکراہ نہیں جو بزور و بطلم گردنیں جھکا دے بلکہ عقلی شعور ' فہم و فراست ' ادراک و عمل جو تجلی روحانیت سے مزین خود بخود لوگوں کو ایسی پیروی کی طرف راغب کرے جس سے خود ان کی جبلی صلاحیتیں بروئے کار آئیں -

مرد حقانی کی پیشانی کا نور کب چھپا رہتا ہے پیش ذی شعور

انہیں معلوم ھے کہ طلباء قوم کا وہ بیش بہا سرمایہ ھیں جو آئندہ نسلوں کو ودیعت کیا جائے گا اور وہ تمام ملی روایات ' قدریں ' مقاصد حیات اور نظریات جن سے آج ھماری ھیئت اجتماعی تشکیل پاتی ھے وھی انہیں ورثہ میں ملیں گے - اس لئے وہ ذمہ دار ھستیاں اور درسگاھیں جن کے ھاتھ میں تعلیم کا نظام ھے - ان کا فرض اولین ھے کہ وہ اپنے لآلی فکر کو اسطرح منظم و مرتب کریں کہ گزشتہ دور کے محاسن نمو حاصل کریں اور معائب چھٹ جائیں- ھر دور پچھلے دور کی صلاحیتوں کا مظہر ھوتا ھے اور ھر نسل اپنے سے پہلی نسل کے حسن کارکردگی کی آئینہ دار - اس لئے موجودہ نسل کی ذھنی تربیت ایسے طریق پر ھونا لازمی ھے کہ مستقبل کا دور ان کی اعلیٰ صلاحیتوں ' ذھن رسا اور بلند کردار سے ابھرے -

ارباب ھوش کو اپنی دقت رسی ' پیش بینی اور ژرف نگاھی سے آئندہ دور کی کیفیات اور مقتضیات بھانپ لینا چاھئے -

مستقبل کے مواج سمندر پر حال کا جو وقتی سکون چھایا ھؤا ھے وہ اپنی تہ میں طوفان و تلاطم کا بہت سا مواد لئے ھوئے ھے - اس میں شدید

نظریاتی تفاوت کی لہریں اٹھینگی - اس میں سائنس کی تباہ کار آندھیاں آفت ڈھائینگی - اس کی بین الاقوامی فضائیں مہلک ارضی قومیت کی مفاد پرستی سے مکدر ہونگی اور اس ہمہ گیر بحران میں ہماری نئی پود کو ایک آزاد ملت کی آزاد قلمرو کو اعلیٰ معیار پر چلانے کی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونا ہوگا - اور نظریاتی جہد للبقاء میں اپنا جھنڈا عزم و استقامت کے ساتھ بلند کرنا ہوگا - ان فرائض کی ادائیگی کے لئے اگر اب تعلیمی ماحول پیدا نہ کیا گیا جس سے قوم کی ذہنی - اخلاقی - ادراکی صلاحیتیں پوری طرح اجاگر ہوں - تفکر - تدبر - ایجاد و اجتہاد - تجزیہ و تشخص کی قوتیں بروئے کار آئیں تو انکا اور انکے ساتھ ملک و ملت کا مستقبل تاریک ہو جائیگا -

یونیورسٹی اور اس سے ملحق تمام کالجوں کے لئے لمحۂ فکریہ ہے اور بالخصوص اور ئینٹل کالج کے لئے جسے اپنی کشتی جان کو بھی سنبھالا دینا ہے - یہ دانش گاہ جس نظریہ کی تخلیق ہے وہ زندہ جاوید ہے اور تاریخی انقلاب کی بدولت اسکے لئے ایسا سازگار ماحول پیدا ہوا ہے کہ اسکو بآسانی جامۂ عمل پہنانے کا پورا ساز و سامان مہیا ہے۔ بشرطیکہ نیتیں ڈانواڈول نہ ہوں - آج سیاسی اقتدار اور اس مرکز علم و حکمت کے نظریے میں کوئی تفاوت اور ٹکراؤ نہیں اور یہی نکتہ ہماری امیدوں کی تکمیل کی آماجگاہ ہے -

یہ واحد درسگاہ ہے جسکے سوتوں سے احیائے علوم اسلامی اور مشرقیات کے چشمے رواں ہو سکتے ہیں - یہاں سے وہ مستشرقین برآمد کئے جا سکتے ہیں جو اپنے علوم کے آثار قدیمہ کو سردھڑ کی بازی لگا کر کھود نکالیں - یہاں وہ ملی کردار بن سکتے ہیں جو قیادت صالحہ کے اہل ہوں - مگر

؎ مری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی

یہی اعلیٰ مقاصد اسکے لئے برق خرمن بن گئے - نظریاتی تفریق کے دانا دشمن اور مغربیت کی تجلیوں سے چکا چوند نادان دوست اسکے قلع قمع کے درپے ہوئے لیکن سخت جان ہے مقابلے میں ہر دفعہ بچ نکلی گو زخموں سے چور رہی - اور ابتک چور ہے -

۱۹۳۲-۳۳ میں جو یونیورسٹی کمیشن مقرر ہوا اس میں مذہبی اختلاف کی بنا پر ایک طبقے نے اسے مٹانے کے لئے سارا زور لگایا - لیکن کمیشن کے

بعض دقیقہ رس ارکان نے اپنی سعی بلیغ سے اسے فرقہ وارانہ ریشہ دوانیوں کی موت سے بچا لیا۔

پھر دور آزادی میں (جسے سراب آزادی کہنا حقیقت کے زیادہ قریب ہوگا) ۱۹۵۲ کے یونیورسٹی تحقیقاتی کمیشن نے ایکدفعہ پھر تخریبی کوششوں کو ناکام بنا کر اسے بقائے دوام بخشنے اور ملی تقاضوں کا اهل بنانے کی سفارشات کیں مگر بے عمل قوم کی ایسی قسمت کہاں کہ اپنے سیاسی اقتدار میں بھی وہ کچھ بن جائے۔ چنانچہ سفارشات کے ان حسین تخیلوں اور منصوبہ بندیوں کو بھی ذاتیات کا تلاطم لے ڈوبا۔ اور اسوقت اورئینٹل کالج یونیورسٹی کے دیگر شعبہ جات کی طرح اردو۔ فارسی اور عربی امتحانوں کی تیاری کے مرکز سے زیادہ کچھ اهمیت نہیں رکھتا اور وہ بھی صرف ایم۔ اے کی جماعتوں کے لئے۔ اردو۔ فارسی۔ عربی فضلاء کی ڈپلوما جماعتیں یہاں سے ختم کر دی گئی ھیں۔ یہ کم خرچ تعلیم عام کرنے کا ایک مفید سلسلہ تھا اور وہ لوگ جو تمامتر انگریزی تعلیم کے لئے وقت اور مصارف نہ رکھتے تھے اس ذریعے سے دین اور مشرقی علوم کی کچھ واقفیت حاصل کر لیتے تھے اور کسب معاش کا تھوڑا بہت سامان ھو جاتا تھا۔ یہ درست ھے کہ خود آموزی سے یہ امتحان اب بھی پاس کئے جا سکتے ھیں لیکن حکومت یا یونیورسٹی کیطرف سے ان امتحانات کے لئے درس و تدریس کا کوئی معیاری ادارہ نہیں جہاں سے طلباء فیض حاصل کر سکیں۔ اگر بحی طور پر خود پبلک ایسے مراکز قائم کرے تو ان کے سامنے کونسا معیاری نمونہ ھے جسکی وہ پیروی کریں۔ اور حکومت کس بنا پر انکو مالی امداد دیگی اور انکی کارکردگی کو زیر تنقید لائیگی۔ پھر اگر حکومت سرپرستی سے هاتھ اٹھا لیتی ھے نہ کوئی مالی امداد دیتی ھے اور نہ ان کی نگرانی کرتی ھے تو وہ تعلیمی ادارے کب تک جئیں گے یا معیار قائم رکھ سکیں گے۔ ماحصل یہ کہ اگر اس سلسلۂ تعلیم کے لئے حکومت اور یونیورسٹی نہ کوئی درسگاہ رکھنا چاهتی ھے اور نہ پرائیویٹ اداروں کی نگرانی کرتی ھے تو ان امتحانات کا رکھنا کلیتاً بے سود اور اخلاقی اور علمی انحطاط کا پیش خیمہ ھے۔ اس اقدام سے خواتین کو جو تعلیم میں ابھی بہت پیچھے ھیں بیحد نقصان پہنچا ھے حالانکہ

ضرورت اس امر کی تھی کہ خواتین کے لئے ایک علیحدہ اورئینٹل کالج قائم کیا جانا لیکن یہاں تو جو تھوڑا بہت میسر آیا تھا اس سے بھی انہیں محروم کر دیا گیا - فی الجملہ اورئینٹل کالج جو یہاں تعلیم کا اولین کعبہ بنا اب کس مپرسی کے عالم میں زندگی کے دن گن رہا ہے - نہ یہاں دارالتراجم ہیں - نہ اکیڈیمیاں - نہ ریسرچ کے شعبے-نہ اس میں علوم و السنۂ شرقیہ کی کوئی شایان شان لائبریری ہے جس سے مستشرقین عالم استفادہ کر سکیں - یہ کالج اور جن جن مشکلات سے دو چار ہے - اس کا صحیح حال پرنسپل صاحب ہی بتا سکیں گے میں ان کے بارے میں کوئی براہ راست معلومات پیش نہیں کر سکتی -

السنۂ مغربی جنکی تعلیم و تدریس مقصود بالذات نہیں بلکہ تقابل - تطابق اور تراجم کی غرض سے ہے وہ بھی اس درسگاہ سے کنارہ کش ہو چکی ہیں -

اسطرح شعبۂ اسلامیات جو علوم مشرق کا منبع و معاون ہے - جسکی روح ان علوم کی رگ و پے میں جاری و ساری ہونا چاہئیے وہ بھی اسکی حدود سے پرے ایک علحدہ کمرے میں محصور ہے -

تعلیم اسلام اور روح اسلام علوم مشرق کی جان ہیں - ان کی مثال جان و تن کی سی ہے - اسلامیات کا موجودہ طریق تعلیم اسلام کو فرنگیت کے قریب لانے کے مترادف ہے کیونکہ بغیر عملی ماحول پیدا کئے یہ محض کاغذی سند حاصل کرنے کے لئے واقعات کا حافظہ میں جمع کر لینا ہے لہٰذا اسلامیات کو لائحہ عمل کی صورت دینی چاہئیے تاکہ تعلیم تدریس اور کاروبار پر اسکا اثر پڑے اور انفرادی اور اجتماعی زندگی کا روح رواں ہو - اسلام اور اسلامیات کا جلی عنوان الحکم للہ - الملک للہ ہے اور اگر صبغۃاللہ کو محو کرکے اس میں مختلف النوع دلکش رنگ بھردئے گئے تو یہ فرنگیت ہوگی اسلام کے بہروپ میں-

ہمارے ذی عزت و احتشام اسلاف نے دنیا کے علوم سمیٹے - قوم اور ملک بھی زیر دست کئے مگر زاویۂ نگاہ اور نظریات کی مومنانہ جھلک سے قلوب اور علوم دونو کو گرما کر ضیائے اسلام سے منور کر دیا اور ہم نے یہ معرکہ کیا کہ جو کچھ دستبرد زمانہ سے بچ رہا اور جو کچھ ہمارے

بدترین معاند بھی مٹانے کی تاب نہ لا سکے ہم اپنے ہاتھوں مغربیت کی مہلک شعاعوں سے مسخ کرنے لگے - تاکہ وہ متاع قلیل بھی اپنی بیخ و بن میں ہمارے ولی نعمتوں کی رنگ آمیزیاں قبول کرے - یہ ہے فرق ہمارے اور ہمارے اسلاف کے کار ناموں کا -

حکیم الامت اقبال مرحوم نے انکا بجا موازنہ کیا جب کہا -

ہر مسلماں رگ باطل کے لئے نشتر تھا
اسکے آئینہ ہستی میں عمل جوہر تھا
جو بھروسا تھا اسے قوت بازو پر تھا
ہے تمہیں موت کا ڈر اسکو خدا کا ڈر تھا
وہ معزز تھے زمانے میں مسلماں ہو کر
اور ہم خوار ہوئے تارک قرآں ہو کر

اب حرف آخر درسگاہ کی عمارت سے متعلق ہے - منطقی سلسلے میں اورئینٹل کالج کو مسکن بھی ایسا ہی مقسوم ہوا ہے کہ یہ کلبۂ حزیں نظروں سے او جھل رہے اور ان پسماندہ علوم کی دور رس شعاعیں محلاتی برق قمقموں سے ٹکرا نہ جائیں تعلیم میں حسن و لطافت کی چاشنی ذوق سلیم کو نشو و نما بخشتی ہے اور ایک اعلیٰ علمی دانش گاہ کے لئے جو ملی - روایات و نظریات کو بھی پروان چڑھانے کی ذمے دار ہو - وسیع عمارت جو اتنی وذج فن تعمیر بھی ہو لازم و ملزوم ہے زندگی کے وہ سال جو تعلیم و تعلم میں صرف ہوتے ہیں - ایک نازک تاثر پذیر زمانہ ہے اور اسکے لئے ایسے ماحول کی تخلیق درکار ہے جو ثقافتی اور تاریخی روایات کا آئنہ دار ہو -

یہ امر کسی وضاحت کا محتاج نہیں کہ پر شوکت تعمیر طلبگاران علم و حکمت کے قلوب و اذہان کو خاص طور پر متاثر کرتی ہے - باغ و راغ - چمن زار اور خیابان کتابوں سے تھکی ہوئی نگاہوں کے لئے طراوت کا سامان مہیا کرتے ہیں - پھر کیوں ایک تاریخی یونیورسٹی کا ہمہ گیر علمی مرکز ایسا منظر نہ پیش کرے جس میں غریب سے غریب متلاشی حکمت کو اپنے مقصد میں انہاک کے ساتھ آرام و سکون بھی حاصل ہو - اور خود اساتذہ ایسی فضا میں مصروف کار ہوں کہ قدرت انکی ہمدرد و رفیق ہو اور

ھاتھ بٹا کر ان کا بوجھ ھلکا کرے۔

اس ضمن میں بے جانہ ھوگا اگر یہ مطالبہ کیا جائے کہ ایک وسیع عمارت اورئینٹل کالج کو ملنی چاھیئے ۔ تاکہ خواتین کے لئے بھی ایک وسیع مرکز قائم ھوجائے۔ کالج کے اندر ایک معقول علمی لائبریری قائم ھو اور محققین کو وہ سب سہولتیں میسر ھوں جو مہذب ملکوں میں اھل علم کو حاصل ھیں۔

یہ عین خوش بختی ھے کہ یہ مطالبہ اور ضروریات اس مقتدر ھستی کی موجودگی میں واضح کی جا رھی ھیں جسکے ھاتھ میں یہ حیثیت چیف منسٹر ایک وسیع و عریض صوبے کی قیادت ھے ۔ برادر مقتدر سردار قوم سردار عبدالرشید خانصاحب بالقابہ اسلام کے سپاھی ھیں ۔ تاریخ اسلام میں شمشیرزن جنگ آوروں نے ھی کتاب و قلم کی بھی حفاظت کی ھے۔ سلطان محمود غزنہ نے جہاں ملکی فتوحات کیں وھاں علم و حکمت کے دریا بھی بہائے اور علماء حکما اور ماھرین فنون کی فیاضانہ سرپرستی کی ۔ امید ھے کہ ھمارے مشفق و محترم چیف منسٹر صاحب اپنے دور حکومت میں علوم مشرق و اسلامی کو اپنی توجہ کا مرکز بنائیں گے اور اورئینٹل کالج کو اپنے مربیانہ سایۂ عاطفت میں لیکر ایک دائمی یاد گار چھوڑینگے ۔

پنجاب یونیورسٹی کے ارباب بست و کشاد کی توجہ بھی میں ان حقائق کی طرف مبذول کرونگی کہ وہ اس درسگاہ کی ہر وقت خبر لیں اور اس کی ضروریات پر ھمدردانہ غور کریں ۔ اس سے زیادہ کچھ کہنا باعث تصدیعہ ھوگا کیونکہ وہ اس موضوع کی گہرائی سے بخوبی آگاہ ھیں ۔ یونیورسٹی کے خطاب میں میرا مفہوم شاید ایک شاعر کے الفاظ میں زیادہ با اثر ثابت ھو۔

به تو از تو راز گویم به زبان بے زبانی

به تو از تو راه جویم به نشان بے نشانی

ز تو دیده کے بدوزم که توئی چراغ دیده

ز تو کے کناره گیرم که تو درمیان جانی

اب میں شرمندہ احسان و کرم آپ سے رخصت ھوتی ھوں ۔ اور اگر میری معروضات کو محترم چیف منسٹر صاحب اور یونیورسٹی کے ارباب خرد نے کچھ بھی قابل اعتنا سمجھا تو مجھے اطمینان ھوگا کہ میں نے اس نکتہ فہم علم پرور اجتماع کا قیمتی وقت ضائع نہیں کیا ۔ والسلام !

از عبدالرحمن چغتائی

داستان امیر حمزہ کی تصویریں

ابتدا سے انسان کا تعلق داستانوں سے فطری طور پر رہا ہے۔ کائنات میں داستانوں کے اوراق کچھ اس بے ترتیبی سے ادھر ادھر بکھڑے پڑے ہیں کہ اگر انکو یکجا کرنے کی کوشش کی جائے تو ایک بہت بڑی مشکل بن جائے۔ الف لیلیٰ۔ شاہ نامہ۔خمسہ نظامی۔ یوسف زلیخا۔ انوار سہیلی۔ مہابھارت۔ رامائن۔ ہیر رانجھا۔ سوھنی مہینوال۔ سسی پنوں۔ یہانتک کہ طوطا مینا ہماری زندگی کا ایک رنگین ورق ہیں اور ہم اس ترقی یافتہ دور میں رہتے ہوئے بھی ان سے پیچھا نہیں چھڑا سکتے۔ داستانیں خیال پر مبنی ہوں یا حقیقت پر تمام اقوام کے ادب میں پائی جاتی ہیں۔ ہر عہد اور ہر مذہب کی الہامی کتابوں میں بھی ان کا وجود موجود ہے۔ حتیٰ کہ زبور توریت اور خود قرآن کریم میں ان داستانوں کی روشنی میں اقوام کے پیچیدہ مسائل کو سلجھایا گیا ہے۔ داستانوں ہی کے ذریعئے ہم تک بعض ایسے اخلاق۔ معاشی۔ اور جمالیاتی مسائل پہنچے ہیں جن سے زندگی کے تقاضے پورے ہوتے ہیں اور حیات انسانی کا تسلسل قائم ہے۔

جہانتک ہماری مصوری اور افسانوی ادب کا تعلق ہے اس میں سب سے اول شاہ نامہ فردوسی کو تصویر دار کیا گیا ہے۔ جب مصوروں نے شاہ نامہ فردوسی کو تصویردار کیا تو نئی نئی شاہ راہیں نمودار ہوئیں اور ایسے امکانات پیدا ہوئے جن کا وہم و گمان تک بھی نہ تھا۔ ایران اور ہندوستان میں شاہ نامہ ہر عہد میں ہر والئے ملک کا محبوب مشغلہ رہا ہے جو خلوت اور جلوت میں برابر سنا اور پڑھا جاتا تھا۔ شاہ نامہ کے بعد جن داستانوں اور شعرا کے کلام کو مقبولیت حاصل ہوئی ان میں خمسہ نظامی۔ گلستان سعدی۔ دیوان حافظ۔

یوسف زلیخا جامی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ مصور شاہ ناموں کی تعداد بلا مبالغہ ہزاروں تک پہنچتی ہے ان میں بہترین بھی ہیں اور کم ترین بھی۔ ان میں کچھ ایسے بھی ہیں جو انفرادی طور پر فنی خوبیوں کے باعث اپنے دور کی ایک جامع تاریخ ہیں۔ طرز نگارش ۔ فنی انہماک ۔ قومی افتخار۔ کرداروں کی کشمکش کیا ہے جو شاہ نامہ میں موجود نہیں۔ طرز معاشرت ۔ آداب مجلس ۔ درباری شان و شکوہ ۔ مافوق الفطرت قوت ۔ آزادی اور غلامی کے مظاہرے ۔ میدان کارزار کے نقشے ۔ اسلحہ جات ۔ جذبات کے تیور۔ اخوت ۔ نفرت ۔ محبت ۔ عداوت ۔ احتجاج اور فریاد سب کچھ شاہنامہ کی تصویروں کا طرۂ امتیاز ہیں ۔

ایران میں مسلمانوں کی آمد سے پیشتر مصوری کس صورت میں اور کس طرز کی تھی بہت طویل بات ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ جب چنگیز خان اور اس کے پوتے قوبیلائی خان کی فتوحات کے ذریعے ایشیا میں مشرق و مغرب میں براہ راست تعلق پیدا ہوا ہے تو مصوری اس زمانے کی تہذیب پر اثر انداز ہو چکی تھی۔ جامع التواریخ مصور۔ مصنفہ رشیدالدین فضل اللہ کے بیان سے ظاہر ہے کہ سلاطین سلاجقہ ۔ غزنہ ۔ فارس اور ایلخانی دور میں مصوری کسی نہ کسی صورت موجود ضرور تھی۔ مورخین اور محققین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اسلام نے عرب سے باہر قدم رکھتے ہی فنون لطیفہ میں کارہائے نمایاں انجام دینے شروع کر دئے تھے جن کی حیثیت فن برائے فن تھی نہ کہ فن برائے مذہب ۔ مشہور محقق ڈاکٹر مارٹن کا بیان ہے مسلمان اور چینی مصوری کا اتحاد اس دور ہی سے شروع ہو گیا تھا اور ہم دیکھتے ہیں کہ یہ اتحاد فتح بغداد تک حاوی رہا ہے جب تک منگول پوری طرح خلافت پر چھا نہیں گئے۔ مشہور چنگیز نامہ جو چودھویں صدی میں تکمیل پایا ہے اس کی تصاویر اس بات کی شاہد ہیں کہ چینی مصوری ایرانی مصوری پر کس وقت تک اثر انداز رہی ہے۔ جو شاہ نامے سمرقند اور بخارا میں مصور ہوئے ہیں ان سے پایا جاتا ہے کہ یہ چینی اثر جلد ہی زائل ہو گیا ہے اور ایک نئے دبستان مصوری نے جنم لیا ہے جس کو آج ہم ایرانی دبستان مصوری کے نام سے یاد کرتے ہیں اور جس کی بنیاد پندرھویں صدی کے اوائل میں سمرقند میں تیمور نے رکھی تھی اور اس کے قابل ترین جانشینوں نے اپنے اپنے دور میں اسے اور بھی پروان چڑھایا تھا۔ اگرچہ

دبستان سمرقند کی ابتدائی تصاویر موجود نہیں رہ سکیں لیکن جو کچھ بھی بچ رہا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ ان میں کسقدر پختگی اور کمال موجود ہے اور فن کسقدر مدارج طے کر گیا تھا۔

تیمور۔ شاہرخ۔ مرزا بایسنقر اور الغ بیگ کے بعد سلطنت مختلف ہاتھوں سے ہوتی ہوئی خاندان تیمور کے قابل ترین اور لائق فرزند ابوالغازی سلطان حسین میرزا بن منصور بن بایقرہ کے ہاتھ آئی۔ سلطان حسین ابتدا میں الغ بیگ کے سائہ عاطفت سے منسلک تھا اس کے بیٹے عبداللطیف کی موت کے بعد ابوسعید بن سلطان محمد بن میرانشاہ نے اس کو قید کر لیا لیکن یہ وہاں سے بھاگ کر ابوالقاسم بابر مرزا سے ملکر ۸۶۲ ہجری مطابق ۱۴۵۷ء میں گرگان کے پایہ تخت استرآباد پر قابض ہو گیا جہاں سے ابوسعید نے اس کو ایک سال بعد پھر خوارزم بھاگ جانے پر مجبور کیا اور خود استرآباد پر قابض ہو گیا۔ سلطان حسین نے گرگان او مارندران اور استرآباد کو دوبارہ فتح کر کے ابوسعید کی موت کے بعد ہرات کو تسخیر کر لیا اور وہاں ۱۰ رمضان المبارک ۸۷۲ھ مطابق ۱۴۶۸ء اپریل کو باقائدہ تاج پوشی کرکے دربار منعقد کیا اور ابوالغازی سلطان حسین میرزا کے لقب سے ملقب ہوا۔ سلطان حسین میرزا ۳۸ سال تک خراسان پر حکومت کرتا رہا جہاں ستر سال کی عمر میں ۱۱ ذی الحج ۹۱۱-۹۱۲ ہجری مطابق ۱۵۰۶ء بروز دو شنبہ کو اس جہان فانی سے عالم جاودانی کو سدھارا۔ اس کا قابل ترین وزیر علی شیرنوائی متوفی ۹۰۶ ہجری مطابق ۱۵۰۱ء ۶۲ سال کی عمر میں فوت ہوا اور مسجد جامع ہرات کے قریب ایک گنبد جسے اس نے خود اسی مقصد کی خاطر تیار کروایا تھا دفن ہوا۔ میر علی شیرنوائی اپنے آقا کی طرح علما فضلا کا مربی اور قدردان تھا خود بھی نظم و نثر دونوں میں اعلیٰ پایا رکھتا تھا۔ دربار ہرات آقا اور وزیر با تدبیر کی ہنرپروری اور قدر شناسی کے سبب ان سینکڑوں درخشندہ ستاروں سے منور تھا جو ایران کی سر زمیں سے ابھرے تھے۔ اس دربار میں بہزاد۔ آقا میرک۔ سلطان محمد۔ قاسم علی سلطان علی مشہدی۔ مولانا جعفر۔ مولانا شمس۔ سلطان محمد خندان۔ سلطان محمد نور۔ مولانا یاری۔ علی الکاتب۔ استاد قل محمد نقاش وغیرہ جیسے نادرہ کار مصور اور سحر نگار خطاط کارہائے نمایاں انجام دے رہے تھے۔ نقاشی۔ تصویر کشی۔ تعمیر سازی۔ کاشی کری۔

مینا کاری ۔ کتابہ سازی ۔ خوش نویسی ۔ قالین سازی ۔ موسیقی ۔ صحافی ۔ اور تذهیب جیسے فنون لطیفہ جن کا تعلق مرقع سازی اور تعمیرات وغیرہ سے ہے اسی عہد زریں سے تعلق رکھتے ہیں۔

سلطان حسین کے بعد اس کی اولاد نااتفاقی ۔ کم ہمتی اور بے تدبیری کے سبب ملک اور حکومت پر قابو نہ رکھ سکی چنانچہ محمد خان شیبانی ازبک نے خراسان پر حملہ کر کے سلطان حسین کی اولاد سے تمام ملک چھین لیا ۔ بدیع‌الزمان سلطان حسین کے فرزند اور وارث کو بھاگ کر سلطان محمد فاتح قسطنطنیہ کے پاس پناہ لینی پڑی ۔ محمد شیبانی ازبک کا دور حکومت گو مختصر زمانہ ہے لیکن اس مختصر دور میں بھی مصوری اور خطاطی میں کچھ نہ کچھ ضرور قابل قدر انجام دیا گیا ہے ۔ یہ دودمان چنگیز کا آخری جنگ آزما باوجود بربریت خونریزی اور دہشت زدگی کے ہنر پروری اور ہنر شناسی میں تیموریوں سے کسی صورت کم نہ تھا کیونکہ دربار ہرات اور سلطان حسین کے بعد بہزاد ۔ اور آقا میرک جیسے بے مثال مصور اور سلطان علی مشہدی جیسے سحر نگار خوشنویس اور خواندمیر جیسے عالم و فاضل اسی دربار سے منسلک رہے ہیں ۔ سام مرزا نے اس کے متعلق لکھا ہے۔

"باوجود ترکیت و جلفیت خود را در اکثر فنون و استعدرات منہدس دانستہ در تصویر استاد بہزاد و نقاش کہ تا مصور قدرت صورت انسانی را بر تختہ ہستی چہرہ کشائی نمودہ چوں او مصور چابک دست نکشیدہ ۔ در خط مولانا سلطان علی مشہدی کہ کلک کرام‌الکاتبین مثل او خوشنویس بر صفحہ وجود ننگاشتہ ۔ دخل بجا کردہ صورت او را بقلم اصلاح نمودی و خط این را بنوک قلم مورقم نسخ کشیدی و گفتی کہ چنین می باید کشید ۔ و چنیں می باید نوشت و در زمان خود حکم کردہ بود کہ شعرا شہنامہ فردوسی را ترکی کنند"

جب شاہ اسمعیل کے بڑھتے ہوئے اقبال نے شیبانی خاں کی حکومت کا خاتمہ ہمیشہ کیلئے کر دیا ہے تو دربار صفوی کی طفیل ایرانی مصوری کا دوبارہ ارتقا ہوا ہے ۔ پھر بہزاد ۔ میرک اور سلطان علی مشہدی جیسے با کمال

خطاط اور مصوروں کو اپنی ہنرمندی اور کاریگری دکھلانے کا موقع ہاتھ آیا ہے بہزاد کو پھر سرآمدان ہنر اور مہتمم تصویر خانہ مقرر کیا گیا ہے اور سلطان علی مشہدی کو پھر شاہنامہ اور خمسہ نظامی کے ذریعے اپنے جوہر بکھیرنا نصیب ہوا ہے ۔ شاہ اسمعیل صفوی کی وفات کے بعد اس کے فرزند شاہ طہماسب اول کے دور میں صفویوں کی فیاضی اور ہنر پروری سے ہم ایرانی مصوری اور خطاطی کے اس اوج اور کمال سے اپنے آپ کو دوچار پاتے ہیں جو اس کے بعد ایرانی مصوری اور خطاطی ۔ نقاشی ۔ قالین سازی اور دیگر فنون لطیفہ کو دیکھنا نصیب نہیں ہوا ۔ بقول سکندر منشی مصنف عالم آرائی عباسی اس کا سب سے بڑا سبب شاہ طہماسپ کی ہنر پروری اور ہنر شناسی تھا کیونکہ شاہ طہماسپ خود نقاش نادرہ کار اور مصور نازک قلم اور خطاط سحر نگار تھا ۔ یہ فن اس نے بہزاد ۔ میرک ۔ سلطان محمد اور سلطان علی مشہدی جیسے فن کاروں سے سیکھے تھے ۔ اس کے عہد میں سیکڑوں مجلہ و مرصع مرقع جات تیار ہوئے جو آج بھی محققین اور نقادان فن کو اپنی دلکشی خوبصورتی اور ندرت کے باعث حیرت افزا بنائے ہوئے ہیں ۔ صفویوں کے بعد دربار کی سرپرستی کسی حد تک قریب قریب ختم ہو چکی تھی تاہم پھر بھی مصور اور خطاط شاعر اور مصنف انفرادی طور پر برسرپیکار نظر آتے ہیں اور ایرانی مصوری اور خطاطی کے بہترین نادرالمثال مرقع جات ظہور پذیر ہوئے ہیں ۔

شاہ اسمعیل صفوی کے عہد میں آل تیمور کے ایک اور ہونہار فرزند ۔ شاعر اور نقاد ۔ سپہ سالار اور سلطان ۔ ظہیرالدین بابر نے ہندوستان میں ایک نئی اور شاندار تیموری سلطنت کی بنیاد رکھی وہ کابل ۔ قندھار ۔ اور بدخشان پر قابو پا لینے کے بعد سلطان ابراہیم لودھی پر فتح حاصل کرکے آگرہ ۔ دھلی ۔ اور دریائے سندھ سے بنگال تک کا تمام علاقہ اپنے تصرف میں لے آیا ۔ کثیرالتعداد ممتاز ایرانی شعرا ۔ عالم اور ادیبوں کی موجودگی کے باعث اس کا دربار نہایت پر شکوہ تھا ۔ یہاں علم و ہنر کی قدر اور سرپرستی ایران سے زیادہ فیاضانہ اور مربیانہ طور پر ہوئی ۔ اگرچہ بابر کا مختصر دور حکومت زیادہ تر جنگ آزمائی اور فتوحات حاصل کرنے میں گذرا ہے لیکن اپنی خاندانی روایات

اور فطری ذهانت کی رو سے اس نے اس کشمکش میں بھی فنون لطیفه کو نظر انداز نہیں کیا ۔ وہ دوران جنگ اور فتوحات کے دور میں بھی باغات لگانے اور انکی طرح بندی کرنے میں مصروف نظر آتا ہے۔ قلعے اور محلات تعمیر کرنے میں منہدس اور معماروں کو هدایات دے رہا ہے ۔ شاعروں اور مغنیوں کے جھرمٹ میں بیٹھا چشموں کے کنارے داد عیش دیتے اور مجالس قائم کرنے میں همه تن پیش پیش ہے ۔ سلطان حسین مرزا ۔ اور صفویوں کے عہد کی مانند هندوستان میں گو بابر کے دور میں مصوری کے ضمن میں کوئی مستقل کارنامه انجام نہیں دیا گیا تاهم انفرادی طور پر کچھ نه کچھ ضرور انجام دیا گیا ہے ۔ ۱۵۳۰ء میں بابر کی وفات کے بعد ھمایوں سریر آرائے سلطنت ہوا ہے ۔ واقع نویسوں نے اس کو اس رنگ میں پیش کیا ہے که اس کے عہد میں کوئی علمی ادبی کام انجام نہیں دیا گیا ۔ وہ ایک کامیاب حکمران نہیں تھا وہ طبیعت کا کمزور اور غیر مستقل مزاج واقع ہوا تھا ۔ بر عکس اس کے ھمایوں شجاعت اور مردانگی میں اپنے باپ بابر سے کسی صورت کم نه تھا اس نے بابر کی حیات هی میں بدخشان کو دشمنوں سے پاک کر دیا تھا ۔ قلعه کالنجر کی تسخیر میں غیر معمولی بہادری اور ذهانت کا ثبوت دیا تھا ۔ مجبوری یه آن پڑی تھی که وراثت میں جو سلطنت ملی تھی اسے حاصل کئے به مشکل پانچ چھ برس هی گذرے تھے که بھائیوں کی ریشه دوانی اور شیر شاہ کی اندرونی شورش کا سیلاب ایسا امنڈا که سلطنت محفوظ نه رہ سکی اور ھمایوں کو مجبوراً شاہ طہماسپ اول کے پاس ایران میں پناہ اختیار کرنی پڑی ۔ لیکن دوبارہ ۹۵٦ هجری مطابق ۱۵۴۹ء جب مختصر فوج لیکر هندوستان پر چڑھائی کی ہے تو فتوحات کا تانتا باندھ دیا ہے اور کھوئی ہوئی سلطنت کو پورے طور پر اپنے قبضے میں لا کر چھوڑا ہے ۔ ھمایوں میں جوهر ذاتی کسی اور فرماں روا سے کم نه تھے ۔ استحکام سلطنت ۔ علم و فضل ۔ اور ایجاد و اختراع میں یکتائے روزگار تھا ۔ خود شاعر تھا طبیعت نہایت موزوں اور شسته پائی تھی اس کے ذوق علمی کا ثبوت ہے که اس نے اپنے باپ کی سرگذشت کا خود ترجمه کیا اور اس میں جگه جگه مناسب حواشی کا اضافه کیا۔ علوم و فنون کی سرپرستی و قدردانی کی وجه سے اور نامی گرامی شعرا ۔ مصور۔ خطاط اور علما اور فضلا کی موجودگی کے باعث

ں کے دربار کو سلطان حسین مرزا اور شاہ طہماسپ صفوی کے عہد سے کسی صورت
م نہیں کہا جا سکتا ۔ مولانا نظام‌الدین مصنف طبقات اکبری نے ھایوں کی
بت شاندار الفاظ میں اظہار کیا ہے اور ھایوں کی جملہ صفات و کمالات کو
راھا ہے اس کے علاوہ ابوالفضل نے بھی ھایوں کے جوھر ذاتی سے متلق
ایت خوبصورت الفاظ میں اور اپنے مخصوص انداز میں ذکر کیا ہے ۔

شاہ اسمعیل کے بیٹے سام مرزا متوفی ۹۸۴ ھجری نے اپنی تالیف تحفہ سامی
ں ھایوں کی نسبت لکھا ہے ۔

"ھایوں بادشاہ بن بابر بادشاہ ۔ پادشاہے است کہ بکثرت حشم و ھنر
پروری از اساطین سلاطین آفاق منفرد بود ۔ و وفور سخاوت و
فطرط معدلت و داد گستری از عظائی خواقین منفرد ۔ و در فن حکمت
خصوصاً قسم ریاضی ثالث افلاطون و اقلینوس ۔ و در کثرت خیل و
حشم ثانی اثنیس سکندر بن فیلقوس ۔ و در نظم اشعار خسرو ارباب نظم
و در حسن‌المقال سر دفتر اصحاب فہم و در دائیرہ خطش خطی کامل و در
توقیعات انشائش رسائیل ۔ ھایوں خط او توقیع خوبی راست طغرائی
کہ نہ نوشت است منشی قصا ھر گز مثال او این مطلع زادہ طبع
ایشان است ؎

آن نہ سرو است کہ در باغ قد افراختہ است
شمع سبزیست کہ پروانہ او فاختہ است

ب سخت کش مکش اور کوشش کے بعد ھندوستان کم و بیش محکم طور پر
ھایوں کے قبضے میں آ گیا ہے تو جملہ علوم و فنون کی طرف پورے انہماک سے
وجہ دی گئی ہے ان میں نئے سر سے زندگی کی لہر دوڑ گئی ہے ۔ مغل
بستاں مصوری نے جنم لیا ہے اور باقاعدہ ایک مستقل حیثیت اختیار کر لی ہے ۔
یران میں ھایوں کو شاہ طہماسپ کی فیاضانہ مہمان نوازی کی طفیل تمام فنون
طیفہ سے لطف اندوز ہونے اور براہ راست مصوروں اور خطاطوں کے کمال سے
حظوظ ہونے کا موقع ملا تھا ۔ ھمایوں کے دور میں ان ایرانی مصوروں نے

آزادانہ طور پر کارہائے نمایاں انجام دئے ھیں جو ایران سے آکر ہمایوں کے دربار سے منسلک ہوئے تھے جو سرآمدان ہنر ہندوستان تشریف لائے ان میں سید میر علی تبریزی کا نام سر فہرست درج ہے۔

مصنف نفائس الماثر کے بیان کے مطابق سید میر علی تبریزی ۹۵۶ ھجری مطابق ۱۵۴۹ کابل میں آکر ھمایوں کے دربار میں شامل ھوا جہاں ھمایوں کے حکم سے داستان امیر ھمزہ کو تصویر دار کرنا شروع کیا۔ جب سید میر علی تبریزی نے داستان امیر حمزہ کو تصویر دار کرنا شروع کیا ہے تو اس کے ساتھ تیس اور ایرانی مصور اس کام میں اس کا ھاتھ بٹانے میں شامل تھے۔ جو ایرانی نسل تھے اور ایرانی دستان مصوری کے متبتع تھے۔ ان استادوں نے ہندوستان میں شبیہ کشی اور داستان امیر حمزہ کےکام کے ساتھ ساتھ ایرانی دستور کے مطابق فارسی زبان منظوم و منثور داستانوں اور شعرا کے کلام کو بھی مصور کیا ۔ ابوالفضل نے جن کتابوں کا ذکر آئین میں کیا ہے جو اس زمانے میں مصور ہوئی تھیں ان میں سر فہرست داستان امیر حمزہ کا نام لیا ہے۔ فن کارانہ صلاحیتوں کی رو سے امیر حمزہ کی تصاویر کو مغل دستان مصوری میں برتری اور ایک مقام حاصل ہے ۔ اس میں ھمایوں کی ذھانت اور فراست کو بہت بڑا دخل ہے جس نے ایرانی روایات اور دستور سے الگ شاہ نامہ۔ خمسہ نظامی۔ یوسف زلیخا ۔ اور دیوان حافظ وغیرہ سے ماورا داستان امیر حمزہ کو مصور کرنے کی خاطر انتخاب کیا یہ ھمایوں کی بلند نظری ہنر شناسی اور ہنر پروری ھی کا ثبوت ہے کہ اس نے قلیل مدت میں اپنے دربار میں ہر قسم کے فن کار اور ہر قابلیت کے لوگ جمع کر لئے۔

داستان امیر حمزہ در اصل ایک فرضی اور خیالی داستان ہے جس میں تاریخی اشخاص کے گرد فرضی اور مافوق الفطرت واقعات کی دیوار کھڑی کر دی گئی ہے۔ اس قصے میں حقیقت کو صرف اسقدر تعلق ہے کہ ھمارے حضور پر نور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا نامدار حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا اسم گرامی استعمال کیا گیا ہے ۔ بعض کا خیال ہے یہ داستان اکبر کے زمانے میں مہابھارت کے جواب میں فیضی نے لکھی ہے جو بالکل غلط اور بعید از قیاس

ہے۔ یہ قصہ نہ تو ہندوستان کی تالیف ہے اور نہ اکبر کے عہد سے اس کا
کچھ تعلق ہے۔ البتہ الف لیلا۔ قلیلہ و دمنہ۔ لیلا مجنون وغیرہ کی طرح یہ
قدیم تصنیف ہے اور بعض روایات کی رو سے جن میں کسی قسم کی اصلیت
نہیں ہے یہ داستان سلطان محمود غزنوی کیلئے شاہ نامے کے مقابلے مں لکھی
گئی۔ ابتدا میں اس کا نام اسما و حمزہ تھا۔ تاریخ مبارک شاہی اور واقعات
بابری میں اس کو داستان حمزہ کے نام سے منسوب کیا گیا ہے اور ابوالمالی
کو اس کا مصنف بتلایا ہے۔ داستان امیر حمزہ ہر زمانے اور ہر بادشاہ کے عہد
میں مقبول خاص و عام رہی ہے۔ فارسی مخطوطات میں داستان امیر حمزہ مختلف
ناموں سے بھی ملتی ہے۔ اسے جنگ نامہ امیرالمومنین حمزہ کے نام سے بھی
منسوب کیا گیا ہے۔ برٹس میوزم میں ایک قلمی نسخہ موجود ہے جس کا نام
امیر حمزہ ہے اور یہ بارہ دفتروں مں منقسم ہے۔ اور ہر دفتر کو اسماء حمزہ
کا نام دیا ہے اور اس کا مصنف شاہ نصیرالدین محمود کو قرار دیا ہے۔ کچھ
نا مکمل نسخے اور بھی اس داستان کے دیگر کتب خانوں میں پائے جاتے ہیں
کسی ایک میں اس کے مصنف کا نام ملا جلال بلخی کو بتلایا ہے اور گارسان
وتاسی نے بقول اشک مترجم داستان امیر حمزہ اس کا مصنف ملا جلال بلخی ہی
کو گردانا ہے۔ اردو میں یہ داستان خاصی مقبول رہی ہے کئی لوگوں نے اس کو
فارسی سے اردو مں ترجمہ کیا ہے اور کتاب کئی دفتروں پر مشتمل ہے اور
ہر دفتر میں دو دو تین تین جلدیں ہیں ان کے علاوہ بھی داستان کو کئی
جلدوں میں طول دیا گیا ہے۔ امیر حمزہ کے کارنامے کئی مصنفین نے ایک جلد
میں بھی قلم بند کئے ہیں اور ان کو داستان امیر حمزہ ہی کے نام سے منسوب
کیا ہے جیسا کہ بیان کیا ہے امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کہ اسم گرامی سے
داستان گویوں نے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کے تحت کئی حمزہ نامے مرتب کئے
جو کسی نہ کسی ہیرو کی شجاعت اور بہادری سے متعلق ہیں۔ ایک
حمزہ نامہ باطنیوں کے بطل اعظم حمزہ نامی والئے قلعہ شیون کے شجاعانہ
کارناموں پر مشتمل ہے۔ جب آل عثمان نے شام فتح کیا تو حمزہ کے کار ناموں
کی داستانیں عرب راویوں اور قہوہ خانوں کے داستان گویوں کی زبانی ترکوں
میں بھی رواج پا گئی تھیں بعض داستان گو امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے بھائی

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو داستان امیر حمزہ کا مصنف قرار دیتے ہیں جو خود فرضی داستان ہے۔ داستان امیر حمزہ در اصل حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور دیگر تاریخی اشخاص کے نام سے فائدہ اٹھاتے ہوئے فرضی خیالات پر ترتیب دی گئی ہے یہ نہ تو حقیقت پر مبنی ہے اور نہ تقلیدی لیکن داستان کے روپ میں کرداروں کی تشکیل اور تاریخی رجحانات کا رد عمل کہا گیا ہے ادنیٰ و اعلیٰ طبقے کے فکری مسائل اور خارجی حالات جگہ جگہ ملتے ہیں۔ یہ داستان رموز سلطنت۔ بصیرت افروز حقائق اور اخلاقیات کی دولت سے مالا مال ہے۔غلامی۔ آزادی۔ افلاس۔ خوش حالی اور انسانی آرزوں کے مختلف مظہر نمایاں ہیں۔ جنگ و جدل۔ محاذ۔ برتری کا احساس۔ عروج اور انحطاط اور ملک گیری کی ہوس کے علاوہ عشق و محبت کے کرشمے حسن و جمال کے غمزے شاہ نامہ کی مانند اس داستان کے بھی مرہون منت ہیں۔ ان فن کاروں نے جن کا واسطہ اس داستان سے پڑا تھا اپنے رنگوں اور خطوں میں کرداروں کی تشکیل دیکھکر تخلیق پر قابو پانے کیلئے کس طرح ہاتھ پاؤں مارے ہیں ان کے کام سے ظاہر ہے انہوں نے جو کچھ بنانا چاہا ہے پہاڑ تھے یا مرغزار۔ بادل تھے یا شفق۔ باغات تھے یا جنگل۔ پرندے تھے یا درندے۔ شہر تھے یا صحرا۔ نصب شدہ خیمے تھے یا محلات۔ آقا تھے یا غلام ہر چیز انہیں متحرک نظر آتی تھی۔ داستان امیر حمزہ کی تصویروں میں ہر چیز خواہ وہ جاندار کی ہے یا غیر جاندار کی اس میں کردار کی مشابہت پائی جاتی ہے۔ یہ طرز نگارش یہ اسلوب فنی نقطہ نگاہ سے مغل اور ایرانی مصوری کا فطری ملاپ ہے جو خیبر کے راستے سے گذر کر اپنی ضیاپاشی کرتا ہوا ہندوستان پر پوری طرح چھا گیا تھا اور فن کاروں نے اس وقت تک دم نہیں لیا جب تک ہندوستان جنت نشان نہیں کہلایا۔واقعات کو سامنے رکھتے ہوئے دنیا اس تہذیب اور اس کی قدروں کی ابتدا اور اس کے عروج و زوال کو آج بھی فراموش نہیں کر سکی۔

یہ ہماری بد نصیبی ہے کہ ہمارے مورخ گذشتہ واقعات میں سے جنگ و جدل۔ خون ریزی اور بغاوت کے واقعات بیان کرینگے یا شعرا اور ان کے ممدوح کا ذکر کرینگے لیکن کچھ بیان نہ کرینگے تو مصوروں۔ خطاطوں اور دیگر ہنرمندوں سے متعلق۔ سوانح حیات کی رو سے عربی۔ فارسی اور ترکی میں

بے حد کام کیا گیا ہے ۔ مصنفین اور مؤلفین نے ہزاروں سوانحعمریاں حضور پر نور کی اور ان کے اصحاب کی لکھی ہیں ۔ اس کے علاوہ مورخ ۔ سائینس دان ۔ بہادروں اور شاعروں کے حالات میں کئی تذکرے تصنیف ہوئے ہیں لیکن کسی مسلمان مصنف نے مصوروں ۔ خطاطوں اور دیگر ہنرمندوں کے حالات میں ایک بھی مستقل تصنیف نہیں کی ۔ مقریزی متوفی ۱۴۴۲ء نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے مصوری کے حالات میں ایک مبسوط تاریخ لکھی ہے لیکن نہ تو اس کی تاریخ کہیں ملتی ہے اور نہ اس کی تاریخ کے کسی حصہ یا باب کا کسی مصنف نے حوالہ دیا ہے ۔ یہ ضرور ہے کہ مقریزی کی دیگر تصنیفات ضرور پائی جاتی ہیں جو دیگر موضوع پر ہیں ۔ سولھویں صدی کے بعض تذکرہ نویسوں نے ان شعرا کے ذکر میں کہیں کہیں کسی مصور کا ذکر ضرور کیا ہے جو شاعر بھی ہے اور مصور بھی ۔ تحفہ سامی ۔ لطائف نامہ فخری ۔ عالم آرائی عباسی ۔ مطلع السعدین ۔ مرقع بہرام مرزا وغیرہ کے ہاں ضرور مصور اور خطاطوں کا ذکر پڑھنے میں آ جاتا ہے ۔ ان تصنیفات میں بھی فرداً فرداً کسی مصور کا بیان ضرور دیکھنے میں آتا ہے جو کسی سلطان یا وزیر کے حکم سے اس عہد سے متعلق بطور روزنامچہ یا تذکرہ کے لکھی گئی ہیں یا کسی سلطان یا وزیر نے خود نوشت سوانحعمری لکھی ہے ۔ خواند میر مولف حبیب‌السیر ایک ایسا مورخ ہے جس نے مصوروں اور خطاطوں کے حالات قلمبند کرنے میں کچھ خاص توجہ دی ہے اس نے حبیب‌السیر میں اس مضمون پر باقائدہ باب باندھا ہے ۔ خواندمیر ۱۴۷۵ء میں پیدا ہوا اور ۱۰۳۰ یا ۱۰۳۷ میں ہمایوں کے عہد میں ہندوستان میں فوت ہوا ہے اور یہیں دفن ہوا ۔

خواندمیر کے بعد ابوالفضل نے آئین اکبری کو ترتیب دیا ہے ۔مصوری کے باب میں جو کچھ آئین میں ملتا ہے اس میں ایک تشنگی موجود ہے ۔ حالانکہ اسی تشنگی سے مترشح ہے کہ عہد اکبری میں مصوروں اور خطاطوں ۔ نقاشوں ۔ صحافوں ۔ اور مذھبوں اور دیگر ہنرمندوں کی ایک دنیا آباد تھی ۔ اور ان کی تعداد سینکڑوں تک پہنچی ہوئی تھی ۔ ابوالفضل ہی کے الفاظ میں ۔ "قبلہ عالم کی قدردانی اور ہنرپروری سے اس دلکش جادو نگاری (مصوری)

کو انتہائی ترقی نصیب ہوئی اعلیٰ حضرت کے دست شفقت نے اہل عالم کی چشم بینش کو آگاہی کے سرے سے روشن فرمایا۔ اور تصاویر کی قدر و قمت و طلب میں گرم بازاری ہوئی۔ رنگ امیزی کا فن معراج کمال کو پہنچا اور صفائی و لطافت کو روز افزوں ترقی نصیب ہوئی جس طرح عہد معدلت میں مصوروں کی قدر و قیمت میں صد چند اضافہ ہوا۔ اسی طرح نقاش۔ مذہب و جدول آرائیاں و جلدبند وغیرہ کی بھی گرم بازاری ہوئی۔ ہر چہار گروہ عطاب و انعام و ماہانہ سے سرفراز و شاد کام ہوا۔ بیشمار مذہب دار و احدی رہ سوار اس سرشتے کی خدمت پر مامور ہو کر ممتاز و معزز ہوئے۔ پیادہ کی تنحواہ ایک ہرار دو سو دام سے زیادہ اور چھ سو دام سے کم نہیں،،۔

اس ترقی اور عروج کے باوجود ابوالفضل نے محض چند ہنرمندوں کے نام لئے ہیں اور وہ بھی چند سطور میں۔ اور نو اور سد مر علی تبریزی اور خواجہ عبدالصمد شیرازی شیریں قلم کا بیان آئیں میں حند سطور سے زیادہ نہیں۔ ایسا محسوس ہوتا ہے مصنف کوئی سنی سنائی بات بیان کر رہا ہے کوئی آنکھوں دیکھی بات بیان نہیں کر رہا۔ حالانکہ مذکورہ بالا استادان فن کو سرآمدان ہنر نادرالملک اور نادرالعصر کہکر یاد کیا ہے۔ آئین میں اسی تصویر خانے کے باب میں امیر حمزہ سے متعلق جو اپنے زمانے کا بہت بڑا کارنامہ ہے محض ڈیڑھ سطر میں ذکر کیا ہے۔ آئین کے الفاظ میں:

''قصہ امیر حمزہ را دوازدہ دفتر ساختہ رنگ امیز کردند و استادان سحر پرداز تک ہزار و چہار صد موضع را حیرت افزائے دیدان وراں گردانیدند،،

حمزہ کی تصاویر ہمایوں بادشاہ کے جمالیاتی ذوق اعلی تربیت اور روایات کا مظہر ہیں ان حالات اور واقعات کا پرتاؤ ہیں۔ جو حود اس کو کشمکش حیات میں پیش آئے تھے اور وہ مجبور ہوا تھا کہ اس ذہنی کوفت اور پریشانی سے روحانی طریق پر سکون حاصل کرے۔

صدیاں گذریں حمزہ کی تصویریں ابھی تک زندہ ہیں اور یقینی طور پر آئندہ بھی زندہ اور پائندہ رہینگی۔ ان پر جو تنقیدی اور تاریخی تہیں چڑھائی

گئی ھیں یا جن نیتوں کا وہ شکار ھوئی ھیں ان کی رو سے یہ کوشش کی گئی ھے کہ ان کے صحیح مقام۔ ان کے فنی انہاک اور طرزنگارش اور اسلوب کا حق ان فن کاروں کو نہ پہنچنے دیا جائے جنہوں نے اپنے خون اور پسینے سے ان کو تخلیق کیا تھا۔ حمزہ کی تصویروں کا اگر تنقیدی اور تاریخی جائزہ لیا جائے تو وہ دو حصوں میں بانٹی جاسکتی ھیں ان کا ایک حصہ وہ ھے جو عہد ھمایوں میں اپنے بادشاہ کی سرپرستی میں اس کی خوشنودی کی خاطر تیار ھوا ، اور ایک وہ حصہ ھے جس نے اکبر اعظم کے تصویر خانہ کو زندگی بخشنے کے سلسلے میں دوبارہ جنم لیا۔ کیونکہ ابوالفضل اور دیگر ھم عصر مورخین نے داستان کی تصاویر پر تفصیل سے روشنی نہیں ڈالی اسلئے وثوق سے نہیں کہا جاسکتا کہ ھمایوں کی وفات کےوقت کسقدر کام تکمیل پا چکا تھا اور کسقدر کام عہد اکبری میں تکمیل پایا ھے۔ تفصیل اور مجمل طور پر اگر کسی نے کچھ بیان کیا ھے تو وہ مرزا علاالدولہ قزوینی مصنف نفائس الماثر ھے ۔ قزوینی نے نفائس الماثر کو ۹۷۳ ھجری میں شروع کرکے ۹۷۹ ھجری میں ختم کیا ھے لیکن اس نے بھی اس بات پر روشنی نہیں ڈالی کہ ھمایوں کی وفات تک کسقدر کام پایہ تکمیل تک پہنچ چکا تھا اور کسقدر کام بعد میں ھوا ھے۔ قزوینی ھی کا بیان ظاھر کرتا ھے کہ جب میر سید علی تبریزی حج کو گیا ھے تو امیر حمزہ کی تصاویر کا کام خواجہ عبدالصمد شیرازی مصور و خطاط کے سپرد کیا گیا ھے جس نے اس کام کو تھوڑے عرصے اور تھوڑے خرچ سے ختم کیا ھے قزوینی کے الفاظ ھیں :۔

” ھفت سال است کہ میر مذکور حسب‌الحکم حضرت اعلے در کتاب خانہ عالی بہ تزئین و تصویر مجالس قصہ امیر حمزہ مشغول است و در اتمام آن کتاب بدایع انتساب کہ از مخترعات خاطر وقاد حضرت اعلے است اھتمام می نمائید۔ والحق آن کتابے است کہ تا دوران سپہر منیاگون از تصویر کواکب ثواقب زیب و آرائش یافتہ نظیر آن ھیچ دیدہ ور نہ دیدہ تا اطباق سفینہ گردوں از چھرہ کشائی ماہ و خورشید زینت و نمائش گرفتہ دست تقدیر ھمچناں نسخہ بر لوح خیال نہ کشیدہ و اختراع آں کتاب عجیب الابداع بریں وجہ خیال فرمودہ اندکہ عجائب حالات و غرائب واقعات آن قصہ را مبدأ تا مآل مو بہ مو

صحائف تصویر نگارند و از وقائق صورتگری دقیقہ نا مرعی نہ گزارند۔
و آں حکائت در دوازدہ مجلد با تمام خواهد رسید۔ هر جلدے مشتمل
بر یک صد ورق و هر ورقے یک زرع ۔ در یک زرع محوی بر دو مجلس
تصویر بر صدر هر مجلس حالات و واقعاتے کہ با آن صفحہ متعلق
است بہ زبان وقت املا کردہ اند و انسا و ابداع آں حکایات شوق
انگیز و روایات طرب امیز بہ حسن اهتمام و نتائج اقلام سحر انجام
فصاحت شعار و بلاغت و کمالات آثار خواجہ عطااللہ منسی قزوینی کہ
کہ طبع وقارش ناقد کلمات دلفریب است۔ صورت انجام و اتمام می
یابد و با آنکہ درمدت مذکور سی نفر از مصوران بہراد صفت مانی سیرت
در آن کتاب بر دوام با اهتمام کار می کنند زیادہ از چہار جلد با تمام
نہ رسیدہ ۔ کمال زینت و نہایت پرکاری آن ازیں معنی قیاس تواں کرد
و نقهم‌الہ باتمامہ فی ظل‌دولتہ‌العالیہ و ایامہ دریں ولا مسر مذکور
رخصت حج گرفتہ بر کاری کتاب مذکور بہ استاد عدیم‌المثل خواجہ
عبدالصمد مصور شیرازی مرجوع شد و خواجہ مذکور در اتمام آن غائت
اهتمام بجا آوردہ و در خرچ آن کفائت نمایاں کرد،،

ابوالفضل اور ملاں عبدالقادر بدایونی اگرچہ دونو هم عصر اور معاصر هیں
لیکن ان کے بیان میں اسقدر تفاوت هے کہ انسان سوچ میں پڑ جاتا هے کہ کس
کی بات کو درست تسلیم کرے اور کس کو غلط۔ بدایونی کا بیان هے مرقع سولہ
جلد میں ختم ہوا۔ ابوالفضل نے لکھا هے مرقع بارہ جلد میں ختم ہوا۔ نفائس
المائر میں مرقوم هے مرقع بارہ جلد میں ختم ہوگا۔ آئین کے الفاظ هیں :۔

" قصہ امیر حمزہ را دوازدہ دفتر ساختہ رنگ امیز کردند و استاداں سحر
پرداز یک هزار وچہار موضع را حیرت افزائے دیدہوراں گردانیدند،،

مخزن الغرائب اورمنتخب التواریخ میں ملاں بدایونی کا بیان هے :۔

" جدائی میر سید علی مصور است حسیات بسیار دارد هر تصویر وے کارنامہ
ایست در هندوستان ثانی مانی بود وقصہ امیر حمزہ در شانزدہ جلد مصور
بہ اهتمام وے یافتہ ۔ هر جلد صد ورق و هر ورق یک ذرع در یک ذرع
و در هر صفحہ صورتے ،،

نفائس المآثر کا اقتباس اس سے پہلے درج کیا جا چکا ہے۔ نفائس اور آئین متفق ہیں کہ مرقع میں بارہ جلد تھیں لیکن اوراق اور تقطیع کے بارے میں نفائس اور بدایونی متفق ہیں مگر کل اوراق کے متعلق ان من بھی اختلاف ہے اور ابوالفضل کا کا بیان ان سے مختلف ہے مگر وہ تعداد اور اوراق اور تقطیع کے متعلق کچھ روشنی نہیں ڈالتا۔ اس کے بیان کے مطابق مواضع کو قصہ کے مواضع فرض کیا جائے تو اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ دوازدہ جلد میں چودہ سو موضع کو حیرت افزائے دیدہوراں کیا گیا ہے اس نے کچھ تعداد لوحوں وغیرہ کی بھی شامل کرلی ہے۔ بظاہر نفائس اور منتخب التوارخ کا مطلب ایک ہی ہے ایک ورق کا حساب کر رہا ہے دو دوسرا صفحے کا مگر ان بیانات کو ابوالفضل کے بیان سے مطابقت نہیں دی جاسکتی۔ نفائس اور منتخب کے الفاظ سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ دونو نے اوراق تصاویر کو نہیں دیکھا۔ لیکن ابوالفضل نے دیکھا تو ہے مگر ان کی جزیات میں نہیں گیا۔ یہ ابوالفضل تک ہی محدود نہیں ہمارے مورخین کا دستور ہے کہ وہ مصوری۔ تعمیرات اور دیگر فنون لطیفہ جن میں ن کو کوئی دلچسپی نہیں ہوتی توجہ نہیں دیتے۔ وہ نہ تو ہنرمند کی شخصیت یں دلچسپی لیتے ہیں اور نہ اس کے کام کی اہمیت ہی کو سمجھتے ہیں۔ اگر کسی کام کی نوعیت اور اہمیت نے ان کو مجبور کردیا ہے کہ وہ اس کا ذکر کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں تو وہ کسی تفصیل اور جزیات میں نہیں گئے محض سرسری طور پر بیان کر کے چھوڑ گئے ہیں۔ جس صورت میں اس کام کا ذکر ہونا چاہیے اس کا حق ان سے ادا نہیں ہوسکا۔ چنانچہ ان ہم عصر مورخین کے غیر مجمل بیانات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے غیر مسلم نقادوں کو موقع مل گیا ہے ہ جو چاہتے ہیں رائے قائم کر لیتے ہیں۔ بر عکس اس کے انہیں مورخین نے یہاں کہیں اپنے کسی فن کار کا ذکر کیا ہے تو اس کے ایک ایک کام ایک یک کارنامے کا ذکر پوری تفصیل سے اور اس کے فن کی تمام جزیات میں جاکر کیا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے خاندان اور خاندان کے افراد۔ کہاں پیدا ہوا کہاں دفن ہوا۔ کس دربار یا رئیس سے منسلک رہا کیونکر زندگی بسر کی سب اتوں کا ذکر اس تفصیل سے کرینگے کہ گویا ہم عصر ہیں اور وہ بھی قریب‌ترین ، چکے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر اس کے فن کا سلسلہ اس کے خاندان میں آگے

قائم رہا ہے تو اس کا بھی بیان کرینگے۔ غرض اپنے افراد کو اپنی قوم کی تاریخ
کا ایک ستون ثابت کرینگے اور ثابت کرینگے کہ اس کے بغیر ان کی قوم کی
تاریخ نامکمل معلوم ہوتی ———— ہمارے اپنے مصوروں۔ خطاطوں
اور ہنرمندوں سے متعلق ہماری یہ حالت ہے کہ ہم ان سے تھوڑی بہت معلومات
سے متعلق غیر اقوام کے مرہون منت ہیں ۔ یورپین محققین کی چھان بین ہی کا
نتیجہ ہے کہ ہم آج بہزاد ۔میرک سلطان علی مشہدی۔ منصور۔ نادرالعفر
نادرالزمان ۔ وعیرہ سے کچھ با خبر ہیں اور ان کے کار ہائے نمایاں سے دلچسپی
رکھتے ہیں

تصاویر بابت داستان امیر حمزہ سے متعلق بھی ہم مغربی محققین ہی کے
احسان مند ہیں کہ ان کی تلاش اور جستجو نے ان کو روشنی بخشی اور ان کی
تحریرات نے ان کو شہرت عطا کی ۔ جہانتک مرا خیال ہے اس پر سب سے پہلے
Stanley Clark نے انگریزی میں کتابی صورت میں لکھکر روشنی
ڈالی ہے۔ کلارک کے علاوہ مختلف مصنفین نے علیحدہ علیحدہ مضامین کے
طور پر بھی ان سے متعلق تحریر کیا ہے۔ کلارک نے لکھا ہے۔ ”مرقع
امیر حمزہ دور اکبری کے ابتدائی سالوں کا کام ہے اس کی تصاویر قدیم تیموری
دبستان اور مسلم اکبری دبستان کے بیتن بیس واقع ہوئی ہیں۔ کلارک
کے نزدیک ان کی ابدا اور تکمیل ۱۵۵۶ ہے ان پر کسی مصور کے
دستخط بطور عمل ثبت نہیں ہیں اس کا خیال ہے یہ ان ایرانی اور ترکستانی مصوروں
کا کام ہے جو قدیم تیموری دبستان مصوری کے پروردہ تھے جو ہمایوں کے ہمراہ
۱۵۵۰ میں ہندوستان آئے تھے جو آئندہ چل کر اکبری عہد کے مشہور و معروف
مصور قرار دیئے گئے ،، اور جو مغل دبستان مصوری کے موجد کہلائے ۔

آجتک ان تصاویر کی جسقدر تعداد معلوم ہوسکی ہے ان میں ۲۷ عدد
تصاویر لنڈن میں عجائب خانہ وکٹوریہ اور البرٹ میں موجود ہیں اور ۶۱
تصاویر ویانا (VIENNA) کے عجائب خانہ کی زینت ہیں ۔
ویانا والی تصاویر پر اکبر اور اورنگ زیب کی اپنی اپنی مہریں ثبت ہیں جن میں
الترتیب ۱۰۰۱ ھجری اور ۱۱۰۰ ھجری کندہ ہے یہ تصاویر ۱۸۸۳ء میں
نمائش کی جا چکی ہیں۔ لنڈن والی ستائیس میں سے کلارک نے ۱۲ عدد کو

اپنی کتاب (Indian Drawings) انڈین ڈرائنگ (۱۹۲۱ء) میں شائع کردیا ہے ــــ سٹینلے کلارک کی طرح جرمن سے ایک کتاب حمزہ کے نام سے (۱۹۲۵ء) - میں

"The Indian Miniatures of Hamzas's Romance"

In the Museums Astria for Arts and Industry. in Vienna, and other collections, by, VON. HEINRICH GLUEK.

ایک مستقل تصنیف کی صورت میں جرمن زبان میں شائع ہوئی ہے اس کو ڈاکٹر فن‌ہائن‌رش گیولک نے ترتیب دیا ہے - اس میں وہ تمام تصاویر شائع کردی گئی ہیں جو ویانا اور لنڈن کے علاوہ ادھر ادھر موجود ہیں تعارف اور تقریظ کے علاوہ کئی سو صفحات مں حکائیات پر تبصرہ کیا گیا ہے - اس میں جو تصاویر شائع کی گئی ہیں ان کی کل تعداد ۹۸ کے قریب ہے جن میں دس (۱۰) رنگین - اٹھتالیس فوٹو گریویو اور چالیس (۴۰) مونو کروم میں ہیں یہ کتاب ۱۹۲۵ء میں شائع ہوئی ہے اس سے پیشتر سٹنیلے کلارک کی کتاب لنڈن سے ۱۹۲۱ میں شائع ہوچکی تھی -

برٹش میوزم کے فہرست نگار مسٹر ریو نے داستان امیر حمزہ سے متعلق دو اور تصاویر کا ذکر کیا ہے جو برٹش میوزم میں موجود ہیں ان کا سائز "۱۶ × ۲۳" ہے - ان کے ہر ورق کی پشت پر "۲۲ × ۲۱" انچ لمنبی اور ۱۹ سطر میں قصہ مرقوم ہے اور دوسری طرف تصویر ہے - ریو کے قیاس کے مطابق یہ تصاویر کسی اور مرقع سے متعلق ہیں جو اکبری مرقع کی تکمیل کےبعد بننے شروع ہوگئے تھے - یہ تصاویر اسلئے بھی کسی اور مرقع سے متعلق معلوم ہوتی ہیں کیونکہ یہ کاغذ پر بنی ہوئی ہیں - امیر حمزہ سے متعلق کاغذ پر بنی ہوئی تصاویر کئی عجائب خانوں اور مختلف افراد کے پاس یورپ امریکہ اور ہندوستان میں بھی پائی جاتی ہیں -

مرقع امیر حمزہ والی تصاویر سے کلارک اور دیگر یورپین محققین کو شک ہے کہ آیا یہ تصاویر انہیں مصوروں کی بنی ہوئی ہیں جن کو ہمایوں اپنے ساتھ لایا تھا اور جو کابل آکر اس کے دربار میں شامل ہوئے تھے - یا یہ ان مصوروں

کا کام ہے جو اکبری دربار سے سید علی تبریزی اور خواجہ عبدالصمد شیرازی شیریں قلم کی کوششوں سے پروان چڑھے تھے۔ کلارک وغیرہ اس بات سے ضرور متفق ہیں کہ یہ اس عہد کی پیداوار ہیں جو ہرات اسکول اور اکبر کے درمیاں واقع ہوا ہے۔ یہ اس نئے دبستان مصوری کا پیس خیمہ ثابت ہوئی ہیں جو ہمایوں کے عہد میں مغل دبستان مصوری کے نام سے قائم ہوا ہے۔

بعض کا خیال ہے ہمایوں کے حکم سے ۱۵۵۰ کے قریب کابل میں ہمایونی مصوروں نے یہ مرقع تصویردار کرنا شروع کیا تھا اور ۲۵ سال کے بعد یہ کام اکبر کے عہد میں آگرہ میں جاکر ختم ہوا ہے۔ اس میں کل ۱۴۰۰ تصاویر تھیں۔ ابوالفضل کی تعداد تصاویر کو تسلیم کرتے ہوئے اور ویانا اور لنڈن کی تصاویر کی موجود پائے ہوئے بقایا ۱۳۷۵ کو ضائع شدہ تسلیم کرنا چاہئے حالانکہ اس حساب سے ضائع شدہ تصاویر کی تعداد ۱۳۰۲ رہ جاتی ہے۔

عطااللہ قزوینی نے نفائس المآثر ۹۷۹ کے قریب ختم کی ہے اس وقت اس نے لکھا ہے کہ اس مرقع پر سات سال سے برابر کام ہو رہا ہے۔ اس سال کے مطابق یہ نہیں کہہ سکتے۔ کہ یہ مرقع اسی سال ختم ہو گیا ہے ہوسکتا ہے یہ تمام کام ۲۵ سال کی مدت میں جا کر ختم ہوا ہو۔ اگر نفائس کا سال آغاز ۹۷۳ جیسا کہ اس نے خود لکھا ہے تسلیم کر لیا جائے اور یہ مان لیا جائے کہ مرقع کا کام ابتدائی اکبری سالوں میں شروع ہوا تھا۔ تو پھر بھی بات نہیں بنتی ابوالفضل اور بدایونی ہم عصر ضرور ہیں انہوں نے مرقع کا ذکر بھی کیا ہے لیکن دونو نے اس کے زمانہ آغاز کا ذکر نہیں کیا۔ میرا خیال ہے ابوالفضل اور بدایونی اسلئے بھی مرقع کے سال آغاز سے متعلق کچھ یقین سے نہیں کہہ سکتے کہ وہ خود دربار سے اس وقت منسلک ہوئے ہیں جب اکبر کو عروج حاصل ہوچکا ہے اور اسلئے بھی کہ آئین اور منتخب جن میں مرقع حمزہ کا مذکور ہے اکبری دور میں بہت بعد جاکر تصنیف ہوئی ہیں۔ ابوالفضل ۹۸۳ ھجری مطابق ۱۵۷۵ء اور ملا عبدالقادر بدایونی ۹۸۱ ھجری مطابق ۱۵۷۳ء دربار سے منسلک ہوئے ہیں۔

ابوالفضل۔ بدایونی اور قزوینی کے بیان سے کوئی سیاسی الجھن پیدا نہیں ہوتی اسلئے بھی کہ ان لوگوں کے نزدیک کوئی سیاسی اغراض نہ تھیں۔ ان کے

نزدیک تو اپنے بادشاہ اور اس کے عہد سے متعلق واقعات قلمبند کرنا مقصود تھا۔ وہ ان تعصبات سے بالاتر تھے کہ ہندو یا دیگر اقوام کے افراد کو کم تر ثابت کیا جائے۔ یہ ان کی فراخ دلی اور روشن ضمیری کا ثبوت ہے کہ انہوں نے مذہب وملت کا امتیاز کئے بغیر قابل افراد کے کارناموں کو دل کھول کر سراہا اور پسند کیا۔ برعکس اس کے غیر مسلم محققین نے مرقع سے متعلق اس کے مصورین اور اس کے زمانہ سے متعلق سیاسی اغراض کے تحت ایسی الجنھیں کھڑی کردی ھیں اور ان کو اسقدر طول دیا ھے کہ یہ معمہ بن کر ناقابل حل بن گئی ھیں۔ داستان امیر حمزہ کے سلسلے میں وہ اپنی سیاسی اغراض کے تحت یہ ثابت کرنے میں لگے رھے ھیں کہ ان تصاویر میں ھندو ماحول۔ ھندو کردار۔ ھندی سازوسامان ھندی معاشرہ اور ھندی پس منظر استعمال کیا گیا ھے۔ جس کا مطلب یہ بتلانا ھوتا ھے کہ ان تصاویر کے بنانے میں ھندو مصوروں کا ھی ھاتھ ھے۔ اور وھی مقامی اثرات کے ذمہ دار ھیں۔ ان بیانات سے انہیں ھندو مصوروں کی برتری مقصود نہیں ھوتی درحقیقت وہ مسلمانوں کو کسی قسم کا حق فوقیت نہیں دینا چاھتے۔ ان کے ان بیانات میں کسی قسم کی تجسس و تلاش اور حقیقت کو کوئی دخل نہیں ھے۔

مسلمان حکمرانوں اور برسراقتدار افراد کی فیاضی۔ فراخ دلی اور ھنر پروری کا ثبوت ھے کہ انہوں نے پست سے پست اقوام کو اعلے سے اعلے علوم و فنون سے مالا مال کیا اور مستحق افراد کو برابری اور برتری کا درجہ عطا کیا۔ قدیم ھندوؤں کے عہد میں کس نبح ذاتی کی مجال تھی کہ علم جیسی دولت سے مالا مال ھوسکتا کس پست اقوام کی جرات تھی کہ تعلیم گاھوں اور درس گاھوں کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھ سکتی اونچی جاتی کہ ھندو راجہ کب برداشت کرسکتے تھے کہ کوئی کمہار یاپالکی بردار مصور بن جاتا یا کوئی نیچ عالم۔ فاضل یا پنڈت کہلاتا۔

دربار اکبری میں ھندو مصوروں کی شمولیت بہت بعد کی بات ھے کیونکہ کسی تاریخ یا کسی تحریر سے یہ ثابت نہیں ھوتا کہ امیر حمزہ کی تصاویر کے وقت کوئی ھندو مصور دبستان مصوری میں شامل تھا یا کسی نے میر سید علی تبریزی اور خواجہ عبدالصمد شیرازی یا فرخ بیگ کے اس کام میں ان کا

هاتھ بٹایا تھا — رہا یہ کہ امیر حمزہ ٰی تصاویر میں کچھ مقامی رنگ یا پس منظر کا استعمال کیا گیا ہے تو اس کا سبب یہ نہیں کہ ان میں کسی ہندو مصور نے کام کیا ہے یا ایرانی مصور ہندؤں کے کام سے متاثر ہوئے ہیں در حقیقت ایرانی مصور اسقدر با کمال واقع ہوئے تھے اور ہر کام پر اسقدر قدرت رکھتے تھے کہ ہر ماحول میں اپنے آپ کو سمو لینا جانتے تھے ان کیلئے کسی مقامی رنگ اور مقامی پس منظر کو استعمال کر لینا اور ہو بہو اپنے رنگ میں ڈھال لینا کوئی بڑی بات نہ تھی ان کے نزدیک قدیم روایات سے ہٹ کر تصویر کشی کرنا سب سے بڑا مقصد تھا اس بات کا سب سے بڑا ثبوت خود داستان امیر حمزہ کو تصویر دار کرنا تھا یہ ان کی جدت طرازی کا ثبوت تھا کہ انہوں نے شاہ نامہ اور خمسہ نظامی سے بالا تر داستان امیر حمزہ کا انتخاب کیا تھا۔ ان کی مثال (GENEOUS) پال گوگین (PAL CUAGUIN) فرانسیسی مصور کی مانند ہے جس نے تھیٹی جاکر وہاں کی عورتوں مردوں اور وہاں کے ماحول اور معاشرے کو مصور کیا ہے اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اس کے کام میں کسی تھیٹی کے مصور نے ہاتھ بٹایا ہے۔ جس طرح پال گوگین کے رنگ۔ کینوس۔ برش اپنے تھے اس طرح ہمایونی مصوروں کے رنگ۔ برش ۔ کاغذ ۔ اسلوب اور طرز نگارش اپنا تھا ہر چیز وہ اپنے ساتھ لائے تھے حتٰی کہ کاشغری سفیدہ ۔ سمرقندی اور ہریری (ہراتی) کاغذ ۔ تبریزی لاجورد (نیلا) ماوراالنہر کا سرخ اور سبز (زمرد) جہانگیر اور شاھجہان کے عہد تک اور یہاں تک کہ راجپوت اور سکھوں کے عہد تک ایران سے درآمد کئے جاتے رہے ہیں۔ بقول یورپین ناقدین مسلمانوں کی آمد کے ساتھ کاغذ ہندوستان آیا ہے اور مغلوں کی آمد سے نوسو سال پیشتر ہندوستان میں کسی ہندو یا بدھ مصوری کا وجود نہیں تھا۔ مغلوں سے پیشتر کوئی راجپوت مختصر نگاری موجود نہ تھی ۔ چھٹی اور ساتویں صدی میں دیواری مصوری ضرور رو پذیر رہی ہے ۔ گپتا عہد میں سنگتراشی اور تعمیر کی روایات زندہ ہوں تو ہوں لیکن کسی قسم کی مصوری زندہ نہ تھی۔

ابوالفضل ۔ بدایونی اور نفائش الماثر کے مصنف تینوں نے کہیں اس بات کا ذکر نہیں کیا کہ حمزہ کی تصاویر پر کسی ہندو مصور نے کام کیا ہے کسی یورپین ناقد نے خود یہ نہیں لکھا کہ حمزہ کی تصاویر پر کسی ہندو مصور

کا نام ملتا ہے ۔ بقول ابوالفضل اور دیگر مورخین چودہ سو تصاویر مصور ہوئی تھیں اور ان میں سے جسقدر آج دریافت ہو چکی ہیں جو لنڈن ۔ ویانا اور دیگر جگہ پائی جاتی ہیں اور جن پر اکبر اور اورنگ زیب کی مہریں ثبت ہیں ان میں کسی پر بھی تو کسی ہندو مصور کا نام نہیں ملتا ۔ ابوالفضل نے جب آئین اکبری میں تصویر خانے والے باب کو تکمیل دیا ہے تو معلوم ہوتا ہے مرقع امیر حمزہ سے علاوہ اور دیگر کتب یعنی رزم نامہ ۔ کلیلہ و دمنہ ۔ دراب نامہ وغیرہ تکمیل پا چکی ہوئی تھیں ۔ اور معلوم ہوتا ہے یہ کتب بہت بعد جاکر تکمیل پذیر ہوئی ہیں کیونکہ ان مصوروں کے نام جو ان کی جدولوں پر پائے جاتے ہیں وہ بہت بعد جا کر مصوری کے فن میں تاک ہوئے ہیں اور بہت بعد جا کر ان کو اکبری تصویر خانہ میں کارہائے نمایاں انجام دینے کا موقع ملا ہے ۔ کیونکہ جو پختگی برجستگی اور بندش حمزہ کی تصویروں میں پائی جاتی ہے وہ ان تصویروں میں نہیں پائی جاتی جن پر ہندو مصوروں کے نام ملتے ہیں اگرچہ وہ تصاویر رزم نامہ ۔ دراب نامہ اور کلیلہ و دمنہ کی زینت ہیں ۔

نقادان فن کے نزدیک یہ تسلیم شدہ امر ہے کہ منیاتور مصوری (MINIATURE PAINTING) کی ابتدا ہی مسلمانوں کے دور سے ہوئی ہے ہندو مورخین جن پام کے پتوں پر بنی ہوئی جین مصوری (JAIN PAINTING) کو قدیم ثابت کرنے کیلئے ایڑی چوٹی کا زور لگاتے ہیں وہ سولھویں صدی سے اوپر ثابت نہیں ہو سکی ۔ ہندو مصوروں کا ذکر حقارت سے کرنا مقصود ہے اور نہ ان کے کمال سے انکار مدنظر ہے مطلب یہ ہے کہ ہندو مصور شاگردی کے درجہ سے استادی کے رتبہ کو پہنچیے تھے اور مغلوں کی آمد سے پیشتر کوئی ایسا ہندو مصور موجود نہ تھا جو قدیم روایات کا باقی دار واقع ہوا ہو ۔ ابوالفضل کے الفاظ خود اس بات کی غمازی کر رہے ہیں جو اس نے لکھا ہے کہ ہندو شاگردی کے درجہ سے استادی کے رتبہ کو پہنچیے تھے ۔ اس نے لکھا ہے کہ "ایک صد سے زیادہ مصور استادئی فن کا درجہ حاصل کر چکے ہیں اور ان لوگوں کی بڑی تعداد ہے جو کمال فن کے قریب پہنچ چکے ہیں اور بالخصوص یہ بات ہندؤں پر صادق آتی ہے ان کی تصاویر ہمارے تخیل سے بہت بلند ہیں" ۔ اس نے یہ کہیں نہیں لکھا کہ فلاں باکمال ہندو استاد دربار میں موجود تھا یا فلاں ہندو استاد نے یہ کام انجام دیا تھا ۔ جہاں اس نے یہ بات لکھی ہے

کہ یہ بات ہندؤں پر صادق آتی ہے اس کا مطلب صاف اور واضع ہے کہ خلاف امید ہندؤں نے اس فن کے سیکھنے میں حیرت انگیز مستعدی دکھلائی ہے (جیسا کہ اس نے دسوت اور ساون کے بیان میں ذکر کیا ہے)۔

چند یورپین ناقدین کی تحریروں کے اقتباسات درج ذیل ہیں جن سے ظاہر ہوگا کہ حمزہ کی تصاویر مغل مصوری میں کیا مقام رکھتی ہیں اور ان پر خالص ملکی اور مقامی اثرات کہانتک اثر انداز ہیں - مزید واضع ہوگا کہ مغلوں سے پیشتر مصوری کس عہد تک موجود تھی اور ہند میں میر سید علی تبریزی مغل دبستان مصوری کی اختراع کا کہانتک ذمہ دار ہے -

Dr. Commaraswamy in his book "Rajput Painting" writes .—

"Indian painting for nearly eight centuries, roughly from A. D. 650 to 1427, the latest date of Ajanta to that of the earliest illustrated Jain text so far available is nearly a blank."

Mr. Havel in his book "Indian Sculptures and Painting" says :—

"Again, for several centuries Indian painting would present a complete blank".

"None of the early Rajput paintings are securely dated. It has therefore, been suggested that the style arose as a consequence of Hndu painters returning to their home after having enjoyed previous teaching at the Moghal Court".

Mr. V. A. Smith in his book "History of Fine Art in India and Ceylon" says :—

"Within the limits of India proper the history of the art of painting comes to an abrupt stop at the close of the Ajanta series in A. D. 642. Between that date and the Introduction of the foreign Persian style by order of Akbar more than nine hundred years later, in or about A. D. 1570, is a almost blank, we possess practically no direct knowledge of Indian painting,."

Mr. Percy Brown in his book "Indian Painting says :—

"With the decay of Buddihism in India in the seventh century A. D. the art appears to have declined, and for the exceptional long period of nearly a thousand years."

(2) From the time that the last painter at Ajanta threw down his brush in A. D. 650, until we come into contact with the art of painting again as it was revieved in the reign of the Moghal Emperor".

Mr. N. C. Mehta in his book "Studies in Indian Painting" says :—

" Nothing is know of the pictorial art of Hindustan, during the centuries intervening between the death of Harshavardhan A. D. 648, and accession of Akbar."

Mr. Stanley Clark in his book "Indian Drawings" writes :—

" Hamzah illustrations are the work of a small coterie of artists "Persian and Kalmucks"—trained in the style of the late Timurid school".

" The Hamzah paintings, apart from their technique and the dramatic delineation of the event related in the Romance, are of considerable interest in that they supply valuable details, bodly visualized, of the architecture, costumes, equipment, utensils, and appliances used in aearly Moghal times "

(2) While the school of Humayun possessed a distict and unmistakable style, as seen in surviving works, nevertheles they exhibit, in their stiff drawing and conventional mannerism, strong affinities with the Timurid period" Throughout this early Moghal period ranging approximately from 1555 to 1570 fairly successful attempts were made both in drawing and shading".

M. S. Dimand wrote in his book" A handbook of Mohammedan Decorative Art :—

" The illustrations of the Amir Hamzah, which were probably executed between 1556 and 1575, give us an excellent idea of Moghal customs, Architecture, and consumes,. As one would expect in paintings of this time, the colours, drawing, and ornament are strongly Persian in character".

V. A. Smith says in his book "History of Fine Arts in India and Ceylon" :—

" A remarkable set of twenty four large Paintings on cotton, in Moghal style "The Romance of Amir Hamzah" probably from the brush of Mir Sayid Ali Tabrizi".

Dr. Binyon writes in his book "Persian Miniature Painting" :

" Two painters of Akber's reign are of particulars importance, not only on account of their eminence in their art, but because

of the leading part which they played in the formation of the Moghal school of painting in India. There names were Mir Saiyid Ali Tabrizi, and Khawaja Abdal-Samad, Shirazi."

حمزہ کی تصویریں اطلس پر بنائی گئی ہیں۔ بعض حضرات کے نزدیک یہ اختراع تعجب خیز ہے مگر جن مصوروں نے یہ تصاویر بنائی ہیں ان کیلئے یہ کوئی نئی بات نہ تھی کیونکہ اس اسلوب پر وہ پوری قدرت رکھتے تھے اور کئی کارہائے نمایاں انجام دے چکے تھے۔ یہ طرز نگارش پندرھویں اور سولھویں صدی میں رواج پذیر رہی ہے۔ اطلس پر سریش اور چاول کی پیچھ کا ھار یعنی کوٹ دے کر سطح کو طیار کر لیا جاتا تھا بعد میں اس پر کاغذ کی مانند کام کیا جاتا تھا۔ ایسی تصاویر اور قطعات بہت دیر پا ثابت ہوئے ہیں۔ در اصل یہ اختراع چین سے آئی ہے اور ایرانی مصوروں نے اسے اپنے ھاں اپنایا ہے۔ ڈاکٹر مارٹن نے اپنی کتاب میں کئی ایسی تصاویر کا ذکر کیا ہے اور کچھ شائع بھی کی ہیں ۔ حمزہ کی تصاویر اسلئے بھی اطلس پر بنائی گئی ہیں کہ اس وقت تک کاغذ کی تنگ دامانی اس قابل نہ تھی کہ حمزہ کے مضامین کی فراخی اور وسعت کو برداشت کر سکتی۔

جمالیاتی حس کو جلا دینے کیلئے حمزہ کی تصاویر محض اختراع ھی نہیں ان میں تجریدی عنصر بھی اسقدر موجود ہے کہ عام مذاق اور عام مذاق کی طبیعتیں انہیں جلد قبول کرنے سے قاصر ہیں ۔ یہ اجتہاد اور منفردیت مغل او ایرانی آرٹ کے درمیان ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ تو تصاویر ہیں رنگوں اور خطوط کا کرشمہ مغلوں کی ذھانت نے تو پتھر اینٹ اور چونے میں زندگی ڈال دی تھی ۔ فتح پور سیکری۔ آگرہ ۔ دھلی ۔ لاھور اور کشمیر آج بھی ان کے اجتہاد ۔ منفردیت ۔ حسن ذوق اور مذاق سلیم کے زندہ شاھد ہیں ۔ سب سے بڑی بات جو ان کے حسن ذوق اور مذاق سلیم سے اس ملک کو نصیب ہوئی وہ یہ تھی کہ مسلمان کی دیکھا دیکھی دوسروں نے بھی باغات۔ عمارات تعمیر کرنے کی طرف توجہ دی اور دیکھتے دیکھتے ھندوستان جنت نظیر بن گیا۔ ایک مشترکہ تہذیب کا آغاز ہوا ادنے اور اعلے سر سبز اور خوش حال نظر آنے لگا ۔ تربیت گاھوں ۔ سراؤں ۔ اور ھسپتالوں کے ساتھ ساتھ علم و ادب اور صنعت و حرفت کی درسگاھیں جگہ جگہ قائم ہوئیں اور ان کا نام دھلی ۔ آگرہ او

جے پور۔ کانگڑہ اور راجستانی اسکول کی شکل میں نمودار ہوا۔ اجنٹا اور باغ کے
کے غاروں کے بعد ہندوستانی مصوری کا یہ دوسرا دور تقریباً نو سو سال بعد شروع
ہوتا ہے اور یہ سب کچھ خاندان تیمور کی برکت اور اس کے نیک حکمرانوں
کے نیک ارادوں کے باعث تھا ۔ یہ بابر کی العظمی ۔ ہمایوں۔ اکبر ۔ جہانگیر
اور شاہجہان کی ہنر پروری اور سر پرستی کا نتیجہ تھا۔

امیر حمزہ کی تصویریں لاکھ ہمایوں اور اکبر کے حسن ذوق اور
ہنرپروری کا نتیجہ کیوں نہ ہوں تاج محل کے معمار کی طرح ایک داستان بن کر
رہ جاتیں اگر ابوالفضل یا دیگر مورخ ان پر روشنی نہ ڈالتے وہ اپنے نیک دل
بادشاہ کی خوشنودی اور سرپرستی کا اظہار نہ کرتے تو کار استادان بیکار ہو کر رہ
جاتا ۔ امیر حمزہ کی تصویریں فنی نقطہ نگاہ سے ایک نمایاں پہلو لئے ہوئے اس دور
کی نمائیندگی کرتی ہیں جو علمی ادبی اور تحلیقی دور کہلایا ہے۔ جس میں
ہمایوں اور اکبر کی شخصیت نے ان کے تدبر ۔ اور اعلی ترین ذہانت نے عوام اور
خواص دونوں کو موقع دیا تھا کہ وہ محسوس کریں کہ وہ فاتح قوم کے دوش
بدوش کھڑے بر سر پیکار ہیں ۔ اس دور کی مصوری کی روایات ۔ رنگ ۔ جسامت
اور اجزا پر نظر ڈالی جائے تو پتہ چلتا ہے کہ ان ہنرمندوں کی صلاحیت انتہائے
کمال پر پہنچی ہوئی تھی۔ باوجود دربار کی سرپرستی کے نئے نئے موضوع ۔
طرح بندی ۔ شبیہہ نگاری ۔ مرصع کاری ۔ اقلیدیسی اشکال میں اجتہاد اور جدت
ان کی عادت ہو گئی تھی ۔ مناظر کشی ۔ رنگوں کی موزونیت اور جسامت ۔ مشاھدات
کے میلان کی رو سے ان کی مصوری میں اور ایرانی مصوری میں زبردست تفاوت
پایا جاتا ہے ۔ یہ اسلوب یہ طرز نگارش میر سید علی تبریزی ۔ خواجہ عبدالصمد
شیرازی ۔ فرخ بیگ قلماق ۔ آقا رضا ۔ نادرالعصر ۔ اور نادرالزمان جیسے پختہ فن
کاروں کا مرھون منت ہے جو انسانی فطرت ۔ اور ارادی تشکیل نو کے تحت ۔
ترتیب ۔ طرز فکر ۔ جمالیاتی کیفیت محسور کن خوبصورتی مصور کرنے میں پیش
پیش تھے ۔ ان فن کاروں نے یہاں کی آب و ہوا میں اپنے آپ کو پوری طرح
سمو لیا تھا ان کی ہر تعمیری صناعی میں وہ اخوت کار فرما تھی جو وہ اپنے ساتھ
لائے تھے انہوں نے نہ تو کسی کی دل شکنی کا بہانہ تراشہ تھا اور نہ کسی
مذھبی روایات کو اھمیت دی تھی ان کے اعتماد نے وقت کے تقاضوں کے ساتھ

ساتھ فنی اسلوب ۔ طرز نگارش ۔ اور تعمیری صناعی کو وہ درجہ بخشا ہے جو اس سے پیشتر مسلمانوں کی مصوری کے کسی دور کو نصیب نہیں ہوا ۔

اگر ایرانی اور مغل آرٹ کے دو شاہکاروں کا انتخاب کیا جائے جس میں ایک شبیہ سلطان حسین مرزا والئے ہرات کی اور دوسری بادشاہ جہانگیر کی ہو تو ان میں جو نمایاں فرق ہوگا وہ طرز نگارش اور اسلوب کا ہوگا ان دونوں ملکوں کی آب و ہوا ۔ معاشرہ ۔ بادشاہوں کے خد و خال ۔ رنگوں اور خطوں کی ہم آہنگی بھی ان پر اثر انداز نظر آئیگی حالانکہ دونوں شبیہیں بنانے میں وہی قاعدہ ۔ مو قلم اور رنگ استعمال کئے گئے ہیں ۔ ایران میں تنظیم و ترکیب مصوروں کی انفرادیت کے ضامن ہیں تصویروں کی یکسانیاں ۔ شاہی مسندیں ۔ عمارات کا پس منظر ۔ منبت کاری ۔ کاشی کاری ۔ خطاطی کے پیچ و خم اور گولائی ۔ محرابوں کی مسحورکن خوبصورتی ۔ اقلیدسی اشکال ۔ پس منظر میں پھیلے ہوئے درخت ۔ پھول پتے ۔ پہاڑ ۔ مرغزار ۔ آسمان ۔ بادل ۔ بہار اور خزاں جو کچھ بھی ہے ان کے فن کے سامان شان ہے وہ سحر نگار با کمال استاد تھے ان کا فن بادشاہوں کی سرپرستی اور خوشنودی کے تابع پرورش پاتا تھا اس کے برعکس مغل آرٹسٹوں نے دربار کی سرپرستی اور بادشاہ کی دلچسپی کے تحت اپنے اعتماد سے نئے طرز کو اپنایا تھا اور ایرانیوں سے اپنے آپ اور اپنے فن کو مختلف پیش کیا تھا ۔ حمزہ کی تصاویر میں پس منظر میں پھیلے ہوئے درخت ۔ پھول پتے ۔ مرغزار ۔ پہاڑ ۔ بادل ۔ آسمان ۔ محلات اور مقامی اثرات اسی اجتہاد اور اعتماد کا نتیجہ ہیں ۔

میر سید علی تبریزی اور اس کے ساتھی جب کابل میں ہمایوں کے حکم سے داستان امیر حمزہ کو تصویروں کے قالب میں ڈھال رہے تھے خود ہمایوں کو بھی یہ احساس نہ تھا کہ ان پہاڑوں اور وادیوں میں جہاں سلطان محمود غزنوی اور اس کے جانشینوں نے فرمانروائی کی تھی مغل علوم و فنون کو اور عظمت و عروج کے سلسلے کو اور بھی آگے بڑھائینگے اور ان کا یہ کارنامہ ایسی تہذیب اور تمدن کی صورت اختیار کر لیگا جیسے رہتی دنیا تک دوام حاصل رہیگا ۔ امیر حمزہ کی جو تصاویر کابل میں تیار ہوئی ہیں ان میں کابل کی فضا اور زندگی کی جھلک موجود ہے ۔ اکبر کے عہد میں جب بھی فن کار ہندوستان منتقل

هوئے هیں اور انهوں نے ترقی کا دوسرا قدم اٹھایا ہے تو سب سے بڑا کمال
اور وصف جو مصوری میں رونما هوا ہے وہ مقامی رنگ اور مقامی زندگی کی عکاسی ہے۔
اگر امیر حمزہ کی تصویروں کا جائزہ لیا جائے تو همیں ان میں پس منظر ۔ پرسپیکٹ ٹیو
(Perspective) رنگوں کی حلاوت اور جسامت اس درجہ ملیگی کہ هم انهیں
شاہ نامہ اور خمسہ نظامی کی تصویریں سمجھنے لگینگے اور دیگر خصوصیات کا
مطالعہ کرینگے تو وہ ایرانی مصور اجنتا اور باغ کے غاروں سے ساحر نظر آئینگے
حالانکہ اجنتا اور باغ کے غاروں کا آرٹ غاروں میں مدفون تھا ۔ زمانے کے انقلاب
اور انتشار نے بتکدے اور معبد مسمار کر دئیے ہیں اور شہر ویران اور سنسان
ہو گئے تھے آٹھویں صدی عیسوی تک کوئی بدھ مت کا نام لیوا بھی نظر نہ
آتا تھا۔

هندوستان میں غزنی ۔ غوری ۔ خلجی ۔ تغلق ۔ لودھی اور مغل حکمرانوں
نے جس طرح حکومتیں کی هیں اس طرح دکن میں بھی مسلمانوں کی اپنی روایات
هیں گل برگہ میں بہمنی سلطنت کے بانی علاؤالدین حسن گنگو نے ابتدا میں
ایک قلعہ اور ایک مسجد تعمیر کروائی تھی۔ مسجد کا معمار رفیع بن شمس
بن منصور قزوینی تھا جس نے اسے آٹھویں صدی هجری میں تعمیر کیا تھا یہ
هندوستان میں اسلامی فن تعمیر کی پہلی بیس کش تھی جو باوجود گردش
ایام اور انقلابات زمانہ کے آجتک سلامت ہے اس پر هندوؤں کے فن تعمیر کا کوئی
اثر نہیں ۔ جب بہمنی سلطنت بیدر میں منتقل هوئی ہے تو وهاں بھی انهوں
نے اپنی ضرورت کا احساس کرتے هوئے فطرت سے مجبور بہت بڑا اضافہ کیا ہے
خصوصیت سے احمد شاہ والی بہمنی نے اپنے گنبد کے اندرونی نقش و نگار اپنی
زندگی میں تحریر کروائے تھے۔ یہ نقش نگار شکراللہ قزوینی کے تیار کردہ هیں
جو ایرانی النسل تھا ۔ قزوینی کا نام آج بھی وهاں کی عمارات پر موجود ہے ۔ یہ
تمام کتبات رسم الخط کے اعتبار سے نسخ ۔ ثلث ۔ اور کوفی طرز تحریر میں هیں ۔
یہی حال قطب شاهیوں کا ہے جن کا پایہ تخت گولکنڈہ تھا ۔ بیجاپور میں
عادل شاہ کے مزار پر گول گنبد بھی بہ حثیت فنی خوبیوں کے دکھنی آرٹ
کی ناقابل فراموش تخلیق ہے ۔ اس طرز تعمیر اور نقش و نگار سے اس بات کا
اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ کسقدر مقامی آرٹسٹ اور معمار دست یاب هو سکتے

تھے جو اسلامی فنون پر اثر انداز ہو سکتے ۔ ان شاہکاروں اور دکھنی حکمرانوں کے دور سے گذر کر انسیویں صدی عیسوی تک اجنتا کے غاروں کا کوئی نام و نشان نہیں ملتا ۔ اور نہ کوئی سلطنت کسی پہلو سے اجنتا کے غاروں پر روشنی ڈالتی ہے ہندوستان کی کسی تاریخ یا تحریر میں اجنتا کے غاروں کا کہیں ذکر نہیں وہ انسانی دست رس اور نظر سے اسقدر دور جا پڑی تھیں کہ بابر ۔ ہمایوں ۔ اکبر ۔ جہانگیر اور شاہجہان جیسے انحاد پسند اور ہنرپرور بادشاہ بھی ان کے دیکھنے سے محروم رہے ۔ یہانتک کہ اورنگزیب کو جس کی عمر کا بیشتر حصہ تسخیر دکن میں گذرا ہے یہ نعمت دیکھی نصیب نہ ہوئی ۔ ورنہ مغل وہ بلند نظر حکمران تھے جنہوں نے مہابھارت ۔ رامائن جسی مذہبی کتابوں کے تراجم اور باتصویر مرقعے تیار کروا کر تمام ملک مں پھیلا دئے تھے ان کی بے تعصبی اور بلند نگاہی کا ثبوت ہے کہ انہوں نے کرشن ۔ پانڈو۔ کوروؤں اور ہندو رشی دیوتاؤں کو خطوں اور رنگوں میں ملبوس کیا تھا اگر ان کے پیش نظر اجنتا کے غار ہوتے تو اپنی بلند نظری اور حسن دوی کے تحت ان کے ساتھ بھی وہی سلوک کرتے جو مہابھارت اور رامائن کے ساتھ کر چکے تھے ۔

دکھن میں مسلمان حکومتیں علم و ادب اور فنوں لطیفہ مں مغلوں کے دوش بدوش اپنی تہذیبی اور ثقافتی قدروں کو فروغ دے رہی تھیں ان کا فن عادل شاہی اور قطب شاہی حکومتوں کا ترجمان ہے ۔ لباس ۔ طرز زندگی ۔ سامان حرب اور سامان موسیقی جو کچھ بھی دکھنی تصویروں میں نظر آتا ہے ایرانیوں اور مغلوں سے مختلف ہے لیکن کسی لباس ۔ رزم برم یا اطوار میں کوئی ایسی بات نظر نہیں آتی کہ ان پر بدھ مت یا اجنتا کے طور طریق کا اثر معلوم ہو سکے ۔ اگر ان مغلوں اور دکھنیوں کو ان غاروں اور بدھ مت سے متاثر ہونے کا موقع ہاتھ آتا تو دکھنی اور مغل حکمران ایران ۔ توران ۔ عراق اور بغداد سے صناع اور مصور طلب نہ کرتے نہ ہندوؤں کو مسلمان آرٹسٹوں کی شاگردی میں دیا جاتا اور نہ ہندوؤں کو مصوری کی تعلیم کی خاطر ایران بھیجا جاتا ۔ جسطرح اکبر اور جہانگیر کے عہد میں خواجہ عبدالصمد شیرازی اور سید میر علی تبریزی کی توجہ اور کوشش سے ہندو شاگردی سے استادی کے رتبہ کو پہنچے ۔ اسی طرح دکھن میں عادل شاہی اور قطب شاہیوں کے عہد میں ملاں فرخ حسین

شیرازی اور حاجی بابا بغدادی کی قیادت میں مقامی ہندؤں کو مصوری کی تعلیم کا موقع دیا گیا۔

ہر تصویر کے پیچھے ایک داستان ہوتی ہے اور ہر داستان تصویر کے قالب میں ڈھل کر ہی داستان بنتی ہے خواہ وہ کسی نامور سلطان کی ہو یا کسی ایسے فرد کی جو عوام سے اٹھا ہو اور عوام ہی میں مر گیا ہو۔ داستان امیر حمزہ کو تصویروں کا قلب و جگر عطا کرنے کو مصوروں نے ہر کردار کو اپنی نظر میں جگہ اور اھمیب دیکر زندہ جاوید بنا دیا ہے بادشاھوں کا مشغلہ ایک ایسے انہاک میں ڈھل گیا ہے کہ آج مغلوں کا فن اپنی طرز نگارش اور انفرادیت میں زمانے بھر سے مختلف اور یکتا ہے اور یہ اسی کا سبب ہے کہ آج مغل مصوری کے ساتھ ساتھ کانگڑہ اور راجستانی مصوری بھی زندہ ہے۔ کیونکہ ہم کانگڑہ اور راجستانی مصوری میں مغل مصوری کی مانند وہی سنگ مرمر کے ایوان اور محل۔ دیوان خانے۔ ستون اور محرابیں۔ لباس روایات۔ طرز معاشرت دیکھتے ہیں جو مغلوں کی کائنات بھی بہانک کے بابا نندا۔ کرشن اور رادھا کو بھی مغل لباس میں دکھایا گیا ہے۔

اگر ہم گجراتی طرز نگارش اور تصویر کشی کو مغلوں اور بہمنوں سے جا ملائیں تو بھی یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ کوئی گجراتی یا ہندی مصوری ان سے پیشتر موجود تھی یا ان کے زمانے میں کوئی ہندو قدیم مصوری رائج تھی۔ مغلوں سے چار سو سال پیشتر گجرات میں اسلامی سلطنت قائم تھی اور فن تعمیر اور نقاشی اس زمانے میں بھی مسلمانوں کے جزو زندگی تھے صرف اسقدر فرق تھا کہ سلطان گجرات امور سلطنت عربی خط نسخ میں انجام دیتے تھے کیونکہ محمد بن عمر آصفی کی کتاب ظفرالوالی عربی رسم‌الخط میں تحریر شدہ ہے۔ آٹھویں صدی ہجری کے خاتمہ پر شاہ مظفر نے گجرات میں حکومت قائم کی ہے احمد شاہ قطب‌الدین بھی کوئی پون سال بعد گجرات کا حکمران ہوا ہے۔ اس وقت تک مسلمانوں کا مذہبی اور معاشرتی نظام پورے طور پر گجرائیتوں میں سرائت کر چکا تھا اور گجراتیوں اور مسلمانوں میں کوئی فرق نہ تھا۔ گجرات سے جو قدیم تصاویر اور مرقع ہاتھ آئے ہیں گو ان کی حیثیت (Primemetive) آرٹ کی ہے

مگر پھر بھی یہ تصویر کشی اسی کانٹہ پر کی گئی ہے جو مسلمان اپنے ساتھ لائے تھے۔ ابتدائی سے ابتدائی تصویر میں اسلامی تہذیب اور تمدن کے اہم نشان ملتے ہیں ۔ ان تصاویر میں مردوں ۔ عورتوں اور بچوں نے ایسا لباس زیب تن کر رکھا ہے جس سے ستر پوشی کا مدعا ظاہر ہوتا ہے۔ اور یہ اجنتا اور باغ کی تصویروں سے مختلف ہے ۔ پس منظر میں عمارتوں میں گنبد ۔ اقلیدسی اشکال ۔ بیل ۔ بوٹے ۔ لوحیں اور رزاسبانی کو بھی دخل ہے جو مسلمانوں کی مصوری کا حصہ ہیں ۔ اس کے علاوہ عبادت کے نشان رحلیں اور قرآن اللہ اور حضور کا نام ملتے ہیں جو سب مسلمانوں کا ترکہ ہیں نہ کہ اجنتا ۔ باغ گپتا یا جینیوں کا۔

سید میر علی تبریزی ۔ خواجہ عبدالصمد شیرازی ۔ فرخ بیگ قلماق۔ اور آقا رضا کے بعد نادرالعصر ۔ نادرالزمان ۔ استاد صادق ۔ استاد مراد ۔ مسکین ۔ حسن نقاش ۔ خواجہ شریف اور ہاشم کے علاوہ اور بھی ایرانی النسل فن کار جن کو ہندوستان کی محبت اور دولت یہاں کھینچ لائی تھی مغل دبستان مصوری کو بروئے کار لانے میں معاون ثابت ہوئے تھے۔ ابوالفضل یا کسی اور مورخ نے یہ کہیں نہیں لکھا کہ دربار اکبری میں کوئی ایسا ہندو مصور یا استاد کامل ۔ کشمیر ۔ گجرات یا دکن سے آکر ان فن کاروں کے ساتھ شامل ہوا تھا جو امیر حمزہ کی تصاویر بنانے میں برسر پیکار تھے یا کوئی ایسا فن کا موجود تھا جو فن کی اہمیت اور قدروں کو پہلے سے جانتا تھا۔ اکبری تصویر خانہ کے سلسلے میں ابوالفضل نے آئین میں صرف اسقدر لکھا ہے کہ اکبری دبستان مصوری میں ایک سو کے قریب مصور کام کرتے ہیں جو ہندو فن کار ایرانی استادوں کا ہاتھ بٹاتے ہیں ان کی حیثیت شاگردوں کی سی ہے ان میں دسونت اور بساون صرف اچھا کام کرنے لگے ہیں جو خواجہ عبدالصمد کے شاگرد ہیں انہوں نے اپنے استاد سے فن سیکھنے میں اچھی ذہانت دکھلائی ہے ان کے علاوہ کسولعل ۔ لال ۔ مکند ۔ مادھو ۔ جگن ۔ کھیم کرن ۔ سانولا ۔ تارا ہربنس۔ اور رام بھی ہیں جو فن مصوری میں ابھی تعلیم کی راہ طے کر رہے ہیں ۔

جہاں تک داستان امیر حمزہ کی تصویروں کا تعلق مغل اور ایرانی مصوری سے ہے اس سلسلے میں تصویرتیمور کا گھرانہ فنی اور تاریخی نقطہ نگاہ سے خاص

مینت رکھتی ہے۔ آج یہ تصویر برٹش میوزم کی ملکیت ہے میوزم والوں کو
۱۹۱۳ میں خستہ و خراب حالت میں ملی تھی۔ مغل مصوری کے ارتقا اور
مطالعہ سے متعلق اس تصویر کے ساتھ ایک گم شدہ باب وابستہ ہے۔ صاحب
ر نقاد پھروں تصویر کے سامنے کھڑا گذشتہ واقعات کو خود بخود دھرانے
تا ہے۔ تصویر کی پہنائیوں میں اس کے خالق نے وہ کائنات کھڑی کر دی ہے
۔ لفظوں کی محتاج نہیں وہ رنگوں اور خطوط کی دنیا کچھ کہے بغیر اپنا مدعا
ن کرتی ہے اور احساس دلاتی ہے کہ کسقدر بلند اور عیرفانی اجزا مغل
ٹ کی بقا کے ضامن ہیں۔ تصویر گھرانہ تیمور جہاں مغل مصوری کی امتیازی
صوصیات اور انفرادیت کی ضامن ہے وہاں اس خوشگوار اختلاط اور اشتراک
ل کی آئینہ دار بھی ہے جو ابتدا ہی سے مغلوں کا طرۂ امتیاز رہا ہے۔ تصویر
کھنے سے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے چودھویں کا چاند ضیا پاشی کر رہا ہے
ر جشن مہتابی برپا ہے یا یہ احساس ہوتا ہے تصویر کسی جشن نو روز
یادگار ہے۔ یا یہ محسوس ہوتا ہے ہمایوں نے کس مکس حیات کے بعد
۔گی کے خوشگوار مراحل میں قدم رکھا ہے اور پورا امن و امان حاصل کر
ہے جس کی یاد میں یہ جشن منایا جا رہا ہے۔ کیونکہ مغل ایسے شاندار
شن منانے کے ہمیشہ عادی رہے ہیں۔ تصویر داستان امیر حمزہ کی تصویروں
، قدرے بڑی ہے اس کا سائز "۴۴ × ۴۵" ہے اور حمزہ کی تصویروں کا
ئز "۲۲ × ۲۸" انچ ہے۔ اور امیر حمزہ کی تصویروں کی طرح یہ بھی اطلس
ہی ہے کچھ تو پختگی اور دیر پا رہنے کے خیال سے بھی یہ اطلس پر بنائی
ئی ہیں اور کچھ ان مضامین نے فن کاروں کو مجبور کر دیا ہے کہ وہ اس
تراع میں اپنے فن کو آزمائیں۔

تصویر میں جہاں نما یعنی نشست گاہ بنائی گئی ہے۔ اس قسم کی نشست
ہیں ایرانی تصویروں میں کثرت سے بنائی گئی ہیں خصوصیت سے برٹش میوزم
لے مشہور خمسہ نظامی میں تو یہ جہاں نما پورے عروج پر نظر آتا ہے۔ ایسی
ست گاہ ہمیشہ بادشاہوں کیلئے بنائی جاتی ہے۔ اس تصویر میں اس کی وضع
ع حمزہ کی تصویروں سے بہت ملتی جلتی ہے۔ تصویر کیونکہ خستہ و خراب
الت میں ملی ہے کہا نہیں جا سکتا تصویر کے جو حصے ضائع ہو چکے ہیں

ان کا تصویر کے نفس مضمون سے کسقدر تعلق تھا اگر تصویر مکمل حالت میں ملتی تو گمان ہو سکتا ہے کہ اس پر مصور کا نام بھی ملتا کیونکہ ہر فرد کا نام تصویر پر لکھا ہوا موجود ہے جس سے تصویر کے تاریخی اور فنی پہلوں پر روشنی پڑتی ہے۔ مغلوں کے فطری رحجانات تصویر کی ایک ایک جزیات سے عیاں ہیں جن کو تصویر کے خالق نے بڑی چابکدستی سے مصور کیا ہے۔ بعض اوقات احساس ہوتا ہے کہ شطرنج کی کوئی بساط بچھی ہے اور ہر کردار خواہ بادشاہ کا ہے یا مصاحب کا پھول کا ہے یا پتی کا درخت کا ہے یا پھل کا جیت کی چال چل رہا ہے۔ تصویر کے پس منظر میں جہاں نما کے دائیں جانب جو درخت نظر آتا ہے ایسا محسوس ہوتا ہے گویا تیمور کا خانوادہ سطح زمین سے ابھر کر شاخ در شاخ پھیلتا چلا گیا ہے زندگی کی کھلا گھمی اور بالیدگی اس کا پیدائشی حق بن گئی ہے۔ تصویر فطری رحجان کے ساتھ ساتھ ان فاتحین کی عکسی کرتی ہے جنھوں نے ہندوستان کو اپنا مسکن بنا لیا تھا اور یہیں کے ہوکر رہ گئے تھے۔ اس میں حسن بھی ہے اور زندگی کی بھر پور شدت بھی۔ جہاں نما یعنی نسست گاہ میں چار صورتیں بنائی گئی ہیں بائیں جانب اکبر۔ جہانگیر۔ اور شاہجہان بیٹھے ہیں اور دائیں جانب مسند پر تیمور بیٹھا ہے جہاں نما سے باہر بائیں جانب ان شخصیتوں کی صف چلی گئی ہے جنھوں نے ہندوستان کو اکبر۔ جہانگیر اور شاہجہان جیسے انحاد پسند۔ بلند نظر۔ اور صاحب ذوق فرماں روا دئے تھے اس صف میں پہلے میرانشاہ پھر سلطان محمد۔ پھر ابو سعید۔ پھر بابر کا باپ شیخ عمر اور بابر نظر آتے ہیں بابر کے بعد ہمایوں بادشاہ اور اس کے ساتھ مرزا کامران بیٹھا ہے۔ تصویر کے حاشیہ تک یہ صف برابر چلی گئی ہے۔ مصور نے میرانشاہ کے چہرے کا رنگ بمقابلہ دوسروں کے سرخ سیاہی مائل بنایا ہے جس سے تدبر کے آثار پائے جاتے ہیں۔ سلطان محمد اور ابو سعید کے پر وقار چہروں پر وہ جوہر موجود ہیں جن سے انکے کردار کی تکمیل ہوتی ہے۔ شیخ عمر انداز نشست سے اپنی عظمت کا اظہار کر رہا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ اس کی اولاد اس سر زمین پر پھلی پھولی اور تاریخ میں اس سے ایک اہم باب کا اضافہ ہوا۔ دائیں جانب اس خانوادہ کی دوسری شاخ بیٹھی ہے جس میں ابوبکر۔ بایسنقر مرزا۔ شاہرخ مرزا۔ اور دو اور شہزادے براجمان ہیں۔ اس تصویر سے متعلق

یورپین نقادوں کے مختلف نظرئے ھیں ۔ کوئی کہتا ھے یہ تصویر اصل نہیں نقل ھے کوئی کہتا ھے یہ اصل ھے کوئی دوسری اس کے مفہوم کی ترجمانی نہیں کرتی ۔ ڈاکٹر بنیسن کا خیال ھے یہ تصویر شاھجہان کے وقت بنی ھے اور جہان نما میں مسند پر ھمایوں بیٹھا ھے اور اس کے سامنے اکبر۔ جہانگیر اور شاھجہان بیٹھے ھیں ۔ ڈاکٹر بنین (Binyan) نے اس تصویر پر خاص توجہ دی ھے اور اس کو سمجھنے کی بھی سب سے زیادہ کوشش کی ھے ۔ مگر براہ راست کسی مشرقی زبان میں ماہر نہ ہونے کے ان سے یہ بات نظر انداز ہو گئی ھے کہ جہاں میرانشاہ ۔ سلطان محمد ۔ ابو سعید اور شیخ عمر سے آگے بابر اور کامران کے درمیاں ھمایوں بیٹھا ھے اس پر اس کا نام بالتصریح ھمایوں بادشاہ لکھا ھے اس بات کی رو سے تصویر کی اھمیت بڑھ جاتی ھے اور یقین ہوتا ھے کہ مسند شاھی پر تیمور کے سوا اور کوئی جلوہ گر نہیں ۔ اور یہ حقیقت ھے کہ اگر ایسا نہ ھو تو تصویر گھرانہ تیمور نامکمل سمجھی جائیگی اور یہ اسلئے بھی ھے کہ تیمور کے گھرانے کا کوئی فرد اس بات کی جرات نہیں کر سکتا تھا کہ امیر تیمور کی شبیہہ جہاں نما میں سے مٹا کر وھاں ھمایوں کی شبیہہ بنا دے اور اس کے حضور اکبر ۔ جہانگیر اور شاھجہاں کو بٹھلا دے ۔

ابوالفضل نے آئین اکبری میں تصویر خانہ کے باب میں سب سے آخر اس بات کا ذکر کیا ھے کہ ”اعلی حضرت کے حکم سے ملازمین بارگاہ کی تصویریں بنائی گئیں اور ان مختلف تصویروں کے مجموعے سے ایک کتاب سترگ تیار ہوئی جس نے مردوں کو حیات تازہ اور زندوں کو زندگئی جاوید عطا کی،، گھرانہ تیمور کی یہ تصویر اگر ابوالفضل کی نظر سے گذری ہوتی تو ضروری تھا کہ تصویر خانہ کے باب میں جہاں اس نے دوسری کتابوں اور تصویروں کا ذکر کیا ھے اس کا بھی ذکر کرتا اور بیان کرتا کہ اس قسم کی اس قطع و برید کی کوئی تصویر محل میں یا تصویر خانہ میں موجود ھے اسے فلاں مصور نے بنایا ھے اور وہ اعلیٰ حضرت کی نگاہ میں کیا اھمیت رکھتی ھے اس کی تاریخی اور فنی حیثیت کیا ھے ۔ چنانچہ ابوالفضل نے کسی ایسی تصویر کی طرف اشارہ بھی نہیں کیا جو ھمایوں یا اکبر کے عہد میں تیار ہوئی ھو اور جس سے گمان ھو سکے کہ اس کا مطلب تصویر تیمور کے گھرانہ سے ھے ۔ ابوالفضل نے تصویر خانہ کے سلسلے

میں کئی ایسی نانوں کا ذکر کیا ہے جن سے - کتاب سترگ - چنگیز نامہ - ظفر نامہ - اکبر نامہ - رزم نامہ - رامائن - نل دمن - دراب نامہ اور کلیلہ دمنہ وغیرہ پر روشنی پڑتی ہے -

بقول ڈاکٹر بنین(Binyan)مذکورہ بالا تصویر تیمور کا گھرانہ میں جہان نما میں ہمایوں کے حضور اکبر - جہانگیر اور شاہ جہاں کو بہ عقدت تمام بیٹھے دکھایا گیا ہے اور باہر بائیں جانب کی صف میں بابر اور مرزا کامران کے درمیان خود ہمایوں کی موجودگی بہت بڑی سوچ کا موجب ہے کہ ایک تصویر میں ہمایوں کو دو جگہ کیوں بنایا گیا ہے - اس کے علاوہ اس تصویر میں ایک اور الجھن موجود ہے وہ یہ کہ اکبر - جہانگیر اور شاہجہان کی تصاویر پر ان کے نام کے ساتھ بادشاہ لکھا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے جہان نما کے اندرونی حصے میں اکبر - جہانگیر اور شاہجہان کے سوا تمام تصویر پہلے سے تکمیل شدہ حالت میں تھی اور جہان نما کا اندرونی حصہ جہاں ہمایوں یا تیمور کے حضور میں اس کی اولاد در اولاد بہ عقدت تمام بیٹھی ہے وہ شاہجہاں کے عہد میں تیار ہوا ہے جب اکبر اور جہانگیر فردوس مکانی ہو چکے ہیں اور شاہجہانؑ سریر ارائے سلطنت ہوا ہے اور بادشاہ شاہجہان کے لقب سے ملقب ہے - یہ مسلم شدہ بات ہے کہ یہ تصویر شاہجہان کے عہد میں ہرگز نہیں بنی اول تو یہ طرز نگارش اس وقت موجود نہ تھی دوسرے یہ کہا نہیں جا سکتا کہ عہد شاہجہانی میں میر سید علی تبریزی - خواجہ عبدالصمد شیرازی - اور فرخ بیگ قلماق میں سے کوئی موجود تھا یا نہیں جو اس طرز نگارش کے ذمہ دار تھے -

ابوالفضل کے بعد جہانگیر نے تصاویر اور مصوروں کا ذکر دل کھول کر کیا ہے لیکن اس تصویر کا ذکر نہ تو خود تزوک میں کیا ہے اور نہ اس کے عہد کے کسی مورخ نے بیان کیا ہے - اگر جہانگیر کی نظر سے یہ تصویر گذری ہوتی تو وہ خلیل مرزا شاہرخی کی تصویر معرکہ تیمور کی طرح اس کا بھی ذکر کرتا جو خان عالم ایران سے لایا تھا اور جس کو دیکھکر اس نے کہا تھا کہ اگر اس پر خلیل مرزا شاہرخی نہ لکھا ہوتا تو میں سمجھتا یہ تصویر بہزاد کی بنی ہوئی ہے - اکبر اعظم کے بعد تصویر تیمور کے گھرانے کا ذکر تو

در کنار امیر حمزہ کی تصویروں کا ذکر کہیں نہیں ملتا جن کو تکمیل دینے میں مغل دبستان مصوری کو زندگی جاوید نصیب ہوئی ہے ۔ اگرچہ امیر حمزہ کی تصاویر پر اکبر اور اورنگ زیب کی مہریں ثبت ہیں ۔

میرا خیال ہے تصویر گھرانہ تیمور کابل وغیرہ میں ہمایوں کے عہد میں تیار ہوئی ہے اور اس کے بعد بعض حالات کی رو سے نظروں سے اوجھل ہو گئی ہے اور توشہ خانہ میں پڑی رہی ہے ۔ تا آنکہ بعد میں دوبارہ ہاتھ آئی ہے ۔ تصویر ہاتھ آنے پر جہاں یا میں کسی کو گنجائش نظر آئی ہے اور اس نے اکبر ۔ جہانگیر ۔ اور شاہجہان کو بھی شامل کر دیا ہے اور اس طرح پس منظر میں دائیں بائیں دو شہزادوں کا بھی اضافہ کر دیا ہے ۔ یہ دونوں باتیں اس بات کا ثبوت مہیا کرتی ہیں کہ یہ سب کچھ بعد میں اضافہ کیا گیا ہے ۔ اور یہ بھی کہا جا سکتا کہ یہ سب کچھ کب اور کس کے حکم سے تکمیل دیا گیا ہے اگر شاہجہاں کے حکم سے ایسا کیا گیا ہوتا تو یہ ضروری تھا کہ پس منظر میں پرویز کی شبیہ نہ بنائی جاتی ۔ اسی طرح اگر یہ مان لیا جائے کہ یہ تصویر ہمایوں کے حکم سے تیار ہوئی ہے تو کیونکر ہو سکتا ہے کہ مسند پر بھی ہمایوں متمکن ہو اور پھر بابر کی جانب بابر اور کامران کے درمیان بھی موجود ہو ۔ اور پھر یہ کہ مرزا کامران بھی موجود ہو جو ہمایوں کا زندگی بھر بد ترین دشمن رہا ہو ۔ پرویز ۔ اور کامران ۔ کے ناموں سے یہ بھی شک گذرتا ہے کہ کسی نا سمجھ انسان نے بعد میں تمام کرداروں پر نام لکھ دئے ہیں اور اس بات کا خیال نہیں کیا کہ اس کے اس فعل سے کسقدر بڑا مغالطہ پیدا ہو رہا ہے ۔ لیکن بعض باتوں کو دیکھکر خیال ہوتا ہے کہ کسی مبالغے کی قطعاً گنجائش نہیں ہے ۔

تصویر کا بنانے والا کون تھا کس نے اس کی طرح ڈالی ۔ اس کی استخوان بندی میں کس کس نے ہاتھ بٹایا کس کس نے چہرہ کشائی اور رنگ امیزی کی اس سے متعلق نہ تصویر خود کچھ بتلاتی ہے اور نہ اس پر کوئی تاریخ یا تحریر روشنی ڈالتی ہے اگرچہ اکبر اور جہانگیر کے عہد میں تیار ہونے والی

تصاویر اور مرقعوں پر اکثر پایا جاتا ہے کہ طرح بندی ۔ چہرہ کشائی اور رنگ امیزی کس کس نے انجام دی ہے ۔

بعض کا خیال ہے یہ تصویر استاد میر علی تبریزی نے بنائی ہے اور بعض خواجہ عبدالصمد شیرازی کو اس کا خالق قرار دیتے ہیں یہ ان ہنر مندوں کی فن کاری کا کرشمہ ہے جنہوں نے داستان امیر حمزہ کو تصویروں کے قالب میں زندگی بخشی ہے اور ان کو ایک خاص مقام عطا کیا ہے سوائے اس حصہ کے جس میں ہمایوں یا تیمور کے سامنے اکبر ۔ جہانگیر اور شاہجہاں بیٹھے ہیں ویسے بھی ۔ اگر فنی نکتہ نگاہ سے ان صورتوں کا مطالعہ کیا جائے تو تصویر کے تمام کرداروں میں ہمایوں کے ہمرا آنے والے فن کاروں کا ہاتھ کار فرما نظر آئیگا اور اکبر ۔ جہانگیر اور شاہجہاں کے چہروں پر وہ طرز نگارش اثر انداز نظر آئیگی جو عہد شاہجہانی کی مرہون منت ہے ۔تھوڑی دیر کیلئے اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ جہاں نما میں ہمایوں نہیں تیمو ر بیٹھا ہے تو پھر بھی اس تصویر کا یہ حصہ بعد کی تخلیق ہے یعنی یہ حصہ کسی دوسرے مصور نے اس وقت بنایا ہے جب یکرخی چہرے کی اختراع نے پختگی اختیار کر لی ہے ۔

بعض اوقات خیال ہوتا ہے شاید موجودہ تصویر اصل تصویر کی نقل ہی ہے جس میں جہاں نما میں امیر تیمور مسند پر متمکن تھا اور باہر اس کے دائیں بائیں اس کی اولاد در اولاد اور اس کے جانشین اسی ترتیب اور انداز سے بیٹھے تھے اور جہاں نما کے اندر باقی جگہ خالی پڑی تھی اور جب تصویر تلاش ہوئی ہے تو خالی جگہ کو اکبر ۔ جہانگیر اور شاہجہاں کا اضافہ کر کے پر کیا گیا ہے ۔ اس بات پر اگر غور کیا جائے تو کچھ صحیح معلوم ہوتا ہے کیونکہ اکبر ۔ جہانگیر اور شاہجہاں کی شبیہہ بن جانے سے جہاں نما کے اندر کا حصہ ذرا گھٹا گھٹا یعنی (Crowdy) محسوس ہوتا ہے اور یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ اکبر ۔ جہانگیر اور شاہجہاں کے بنانے میں کچھ زبردستی کی گئی ہے ۔ گویا ان شبیہوں کو زبردستی ٹھونس دیا گیا ہے کیونکہ ان میں وہ فراخی اور وسعت نظر نہیں آتی جو تصویر کے دوسرے حصہ میں موجود ہے اس قسم کی زیادتی جہاں نما کے پس منظر میں بھی کی گئی ہے جہاں دائیں بائیں دو شہزادے کھڑے کئے گئے ہیں ان میں بائیں جانب پرویز شاہ جہاں کا بڑا بھائی داراشکوہ کا خسر

کھڑا ہے ۔ اور دوسری جانب کوئی دوسرا شہزادہ کھڑا ہے۔ تصویر کا تمام ماحول ابتدائی مغل اور ایرانی دستان مصوری کا مظہر ہے سوا اس حصہ کے جو بعد میں اضافہ کیا گیا ہے ۔

براؤن کا خیال ہے یہ تصویر خواجہ عبد الصمد کی بنائی ہوئی ہے۔

خواجہ عبدالصمد شرازی کی وہ تصویر جو طہران میوزم کی ملکیت ہے اور جس پر خواجہ کے دستخط ثبت ہیں ۔ جس میں اکبر اپنے باپ ہمایوں کی خدمت میں ایک تصویر پیش کر رہا ہے خالص ایرانی ماحول میں ہے اور صفوی اور بہزاد اسکول سے مشابہت رکھتی ہے ۔ اس تصویر اور گھرانہ تیمور والی تصویر میں طرز نگارش ۔ ترتیب اور ٹیکنک کی رو سے نمایاں فرق ہے جسے ایک سمجھدار مطالع نگار الگ کر کے دیکھ سکتا ہے اور پرکھ سکتا ہے کہ تیمور کے گھرانے والی تصویر میں خواجہ کا ہاتھ نہیں ہے ۔ اگر یہ تصویر خواجہ کی بنی ہوئی ہوتی تو ہمایوں اور اکبر کی موجودگی میں اس نے جو تصویر طہران میوزم والی بنائی ہے اس میں وہ کچھ قدم آگے نظر آتا ۔ ہو سکتا ہے تصویر گھرانہ تیمور کی طرح میر سید علی تبریزی نے ڈالی ہو لیکن موجودہ تصویر ہر قسم کے تقین سے بالاتر ہے ۔ ہو سکتا ہے تصویر دونوں میں سے کسی ایک کا بھی کارنامہ نہ ہو لیکن یہ یقینی امر ہے کہ یہ خواجہ عبدالصمد کی کسی صورت نہیں ہے ۔ طہران میوزم والی تصویر بعض حالات میں بعض اجزا کی موجودگی سے یہ مشابہت ضرور پیدا کرتی ہے کہ یہ تصویر گھرانہ تیمور خواجہ عبدالصمد کی تخلیق ہے لیکن گھرانہ تیمور کی تصویر میں کرداروں کی بناوٹ اعضا کے تناسب میں موزونیت ۔ پختگی اور ندرت اس بات پر مجبور کرتی ہے کہ یہ تصویر کسی اور نادر فن کار مصور کی سحر نگاری کا کرشمہ ہے ۔ کیونکہ خواجہ کی تصویر میں کرداروں میں (Perspective) اور (Balance) ایسا نہیں جیسا کہ تصویر تیمور کے گھرانہ کے کرداروں میں موجود ہے ۔ تصویر کا تمام مرحول ایرانی ہے سوا اس حصہ کے جو مغل طرز میں اضافہ کیا گیا ہے اور تصویر کے ہر کردار میں ایک Balance اور Perspective موجود ہے ۔ ہر کردار ایک پختگی ۔ موزونیت اور ندرت پیش کرتا ہے ۔ براؤن کا یہ بھی خیال ہے ابتدا میں جہاں نما میں تیمور کے سامنے صرف اکبر بیٹھا تھا جس کے

هاتھ میں کتاب ہے جو دے رہا ہے یا لے رہا ہے۔ اور جہانگیر نے اپنے وقت میں اپنی شبیہہ کا اس جگہ اضافہ کیا ہے اور شاھجہاں نے اپنے وقت میں اضافہ کرنے میں کمی نہیں کی۔ جہانگیر نے توزک میں یا کہیں اور اس بات کا ذکر نہیں کیا کہ اس نے کسی ایسی تصویر میں اپنی شبیہہ کا اضافہ کیا ہے۔ پھر یہ بھی ہے کہ جہانگیر اور شاھجہاں ایسی کم ظرفی کرنے کے خوگر نہ تھے۔ ان کی بلندھمتی سرشت اس بات کا مظہر تھی کہ وہ اس مضمون کی کئی تصاویر بنوا لیتے جیسا کہ جہانگیر اور شاھجہاں کے عہد کی کئی تصاویر اس مضمون کو ظاھر کرتی ھیں۔ جن میں تیمور۔ بابر۔ اکبر۔ جہانگیر اور شاھجہاں اکٹھے دکھلائے گئے ھیں۔ ایسی تصاویر کئی عجائب خانوں میں موجود ھیں۔

تصویر تیمور کے گھرانے کے سلسلے میں ایک بات جو میرے مشاھدے میں آئی ہے اور جس سے میرے نظریے کی تائید ھوتی ہے وہ یہ ہے کہ جہاں نما کے اندر جو تصاویر اکبر۔ جہانگیر۔ اور شاھجہاں کی بنائی گئی ھیں ان کا عین یہی اسی سائز کا ایک چربہ ڈاکٹر کمارا سوامی کی کتاب انڈین ڈرائنگ کی دوسری جلد میں پلیٹ نمبر XXV پر موجود ہے اور تعجب کی بات ہے کہ ان پر اکبر۔ جہانگیر اور شاھجہاں کے نام اسی صورت میں اسی جگہ فارسی رسم‌الخط میں اور ناگری رسم‌الخط میں لکھے ھیں۔ ڈاکٹر کمارا سوامی نے یہ کتاب ۱۹۱۲ء - ۱۹۱۱ء میں شائع کی ہے اور یہ تصویر برٹش میوزم والوں کو ۱۹۱۳ء میں ھاتھ آئی ہے۔ آجتک کسی مبصر نے اس انکشاف کی طرف توجہ نہیں دی اور نہ ڈاکٹر کمارا سوامی اور ڈاکٹر بنین (Binyan) نے خود اس بات کی طرف غور کیا ہے۔ ڈاکٹر بنین (Binyan) سے توقع ھو سکتی تھی کہ وہ اس بات کی طرف توجہ دیتے اور ڈاکٹر کمارا سوامی سے استفسار کرتے کہ یہ چربہ اس نے کس سے اور کہاں سے حاصل کیا ہے ممکن تھا اس استفسار سے اس تصویر کے اس اضافہ پر کوئی خاص روشنی پڑتی اور تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ھوتا۔ چربے سے میرے اس نظریے کی تائید ھوتی ہے کہ اکبر۔ جہانگیر اور شاھجہاں کو جہاں نما میں بنانے میں زبردستی کی گئی ہے اور یہ بعد کا اضافہ ہے۔

معلوم ہوتا ہے کسی مصور گھرانے میں یہ تصویر موجود رہی ہے جس میں یہ چربہ موجود تھا اور جس کے کسی فرد نے اکبر۔ جہانگیر اور شاہجہان کا اضافہ تصویر گھرانہ تیمور میں کیا ہے ۔

ڈاکٹر کمارا سوامی نے چربے پر یہ نوٹ لکھا ہے ۔

The group of three plate (XXV) Akbar, Jahangir and Shahjahan of the great Mugal is traching on skin, group of this sort are not uncommon as finished pictures The Suavity of the line and the possing of the figure exhibit marked Persian influence ; the well expressed character of the several emperorers typical of Moghal portraiture, and is rather a Chinese and Central Asian than a Persian (Sefevidean) element The Emperors' names are inscribed in Nagari and Persian characters.

مثنوی ابرِ گُہَر بار

از

شیخ اصغر علی ایم۔اے

سنٹرل ٹریننگ کالج لاہور

باسمه العزیز

شیخ اصغر علی ایم - اے -

مثنوی ابرگہر بار

بر صغیر پاک و ہند میں غالب پسندوں بلکہ غالب پرستوں کی ایک کثیر تعداد موجود ہے لیکن ان میں سے بہت کم مرزا کی مثنوی گوئی کے کمال سے واقف ہیں - اور اکثر انہیں محض ایک قصیدہ نگار اور غزل گو شاعر ہی خیال کرتے ہیں - اس کی بڑی وجہ غالباً یہی ہے کہ انہوں نے کوئی ایسی طویل اور مبسوط مثنوی نہیں چھوڑی جو شاھنامہ، سکندر نامہ یا مخزن اسرار قسم کی چیز ہو - ملا جلا کر مرزا کی کل چودہ مثنویاں بنتی ہیں جو مجموعی طور پر بائیس سو ساٹھ (۲۲۶۰) اشعار پر مشتمل ہیں اور ان میں سے سوائے ابر گہر بار کے سب کی سب بہت مختصر ہیں - ابر گوہر بار اگرچہ مثنوی نا تمام ہے اور غالب کی مجوزہ طویل مثنوی کے دیباچے کی حیثیت رکھتی ہے لیکن پھر بھی یہ مرزا کا ایک ایسا شاھکار ہے جو دنیائے مثنوی میں ان کی بقا کا ضامن اور ان کی شہرت کا محافظ ہے اس ابر سے ایسے ایسے موتی برسے ہیں کہ انہیں دیکھ کر "ابر گہر بار" کے خالق کی صناعی اور فن کاری کی داد دئے بغیر نہیں رہا جاتا -

مرزا غالب کا ارادہ تھا کہ وہ سرور کونین کے غزوات کو مثنوی کی صورت میں نظم کریں - اور شاھنامہ فردوسی کے مقابلہ میں شاھنامہ اسلام قسم کی مثنوی لکھیں لیکن افسوس کہ ان کا یہ عظیم الشان خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہوا اور مرزا اپنی دوسری سینکڑوں حسرتوں کے ساتھ اس کی تکمیل کی حسرت بھی ساتھ لے گئے -

غالب خود اپنی مثنوی کا تعارف ان الفاظ میں کراتے ہیں

"در ضمیر زود اثر پذیر من چناں فرود آمد کہ غزوات خداوند دنیا و دیں حضرت امام المرسلین علیہ من رب العالمین بہ بندنگارش اندر آرم۔ توحید و مناجات و منقبت و ساقی نامہ و مغنی نامہ پیدائی پذیرفت ۔ ۱

مولانا حالی یادگار غالب میں اس مثنوی کا ذکر ان الفاظ میں کرتے ہیں ۔

"اس مثنوی میں جس کا نام مرزا نے ابر گہر بار رکھا ۔ ان کا ارادہ آنحضرت صلعم کے غزوات بیان کرنے کا تھا ۔ مگر چونکہ یہ ان کی آخری تصنیف تھی اور انہیں عمر میں طرح طرح کے عوائق اور موانع پیش آئے اس وجہ سے غزوات کے شروع کرنے کی نوبت نہیں پہنچی ۔ صرف دیباچے کے چند عنوانات لکھنے پائے تھے کہ مکروہات روزگار نے گھیر لیا ۔ مگر یہ مثنوی ان کی تمام مثنویوں میں ممتاز ہے ۲ "

مولانا حالی نے مرزا کی اس مثنوی کو ان کی آخری تصنیف قرار دیا ہے اور اس کی عدم تکمیل کا باعث آخر عمر کے عوائق و موانع ٹھہرائے ہیں ۔ مرزا غالب نے خود مثنوی کا دیباچہ لکھتے ہوئے جس کے ایک حصہ کا مختصر اقتباس اوپر دیا ہے ۔ اپنے آپ کو ستر سال کا بڈھا کہا ہے ۔ کہ مثنوی کی طباعت و اشاعت کے وقت یعنی ۱۲۸۰ھ میں واقعی مرزا اسی سن کے تھے ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہمیں مرزا غالب کے ایک معتبر معاصر سر سید احمد خان کا بیان بھی نظر آتا ہے وہ اپنی تصنیف "آثارالصنادید" مطبوعہ ۱۸۴۷ء میں رقمطراز ہیں

"ایک مثنوی مشتمل اوپر غزوات حضرت رسالت دستگاہی ختم پناہی صلی اللہ علیہ وسلم کے اگرچہ ہنوز نا تمام ہے لیکن پھر بھی قریب پندرہ سولہ جزو کے ہو چکی ہے ۔ انشاء اللہ تعالی جس وقت اتمام کو پہنچیے گی گلدستہ بزم احباب ہوگی" ۳

---

۱ ۔ غالب ــــ ابر گہربار مطبوعہ ۱۲۸۰ھ (اکمل المطابع) ص ۳ ۔

۲ ۔ مولانا حالی ــــ یادگار غالب ص ۳۳۲ ۔

۳ ۔ سرسید احمد خان ــــ آثار الصنادید ۔ چوتھا باب ص ۶۵ ۔

اس وقت مثنوی کے زمانۂ تصنیف کے بارے میں بظاہر دو معاصر اور ثقہ راویوں کے دو متضاد بیانات ہمارے سامنے ہیں ۔ حالی اسے غالب کے بڑھاپے کی آخری تصنیف بتاتے ہیں ۔ اور خود مثنوی کا دیباچہ اور اس کا سن اشاعت اس بیان کو تقویت پہنچاتا ہے ۔ دوسری طرف سر سید اسے ۴۶-۱۸۴۵ کے زمانے کی تصنیف بتاتے ہیں جب کہ مرزا صاحب ابھی صحیح معنوں میں بوڑھے نہ ہوئے تھے ۔ بلکہ ان کا سن ابھی پچاس سے بھی کم تھا ۔

چونکہ اس سلسلے میں ان دو بیانات کے علاوہ اور کوئی خارجی شہادت دستیاب نہیں ہو سکی اس لئے ہم مثنوی کے داخلی شواہد کی مدد سے اس کے زمانہ تصنیف کا پتہ چلاتے ہیں ۔

پوری مثنوی پڑھیں تو اس کے ابتدائی حصوں، حمد، نعت اور مناجات کے کسی شعر سے ہمیں یہ احساس نہیں ہوتا کہ شاعر بوڑھا ہے ۔ لیکن منقبت سے جوں جوں مغنی نامہ اور ساقی نامہ کی طرف جاتے ہیں یہ احساس گہرا ہوتا چلا جاتا ہے ۔ ان آخری حصوں میں بیسیوں شعر ایسے ملتے ہیں ۔ جن سے مرزا کے بڑھاپے اور عالم پیری کی عکاسی ہوتی ہے ۔ چند شعر ملاحظہ فرمائیے ۔

کنونم که وقت گذشتن رسید زمان بھی باز گشتن رسید

اپنے شباب اور عالم پیر ، کا موازنہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں ۔

نبود ارچه لب هائے خندان مرا ولے در دهن بود دندان مرا

چه گریم که لب هائے خندان کجا جگر خائم ار غصه دندان کجا

ساقی نامہ میں اپنے بڑھاپے کا رونا یوں رویا ہے

ز سر باد پنداری بیرون شده سهی سرو من بید مجنون شده

بود قد خم گشته چوگان من سرم گوئی و اندیشه میدان من

ایک اور شعر بالوں کی سفیدی کے متعلق ہے

سیاهی ز موئی سرم زود رفت مگر کآتش افسرد و کاهی دود رفت

اس حصے میں اپنے بڑھاپے کے احساس کے باوجود غالب نے کہیں کہیں

خم ٹھونکنے اور سنبھالا لینے کی کوشش کی ہے لیکن یہ جوش اور جذبہ قدرے مصنوعی معلوم ہوتا ہے ۔

نتالم ز پیری جوانم ہرائی هنوزم بود طبع زور آزمائی
سخن سنج معنی طرازم ہنوز بسوائے شیوہ نازم ہنوز
ز دل نفس غم سر برون می زند ہنوزم جگر موج خون می زند
ز حرفے کہ اندر ضمیر آیدم ہنوز از دھن بوئے شیر آیدم

ساقی نامہ کے ذیل کے شعر سے اس حصہ مثنوی کے زمانہ تصنیف پر خاصی روشنی پڑتی ہے ۔

ہانا تو دانستہ کز دو سال نوشم مے الا بہ بزم خیال

اس شعر سے صاف جھلکتا ہے کہ مرزا کو شراب کو ترستے ہوئے پورے دو سال ہوگئے ہیں اور یہ ٹھیک ۱۸۵۷ء کے بعد کا دور ہے جب مرزا کو ایک عرصہ تک مالی پریشانیوں کی وجہ سے شراب دستیاب نہ ہو سکی ۔

مندرجہ بالا اسی اور اسی قسل کے اور بہت سے شعروں سے یہ اندازہ لگانے میں ہم حق بجانب ہیں کہ مثنوی کے آخری دس حصے یعنی منقبت ، مغنی نامہ اور ساقی نامہ اس دور کی پیداوار ہیں جب مرزا کو اپنے بڑھاپے کا شدید احساس تھا ۔ اور مرزا واقعتاً بوڑھے ہو رہے تھے ۔ لیکن چونکہ مثنوی کے ابتدائی حصص اس قسم کے احساسات و جذبات سے یکسر خالی ہیں ۔ اس لئے یہ نتیجہ نکالنا غلط نہ ہوگا ۔ کہ یہ حصے بہت پہلے کے لکھے ہوئے ہیں، اس زمانہ کے جب غالب ابھی بوڑھا نہ ہوا تھا ۔ مثنوی کے جن چند اجزا کا سر سید مرحوم نے ذکر کیا ہے وہ غالباً نعت و مناجات تک کے حصوں پر مشتمل ہونگے ۔ گویا مرزا صاحب کی یہ مثنوی نا تمام کسی ایک سال یا ایک زمانہ میں نہیں لکھی گئی بلکہ ایک لمبے عرصے میں رک رک کر تصنیف ہوئی ۔ اور مرزا نے اس مثنوی کا آغاز یقیناً آثارالصنادید مطبوعہ ۱۸۴۷ء کی اشاعت سے قبل کردیا ہوگا کہ سر سید کو اس کا علم ہوا اور انہوں نے اس کا ذکر بڑے فخر سے اپنی تصنیف میں کیا ۔ لیکن پھر کچھ ایسے حالات رونما ہوگئے ہونگے کہ مرزا کو یہ کام ایک لمبے عرصے کے لئے معطل کرنا پڑا ہوگا ۔ وہ حالات یہ ہو سکتے ہیں۔

مرزا ۱۸۴۷ء میں جوئے بازی کے الزام میں قید ہوئے ۱۔ واقعہ قید سے انکو اس قدر ذہنی کوفت ہوئی کہ ان کا رہا سہا سکون بھی برباد ہو گیا ۔ پھر اس سے ان کی نیک نامی اور شہرت پر جو حرف آیا اس سے ان کا یہ دینی جذبہ بھی مارے شرم کے ٹھنڈا پڑ گیا ہوگا ۔ اس کے بعد مرزا کا دربار شاہی سے کسی قدر تعلق پیدا ہو گیا ۲ ۱۸۵۰ء میں مرزا ''مہر نیم روز'' لکھنے پر مامور ہو گئے ۳ ۔ پھر ولی عہد مرزا فخرو کی استادی کا فخر حاصل ہوا ۔ اس کے جلد ہی بعد ذوق چل بسے اور بادشاہ کے کلام کی اصلاح کا بار بھی انھی پر آن پڑا اس پورے دور میں مرزا انتہائی طور پر عدیم الفرصت رہے بعد ازاں ۱۸۵۷ء کا ہنگامہ ہوا ۔ جس کی وجہ سے وہ اقتصادی زبوں حالی اور ذہنی پریشانی کے بہت بری طرح شکار ہوئے ۔ اس دور میں انھوں نے پھر اس عمارت کی تعمیر کی طرف توجہ کی جس کی نیو وہ خود دس بارہ برس پہلے رکھ چکے تھے ۔ اور اس مثنوی کی تمہید کے بقیہ جز معنی نامہ ، ساقی نامہ وغیرہ لکھے تبکہ پھر نامساعد حالات نے آ گھیرا ۔ اور ایسی ایسی پریشانیوں میں مبتلا ہوئے کہ اس مثنوی کو نامکمل چھوڑنے پر مجبور ہو گئے ۔ اس دور میں انھوں نے دستنبو لکھی ۔ پھر برہان قاطع اور قاطع برہان کے چکر میں الجھ گئے ۔ اس پر مستزاد بڑھاپا ۔ بیماریاں ۔ کلیات و مکاتیب وغیرہ کی اشاعت کی مصروفیت اسی زمانہ میں انھوں نے ۱۲۸۰ھ میں مثنوی ابر گہر بار کو الگ چھپوایا ۔ اور اس پر ایک مقدمہ لکھا ۔ چونکہ یہ کتاب مرزا کے آخری زمانے میں چھپی ۔ اور اس سے قبل مرزا کی اکثر تصانیف شائع ہو چکی تھیں ۔ اس لئے مولانا حالی نے اس مثنوی کی تصنیف کو مرزا کے آخری دور سے منسوب کر دیا ۔ حالانکہ اس کا نصف سے زیادہ حصہ ۱۸۴۷ء سے قبل لکھا جا چکا تھا ۔

مرزا غالب ابر گہر بار لکھ کر فردوسی کے شاہنامہ کا جواب پیش کرنا چاہتے تھے ۔ چنانچہ وہ بڑے زور دار انداز میں کہتے ہیں ۔

---

۱ ۔ حالی ــــ یادگار غالب ص ۵ و ص ۳۲ ۔

۲ ۔ حالی ــــ یادگار غالب ص ۳۴ ۔

۳ ۔ حالی ــــ یادگار غالب ص ۳۶ ۔

ز فردوسیم نکته انگیز تر — ز مرغ سحر خوان سحر خیز تر
فرو مردن شمع ساسانیان — بود صبح اقبال ایمانیان
رقم سنج منسور یزدانیم — ز ایمانیان گویم ایمانیم
کسے را که نارد به بیگانگاں — خرد در شمارد ز دیوانگاں

لیکن ان سارے دعووں کے ساتھ ساتھ مرزا اس راہ کی دشوار گذاری اور ان گھاٹیوں کی خار داری کا بھی احساس رکھتے ہیں ۔ چنانچہ فرماتے ہیں ۔

دریں رہ بسیچ سفرها بسے است — بود راست لیکن خطرہ بسے است
ز پالغزها کاندریں رہ بود — بود رہ دراز ارچہ کوتہ بود
بمستی نوان نغز گفتار بود — مرا باید از خویش هشیار بود
سخن گفتن و پاس راہ داشتن — سخن را ز سستی نگہداشتن

ان اشعار سے واضح ہوتا ہے کہ دوسرے موانع کے علاوہ مثنوی کی عدم تکمیلیت کا باعث ان دقتوں اور خطرات کا احساس بھی تھا جو ایک خالص مذہبی چیز کو لباس شعر پہنانے میں ہوتے ہیں ۔

مثنوی کے اشعار کی تعداد : زمانہ تصنیف کی طرح مرزا کی اس مثنوی کے اشعار کی تعداد کے بارے میں بھی کچھ اختلاف پایا جاتا ہے ۔ مولانا حالی نے ان کی تعداد ۹۲۸ لکھی ہے ۱ اور مولانا غلام رسول مہر نے انکی تعداد گیارہ سو سے زائد بتائی ہے ۲ حالانکہ کلیات نظم غالب مطبوعہ ۱۲۹۸ھ اور ۱۳۴۳ھ میں انکی تعداد ۱۰۹۳ ہے ۔ لیکن مثنوی ابر گہر بار کے ایک دوسرے نسخہ مطبوعہ اکمل المطابع ۱۲۸۰ھ میں اشعار کی تعداد ۱۰٦۴ ہے ۔ کلیات اور اکمل المطابع والے نسخوں میں صرف اتنا فرق ہے کہ اول الذکر میں ۲۹ شعر ایسے ہیں جو موخرالذکر میں موجود نہیں ۔

مرزا نے اس مثنوی کی تصنیف میں قدیم فن مثنوی نگاری کو پوری طرح ملحوظ خاطر رکھا تھا ۔ اور اس کو مندرجہ ذیل عنوانات کے تحت لکھنا شروع کیا تھا ۔

---

۱ ۔ یادگار غالب ص ۳۳۲
۲ ۔ غلام رسول مہر غالب ص ۳٦۴

عنوان	تعداد اشعار مطابق نسخہ کلیات
حمد	۱۱۴
مناجات و حکایت	۷۹ + ۱۴۵ = ۲۲۴
نعت	۵۷
معراج	۲۸۰
منقبت	۱۲۸
مغنی نامہ	۱۳۰
ساقی نامہ	۱۵۰
میزان اشعار	۱۰۹۳

یہاں ہم ہر حصے کا فرداً فرداً تنقیدی جائزہ لیتے ہیں اور مرزا کی قادرالکلامی، زور بیان اور رفعت تخیل کے مختلف نمونے پیش کرتے ہیں ۔

حمد : مثنوی کا آغاز حمد سے ہوتا ہے اور حمد کی ابتدا ذیل کے شعروں سے ۔

سپاسے کزو نامہ نامی شود — سخن در گذارش گرامی شود
سپاسے کہ آغاز گفتار زوست — سخن چوں خط از رخ نمودار زوست
سپاسے کہ شوریدگان الست — دهندش ببانگ قلم دل ز دست
سپاسے بپوزش در آمیختہ — ز دل جستہ و با دل آویختہ
سپاسے دوئی سوز وکثرت ربائے — سپاسے دل افروز و بینش فزائے
خدا را سزد کز دروں پروری — بدیں شیوہ بخشد شناساوری
خدائے کہ زانگونہ روزی دھد — کہ ہم روزی و ہم دو روزی دھد

مرزا غالب نے حمد میں شاعری کا ایک بلند معیار قائم کیا ہے جو مناجات میں پہنچ کر اور بھی بلند ہو جاتا ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بہت سے اشعار رسمی ہیں ۔ اور چونکہ اس مضمون میں متقدمین و متوسطین نے اس قدر کہا ہے کہ اچھوتے مضمون پیدا کرنا اور کسی نئے خیال کا پیش

کرنا کچھ آسان نہیں ۔ اس لئے مرزا مجبور تھے کہ پرانے خیالات کو لفظوں کے رد و بدل سے نیا روپ دے دیں ۔ مرزا صاحب کے اشعار کی لفظی در و بست نہایت عمدہ ہے اور فرسودہ مضامین بھی جب ایک نئے رنگ میں ہمارے سامنے آتے ہیں تو ایک نئی بہار دے جاتے ہیں ۔ لیکن ایسے اشعار بھی ایک خاصی تعداد میں موجود ہیں جو بالکل جدید و نادر ہیں ۔ قارئین کی ضیافت طبع کے لئے چند ایک یہاں نقل کئے جاتے ہیں ۔

دوئی بے کفِ مردهٔ در رهش خودی دادگر شحنهٔ درگهش

اگر جلوه روشن در آواز خوش خم رنگ خوش پردهٔ ساز خوش

جهان جیست آئینه آگهی فضائی نظر گاه وجه اللهی
نه هر سو که رو آوری سوئے اوست خود آن رو که آوردهٔ روئے اوست

پوری حمد میں مرزا کا انداز ثناگوئی حکیمانہ ہے ۔ وہ اپنے قارئین کو خدا کی جھلک اس انداز میں دکھاتے ہیں کہ اسے چشم بصیرت اور نور عقل سے دیکھا جا سکے ۔ ان کے نزدیک اللہ کو عقلی طور پر سمجھنا اس لئے ضروری ہے کہ عقل اس نے پیدا ہی اس غرض کے لئے کی ہے کہ اسے پہچانا جا سکے ۔

بدانش ترا دیده‌ور کرده اند چراغی درین بزم بر کرده اند
خرد کز جهانیست پیشش خبر بنا شد ز عنوان خویشش خبر
نه بیند جز این هیچ بینندهٔ که ما را بود آفرینندهٔ

مرزا نے حمد میں اپنی نگاہ ژرف بیں کی بدولت علم و حکمت کے خوبصورت اور چمکدار موتی بکھیرے ہیں ۔ انہوں نے انسانی جذبات سے زیادہ انسانی عقل و ہوش کو خطاب کیا ہے ۔ اور خدا کے وجود اور اس کی یکتائی کو ایک سلجھے ہوئے انداز میں پیش کیا ہے ۔ آتش پرست، سورج کے پجاری، خدا کی تلاش میں جنگل جنگل پھرنے والے، بتوں کو سجدہ کرنے والے ان کے نزدیک سب ایک ہی معبود حقیقی کے پیرو اور متلاشی ہیں ۔ صرف فرق یہ ہے کہ وہ

نادانی کے باعث راستے میں کھو گئے ورنہ ان کا منتہائے مقصود وہی ہے جو ایک موحد خدا پرست کا ہے۔

نظر گاہ جمع پریشاں یکیست   پرستندہ انبوہ و یزداں یکیست
کدامی کشش کان اراں سوئے نیست   بد و نیک را جز بوے روئے نیست

مرزا کے نزدیک نالہ نے اور شور می سب اسی ذات ایزد کی بدولت ہے۔ وہ ذات جو روح کو عقل و دانش کے موتیوں سے آراستہ کرتی ہے وہ ذات جو دنیا کو ایک دستور پر قائم کئے ہوئے ہے۔ وہ ذات جو اپنے متلاشیوں کو اپنا راستہ دکھانی اور خوف زدوں کے غم اور خوف کو دور کرتی ہے۔ بادلوں کی اشک باری اور بجلی کی بے قراری سب اسی کے دم سے ہے۔ وہ دلوں کے بھید اور خاموش زبانوں کے رازوں سے واقف ہے۔ اس کی شراب الست کے ایک گھونٹ سے کائنات کا ہر ہر ذرہ رقص میں ہے۔ مناجاتی اس کی ہار ادا کر رہے ہیں۔ اور حرامی بھی اس کی پرستش میں مصروف۔ ہر ہونٹ اس کی تعریف میں نغمہ ریز ہے اور ہر سر اس کے خیال میں مست۔

پوری حمد کے مفہوم و مطالب کو بیان کرنا طوالت مضمون کو دعوت دینا ہے لہذا ہم حمد سے مناجات کی طرف اقدام کرتے ہیں۔

مرزا کی اس مثنوی میں ایک بات بڑے مزے کی ہے۔ اور وہ یہ کہ مثنوی کے ایک حصے کا اس کے دوسرے حصے سے گہرا ربط پایا جاتا ہے۔ اور وہ دو مختلف حصوں کو اس طرح مربوط کر دیتے ہیں۔ جس طرح ایک قصیدہ نگار تشبیب اور مدح کے اشعار کو۔ وہ حمد کے آخری چار شعروں ہی میں پتہ دے رہے ہیں کہ اب وہ مناجات شروع کرنے والے ہیں۔

چوں ایں جا رسیدم، ہمایوں سروش   بمن بانگ برزد کہ غالب خموش
بپاشید در لرزہ بندم ز بند   تپاں ہم چو بر روئی آتش سپند
چو از وی پزیرائے راز آمدم   مناجات را پردہ ساز آمدم
بساز نیایش شدم زخمہ ریز   بداں تا بدینساں کنم زخمہ تیز

مناجات: ہمارے خیال میں مرزا کی جملہ مثنویات میں عموماً اور اس مثنوی میں خصوصاً یہ حصہ ایک منفرد اور ممتاز حیثیت رکھتا ہے۔ مناجات

میں ھمیں وہ زور بیان اور جوش جذبات نظر آتا ہے کہ باقی حصے اس سے خالی ہیں ۔ در حقیقت مرزا اپنی نفسیاتی کیفیات کو اجاگر کرنے کی اس لاشعوری منزل میں تھے جہاں انکی رندی، بے باکی، طنز اور نک گونہ بے خودی خود بخود پھوٹی پڑتی ہے ۔ مناجات پڑھتے وقت یہ معلوم ہوتا ہے جیسے وہ ناکردہ گناہوں کی داد نہ ملنے پر فریاد کر رہے ہوں ۔ اور لطف یہ ہے کہ مناجات کے لئے انہوں نے حمد کی منزل سے قریب تر کوئی جگہ نہ پائی حالانکہ حمد کے بعد نعت پھر منقبت مثنوی کی قدیم روایت ہے ۔ لیکن یہ معلوم ہوتا ہے کہ غالب حمد کہتے کہتے اپنے خلوص اور جذبات کی الجھنوں میں پھنس گئے اور کچھ ایسے کھوئے کہ لب حمد گو نے ساز شکوہ و عذر آفرینی چھیڑ دئے ۔ اور سچ تو یہ ہے کہ وہ یہاں حمد سے زیادہ کامیاب ہوئے ہیں ۔ اور اس کا احساس انہیں خود بھی ہے ۔ دیباچہ میں اس کے متعلق لکھتے ہیں ۔

''بسا سخنہائے دلاویز و مہرانگیز گفتہ آمد وینہا در مناجات بہ شیوۂ ابداع بداں معنی رندانہ و قلندرانہ سخن سرودہ شد کہ سروشاں ہمی را لب از شور ہایا ہوئی نے خالہ زد ۔ ''[۲]

علامہ اقبال کے شکوہ اور مرزا غالب کی مناجات ساتھ ساتھ پڑھنے سے یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ اگر مسدس حالی نے علامہ کو متاثر کیا تھا ۔ تو مرزا کی مناجات بھی ضرور ان پر اثر انداز ہوئی ہوگی ۔ مناجات اور شکوۂ اقبال میں ایک طرح کی مماثلت نظر آتی ہے وہاں بھی خدا سے گلے اور شکوے ہیں اور یہاں بھی خدا سے شکائتیں اور طعن آمیز باتیں ہیں ۔ لیکن دونوں میں اتحاد مضمون ہوتے ہوئے بھی نقطہ نظر کا بڑا فرق ہے ۔ اقبال کا شکوہ ایک قومی احساس اور اجتماعی نظریہ کے تحت لکھا گیا ۔ بخلاف اس کے غالب کا شکوہ، جو مناجات کا سب سے اہم اور دلچسپ حصہ ہے بالکل ذاتی اور انفرادی خیالات و جذبات کا حامل ہے ۔ غالب کا شکوہ ایک شاعر کا شکوہ ہے ۔ رند کا شکوہ ہے ۔۔ اقبال کا شکوہ ایک فلسفی کا شکوہ ہے ۔ ایک قلندر کا شکوہ ہے ۔ غالب کے شکوہ کا مرکز اس کی ذات ہے ۔ اقبال کے شکوہ کا مرکز اس کی قوم اور ملت ہے ۔

---

۲ - غالب - مثنوی ناتمام موسوم بہ ابرگوہر بار (اکمل المطابع ۱۲۸۰ھ) صفحہ ۳

خطاب دونوں کا خدا سے ہے - دونوں کے لہجے میں تلخی آ گئی ہے - دونوں دربار الہی میں بے باکی سے گفتگو کرتے ہیں - اور بڑے بے تکلف دوست معلوم ہوتے ہیں -

اگرچہ ان تمام خصوصیات کو اچھی طرح واضح کرنے کے لئے پوری مناجات دیکھنے کے قابل ہے - لیکن ہم انتخاب پر اکتفا کرتے ہیں -
آغاز مناجات ملاحظہ ہو -

خدایا زبانے کہ نحسیدۂ	بہ نیروئی جانے کہ بخشیدۂ
دما دم بہ جنبش گراید ہمی	ز راز تو حرفی سراید ہمی
نہ آخر سخن را کسائس ز تست	نہ تا بود چندیں تپائس ز تست
چہ باشد حسن پردہ ہا ساختن	سگالی سحر پردہ انداختن
بدیں روئے روشن نقاب از چہ رو	چو کس جز تو نبود حجاب ازچہ رو

مناجات کا ابتدائی حصہ تمہید کی حیثیت رکھتا ہے اور توصیف و تمجید پر مشتمل ہے - تمام شعروں میں ایک خاص انداز میں خدا کی بزرگی اور برتری بیان کی گئی ہے اب اگر ایک عام شاعر ہوتا تو تمجید کے بعد فوراً اپنی گذارشات کو بیان کرنا شروع کر دیتا - لیکن ہمارا شاعر محض موزوں فکر نہیں بلکہ فن کار ہے وہ اپنے قاری و سامع کی ذہنی کیفیات کو پیش نظر رکھتا ہے - وہ جانتا ہے کہ انسانی ذہن کے سامنے اگر رنگینی، طرفگی اور تنوع نہ ہو تو وہ بور ہو جاتا ہے - حکایت دراز وہی کامیاب ہو سکتی ہے جو لذیز بھی ہو - اور ایک اچھے فن کار کی یہ خصوصیت ہوتی ہے کہ وہ اپنے تیشہ فن سے فکر کے بے ستون کاٹ کر دلکشی کے چشمے نکالتا اور کیف آور مناظر تیار کرتا ہے - جسے دیکھ کر اکتاتا ہوا کیجا نگاہ ناظر دنگ اور زبان نقاد واہ واہ کرنے لگتی ہے - کسی سپاٹ کہانی اور رنگین قصہ میں یہی تو فرق ہوتا ہے - قصہ بجائے خود کوئی حقیقت نہیں رکھتا - یہ ایک فنکار کا قلم ہے جو اس میں خوبی پیدا کرتا ہے - ایک دلچسپ اور دلفریب کہانی ایک انجان قصہ گو کے ہاتھ میں آکر بے مزہ اور سپاٹ ہو جاتی ہے اور ایک عام اور فرسودہ بات ایک فن کار شاعر یا انشا پرداز کے ہاتھوں بامزہ اور پرکیف صورت اختیار کر لیتی ہے -

بالکل یہی بات پیش نظر مناجات میں ہے ۔ دعا ہر آدمی کرتا ہے عام انسان بھی اور شاعر بھی ۔ داستان گو بھی اور انشاپرداز بھی ۔ لیکن ہر ایک اپنے اپنے مخصوص انداز اور مرعوب رنگ میں۔ پھر مناجات ایک ایسی چیز ہے جو ہر شخص کی ذات خاص سے تعلق رکھتی ہے ۔ اس میں جامعیت اور دلچسپ ہمہ گیری پیدا کرنا کوئی آسان کام نہیں ۔

مرزا غالب ان سب باتوں کو ذہن میں رکھتے ہیں ۔ ان کی طبعیت رواں ہے ۔ خیالات میں جولانی ہے ۔ ذہن جوش سے ابلا پڑتا ہے ۔ وہ ایک آتش بازی کے انار کی طرح گندھک اور پٹاس سے نہیں بلکہ دکھوں اور دردوں سے بھرے پڑے ہیں ان کی ہزاروں خواہشیں ایسی ہیں جو شرمندۂ تکمیل نہ ہو سکیں ۔ سیکڑوں تمنائیں گردش ایام کی نذر ہو گئیں ۔ وہ دل میں حسرتوں کا طوفان لئے ہوئے ہیں ۔ انہیں اپنے گناہوں کا اعتراف بھی ہے ۔ وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ عمر بھر کوئی نیکی کا کام نہ ہوا۔ حشر کے میدان کا خیال آتا ہے تو روح کانپ جاتی ہے ۔ ایک طرف دوزخ ہے ۔ دوسری طرف جنت اور ادھر حضرت غالب جو دوزخ سے خائف لیکن جنت سے غیر مطمئن ، خالص زمینی اور ارضی انسان ۔ دنیا اور اس کی لذتوں کے مائل ۔ دنیوی حسن کے عاشق ۔ یہاں کے مہ وشوں کو حوران بہشتی پر ترجیح دینے والے !

ان سب باتوں کو ذہن میں رکھئے اور ذرا تصور فرمائیے کہ غالب مناجات کو کس انداز میں پیش کریں کہ اپنے دل کا غبار بھی نکال لیں ۔ طبعیت کا بوجھ بھی ہلکا کر لیں ۔ علم و بصر خدا کے سامنے ایک دفعہ اپنے تمام گلے اور شکوے بھی بیان کر دیں اور اس پہ مستزاد یہ کہ دوزخ سے بھی چھٹکارا حاصل ہو جائے ۔ جنت انہیں ملے یا نہ ملے اس کی انہیں کچھ ایسی پرواہ نہیں !

حکایت: غالب ایک طرف تو قاری کے ذہن کو مصروف رکھنا چاہتے ہیں ۔ اور دوسری طرف خدا کو ایک کہانی اور ایک تمثیل سنا کر اپنی بخشش کروانا چاہتے ہیں ۔ وہ عام سائلوں کی طرح سوال کرنا نہیں جانتے۔ بلکہ ایک فن کار کی طرح اپنی بات اور حاجت ''در حدیث دیگراں،، بیان کرنے کے عادی

هں ۔ چنانچه وه ایک حکایت شروع کر دیتے هیں ۔ یہاں یه عرض کر دینا مناسب هوگا که اس حکایت سے جہاں وه قاری کی دلچسپی کی برقراری اور اس کی ذوق تسکین اور اپنی مطلب برآری کو ملحوظ رکھتے هں ۔ وهاں وه شعوری طور پر اپنے زور بیان کی داد حاصل کرنے کے بھی درپے هیں ۔ فردوسی کی تقلید میں اس کا خاص انداز اپنا کر اپنی قدرت بیان اور ندرت ادا کا خراج تحسین حاصل کرنے کے متمنی هں ۔ حکایت کا آغاز ان اشعار سے هوتا هے ۔

شنیدم که شاهی دریں دیر ننگ　　ز پهلو بروں راند لشکر بجنگ

گزیں شهسواراں عناں بر عناں　　سهیں نیزه داراں سناں بر سناں

به پیچش ز چرمیں عناں هائے سخت　　زحل را بدلو اندروں پاره رخت

ملاحظه فرمائیے غالب موقع کی مناسبت سے ایسے الفاظ لاتے هیں جن سے صوتی اعتبار سے ایک دبدبه اور هیبت ظاهر هوتی هے۔ مثلا سهیں ، گزیں ، اورنگ ، لشکر بجنگ ، نیزه دار ، عناں هائے سخت ، بدلو ، افسر ، وغیره ۔ اس حکایت کا خاکه یه هے که ایک بادشاه اپنے دشمن سے نبرد آزما هونے کے لئے ایک عظیم‌الشان فوج کو ساتھ لیکر روانه هوتا هے ۔ اور اپنے حریف پر فتح حاصل کرتا اور ایک فیاض فاتح کی طرح تمام مال غنیمت لشکریوں میں بانٹ دیتا هے ۔ واقعه نگاری اور منظر نگاری مرزا کے لئے مقصود بالذات تھی یا نہیں لیکن یہاں اس قسم کے اچھے نمونے ضرور نظر آ رهے هیں ۔ مثلا لشکریوں کے نیزوں کی قلمی تصویر ملاحظه فرمائیے

بجنبش ز رخشاں سنانهائی تیز　　بروی هوا نور خور نور ریز

یعنی ایک تو نیزوں کی چمک اور پھر ان کی تیزی که نور خورشید پاره پاره هوا جاتا هے ۔ یہاں تشبیه مرکب نے شعر کو ڈھلکتا موتی بنا دیا هے ۔

بادشاه فتح کے نشے میں سرشار ملک کو واپس لوٹتا هے اور دستور کے موافق آگے آگے ایک قاصد کے هاتھ یه حکم بھیجتا هے که فتح کی خوشی میں شہر میں چراغاں کیا جائے ۔ شہر کی آراستگی کا منظر مرزا کے فنکارانه موئے قلم کا مرهون منت هے ۔

هم از شام مشعل بر افروختند   امیناں به کوشش نفس سوختند
به مہتاب شستند سیائے خاک   فشاندند پرویں به دیبائے خاک

دیکھئے زمین کی پسائی کو چاند سے دھونا اور پھر خاک رشم پر پرویں کی پچی کاری کیسا لطیف اور اچھوتا خیال ہے ۔

به بازارها سو بسو صف بصف   به پیرایه بندی کشودند کف
ز هر پرده نقشے بر انگیختند   بهر گوشه چینی در آویختند
بداں گونه آئینه‌ها ساختند   که بینندگاں چشم و دل باختند
سحرگاه چوں داد بار آفتاب   ز هر گوشه سرزد هزار آفتاب

بازاروں کو آئینوں سے مرصع کرنا اور پھر طلوع آفتاب نہیں بلکه بار آفتاب کے وقت ہزاروں آفتابوں کا طلوع اور جلوہ آرائی کتنی عمدہ نسبه اور نازک خیال ہے ۔ یہی نہیں بلکه راستوں کی سجاوٹ کے لئے سمندروں سے سیپیاں اٹھ اٹھ کر کناروں پر موتی بکھیر رہی ہیں ۔ اور زمیں اپنے جوش سے اپنی کانوں میں چھپے ہوئے جواہر اگل رہی ہے ۔ مرزا نے الفاظ کے جادو سے منظر کو آئینه خانه بنا دیا ہے ۔ سارا شہر دلہن کی طرح آراسته ہے ہر شخص خوش اور مسرور ہے ۔ ہر طرف مسرتوں کے قہقہے بلند ہو رہے ہیں اور خوشیوں کے پھول مسکرا رہے ہیں ۔ لیکن ایسے میں ایک گوشه ایسا بھی ہے جہاں کچھ قیدی کھڑے ہیں ۔ مرزا نے ان قیدیوں کی مرقعه نگاری خوب کی ہے ۔ ملاحظه فرمائیے ۔

گروہے ز بےمایه زندانیاں   علی‌الرغم نوکسه سامانیاں
بر اجزائے تن جا بجا بند سخت   بهر بند لختے ز بن لخت لخت
نفس گرم شغل حراغاں ز آه   ز گرمی خس و خار سوزاں براه

اتنے میں بادشاہ شہر کا چکر کاٹتا پوری شان و شوکت اور جاہ و جلال کے ساتھ ان خونی جگر اور خسته حال لوگوں کے پاس آنکلتا ہے ۔ جونہی یہ قیدی بادشاہ کو دیکھتے ہیں اپنے آنسوؤں کے موتی اس پر نچھاور کرنے اور اپنی خون شدہ حسرتوں کے یاقوت دل کے خوانوں میں سجا کر پیش کرتے ہیں ۔

ز اشک فرو خوردہ مشتی گہر ملک را فشاندند بر رہگذر
ز خون گشتہ پنہاں ہوسہائے خویش کشیدند خوانہائے یاقوت پیش

بادشاہ ان کی اس بے کسی اور پریشانی کی حالت سے بہت متاثر ہوتا ہے اور ان پر رحم کھا کر ان کی رہائی کا حکم دے دیتا ہے اور انہیں لعل وجواہر عطا کرتے ہوئے کہتا ہے کہ یہ خستہ دل لوگ بھی تو آخر میرے ہی ہیں -

که اینان جگر خستگان من اند به آهن فروستگان من اند
لباس از گلیم و زر از آهن است گر آهن ز من ور گلیم از من است
نیا ورده اند آنچه آورده اند زمن برده اند آنچه آورده اند
ازآن روکه در تب ز تاب من اند هماں ذرهٔ آفتاب من اند

یہاں آکر یہ حکایت ختم ہوجاتی ہے اور مرزا کی التجا اس خدا سے شروع ہوتی ہے جو اس جیسے ہزاروں رحم دل بادشاہوں کا خالق ہے جو اس جذبہ رحم و کرم کا پروردگار اور بے شمار خونی جگروں کا واقف اسرار ہے -

اعتراف گناہ : چنانچہ وہ خدائے قدوس سے عرض کرتے ہیں -

تو نیز اے که هر چیز و هر کس ز تست بهار و خزاں و گل و خس ز تست

آگے کہتے ہیں کہ اے خدا جب میدان حشر میں سب لوگ تیرے حضور میں جمع ہوں اور اپنی نیکیوں پر مفتخر اپنے اپنے اعمال کے درہائے شہوار تیرے سامنے پیش کریں تو اس ہنگامے میں شرم کے مارےاور خستہ دل لوگوں کے گروہ میں ایک میں بھی ہونگا جس نے ساری عمر رنج و مصیبت میں بسر کی یہاں مرزا کی اپنی خستہ حالی کا بیان خود انہی کے الفاظ ہیں سنیے !

در آن حلقه من باشم و سینهٔ ز غمهائے ایام گنجینهٔ
در آب و در آتش بسر بردهٔ زدشواری زیستن مردهٔ
تن از سایهٔ خود به بیم اندروں دل از غم به پهلو دو نیم اندروں
ز ناسازئی و ناتوانی بهم دم اندرکشاکش زپیوند دم

اس کے بعد غالب اپنی بخشش کی درخواست پیش کرتے ہیں - جو رندانہ عاجزی، پر اعتبار ناز اور ایک لطیف طنز کا دلچسپ مرکب ہے - کہتے ہیں

به بخشائے بر ناکسیهائے من   تهی دست و درمانده ام وائے من
مدوش ترازو منه بار من   نسنجیده بگزار کردار من
بکردار سنجی میفزائے رنج   گر انباری درد عمر بسنج

کیونکه ع "مرا مایه عمر رنج است و درد"۔ کس حسرت بھرے لہجے میں مرزا نے یه مصرعه کہا ھے جو انکی پوری داستان حیات کا غماز ھے ۔ پھر کہتے ھیں که میں تو دم سرد کی وجه سے منطقه زمہریر ھوں ۔ اور آگے دیکھئے کس بھول پن سے چھٹکارا حاصل کرنے کی تجویز پیش کرتے ھیں

به پرسش مرا درهم افشرده گیر   پر کاه را صرصر برده گیر
پس آنگه بدوزخ فرستاده داں   درآتش خس از باد افتاده داں

مرزا کہتے ھیں که مجھے قیامت کی بازپرس سے مستثنٰی رکھ اور یه سمجھ لے که مجھ سے بازپرس ھو چکی اور ایک پرکاہ کو باد صرصر لے اڑی اور یه فرض کرے که میں دوزخ میں بھیجا جا چکا اور ھوا سے ایک تنکا دھکتی آگ میں گر چکا ۔

عذر گناہ : مرزا کہتے ھیں که اگر مجھ سے باز پرس کرنا ضروری ھے تو پھر اے خدا مجھے بھی صفائی کا موقعه دے ۔ اب تک تو غالب مناجات کے صرف ایک پہلو پر ھی زور دے رھے تھے ۔ یعنی یه که بغیر حساب کتاب کے ھی چھٹکارا ھو جائے لیکن جب اس طرح سے چھٹکارا ھوتا نظر نہیں آتا تو پہلو بدل کر اپنی صفائی کے لئے آگے بڑھتے ھیں ۔ اب وہ محض ملزم نہیں رھتے بلکه ملزم کے ساتھ ساتھ وکیل بھی بن جاتے ھیں ۔ انداز میں شوخی پیدا ھوجاتی ھے ۔ گذارش کا لہجه گستاخی میں تبدیل ھونا شروع ھو جاتا ھے ۔ اب اپنی صفائی میں وہ گلے بھی کریں گے اور شکوے بھی ۔ اپنی بے بسی اور قدرت کی ستم ظریفی یه سب چیزیں بیان ھوکر رھینگی ۔ لیکن لطف یه ھے که وہ اس بحث اور شکوے کے لئے بھی طاقت گفتار کی درخواست خدا ھی سے کرتے ھیں ۔

مرا نیز یارائے گفتار ده   چوگویم بر آں گفته زنہار ده
دریں خستگی پوزش از من مجوئی   بود بندۂ خسته گستاخ گوئی

دل از غصه خوں شد نهفتن چه سود چو تا گفته دانی نه گفتن چه سود،
زباں گرچه من دارم اما ز تست به تست ار چه گفتارم اما ز تست

حسرتوں کی فہرست : اس کے بعد عرض کرتے ہیں کہ تو جانتا ہے کہ
کہ نہ میں کافر ہوں نہ سورج کا پجاری اور نہ بت پرست
نہ میں ڈاکو ہوں نہ قاتل۔ ہاں ایک عیب مجھ میں ہے کہ شراب
پیتا ہوں۔ اور یہی باعث ہے میری زندگی کے بقا کا۔ میں غم‌زدہ ہوں اور شراب
غم ربا ہے۔ اگر شراب نہ پیوں تو کیسے جیئوں اگر تجھے شراب اور عیش و
وعشرت کا حساب و کتاب لینا ہے تو جمشید سے لے۔ بہرام سے لے۔ پرویز سے لے
نہ کہ مجھ سے کہ جس نے کبھی کبھار بھیک مانگ کر شراب سے اپنا منہ
کالا کیا۔ بھلا ایسی شراب نوشی کا محاسبہ چه معنی دارد۔ جس میں نہ شراب خانہ
میسر ہو ، نہ گل و گلشن ہو ، نہ محبوب ہو اور نہ محفل رقص و سرور ــــ
اور پھر ایسی شراب جو رات کو پی تو صبح کو اس کے عوض خون جگر کی قربانی
دینا پڑی ـــ ہائے بادہ نوش معشوقہ کی تمنا اور شراب فروش کے تقاضائے دام ـــ
کیا بتاؤں کہ یہ عمر عزیز کس طور بسر ہوئی۔ بہتیرے دن بغیر معشوق کے
گذرے اور کتنی بہاریں بلا شراب کے بسر ہوئیں۔ متعدد برساتیں اور چاندنی راتیں
شراب و شاهد کی عدم موجودگی میں کٹیں۔ ہائے وہ کیا حسرت بھرے دن تھے
کہ آسمان پر کبھی بدلیاں ہوتی تھیں اور کبھی چاند اور میرا جام ان دونوں
وقتوں میں خالی ہوتا تھا۔ وہ کیسی بہاریں تھیں کہ جن میں، میں نان و نفقہ
کے لئے ترسا کرتا تھا۔ دنیا گل ولالہ سے مزین اور رنگ و بو سے دلاویز ہوتی تھی
اور میں اپنے حجرہ میں پڑا کڑھا کرتا تھا۔ ان عیش کے ہنگاموں میں مجھے
رقص بسمل کے سوا کچھ حاصل نہ تھا۔ اور یہ بھی خواہش دل کی مقدار کے
مطابق نصیب نہ ہوا۔ بھلا یہ بھی کوئی نصیب تھے کہ اگر بغیر شراب کے
تڑپا تو جان گئی اور اگر شراب میسر آئی تو پیالہ ٹوٹ گیا ـــ اے خدا تو میری
شراب آلود گدڑی دیکھ کر کیا کرے گا۔ میرا شراب کی ٹوٹ میں ٹوٹا ہوا جسم
دیکھ لے ـــ عمر بھر ہمسایوں سے نہ بنی۔ کم مایہ لوگوں سے بھیک مانگتا رہا۔
نالائقوں کے احسان تلے دب کر رہ گیا۔ تو نے مجھے ساری عمر بے نوا رکھا۔

اور اسی وجہ سے میرا دل گرفتار تمنا رہا۔ یہی باتیں غالب کے چیدہ چیدہ شعروں میں سنیئے تا کہ شراب دوآتشہ کا لطف پیدا ہو۔

ہمانا تو دانی کہ کافرنیم	پرستار خورشید و آذر نیم
نکشتم کسے را بہ اهریمنی	نبردم ز کس مایہ در رہزنی
بگرمی کہ آتش بگورم ازوست	بہنگامہ پرواز مورم ازوست

"آتش بگورم ازوست، اور "پرواز مورم ازوست، منتہائے بلاغت ہے۔ نشہ شراب سے جو عارضی نشاط اور امنگ پیدا ہوجاتی ہے اس کو پرواز مور سے بہتر کسی استعارے میں بیان کرنا ممکن نہیں۔ کیونکہ جس طرح چیونٹی کی پرواز اس کی موت کی علامت ہے اسی طرح نشہ شراب کا عارضی نشاط آخر کار موجب ہلاکت ہوتا ہے،،(۱)

من اندوہ گیں و می اندوہ ربائی	چہ میگردم اے بندہ پرور خدائی
حساب می و رامش و رنگ و بوئی	ز جمشید و بہرام و پرویز جوئی
نہ از من کہ از تاب می گاہ گاہ	بدریوزہ رخ کردہ باشم سیاہ
نہ بستانسرائے نہ می خانہ	نہ دستانسرائے نہ جانانہ
نہ رقص پری پیکراں بر بساط	نہ غوغائے رامشگران در رباط

غالب کا زمزمہ شکایت ابھی ختم نہیں ہوا۔ اب جب بات چل نکلی ہے تو پھر کیوں نہ وہ دل کی ساری بھڑاس نکال لیں۔ چنانچہ وہ کہتے ہیں کہ تو نے مجھے کون سی بادشاہی بخشی تھی کہ مجھ سے حساب کتاب مانگ رہا ہے۔ اور کون سے تو نے مجھے سونے سے لدے ہوئے ہاتھی دئے کہ جب ہاتھی آتے تو میں سونا چاندی فقیروں میں بانٹ دیتا(۲) پھر وہی معشوق کا حسرت سے ذکر کرتے اور کہتے ہیں۔

بداں عمر ناخوش کہ من داشتم	ز جاں خار در پیرہن داشتم
چودل زین ہوسہا بجوش آمدی	زدل بانگ خونم بگوش آمدی

۱۔ حالی — یادگار غالب صفحہ ۳۲۔

۲۔ ظہوری کے متعلق کہا جاتا ہے کہ جب اس نے ساقی نامہ پیش کیا تو جواہرات سے لدا ہوا ہاتھی انعام میں پایا یہاں غالباً اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

هنوزم ہماں دل بجوش اندرست | ز دل بانگ خونم بگوش اندرست
چوں آں نامرادی بیاد آیدم | بفردوس هم دل نیا سایدم
دلی را که کمتر شکیبه به باغ | در آتش چه سوزی نسوزنده داغ
صبوحی خورم گر شراب طهور | کجا زهرۂ صبح و جام بلور
دم شبرو یہائے مستانه کو | ہہنگامه عوغائے مستانه کو

جنت پسند نہیں : مرزا غالب کا بیان یہاں ختم نہیں ہو جاتا بلکه وه رندانه شوخی اور انتہائے جرأت سے آگے بڑھتا ہے اور اس بہشت پر بھی ہل پڑتا ہے جس کی خاطر لوگ عمر بھر عبادتیں کرتے ہیں ۔ چنانچه مرزا کہتے ہیں که اس سپاٹ پاکیزه شراب خانے یعنی جنت میں ہاؤ وہو کی گنجائش کہاں ہوگی اور وه مے خانه کیا جس میں ناؤ نوش کا ایک ہنگامه اور پکڑ دھکڑ نه ہو۔ وه ابرو باراں کی سیه مستی کہاں ہو گی ۔ جس باغ میں خزاں نه ہو وہاں بہار بے کیف ہوتی ہے ۔ جس حور کے متعلق غم ہجرنه ہوگا۔ دوق وصال کہاں سے آئے گا۔ ان جانے پہچانے معشوق سے محبت کیا مزه دے گی ۔ اور ایسا وصل کتنا بے لطف ہوگا جس میں انتظار کی لذت نه ہوگی۔

غالب کہتے ہیں ہمیں تو ایسے محبوب کی تمنا ہے جو دم بوسه گریز کرے اور قسمیں کھا کھا کر فریب دے ۔ غالب کسی شوخ وشنگ محبوب کے متمنی ہیں نه که ایسے معشوق کے جو فرماں بردار ہو اور تلخ گوئی کی بھی مجال نه رکھتا ہو اب غالب کھل کھیلے ہیں ۔ ان کا بیان ابتدال کی حدوں کو چھوتا ہوا آگے بڑھتا ہے ۔ وه کہتے ہیں که آنکھیں لڑانا، نظر بازی اور ذوق دیدار بھلا بہشت میں کہاں میسر آئے گا ۔ وہاں تو روزن دیوار ہی نہیں ہوگا وه دلاله کی چشم آرزومند اور ماه پرکاله کا دل تشنه بہشت میں کہاں نصیب ہونگے۔

در آں پاک مے خانه بے خروش | چه گنجائی شورش نائی و نوش
سیه مستی ابر باراں کجا ؟ | خزاں چو نباشد بہاراں کجا ؟
اگر حور در دل خیالش که چه ؟ | غم هجر و ذوق وصالش که چه؟
چه منت نہد ناشناسا نگار ؟ | چه لذت دهد وصل بے انتظار ؟

گریزد دم بوسہ اینش کجا ؟ فریبد بہ سوگند وینش کجا ؟
نظر بازی و ذوق دیدار کو ؟ بفردوس روزن بہ دیوار کو ؟
نہ چشم آرزومند دلالہ ! نہ دل تشنہ ماہ پر کالہ !

غالب کا بہشت کے متعلق یہ نظریہ ان کے اردو شعروں میں بھی بیان ہوا ہے اور یہ نظریہ بڑا دلچسپ ہے - کہتے ہیں

جس میں لاکھوں برس کی حوریں ہوں ایسی جنت کو کیا کرے کوئی

ستائش گر ہے زاہد اس قدر جس باغ رضواں کا
وہ اک گلدستہ ہے ہم بے خودوں کے طاق نسیاں کا

واعظ نہ تم پیو نہ کسی کو پلا سکو کیا بات ہے تمہاری شراب طہور کی
ہمکو معلوم ہے جنت کی حقیقت لیکن دل کے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ہے
وہ چیز جس کے لئے ہو ہمیں بہشت عزیز سوائے بادۂ گلفام و مشکبو کیا ہے

غالب نے اس قسم کے خیالات وجذبات کا اظہار اپنے خطوط میں بھی کیا ہے چنانچہ وہ لکھتے ہیں -

"میں جب بہشت کا تصور کرتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ اگر مغفرت ہوگئی اور ایک قصر ملا اور ایک حور ملی - اقامت جاودانی ہے اسی نیک بخت کے ساتھ زندگانی ہے - اس تصور سے جی گھبراتا ہے اور کلیجہ منہ کو آتا ہے - ہے ہے ! وہ اجیرن ہوجائے گی - طبیعت کیوں نہ گھبرائے گی - وہی زمردین کاخ - وہی طوبیٰ کی ایک شاخ - چشم بد دور - وہی ایک حور (۱) "

بہشت کے متعلق ان خیالات کا اتنے مواقع پر اظہار محض سرسری اور سرا ہے قسم کی چیز نہیں ہوسکتی بلکہ ان کی تہ میں غالب کا ذہن پوری طرح بے نقاب ہوتا نظر آتا ہے -

علم نفسیات کی رو سے جنت اس دنیا سے مایوس لوگوں کے لئے ایک سہارا کی حثیت رکھتی ہے - جنت عوام کی ان آرزوؤں کا خواب ہوتی ہے جو ان کی دنیوی زندگی میں شرمندہ تکمیل نہ ہوسکی ہوں - جب اس دنیا میں ہماری خواہشات بر نہیں آتیں تو ہم اس امید پر جئے جاتے ہیں کہ چلئے بہشت میں

---

(۱) - غالب - عود ہندی - خط بنام مرزا حاتم علی مہر ص ۱۱۴

ان چیزوں سے بہتر چیزیں هاتھ آ جائیں گی ۔ لیکن غالب ایک حقیقت پسند انسان هیں ۔ وہ جن چیزوں سے اس دنیا میں محروم رهے اور جن خواهشات کے ارمان میں وہ یہاں تڑپتے رهے وہ انھیں جنت میں بھی پوری هوتی دکھائی نہیں دیتیں وہ یہاں کسی ستم پیشہ ڈومنی کی یاد میں تڑپتے رهے اور کسی نظر باز شوخ و شنگ محبوبہ کو ترستے رهے ۔ اب جب وہ جنت کے محبوب کا سہارا لینے کی کوشش کرتے هیں تو ان کے ذوق محبت کی تسکین نہیں هوتی ۔ جنت میں تو هوس کالعدم هوگی اور مرزا ٹھیرے خالص زمینی هوس کے بندے ۔ وہ دنیا کو واقعاتی رنگ میں دیکھنے کے قائل هیں ۔ خیالی یا روحانی دنیا سے انہیں کوئی واسطہ نہیں ۔ دنیا کی شراب انہیں جی بھر کر پینا نصیب نہ هوئی وہ جنت کی شراب طہور کی آس میں کس طرح مطمئن هوجائیں وہ بے کیف اور کم تلخ شراب کے قائل نہیں هیں ۔ ان کا ایک شعر ہے

تا بادہ تلخ تر شود وسینہ ریش تر
بگدازم آبگینہ و در ساغر افگنم

غالب کے بہشت کے متعلق یہ خیالات اس وجہ سے بھی هو سکتے هیں کہ جنت ایک لالچ ہے جو لوگوں کی عبادت کا مقصود اور مرکز قرار پا گیا ہے اور جس سے عبادت کا اصل خلوص اور جوهر جاتا رهتا ہے ۔ بے لوث عبادت کے متعلق مرزا کا مشہور شعر ہے

طاعت میں تا رہے نہ مے و انگبین کی لاگ
دوزخ میں ڈال دو کوئی لے کر بہشت کو

لیکن اس سے کہیں زیادہ وہ هوس ارضی ہے جس کا اظہار مثنوی کے مندرجہ بالا اشعار میں هوا ہے ۔ اگر غالب اس دنیا میں اس قدر محروم و مایوس نہ رهتے تو شاید بہشت کے متعلق ان خیالات میں یہ تیزی اور تلخی نہ هوتی ۔

نظریہ حیات و نظریہ محبت : مثنوی کے اس حصہ سے همیں مرزا کے نظریہ حیات اور نظریہ حسن و عشق کے بارے میں خاصا مواد ملتا ہے ان کا نظریہ حیات "بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست" کے محور کے گرد گھومتا ہے ۔ وہ زندگی سے لطف اندوز اور متمتع هونے کے قائل هیں ۔

وہ شراب کے شیدائی ہیں - مے شانہ کے، بدمستی کے، ہائی و ہو کے، ناؤ نوش اور ہنگاموں کے - وہ شراب طہور سے کہیں زیادہ شراب خانہ ساز اور وسکی کے معتقد ہیں - وہ ایک نازن، پرہیزگار حور سے بڑھ کر ایک چالاک، ہوشیار اور نظرباز نازنین کے قائل ہیں - وہ نسوانی حسن کے دلدادہ ہیں - انہوں نے بہشت کے ذکر میں حور کا تذکرہ کئی مرتبہ کیا ہے لیکن غلمان کا نام ڈھونڈے بھی نہ ملے گا - وہ ایرانی شعرا کی طرح ترک شیراز کے عاشق نہیں - ان کے عشق میں ہوس کا عنصر نمایاں ہے - ان کی محبت کی بنیاد ہوس کی اینٹوں اور لذت کے گارے سے رکھی گئی ہے - وہ رقص و سرور اور ناچ رنگ کے دلدادہ ہیں چاندنی راتیں اور حسین برساتیں انہیں بیتاب کر دیتی ہیں -

غالب ابھی عدالت محشر میں بیان دے رہے ہیں - لیکن اب ان کا جوش ٹھنڈا پڑ گیا ہے - ان کے دل کی ساری بھڑاس نکل چکی ہے - وہ یہ بھی جانتے ہیں کہ یہ دربار الٰہی ہے - یہ تو محض ان کا کرم تھا کہ غالب کو اتنا کچھ کہنے کی اجازت ملی - ورنہ کہاں غالب اور کہاں ذات ایزد - اب وہ پھر لوٹ کر وہی لب و لہجہ اختیار کرنا چاہتے ہیں جس سے انہوں نے ابتدا کی تھی - وہ اپنے پورے حقوق جتانے اور تمام دلائل مہیا کرنے کے بعد اپنی اپیل کے آخری حصہ میں "رحم" اور "ہمدردانہ غور" کی استدعا کرتے ہیں - اور آخری شعروں میں اس ساری تندی و تیزی کو دھو دینا چاہتے ہیں -

نعت : اس مثنوی میں نعت کا حصہ بھی تقریباً اسی قدر ممتاز ہے جس قدر کہ مناجات - فرق صرف یہ ہے کہ وہاں شوخی سے کلام میں جو دلچسپی اور رعنائی پیدا ہو گئی ہے وہ یہاں بہت کم ہے - مرزا ایک رند مشرب انسان تھے وہ اس اصول کے قائل تھے کہ "با خدا دیوانہ باش و با محمد ہشیار"، چنانچہ نعت میں وہ انتہائے ادب کو ملحوظ رکھے ہوئے ہیں تمام اشعار میں عقیدت، محبت اور عشق کے جذبات نمایاں ہیں - پہلے نو شعر تمہید میں لکھے ہیں اور اس کے بعد سرور کونین کی توصیف اور مدح شروع ہوتی ہے - یہاں بعض اشعار میں مرزا نے بالکل اچھوتے مضمون پیدا کئے ہیں -

بے آنکہ او را ببوسد قدم — لب آوردہ یثرب ز زمزم لبم
بلندی دہ کعبہ بالائے او — گرامی کن سجدہ سیمائے اوٗ
ز خو نیکہ در کربلا شد سبیل — ادا کرد وام زماں خلیل
کہ با گردش چرخ نیلوفری — بود سبز جائش بہ پیغمبری

بیان معراج: مثنوی کا یہ حصہ ۸۰ ۲ اشعار پر مشتمل ہے اور ضخامت کے اعتبار سے طویل تریں ہے۔ اس حصہ کے بارے میں خود مرزا کی رائے ملاحظہ فرمائیے۔

" در بارۂ معراج عروج فکر آں پایہ یافت کہ سخن از جائیکہ می رفت هم بدانجا رسید،، (۱) لیکن در اصل یہ موضوع مرزا کے بس کا نہیں تھا۔ یہاں نظامی ایسے حکیم کا دھن چاھئیے تھا۔ مرزا فلسفہ کےطالب علم نہیں تھے۔ نہ انہیں افلاک کے فرق و التیام کی بحث کا علم تھا۔ پھر بھی انہوں نے بساط بھر دقت نظر سے کام لیا ہے۔ اور اپنی همت بھر کامیاب ہوئے ہیں۔ اور بعض شعر بہت اچھوتے کہے ہیں مثلاً۔

چناں گشتہ سرتاسر اجزائے خاک — فروغانی و روشن و تابناک
کہ گوئی مگر مہر زیر زمیں — فروزاں فوہ بود و پشت نگیں

یعنی خاک کے ذرے اس رات میں اس قدر روشن اور چمک دار تھے کہ یوں معلوم ہوتا تھا کہ سورج زمیں کے نیچے اس طرح ہے جس طرح انگوٹھی کے نگ کے نیچے ڈاک۔ ملاحظہ فرمائیے کیسی نادر اور اچھوتی تشبیہ ہے۔

ایک اور شعر بڑے مزے کا ہے۔ فرماتے ہیں۔

شدہ چشم اعمی دراں جوش نور — تماشا گر حال اهل قبور

یعنی اندھے کی آنکھ اس رات جوش نور کی بدولت اتنی روشن ہوگئی کہ وہ زندوں کے حال سے تو درکنار مردوں تک کے حالات کا تماشا کرنے لگی۔

---

۱ - غالب - مثنوی ابر گہر بار (اکمل المطابع) صفحہ ۳

مرزا نے ابتدائی ۲۹ شعروں میں اس رات کے حسن، روشنی اور چمک دمک کی تعریف بیان کی ہے اور واقعی بیان کا حق ادا کر دیا شب معراج کی تعریف کے بعد حضرت جبرئیل کا تعارف کراتے ہیں

مہین پردہ دار در کبریا کشا ئندۂ پردہ بر انبیاء
ہمایون ہمای پیام آورے آوردن نامہ نام آورے
روان و خرد را روانی بدو نبی را دم رازدانی بدو
امینی نخستین خرد نام او ز سر جوش نور حق آشام او

جب حضرت روح الامین سرور کونین کو پیغام ربانی دیتے ہیں تو غالب اسے یوں ادا کرتے ہیں۔

بہ دور نو شد لن ترانی کہن فصاحت مکرر نسنجد سخن
ترا خواستگار است یزدان پاک هر آئینہ از لن ترانی چہ باک
ز امن چہ گوئی کہ راہ ایمن است ستمگر بر شو کہ شب روشن است

براق کی تعریف میں مرزا نے بعض بہت عمدہ شعر کہے ہیں ۔

ستائش برفتار زان حد گذشت کہ تا گوئی آید ز آمد گذشت
سبک خیزیش خندہ زن بر نسیم کہ در جنبش انگیزد از گل شمیم
ز ساق و سمش گر بہ بزم مدام کنی ساز تشبیہ مینا و جام
نباشد شگفت ار بدیدن رسد کہ آن بادہ پیش از رسیدن رسد

رسول خدا صلی اللہ علیہ و سلم کی سواری کی کیفیت کو مرزا نے خوب ادا کیا ہے ۔

ز بس ذوق ناسودہ بر یال دست بر آن بارہ یک بارگی بر نشست
مثل زد درین ماجرا بلبلے کہ باد آمد و برد بوئے گلے

حضور کی سواری آسمان کی طرف بڑھتی ہے اور آپ کی برکت سے چاند کو یہ مرتبہ ملتا ہے کہ سورج کی مستعار روشنی اب خود اس کی اپنی ذات میں پیدا ہو جاتی ہے

قدم تا بر اورنگ ماهش رسید با کلیل کیوان کلاهش رسید
ببالید چندان ز بیشی بدر کہ بے منت مهر گردید بدر
ز مہ گر کند مهر پہلو تہی چہ غم چو ز خویشش بود فرہی

اتنے میں عطارد جو دبیر فلک کے نام سے مشہور ہے حضور کی مدح گستری کے لئے حاضر ہوتا ہے اور عالم تصور میں اس نے مرزا کا روپ دھار رکھا ہے۔

در اندیشہ پیوند غالب گرفت   بخود درشد و شکل غالب گرفت

غالب خود دبیر الملک ہیں۔ وہ کس طرح پسند کرسکتے ہیں کہ عطارد یعنی دبیر فلک ان سے اس معاملے میں سبقت لے جائے اور حضور کی مدح گستری کا شرف اسے حاصل ہو جائے چنانچہ اپنے آپ کو مطمئن کرنے کے لئے وہ عطارد کو اپنا لباس عطا کرتے ہیں یا خود عطارد کا روپ دھارتے ہیں ــــ اس سے اس گہری محبت اور والہانہ عقیدت کا اظہار ہوتا ہے جو غالب کو ختم المرسلین سے تھی۔ اب غالب حضور کی خدمت میں حاضر ہیں اور نعت کے چند شعر کہ کر نجات اور بخشش کے لئے استدعا کرتے ہیں۔ اس کے بعد عطارد رخصت ہوتا ہے اور تیسرے آسمان پر ناہید نغمہ سرائی کرتا ہے۔ زہرہ بھی آپ کی مدح میں ایک گیت گاتا ہے اور آپ اسے نور کی چادر انعام میں دیتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں مرزا نے تمام آسمانوں کا ذکر تفصیل سے کیا ہے لیکن ان میں باوجود اصطلاحات ہیئت اور رعایات لفظی کے حقیقی زور اور فلسفیانہ نکتہ آفرینی کا فقدان ہے۔ البتہ اس سے اتنا ضرور پتہ چلتا ہے کہ مرزا کو ہیئت و نجوم سے عملی نہ سہی، علمی طور پر ضرور شغف تھا۔

بیان معراج غالب کی واقعہ نگاری کا ایک اچھا نمونہ ہے اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مرزا کو زبان و بیان پر بدرجہ اتم قدرت تھی۔ مرزا کی طبیعت روانی میں ایک ٹھاٹھیں مارتا ہوا دریا معلوم ہوتا ہے۔ نہ اس کی راہ میں قلت الفاظ حائل ہوتی ہے نہ فرو مایگئی خیالات۔ جب ہم ابر گوہربار کے ان مضمون کو دیکھتے ہیں جہاں مرزا کا قلم رواں دواں صفحوں کے صفحے رنگین کرتا جاتا ہے تو حیرت ہوتی ہے کہ مرزا نے مثنوی گوئی کی طرف توجہ کیوں نہ کی۔ مرزا کی مثنوی میں تشبیہات کی فراوانی ہے اور استعارات کی کثرت۔ اشعار کی بندش چست اور تراکیب درست اور موزوں ہیں۔ مرقع نگاری میں بھی وہ کمال رکھتے ہیں۔

منقبت : نعت کے بعد منقبت کہنا مثنوی گوئی کے لوازمات میں سے ہے اور اس سے انحراف گویا اس کی روایتی ٹیکنیک کی خلاف ورزی کے مترادف ہے

لیکن اگر منقبت کہنا طویل مثنوی کے فن میں لازم نہ بھی ہوتا جب بھی مرزا منقبت ضرور کہتے کیونکہ اس معاملہ میں روایت سے بڑھ کر وہ عقیدت اور نیازمندی ہے جو مرزا حضرت علی سے رکھتے ہیں اور جس کی وجہ سے وہ منقبت کو اتنا ضروری خیال کرتے ہیں جتنا نعت کو۔۔۔ مرزا کے فارسی کلام کا مطالعہ کرنے والے حضرات خصوصیت سے جانتے ہیں کہ حضرت علی کے ساتھ مرزا کی وابستگی و دلبستگی کس درجہ تھی۔ وہ حضرت علی کا نام لے کر مست ہو جاتے ہیں بلکہ وہ اسد اللہی و علی اللہی بننے میں بھی تردد نہیں کرتے۔

غالب نام آورم نام و نشانم مپرس   هم اسداللهیم و هم اسداللهیم

منصورهٔ فرقه علی اللهیان منم   آوازهٔ انا اسدالله درافکنم

مرزا نے توحید میں ایک، اور نعت میں دو قصیدے کہے ہیں۔ لیکن حضرت علی کی منقبت میں پانچ بڑے زور دار اور طویل قصائد ہیں۔ اس کے علاوہ چند ایک قصاید آئمہ کی منقبت میں بھی ہیں۔ لیکن ان قصاید سے قطع نظر انکی پیش نظر منقبت بھی خاصی بلند ہے۔ اس میں ۱۲۸ شعر ہیں اور مرزا نے بعض شعروں میں بڑے اچھوتے مضمون پیدا کئے ہیں۔ منقبت کا آغاز یوں ہوتا ہے۔

هزار آفریں بر من و دیں من   که منعم پرستیست آئین من

چراغے که روشن کند خانه ام   تو گوئی منش نیز پروانه ام

حریفے که نوشم مے از ساغرش   بهر جرعه گردم بگرد سرش

مرزا کہتے ہیں کہ حضرت علی کا نام ہر وقت ورد زباں ہے اور میرا دل راز دار علی ہے میں اسی اسم مبارک کا پروردہ ہوں اور اسی نام نامی کی بدولت میرا وجود ہے۔ میں بزم طرب میں حضرت علی کا ہم نوا ہوں۔ تنہائی میں راز گو اور ہنگامہ میں اس کا متلاشی ہوں۔ خدا نے مجھے گوہر جاں اس لئے عطا فرمایا ہے کہ اسے حضرت علی پر قربان کروں۔ پھر کہتے ہیں

نبی را پذیرم به پیمان او   خدا را پرستم به ایمان او

خدایش روا نیست هر چند گفت   علی را توانم خداوند گفت

پس از شاه کس غیر دستور نیست   خداوند من از خدا دور نیست

مرزا کہتے ہیں کہ اگر نبی اکرم کا سایہ نہ تھا تو اس میں تردد کی ضرورت نہیں ۔ اس لئے کہ آپ کو اس کی حاجت ہی نہ تھی ۔ کیونکہ دو جسم اگرچہ الگ الگ ظہور میں آئے لیکن ان کا اثر ایک ہی جسم میں ظاہر ہوا ہے ۔ یعنی حضرت علی اور حضور ایک ہی نور اور ایک ہی سایہ رکھنے والے دو قالب ہیں ۔ ایسے لطیف اتحاد کی صورت میں اگر دو جسموں کے لئے ایک ہی سایہ ہو تو کافی ہے ۔

بداں اتحادے کہ صافی بود　　دو تن را یکے سایہ کافی بود
ازاں سایہ یک جا گرایش کند　　کہ احمد ز حیدر نمائش کند

مرزا اس بات کی شکایت کرتے ہیں کہ ان کے دوست ستائش حیدر کے معاملے میں ان پر غلو کا الزام دھرتے ہیں ۔ وہ کہتے ہیں ۔

بہ نادانی از شور گفتار من　　سگالند زانگونہ هنجار من
کہ آرائش گفتگو کردہ ام　　بحیدر ستائی غلو کردہ ام ۔

مرزا جواباً کہتے ہیں کہ میں تو اس معاملے میں الٹا اپنی تنگ مائگی کی وجہ سے شرمندہ ہوں ۔ کیونکہ

چہ باشد ازیں بیش شرمندگی　　کہ خور راستائم بر خشندگی
بہ بحر از روانی سرائم سرور　　بخلد از ریاحین فرستم درود
بہ گلشن برم برگے از نسترن　　بہ پیچاک سنبل فروشم شکن
ستائم کسے را کہ در داستاں　　شوم با سخن آفریں هم زباں
بہ رد و قبول کسانم چہ کار　　علی بایدم با جہانم چہ کار
ندارد غم و غصہ یزدان پاک　　علی را اگر بندہ باشم چہ باک

منقبت کے کل ۱۳۰ شعر ہیں ۔ کلام میں روانی اور زور شروع سے آخر تک قائم ہے اس حصۂ مثنوی میں مرزا کے مذہب پر روشنی پڑی ہے اور اس شعر سے کہ

جوانی بریں در بسر کردہ ام　　شبی در خیالش سحر کردہ ام

ناقدین پر یہ راز کھل جاتا ہے کہ مرزا عالم شباب میں بھی شیعہ تھے ۔ اور بڑھاپے میں بھی ۔ جبکہ مثنوی کا یہ حصہ لکھا گیا ۔ خاک نجف میں مرنے کی

آرزو بہت قوی تھی بلکہ وہ یہاں عرفی پر رشک کرتے ہیں اور اس کو خراج تحسین ادا کرتے ہیں جو اپنے اس شعر کے مطابق۔

به کاوش مره از گور تا نجف بروم　　اگر به هند بمیرم وگر بملک تاتار

مرنے کے بعد بھی نجف جا پہنچا۔

مرزا کے ذیل کے شعر سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ شیعہ تھے۔

همانا پس از خاتم المرسلین　　بود با بمهدی علی جانشین

بعض شعروں سے مرزا کے غالی عقیدہ کے معتقد ہونے کا گمان ہوتا ہے مثلاً

لبم در شمار ولی اللهیست　　دلم راز دار علی اللهیست

لیکن یہ محض فرط عقیدت کی وجہ سے معلوم ہوتا ہے ورنہ اس مثنوی میں وہ صاف کہتے ہیں۔

خدایش روا نیست هر چند گفت　　علی را توانم خداوند گفت

ایک اور جگہ ترکیب بند میں لکھتے ہیں :-

دین حق دارم معاذالله نصری نیستم　　گر نداند عیب جو بارے خدا داناستے

مثنوی کا یہ حصہ زبان و بیان کے اعتبار سے اہم ہے اور مضمون و مطالب کی نوعیت سے بھی خاص اہمیت رکھتا ہے۔ اس لئے کہ اس سے مرزا کے عقاید مذہب اور خیالات پر خاصی روشنی پڑتی ہے۔

مغنی نامه : مثنوی میں ساقی نامے اور مغنی نامے کا التزام بھی اسکی تکنیک کے اجزا میں سے ہے۔ مثنوی گو شعرا بالعموم آغاز داستان سے قبل عالم خیال میں ایک بزم طرب آراستہ کرتے ہیں جس میں مغنی بھی ہوتا ہے اور ساقی بھی اور شاعر ان دونوں سے ہم کلام ہوتا ہے۔ انہیں بربط و نے پر راگ گانے، ستار پر کسی گیت چھیڑنے، شراب خاص پلانے اور خم پر خم لنڈھانے کی دعوت دیتا ہے۔ اور خود کو راگ و رنگ کا عاشق، موسیقی شناس اور شہسوار مے خانہ ظاہر کرتا ہے۔

مثنوی میں یہ حصے ایک خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ اس لئے کہ ان میں ایک خاص قسم کی غزلیت پیدا ہو جاتی ہے۔ جس میں شاعر اپنے ما فی الضمیر

کو بے نقاب کرتا ہے ۔ حمد ، نعت اور منقبت میں اسکی عقیدت کا اظہار ہوتا ہے ۔ ان میں اس کے مذہبی جذبات منعکس ہوتے ہیں ۔ داستان کے حصہ میں ویسے جگ بیتی ہوتی ہے ۔ لیکن مثنوی کا یہی ایک حصہ ہوتا ہے جہاں وہ اپنے خالص دلی جذبات کو بغیر کسی بیرونی اثر اور دباؤ کے بیان کر سکتا ہے ۔ ان میں شاعر اپنا نظریہ حیات پیش کر سکتا ہے فلفسہ غم، حسن و عشق، حقیقت شراب ، انسانی زندگی کی تلخیاں اور راحتیں، زیست کے نشیب و فراز اور ان میں اپنا تجربہ اور اپنی رائے، عرض کہ اگر وہ چاہے تو بہت کچھ لکھ سکتا ہے ۔

مرزا کا مغنی نامہ اس لحاظ سے بہت اہم ہے ۔ اور اس میں ایسا مواد موجود ہے جس سے کئی ایک پہلو آشکار ہوئے ہیں ۔ کہتے ہیں :

مغنی دگر زخمہ بر تار زن ‫ ‫ گل از نغمۂ تر بدستار زن
به پردازش آں گل افشاں نوائے ‫ ‫ نگویم غم از دل، دل از من ربائے
دل از خویش بردار و بر ساز نہ ‫ ‫ غم از خویش گوشے بر آواز نہ

مغنی نامہ میں سب سے پہلی چیز جو قابل غور ہے وہ غالب کا عقل و خرد کے متعلق بیان ہے وہ کہتے ہیں کہ کلام اگرچہ موتیوں سے بھرا ہوا خزانہ ہے لیکن عقل کی بدولت ہی اس کی تابش اور چمک دمک ہے ۔ کیونکہ کوے کے پروں جیسی سیاہ رات میں سوتی چراغ کی روشنی کے بغیر اچھی طرح نظر نہیں آتے ۔ پھر خرد کی تعریف کرتے ہوئے کہتے ہیں ۔

خرد چشمۂ زندگانی برد ‫ ‫ خرد را به پیری جوانی بود
فروغ سحرگاه روحانیاں ‫ ‫ چراغ شبستان یونانیاں
نخستیں نمودار هستی گرائے ‫ ‫ خرد بود کالا سیاهی زدائے
خرد جویم از خود بود مرگ من ‫ ‫ به هستی خرد بس بود برگ من
بهستی خرد رهنمائے خود است ‫ ‫ رود گرز خود هم بجائے خود است

مرزا عقل و خرد کو سخن کا منبع خیال کرتے ہیں ۔ ان کے خیال میں سخن اگر شراب ہے تو خرد بمصداق صراحی کے ہے ۔

سخن باده اندیشه مینائے او ‫ ‫ زباں بے سخن لائے پالائے او
به پیمودن باده پیمانه گوش ‫ ‫ خرد ساقی و خود خرد جرعۂ نوش

غالب کے نزدیک عقل خدا کو پہچاننے کا ایک ذریعہ ہے

فروغ خرد فرۂ ایزدیست　　خدا ناشناسی ز نابخردیست

ان کے خیال میں نظر کے لئے دانائی اور عمل کے لئے توانائی کی ضرورت ہے۔ اور یہ خرد ھی سے ممکن ہے - یہی عقل ھی غصہ کی حالت میں نشاط شجاعت بخشتی اور خواھشات کے ھجوم میں قناعت کی تلقین کرتی ہے -

خرد کے علاوہ مرزا نے جس چیز پر اظہار خیال فرمایا ہے - وہ غم ہے - وہ غم کو عطیہ خداوندی سمجھتے ھیں - کہتے ھیں :

ز یزداں غم آمد دل افروز من　　چراغ شب و اختر روز من

وہ غم کا شکوہ کرنا خلاف عقل سمجھتے ھیں:

نشاید کہ من شکوہ سنجم ز غم　　خرد رنجد ار من خورم رنجم ز غم
غم دل ز من مرحبا جوئی باد　　دلم زار و لب مرحبا گوئے باد
دلم هم چو غالب بغم شاد باد　　بدیں کنج ویرانہ آباد باد

غالب کے ذیل کے اشعار سے انکا فلسفہ غم مرتب کیا جا سکتا ہے :

بدانش غم آموزگار منست　　خزان عزیزان بہار منست
غمی کز ازل در سرشت منست　　بود دوزخ اما بہشت منست
بغم خوشدلم غمگسارم غمست　　نہ بے دانشی پردہ دارم غمست

غالب کا غم ایک مضمحل اور بیمار آدمی کا غم نہیں ہے بلکہ وہ ایک صحت مند انسان کا غم ہے - مرزا غم سے گریزاں نہیں - بلکہ وہ اس میں ایک خاص کیفیت، لذت اور کیف محسوس کرتے ھیں - مرزا کی بلند ھمتی کے شایان شان نہیں کہ وہ غم کے آگے سر جھکا دیں - وہ اپنی شوخی، حکیمانہ ظرافت اور بالغ نظری سے جو فلسفہ سے مملو ہے غم کی تلخی کو نہ صرف کم کر لیتے ھیں بلکہ وھی دوزخ غم ان کے لئے بہشت بن جاتا ہے - وہ ”مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آسان ھو گئیں“ کے مصداق غم سہتے سہتے غم کے ایسے عادی ھوئے کہ اس میں حظ اٹھانے لگے - کبھی وہ شراب عقل میں سرشار ھو کر اور کبھی شراب خانہ ساز کے نشہ میں مست ھو کر غم کو بھول جاتے ھیں -

نہیں بلکہ وہی غم ان کے لئے غمگسار دوست بن جاتا ہے - غم سے غمگساری کا کام لینا اور اس طرح اپنے دل کو تسکین بہم پہنچانا غالب کی بالغ نظری کا عمدہ ثبوت ہے - مرزا کے غم میں وقار ہے ایک ضبط ہے اور ایک رکھ رکھاؤ ہے - مرزا جب غم کو عقل کی عینک سے دیکھتے ہیں تو وہی غم جو دوسروں کے لئے مایوسی اور ہلاکت کے دروازے کھولتا ہے غالب کے لئے راہنما ثابت ہوتا ہے اور سخن طرازی کے لئے ایک تحریک :

بدیں بادہ کاندیشہ پیمودہ است   غمم خضر راہ سخن بودہ است

مغنی نامہ میں مرزا اپنی حالت زار کا نظامی اور زلالی سے مقابلہ و موازنہ بھی کرتے ہیں اور کہتے ہیں :

نظامی نیئم کز خضر در خیال   بیاموزم آئین سحر حلال

زلالی نیئم کز نظامی بخواب   بہ گلزار دانش برم جوئے آب

نظامی کشد ناز تا ہم کجا   زلالی بود خفتہ خوابم کجا

نظامی بحرف از سروش آمدہ   ز لالی ازو در خروش آمدہ

من از خویشتن با دل دردمند   نوائے غزل برکشیدہ بلند

نباشم گر از گنجہ گنجم بس است   بغم گر چنیں پردہ سنجم بس است

کنونم بسر شور گفتار نیست   بساز غزل زخمہ بر تار نیست

معلوم ہوتا ہے کہ مثنوی کا یہ حصہ لکھتے وقت غالب کو بہت سی مشکلات پیش آئیں انہیں ان کا احساس ہے اور وہ کہتے ہیں :

مرا بیں چوں مشکل افتادہ است   چہ خونہاست کاندر دل افتادہ است

خود از درد بیتاب و خود چارہ جوئی   خود آشفتہ مغز و خود افسانہ گوئی

بہ تنہائی از ہمدمان خودم   بدل مردگی نوحہ خوان خودم

کسم در سخن کار فرمائی نیست   بہ بخشندگی ہمت افزائی نیست

زبان و بیان کے لحاظ سے یہ حصہ بھی خوب ہے - اکثر شعر اچھے نکل گئے ہیں - البتہ فلسفیانہ موشگافیوں کی وجہ سے کہیں کہیں دلچسپی غائب ہو گئی ہے -

ساقی نامہ : مثنوی ساقی نامہ کے بعد ختم ہے لیکن مرزا یا تو یہاں پہنچ کر تازہ دم ہونے کی کوشش میں ہیں یا مٹے گلگلوں کے تصور نے انہیں ایسا

سرمست کر دیا ہے کہ تھکن کا احساس نہ رہا۔ بہر حال باوجود بڑھاپے کے اس حصہ میں جوش و سرمستی کا پلہ بھاری ہے۔ خیال تھا کہ مرزا نے ساقی نامہ کے لئے اپنے معنوی استاد ظہوری سے فیض حاصل کیا ہوگا جس کا ساقی نامہ پاک و ہند میں شہرہ آفاق ہے لیکن واقعہ اس کے خلاف ہے مرزا کے ساقی نامے کو ظہوری سے کوئی نسبت نہیں۔ البتہ ظہوری نے اپنے ساقی نامہ کی ابتدا تعریف مے فروش سے کی ہے:

بآئین جم حضرت مے فروش　　بکف جام از بہر ارباب ہوش

مرزا نے بھی آئین جم یاد دلا کر ساقی کو پکارا ہے:

بیا ساقی آئین جم تازہ کن　　طراز بساط کرم تازہ کن

لیکن یہ تقلید نہیں بلکہ ساقی کو مخاطب کرنے کی قدیم رسم ہے۔ پھر مرزا اور ظہوری میں فرق یہ ہے کہ ظہوری ایرانی ہونے کے باوجود ایرانی مے نوشوں کی یاد میں نہیں پیتا۔ لیکن مرزا آداب مے نوشی کا پورا لحاظ رکھتے ہیں۔ اور ''جام بنام بہرام'' اور ''سرود بنام بہرام'' سے ابتدا کرتے ہیں۔ اس کے بعد بچارے نظامی کو نشانہ تضحیک بناتے ہیں۔ کہتے ہیں۔

مبادا نظامی ر راحت برد　　بدستاں سوء خانقاهت برد
فریبش مخمور چوں مے آشام نیست　　ستم دیدۂ گردش جام نیست
ورع پیشہ مسکین چہ داند ترا　　بہ آرائش نامہ خواند ترا
رضا جوئے من شو کہ ساغر کشم　　گرم نیل و جیحوں دهی در کشم

غالب کی بلا نوشی کا دعوی دیکھو کہ نیل و جیحوں کو چڑھا جانے کو تیار ہیں۔ کیوں نہ ہو دو سال سے ''مے طلب'' ہیں:-

همانا تو دانستهٔ کز دو سال　　ننوشتم مے الا بہ بزم خیال

ساقی نامہ میں ساقی سے خطاب ہے اور مے نوشی کی تمنا۔ مگر نشاط کے لئے نہیں محض بے خودی کے لئے ؎

مے سے غرض نشاط ہے کس رو سیاہ کو
اک گونہ بے خودی مجھے دن رات چاہئے

وہ شراب شیراز کے متمنی ہیں جس میں عکس رخ یار دیکھ سکیں۔

یہاں وہ صوفیانہ انداز اختیار کرتے ہیں ۔ کہتے ہیں کہ می و ساقی، جام سفال، بے خوار، انجمن، گل و بلبل، بوستان، مہ و انجم، زمین و آسمان غرض ہر چیز وہم ہے لیکن جھٹ ہی وہ ہوش میں آتے ہیں کہ کہاں می خوار و رند شاعر اور کہاں معرفت

تصوف نزیبد سخن پیشہ را سخن پیشہ رند کثر اندیشہ را
نشان مند ایں روشنائی نہٴ غزل خوان و بے خور سنائی نہٴ

غزل پڑھو۔ محفل نشاط آراستہ کرو ۔ اگر یہ بھی نہیں ہو سکتا تو بادشاہوں کی پرانی کہانیاں سناؤ۔ پھر وہ اس قسم کا مشغلہ بھی فرسودہ اور بیکار بتاتے ہیں البتہ داستان حق کو ترجیح دیتے ہیں لیکن عاجزی سے نہیں بلکہ:

سخن را خود آنگونہ دانم سرود کزیں نیز خوشتر توانم سرود
ولے تاب در خود نیابم کنوں صریر قلم بر نتابم کنوں!

ساقی نامہ میں یہ مقام بہت خوب ہے یہاں مرزا بڑھاپے میں جوان اور جوانی میں مست ہیں ۔ وہ فقر و فاقہ کا ذکر کرتے ہیں مگر بڑے بے فکرے معلوم ہوتے ہیں ۔ انہیں احساس ہے کہ عالم پیری میں یہ باتیں زیب نہیں دیتیں ۔ مگر عذر پیش کرتے ہیں ۔

دریغا کہ در ورزش گفتگوئے بہ پیری خود آرائی آوردہ روئے
بہر نائیم روئے پیری سیاہ ز مو بود بر فرق مشکیں کلاہ

غالب نے شعروں سے وہ تصویر کھینچی ہے کہ دیکھا کیجئے اور لفظوں سے ایسا رنگ بھرا ہے کہ مصور دنگ ہو جائیں:

دریغ از ترقیٴ معکوس من کہ باشد سرمن بپا بوس من

سر سے ہوائے تکبر جاتی رہی ۔ میرا قد سرو سہی ہو گیا اور بید مجنوں بن گیا۔ لیکن یہ تذکرہ اس لئے نہیں کیا گیا کہ میں فن کاری سے بھاگ رہا ہوں۔ نہیں——میں خیال میں نکتہ آفرینی، طبیعت میں رعنائی، سخن سنجی میں شیوہ ہائے ناز و نیاز سے واقف ہوں ۔ جگر خون ہے ۔ دل گداختہ پہلو میں ہے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ جسم میں خون نہیں مگر پلکوں کو دیکھو تو خون تازہ کے قطرے دامن پر ٹپکا رہی ہیں ۔ اسی زور کی وجہ سے یہ حالت ہے کہ

ز حرفے کہ اندر ضمیر آیدم ہنوز از دھن بوئے شیر آیدم

غالب یہاں شاعرانہ تعلی سے کام لیتے ہیں ۔ وہ کہتے ہیں کہ جب میں کوئی نادر تخیل نظم کرتا ہوں تو جناب خصر بھی پھڑک کر داد دینے لگتے ہیں ۔ مجھ میں یہ قدرت ہے کہ میں خدا کی مدد سے قدیم کو جدید کر دوں ۔ وہ تخت تیار کروں کہ اس کے پائے فرشتوں کے پروں سے تیار ہوں ۔ وہ درخت بوؤں کہ چاند اور زهره اس کے سائے میں آکر بیٹھیں ۔ وہ راستہ اختیار کروں کہ خصر بھی میری پیروی کریں ۔ وہ چیز لکھوں کہ پیغمبر بھی لا ریب فیہ لکھ دیں ۔

آگے چل کر غالب ، فردوسی سے مقابلہ و موازنہ کرتے ہیں ۔ اور وہ اس وجہ سے اپنے آپ کو بلند رتبہ خیال کرتے ہیں کہ فردوسی کے ہیرو رستم اور کیخسرو تھے اور ان کے ہیرو پیغمبر آخرالزماں اور انکے وزیر حضرت علی ابن ابی طالب ہیں !

ز فردوسیم نکتہ انگیز تر　　　ز مرغ سحر خواں سحر خیز تر
فرو مردن شمع ساسانیاں　　　بود صبح اقبال ایمانیاں
رقم سنج مسور یزدانیم　　　ز ایرانیاں گویم ایمانیم

لیکن غالب کو اس موقعہ کی نزاکت اور ایسے کام میں فنکار کی مشکلات کا علم ہے ۔ اس راہ میں لغزش اور پھسلن ہے ۔ پھر مستی جو کلام میں جوش پیدا کرتی ہے یہاں بے کار ہے ۔ ضرورت ہے کہ ہوش و حواس بجا رہیں ۔ سخن گوئی ، سخن سنجی، ادب و تہذیب کے نازک موڑوں پر فن اور فن پارے کی نوک پلک درست رکھنا اور پھر اس مشکل میں ایک طرف موسم سرما، آگ و کباب ، مرغ و شراب کی بہار ہو ۔ دوسری طرف نہ رود و سرود، نہ شراب و کباب ۔ اب دیکھنا چاہئیے کہ شاعر کے لئے کسی دقتیں ہیں ۔ وہ کہاں سے رنگینی پیدا کرے ۔ اب کہنے کو تو بادشاہ کے تذکرے ہیں لیکن فقر و شاہی کے امتیاز کو برقرار رکھنا ضروری ہے ۔

ان دقتوں کا ذکر کرتے کرتے وہ ہمت باندھ کر تیار ہوتے ہیں اور اپنی ہمت پر فخر و ناز کرتے ہیں ۔ اور ظہوری، جامی، نظامی اور فردوسی سب کو للکارتے ہیں گویا انہوں نے اپنے خاکے کو رنگیں کر دیا ۔ اور اب خود ہی

اسے دیکھ دیکھ کر جھوم رہے ہیں ۔ اور یہ نشاط بے خودی تک لئے جاتا ہے ۔ مرزا کے یہ شعر بڑے زور دار ہیں ۔ اب وہ تازہ دم ہو رہے ہیں ۔ اور نئے سفر کے لئے تیاری کر چکے ہیں ۔ ملاحظہ فرمائیے ۔

زباں را برامش گرو کردمے ۔۔۔ دم جنبش زخمہ نو کردمے
همم زخمہ از دیگراں تیز تر ۔۔۔ همم ساز دانش نوا خیز تر
به آزادگی خسروی می کنم ۔۔۔ بدیں پشت دولت قوی می‌کنم
نباشد اگر پائے دیں درمیاں ۔۔۔ نہم ہفتخواں بلکه هفتاد خواں
پرم از تو برتر ببال گزاف ۔۔۔ تو سی مرغ آری و من کوه قاف
تو سوسن فرستی بخنیاگری ۔۔۔ مرا جنبش کلک رقص پری
تو کاں بادہ ہائے گوارا زنی ۔۔۔ دم از نقل و می آشکارا زنی
من و جام بے بادہ در خوں زدن ۔۔۔ بلب تشنگی جوش جیحوں زدن

اس تقریب سے وہ پھر لوازمات ساقی نامہ کا ذکر کرنے لگتے ہیں اور پھر خود ہی خیال آتا ہے کہ ابھی تو کہا تھا :

دریں بزم اوباش را بار نیست ۔۔۔ می و ساغر و زخمہ و تار نیست

اس لئے رکتے ہیں اور کہتے ہیں :

دگر غالب اے عہد و رائے تو سست ۔۔۔ بہ پیمان دانش وفائے تو سست
حدیث مے و شیشہ و جام چیست؟ ۔۔۔ چہ گوئی و ایں شیوہ را نام چیست؟
نگفتی کہ بیزار گشتم ز مے ۔۔۔ بریدم ز بزم و گزشتم ز مے

اور آخری شعر ؎

ترا بخت در کار یاری دہاد ۔۔۔ بہ پیوند دین استواری دہاد

ایک لحاظ سے مرزا نے اچھا کیا کہ اس مثنوی کو یہیں چھوڑ دیا ۔ اس لئے کہ اس موضوع پر لکھنے کے لئے یا تو جوانی ہوتی یا مذہبی جنون یا امید نفع ظاہر اور یہاں کچھ بھی نہ تھا ۔ اس لئے نہ وہ ملا باذل بن سکتے تھے نہ فردوسی ۔ البتہ اگر کوشش کرتے تو ظہوری ضرور بن جاتے اور جامی سے تو اب بھی نیچے نہیں رہے ۔

در حقیقت یہ مثنوی جس ماحول سے متاثر ہو کر لکھنا چاہی تھی اس نے مرزا کا ساتھ چھوڑ دیا ۔ ورنہ معاشی بحران اور ہر طرف سے مایوسی انہیں

اللہ کی طرف کھینچ رہی تھی - وہ پاک درگاہوں سے لو لگانا چاہتے تھے - وہ اپنی دینی یادگار چھوڑنا چاہتے تھے - لیکن فردوسی اور نظامی کا خیال بھی تھا - اس لئے کچھ تو تاب مقابلہ نہ دیکھ کر کچھ رندیت کا زور محسوس کرکے بیٹھ رہے - قلعے کی نوکری کے بعد وہ کسی کام کے بھی نہ رہے تھے - کچھ تو بڑھاپا اس پر مصائب زمانہ اور حادثات دوراں، ان سب نے مل ملا غالب کا قلم روک دیا -

حول مخطوط من دیوان شعر الباخرزی

از

سعید احمد اکبر آبادی ایم اے پرنسپل کلکتہ مدرسة کلکتہ

قد عرف الادیب الکبیر ابوالقاسم[1] علی بن الحسن الباخرزی (المقتول فی سنة ۴۶۷ھ-۱۰۷۵م) بکتابه الذائع الصیت ـ "دمیة القصر و عصرة اهل العصر" ـ منذ ثمانیة قرون ـ و کان کتابه هذا ذیلاً علی یتیمة الدهر للثعالبی (المتوفی سنة ۴۲۹ھ) و قد أقر بفضله أبناء جیله کما اعترف سبقه فی حلبه الشعر و الادب أعیان ممن تأخر عصر هم أمثال السمعانی (م سنة ۵۶۲) و ابی الحسن البیهقی (م سنة ۵۶۵) و العماد الکاتب الاصفهانی (م سنة ۵۹۷) و ابن خلکان (م سنة ۶۸۱) و یاقوت و من حد احذوهم من المؤلفین فی اخبارالشعراء و تراجم الادباء ـ

کلما لفتنا النظر الی جلة الکتاب الذین عاشوا فی صدر الدولة السلجوقیة واستظلوا بظلالها الفینانة ، وجدنا الباخرزی من بینهم اجل قدراً و اکثر ذخراً و أنبه ذکرا ، حائزاً بالبراعة فی اللغتین العربیة و الفارسیة ـ و یعتبر کتابه دمیة القصر اکبر أترا دبّی من نفثات قلمه و کانْ رحمه الله افرغ جهده فی تنمیق هذا الکتاب و تدوینه و قد طبع اول مرّة فی سنة ۱۹۳۰م بعنایة البحاثة الکبیرالاستاذ محمد راغب الطباخّ رحمه الله و لکن بقیت الحاجة الی اعادة الطبع منه عن نسخة محکمة البناء کاملة الضبط اذ کانت الطبعة الاولی ناقصة إلی اقصی الغایة کما لا یخفی علی الافاضل الاعلام ـ

و هناک أثر آخر من حیوة صاحبنا الادبیة و هو دیوان شعره الضخم الکبیرالذّی شاع ذکره و اشتهر امره فیما غبر أما الیوم

---

(۱) کنیته المشهورة "ابوالحسن" و الصواب ما اخترته (راجع : ارشاد الادیب)

فقد اصبحت نسخة من جملة النوادر الی حد کبیر - و کان انتخب منه بعض ادباء القرن السادس فی مجموع صغیر و قد طالع نسخة من هذا المنتخب الادیب العلّام سدید الدین محمد العوفی - و هو من رجال القرن السادس و السابع - و کان وجدها فی مکتبة تاج الملک شرف الدولة و الدین عمدة الوزراء محمد بن الحسن فنقل منها قطعتین اثبتهما فی ترجمه الباخرزی فی کتابه الجلیل لباب الالباب(۱) و کان هذا المنتخب موسوماً ''بالا حسن فی شعر علی بن الحسن'' و کذا اختار من دیوان شعره ابو الوفاء محمد بن محمد الاخسیکتی (المتوفی بعد سنه ۵۲۰) و سمّی مجموعه ''اختیار البکر من الطیب من شعر علی بن الحسن بن ابی الطیب و قد دلّنا علیه البحاثة الحبیر بروکلمان(۲) الألمانی-

و توجد مع بعض النسخ المخطوطه من کتاب دمیه القصر قطعة من شعر الباخرزی کما وجدها الأستاد محمد راعب الطّباخ فی طلیعة النسخه المحفوظة فی خزانة المدرسه الاحمدیه بحلب فسرها مع الدمیه باسم الملتقط من دیوان ابی الحسن علی بن الحسن الباخرزی و اضاف الیها ما تجمّع عنده من شعر صاحب الدمیة عن کتب شتی و مصادر متفرقة - فجاءت تلک القطعة مع زیادات الطباخ فی ۵۲ صحفه و عدد الابیات عدا ما جمعه الطباخ نحو ثمانمائه بیت و سته و اربعون بیتا و عن تلک القطعه یقول الدکتور مرجلیوث فی مقاله المستودع فی دائره المعارف الاسلامیه ما نصه(۳):

In some MSS it is followed by a selection from the author's poems, of which a bulky diwan once existed.

اما نسخة الأصل من دیوان شعر الباخرزی فلم نعرف الا عن مخطوط منها فی خزانه ''طوب قبو'' کما دل علیه بروکلمان فی ضمیمة(۴) تاریخه -

---

(۱) لباب الالباب - ج ۱ ۶۸ - ۷۱ (طبعه براؤن)

(۲) تاریخ الاداب العربیة ج ۱/۲۹۲ طبعه ۱۹۴۳م (Geschichte der Arabiechen Litterature)

(۳) ج ۱/۶۰۰ طبعة سنه ۱۹۴۳م (Ency. of Islam)

(۴) ج ۱/۴۴۶

ثم اتفق لی الاطلاع على مخطوط آخر من الديوان و إنما يسرنی جداً ان نكشف عنه القناع و هو محفوظ فی خزانه المجمع الاسيوى (The Asiatic Society of Bengal) بكلكته المحمية و رقمه A-1110 و قد لعبت به ايدى الحدثان طويلاً حتى اذهبت من طرفيه أوراقاً - لايجليها الخرص والـخمين - و هذا المخطوط على علاّته حقيق بأن يعد من نوادر الثمينة مجموع اوراقه ٢٢٨ ورقة و فی كل صحيفة نحو راحد و عسرين سطراً بحكم الاغلبية أما الابيات فعددها ثمانية آلاف بيت و مائه و ثمانية أبيات - مابين قصائد طوال و قصار و مقطوعات متنوعه من المدائح والتهانی والرثاء والهجاء و الاخوانيات و المطارحات والمداعبات و معانی الحب والمجون و الخلاعة -

و قد كتب هذا المخطوط فيما يدل ظاهره فی القرن الحادی عشر بخطّ متراوح بين النسخ و التعليق و الذی تولی نساخته اظنه لا يتحرى الصواب فی النقل والضبط ، الا انه استنسخ هذا المخطوط من اصل متقدم عتيق فاستصعب المنقول منه فجاء النقل مصحّفا فی مواضع كثيرة -

طالما استجلب الباخرزی عناية الادباء بشعره حتى ان الاعاظم من رجال عصره شغفوا ببنات صدره و فی طليعـهم الوزير الصفّی محمد بن علی بن حسّول الذّی هو من علية الكُتّاب و كان الباخرزی مدحه بقصيدة غراء فقضى الوزير عجبا و قال بشعره معجبا :

لو لا وهن ركبتی لرقصت على نسيبه فهذا كلام كله طيّب(١)

والشيخ ابوالقاسم السجری - الذّی عد اشعر أقرانه و آدب اهل زمانه نقرأ عنه فی الدمية مانصه :

"و لهذا الفاضل شغف ببنات خواطری و لا يزال يخطبها الی و انا اعضلها"(٢)

---

(١) راجع دمية القصر - ص ٩٠ - طبعة الطباخ -
(٢) أيضاً ص ١٥٨

والقاضي ابو منصور محمد بن عبد الجبار السمعاني - و هو امام مرو و حبرها - اثنى عليه بما أغنى حيث يقول(١) فيه :

حسن شعر و على قد جمعا لک جمعا یا علی بن الحسن
انت فی عین العُلى کحل و من رد قولی فهو فی عین الوسن

و کان ابوالفتح الحسن بن ابرهیم الصیمری - مع کبر سنه و علو کعبه یخاطبه فیما یکتب إلیه بالمعجز البدیع(٢) وانه شهد بالفضل لهذا الفتی الباخرزی فی شعره اذقال :

کلامک معجز و کذاک حلو من العیب المهجن للکلام
فدع باخرز حقّا عنک واکتب نظام المعجز الحسن النظام

والشیخ ابوالحسن علی بن عبدالله العثمانی - و هو من أقران ابی علی الباخرزی والد صاحبنا ابی القاسم - یکتب الیه فی بعض مقاطعه(٣):

قد کنت تولع بالبدیع و شعره - فارجع فقد وافی بدیع زمان
أین البدیع من الظریف الفاضل ابن الفاضل الفرد العدیم الثانی

و قد کان فوق کل ذلک ما وقع فی الدار العضدیه ببغداد ، فی مجلس غاص من ملوک العرب والعجم والاکراد و کان الوزیر عمید الملک الکندری وزیر السلطان رکن الدین ابی طالب طغربک السلجوقی یجاذبهم اهداب المحادثه تاره بالعربیه و اخری باحدی لغات العجم و صاحبنا الباخرزی یرفع عقیرته فی هذا المجلس بدالیته الغرّاء التی أوّلها :

أقوت معاهدهم بشط الوادی - فبقیت مقتولا و شطّ الوادی
الی أن انتهی الی قوله :

قالت و قد فتشت عنها کل من لاقیته من حاضر او باد
أنا فی فوادک فارم لحظک نحوه ترنی فقلتِ لها و أین فوادی

---

(١) ایضاً ص ١٥٢
(٢) ایضاً ص ٨٦
(٣) ایضاً ص ٢٠١

فهناک اخذ العمید الکندری یصفق طرباً و یلتوی عجباً و یخاطب امراء العرب قائلاً :

''لنا[١] فی العجم مثله فأتوا فی العرب بمثله'' ۔ و ذلک من أسنی المفاخر و ابهی المناقب فلا غر وان جعله الباخرزی عنواناً لکتاب مفاخره ۔ وقد کفی له فضلاً و علواً ان تتفق هولاءالسادة الأمجاد علی التنویه بشأنه والنند و بشعره ۔

ثم تلاهم السمعانی ۔ صاحب کتاب الانساب ۔ فقال فی ترجمته انه ''واحد[٢] عصره و علّامة دهره ، و ساحر زمانه فی ذهنه و قریحته''۔ و جاء العماد ۔ صاحب الخریده ۔ فالتقط من لفظ السمعانی و قال مع زیادة مستحسنه[٣] أنه ''کان واحد دهره فی فنه و ساحر زمانه فی قریحته و ذهنه ، صاحب الشعرالبدیع و المعنی الرفیع'' ثم ذکر العماد انه ''رأی أبناء العصر باصبهان مشغوفین بشعره متیمین بسحره''۔ وهذا ابن خلکان یقول ما لفظه ۔ ''و دیوان[٤] شعره مجلد کبیر و الغالب علیه الجودة'' ۔

و لما ورد صاحبنا ببغداد فی سنه خمس و خمسین واربعمائة اتفق له التشرف بمقابله الخلیفة القائم (المتوفی سنة ٤٦٧ھ) فأنشد قصیدته الطنانة البائیة برسم الخلافة اولها :

عشنا الی ان رأینا فی الهوی عجبا کل السهور فی الامثال عش رجبا

فاستهجن البغاددة شعره و انما ذکر عنهم السمعانی[٥] ما لفظه :

''و قالوا فیه برودة العجم فانتقل الی الکرخ و سکنها و خالط فضلائها و سوقتها مدة یتخلق باخلاقهم و اقتبس باصطلاتهم ثم انشأ قصیدته التی أولها :

هبت علّی صبا تکاد تقول انّی الیک من الحبیب رسول

---

(١) الدمیة - ص ١٣٢
(٢) الانساب b - 57 - طبعة من جلیوث
(٣) ارشادالاریب - ج ١٣/٢٣ طبعة مصر
(٤) الوفیات ج٣/٦٦ رقم ٤٣٨ طبعة ١٩٤٨ م
(٥) راجع ارشاد ریب ج ١٣/٣٩

سکری تجشمت الربی لتزورنی من علّتی و هونها تعلل

فاستحسنوها و قالوا تغیر شعره ورق طبعه'' ۔

ملت البرودة فی کلام شعراء العجم عامه بحکم البیئه والطبیعه و الفرق بین العربی الصریح و العجمی المستعرب من القضا یا الفطریة فلا بدع ان لم یسلم صاحبنا الباخرزی مع عجمته و اکثاره من النقد و قلّما سلم مکثار ۔

و ربما نسبوا له ابیاتاً لا تصّح له فهذا العماد الکاتب مع جلاله قدره انشد له البیتین :

ما أنت بالسبب الضعیف و انما نُجح الامور بقوه الاسباب

فالیوم حاجتنا الیک و انما یدعی الطبیب لکثرة الاوصاب

و تبعه علی ذلک یا قوت فی ارشاده فوقعا فی هوة من الخطأ والصواب انهما للزبیرین بکّار یقولهما لابن خاقان(۱) ۔ و کذا انشد له ابن خلکان البیتین :

یا خالق الخلق حمل الوری لما طغی الماء علی جاریه

و عبدک الآن طغی ماؤه فی الصلب فاحمله علی جاریه

وتبعه الاستاذ الطباخ رحمه الله فاثبتهما له فی آخر(۲) الملتقط من شعره مع انهما لأبیه ابی علی الحسن(۳) بن علی بن ابی الطیب ۔

انما رأیت اخیراً ان اعرض علیکم اسماء المشاهیر من الوزراء و الامراء والکتاب و العلماء الجلّه الدین مدحهم الباخرزی و بقیت مدائحه فیهم محفوظة فی نسخة دیوانه الموجودة فها کم ما یلی :

(۱) عمید الملک ابو نصر منصور بن محمد الکندری (م ۴۵۶ھ) وزیرالسلطان طغر لبک و استغرقت قصائده فیه نحو ۱۳ ورقة ۔

---

(۱) ایضاً : ج ۳۶/۱۳ (ح ۱)

(۲) ص ۵۱

(۳) ص ۲۵۳

(۲) الشیخ الاجلّ نظام الملک قوام الدین ابو علی الحسن بن علی الطوسی (م ۴۸۵ھ) وزیر السلطان الب ارسلان و السلطان ملک شاہ ۔ و قصائده فیه فی ۲۲ ورقه ۔

(۳) شیخ الدولة ابوالحسن علی بن محمد البرکردی[1] فیه قصائد استغرقت تسعه أوراق ۔

(۴) الشیخ الرئیس ابو القاسم عبد الحمید بن یحی المروزی ۔ قصائده فیه فی ۱۳ ورقة ۔

(۵) الشیخ العمید کمال الدوله ابوالرضی فضل الله بن محمد مدائحه فیه فی ۴ اوراق ۔

(۶) السید الاجل شرف الساده ابو الحسن محمد بن عبد الله[2] الحسینی البلخی

(۷) الشیخ الامام ابوالمعالی عبدالملک[3] بن یوسف الجوینی الشهیر بامام الحرمین ۔

(۸) الاستاذ الامام ابوالقاسم عبدالکریم بن هوازن[4] القشیری ۔

(۹) الشیخ الامام الموفق ابو محمد هبة الله بن محمد بن الحسین ۔

(۱۰) السیدالرئیس ابوالقاسم علی بن موسی الموسوی نقیب العلویة بمرو و هذا الرئیس الموسوی کان الباخرزی لقیه بمرو فی رمضان سنة سبع و اربعین و اربعمائه کما صرح بذلک فی ترجمتی الموسوی[5] والقاضی ابی منصور السمعانی فمدحه بقصیدة طنانة تعدّ من عیون قصائده و قد أورد منها فی الدمیة ثلاثة ابیات فی ترجمة الموسوی ثم نقل قطعة طویلة منها فی ترجمة القاضی السمعانی کما اورد منها یاقوت ۱۲ بیتاً فی الارشاد[6] نقلاً عن البیهقی ۔ والذی یلائم المقام

---

(۱) الدمیه : ص ۱۳۸
(۲) ایضاً : ص ۱۲۸
(۳) ایضاً ص ۱۹۶
(۴) ایضاً ص ۱۹۴
(۵) دمیه القصر ص ۱۲۶، ص ۱۵۲
(۶) ج ۱۳/۳۵ - ۳۷ (مصر)

ان انقل القصیدة برمّتها فاجعلها مسک الختام لمثالی الوجیز۔ والعبارة فی نسخة الدیوان تدل علی خلاف ما ورد من تاریخها فی الدمیة فدونکم نصها:

"(*) و له فی السید الرئیس العالم ابی القاسم علی بن موسی الموسوی نقیب العلویة بمرو و انشدها فی رمضان سنة تسع و اربعین و اربعمائة"۔

والصواب عندی ما وقع فی الدمیة مرّتین کما تقدم و التصحیف بین سبع و تسع قوی الاحتمال لاشتباههما۔ و بعد ذلک نقدم الکم قصیدته إلی الموسوی :

حیالک من تحت ذیل الحی (۱) شعاع کحا شیة المشرفی
بریک تفتق نور جلی (۲) یری کتفتح نور جنی
اعاد الطراز رداء الهوی (۳) و لکن بردی و شیک الهُوی
و اطلع فی جنح لیل السحاب (۴) صباحاً مضیئاً سریع المضی
هی النار نعبد لا لـلصلاة (۵) الیها و نعمد لا للصلی
سوی ان اشراقها موهم (۶) ما یماض ثغر لسعدی نقی
ذکرت عرارة نجد و عزّ (۷) شمیم العراره بعد العشی
و جدّد شوقی وراء الضلوع (۸) الی الربع من بعد احدی بُلی
و من لی بسعدی و من دونها (۹) و قد حجبت خلف مرمی قصی
نعیب الغراب و نبح الذئاب (۱۰) و حرش الضباب ووخدالمطی
یقشّر بالضرب منها اللحا (۱۱) و یشغل عن ضربها باللحی

(*) د (مخطوط) ۶۵/الف - ۶۶/الف ، و دمیة القصر (الابیات: ۴۷ - ۴۹، ۵۲) ایضاً (الابیات ۲۱، ۲۰ - ۲۸، ۳۰ - ۳۰) والارشاد (الابیات: ۱، ۱۷ - ۱۸، ۲۶ - ۲۷، ۳۱ - ۳۸)

(۱) د "حبالک" دمیة القصر "خیالک" والاصلاح عن الارساد

(۳) دمیة - "اعاد طراز" الخ

(۴) ایضاً - و شبک المضی

(۶) ایضا - "و لکن إشراقها" - و "برق" موضع "ثغر" و د "نقی"

(۷) هذا البیت عن بیت حماسّی سائر :

تمتع من شمیم عرار نجد فما بعد العشیه من عرار

(۸) الدمیة - "عهدی" موضع "شوقی" ود "بعد احدی"

و ترمی قوألمها کالسهام (١٢) و تبری هیاکلها کالقسی
بیهماء أحشاء أحسانـهـا (١٣) تشکت الی الرکب وقع الدلی
تغلّ الفطا و هی اهدی الطیور (١٤) نظلّ بها کالغوی الغبی
الی مثلها طال باعی و طاب (١٥) لجبی اجتناب الفراش الوطی
و اسکرنی سرب کاس السری (١٦) علی شد و جنیها الجهوری
و سُمتُ الرکائب حتی انخن (١٧) بسیط الانامل سبط النبی
علی بن موسی مواسی العفاة (١٨) ابی القاسم السید الموسوی
خصیب الثری عضّ نبت المراد (١٩) رحیب الذری عذب ماء الرکی
طما بالندی وادیا راحتیه (٢٠) فطمّا علی آذیات القری
و قد طفق مرو تعتدّ منه (٢١) بخلقٍ رضی و خلق وضی
کما اعتدّ بغداد فما سمعت (٢٢) بالمرتضی و اخیه الرضی
یطرّز سالعود ندُ النوال (٢٣) و یتبع و سمیّه بالولی
به زهی المجد و المکرمات (٢٤) کزهو الردینی بالقعضبی
نسیبٌ له شرف الانتساب (٢٥) اذاقل منه نصیب الدعی
نماه الفخار الی جده (٢٦) ففاز بجدٍّ علیٍّ علی
و لا یتأ شب عیص السری (٢٧) اذاً هو لم یکن ابن السری
معاد معادیه مهما طوی (٢٨) علی بغضه القلبَ تعر الطوی
و امثل احوال اعدائه (٢٩) و کلّهم رهن داء دوی

---

(١٣) د ''احشوا احسائها والدمیه ''بیهماء احشاء احشائها''
(١٩) د ''رحیب الرذی''
(٢٠) د ''اذیات'' والدمیة ''آجنات''
(٢٥) د ''المدعی''
(٢٦) الارشاد - ''قطار'' موضع '' ففاز''
(٢٨) الدمیة - ''معادیة''
(٢٩) ایضاً - ''نهب'' موضع ''رهن''

عصیٌّ مکلّلَـةٌ بالروٰس (۳۰) و روٰسٌ مکلّلَـةٌ بالعصی

ابا قاسم یا سمیم السخاء (۳۱) اذا جف ضرع الغمام السخی

وفدت علیک مع الوافدین (۳۲) وفود البشارة عبّ النعی

وزارک منّی سمیٌّ کنیٌّ (۳۳) فراع حقوق السمی الکنی

و قد هدم النصّ من ناقبی (۳۴) سناماً مشیداً برعی النصی

نهاک القصیدة بکرا تصل (۳۵) علی نحرها حصباتُ الحلی

جعلت هواک جهاً زالها (۳۶) فجاء تک مانسة کالهدی

سحرت بها ألسن السامرین (۳۷) و لم اترک السحر للسامری

و لما نشرت اماویقها (۳۸) طوی الناس دیباجة البحتری

فقُز من جناها نحلو نضیج (۳۹) هنی کخمر من الرّاح نی

و حاوربها جنـة بسطها (۴۰) من الرفرف الخضر العبقری

و رُبَّ کلام یجر السقام (۴۱) بمرعی و بیل و جوّ و بی

یلجلجه طامع قانع (۴۲) بشیع یساق الیه وری

بشیم مخائل عیم جهام (۴۳) و ینط أوشال حسّی بکو

فان حاک هلهل کالعنکبوت (۴۴) نسایج من عرض سابری

و ان صال ولّی قفاه مرارا (۴۵) و ان قال الجم فاه بعی

---

(۳۱) الارشاد - ''الجی'' موضع ''السخی''
(۳۲) ایضاً - ''وفدت الیک''
(۳۳) د - ''سنی کنی''
(۳۵) الارشاد - ''فهذی القصیده بکر'' و حصبات
(۳۹) د ''لحم''
(۴۱) د ''وبیل''
(۴۲) د '' بشیع''
(۴۳) د ''حسن بکی''
(۴۵) د ''الجمر''

بشیح لیبلغ شأو الفحول (۴٦) و ذاک اذا نشأ ابن الخصی
اتـاک الصیام فـعـاشرتـه (۴۷) بعرض نقی و قلب تقی
و اوجبت للقوم هشم الثرید (۴۸) علی شرط منصبک الهاشمی
فعید اذا الافق فی الغرب بتّ (۴۹) سناً س جلی به منجلی
بقیت لتسحب ذیل الفخار (۵۰) و ترفل فی ظلّ مال رخی
و عمرت مادام زغف الدروع (۵۱) عداه اللقاء قمیص الکمی
فلو لم تسدّ مکان النبی (۵۲) لاصبح رتماً مکان النبی

(۴٦) د "مشا" - و أشاح أی جد فی الاثر
(۴۹) د "حلی به منحلی" والاصلاح عن الدمیه

ڈاکٹر فواد سیزگن

اهمیة الروایة الاسلامیة

ایها الحاضرون الکرام -

ارید اعرض علی حضراتکم خلاصة بحث عما یتعلق بمصدر مهم من مصادر التاریخ الاسلامیه و هو عبارة عن الروایة الاسلامیة -

حینما اراد القدماء المسلمون ان یذکروا فی مصادر التاریخ الاسلامی اشاروا الی اهمیة علم الحدیث و قالوا ان علم التاریخ فن من فنون الحدیث والباحثون المحدثون ایضاً - منذ ما ابتدؤ وا بالاشغال بمصادر التاریخ الاسلامی لم یغفلوا عن اهمیة علم الحدیث لانهم من بادی الامر رأوا المکانة الکبیرة التی اخذها اسلوب الروایة فی التالیف الاسلامیة فی قرونها الاولی -

و هنا فرق کبیر بین الاهمیة المعترف بها قدیما و بین التی اعترفوا بها فی القرنین الاخیرین -

و کان عند القدماء قواعد معیّنة واضحة بینهم کانوا ینقدون الاخبار و یقدرونها تحت ضوء هذه القواعد - و قد اصبحت هذه القواعد عندهم علماً سموها بمصطلح الحدیث و اما المحدثون لا یعطون قیمةً کبیرةً لهذه القواعد وَ ینسون فیها اشد الیأس اکثر من اللازم - -

و هو لاء المحدثون مختلفون بینهم ایضاً باختلاف شدید - فمثلاً المستشرق الشهیر گولدزهر متعجب من رأی المستشرق الهالندی دوزی القائل بصحّة قسم کبیر من الحدیث النبوی و مثلاً لوی کاتیانی الاطالیانی یبجّل گولدزیر فی رده دوزی و یحمل قوله علی تفاول ساذج منه - و کذالک نری اختلافاً کبیراً بین هوررونیز و قبهم سورة المستشرق الفرنساوی حیث یعتمد الاول علی الروایة الاسلامیة اعتماداً قویا والآخر ینکر ها اشد الانکار -

یرجع السبب الاول فی هذا الاختلاف الکبیر فیما اظن الی خاصة من خصائص الروایة الاسلامیة التی یصعب فهمها علی المتعودین بروایات موجودة فی الادیان الاخری و هذه الخاصة التی قد سمیت قدیما بکلمة "الاسناد" و هی مرکز اختلاف الفهم -

لا نستطیع هنا ان نتحدث عن تطور الاسناد حدیثاً طویلاً و نکتفی بالاشارة الی نتائج بحث قد نشر فی الایام الاخیرة تحت اسم "دراسات حول مصادر البخاری" و من النتائج ان الاسناد تأسس فی اواخر القرن الاول الهجری و الاحادیث النبویة خاصة و الاخبار الاسلامیة عامة قد دوّنت فی نفس الوقت و جاء بعد عهد التدوین تقریباً من ربع قرن عهد التصنیف - حیث اخذ المحدثون المصنفون یقسمون الاحادیث المدونة علی الابواب - و اخبار المصادر الاسلامیة لهذین العهدین واضحة تماماً و یؤیدها بعض ما وصل لنا من التراث الاسلامی الکبیر -

و اما البحث الحدیث عن هذا التراث فیرجع الی اواسط القرن التاسع عشر المیلادی و یعتبر المستشرق شپرنگر ممن لهم مکانة کبیرة فی دراسة الروایة اسلامیة حیث استطاع ان یجمع بعض الوثائق الاولیة للاحادیث النبویة - و قد تبعه تلمیذه گولدتسهر و اضاف علی نتائج استاذه اشیاء اخری و الف کتابه الضخیم "محمد یانشر ستو دین" و عند نشر تألیفه هذا مکتسبا لمصادر الحدیث النبوی و هذا الکتاب بعد تالیفه بستین سنة لایزال یعد مرجعاً وحیداً فی موضوعه و غیر متغیر النتائج -

و فی الحقیقة قد درس المؤلف الروایة الاسلامیة دراسة واسعة و استفاد من مواد عزیزة من تالیف و لکنه فیما اعتقد قد اغفل من نظره ناحیة مهمة للروایة الاسلامیة إذا اعرضنا عن النتائج الفرعیة التی تغیرت بمضی الزمن و تطور العلوم -

لقد عرّف المحدثون القدماء الإسناد بایصال حدیث او خبر إلی قائله الاول و هو تعریف لا یوافی افادة المحدثین ایاه حیث قالوا "إن الاسناد ذکر اسامی الرواة لحدیث او خبر" و روی شفویا الی ان تید بالکتابة - و هذا لوصف الشفوی سیجعلهم لهم اثر الروایات الموجودة فی الادیان الاخری و اضیف إلی الاسناد الاسلامی -

و قلنا قبل هذا إن المستشرق شپونکر و تلمیذه کولدزیهر کانا یعد ان س مکتشفی المصادر المکتوبة للحدیث النبوی ۔ فمثلاً صادفوا فی بعض المراجع اسماء صحف فی القرن الاول للهجرة و لکنهما حینما راوا الاسانید الموجودة فی المصنفات و مثلاً فی الکتب الستة نسوا ان هناک تحت سلاسل الرواة مصادر مکتوبة ۔ هذه الظاهرة جلیة تماماً فی کتاب کولدزیهر المذکور اثناء قوله: لم یستطع البخاری و لا المصنفون المعاصرون له ان یستفیدوا من شی مکتوب قبلهم و اضطروا ان یرحلوا فی البلدان المختلفه لیجمعوا الاحادیث فیصنفوها ۔ و هذا الفهم لا یوافق ابدا فهم القدماء المحدثین ولاالقواعد المعروفة عندهم فی عصر التالیف ۔

اذا درسنا المصنفات القدیمة للحدیث بالامعان و قرانا کتب مصطلح الحدیث لشاهدنا اسانید الاحادیث و الاخبار تخفی تحتها المصادر المکتوبه ۔ فمثلاً اذا رأینا اسناداً فی صحیح البخاری هکذا حدثنا عبدالله ابن یوسف حدثنا مالک ۔ حدثنا الزهری الی آخر سند الحدیث لنفکرهنا قبل کل شی ان البخاری قد استفاد من کتاب لهذه الاشخاص المذکوره فی الاسناد ۔ و وجود نفس الحدیث فی کتاب الموطا للامام مالک یودینا الی فهم ان البخاری قد اخذ هذا الحدیث من موطا مالک و هذا الفهم لیس شی جدید بل هو فهم الشراح و موافق لقولهم فلنأخذ مثالاً آخر من البخاری حدثنا محمد بن سلام ۔ حدثنا عبدالرزاق حدثنا معمر ابن راشد، حدثنا الزهر ... الخ ۔ سند الحدیث یغلب هنا علی الظن ان البخاری اخذ الحدیث من جامع معمر ابن راشد الذی وصل الینا منه نسختان ۔ و لکننا لا نستطیع ان نجزم بان مصدر البخاری لهذا الحدیث هو جامع معمر ابن راشد ربما هو اخذ الحدیث من کتاب تلمیذه عبدالرزاق و عبدالرزاق اخذ من کتاب معمر ابن راشد ۔ و هذه المسالة تقتضی منهجا خاصاً سوف لا نخوض فی تفصله هنا ۔ والذی یهمنا الآن هو ان البخاری و المحدثین الاخرین اخذوا احادیث کتبه من المصادر المکتوبة قبلهم و کانت العادة عندهم ان یأخذوا من الکتب فیسند الاخبار لاسباب مختلفة فی القرنین الاولین من الهجرة ۔ و کان عندهم القواعد یسمونها ''تحمل العلم''، و کان الاستاذ یقرا کتابه و کتاب شخص آخر علی تلامذة و هم یسمعون منه او احد التلامذة

یقرا علی الشیخ و الشیخ یسمع و یسمون الاول "السماع" و الثانی "القراءة" و قد تطورت عندهم انواع اخری من طرق التحمل کمناوله والمطالبة و الاجازة الی آخر - و فی کل نوع من التحمل کانوا یستعملون صیغة حدثنا او اخبرنا - لاستنادهم من الکتب الی ان جاء البخاری فاراد ان یلخص کتب حدیث النبوی ابب احیاناً الاسانید و حذفها احیاناً اخری بصیغه قال او ذکر او قل او یذکر او یقال - و هذه الصیغة التی سماها المحدثون بعد البخاری التعلیق و ناقشوا سبب قطع الاسناد و حکمه فی التشریح - و لکنهم فیما اظن لم یصلوا الی نتیجه معینة و حسن لدی فی دراستی حول مصادر البخاری ان احمل هذه التعلیقات علی نوع الوجاده من طرق تحمل العلم ای البخاری کان عنده کتب کثیرة - یستطع ان یقرا بعضها علی استاذه او یسمع منه ولکنه کان یعتمد علی صحه هذه الکتب و کان عزیز علیه اهمالها فنقل منها ما یزید عدده علی الفین و حسمائه حدیث -

ففی هذه الحاله ان البخاری اول محدث قد هدد سطرة الاسناد و بهذا التهدید استطاع ان یوسع نطاق المصادر بینما مسلم لم یعلق الاحدیثا واحداً -

عادة المحدثین هذه ای اخذهم من الکتب و اقامتهم فی مکانها الاسانید هی عاده المؤرخین والمفسرین الاسلامیین فی القرون الاولی من الهجرة وقد خفیت هذه العادة علی الباحثین المستشرقین فعدوا مواد المؤلفات الاسلامیه عبارة عن اخبار شفویه فلم یعتمدوا علیها -

فمثلاً قال کولدزیهر إن البخاری لم یستطع الاستفادة من کتب موجودة قبله علی ان معظم مصادر البخاری قد وصلت الینا - و قال المستشرق الفرنساوی "سوره" إن مصادر التاریخ الاسلامی شفویة فی القرنین الاولین و لاجل هذا یضطر المؤرخ الاروبی اذا یکتب تاریخ الاسلامی من بین رماد و زند و کذا المستشرق بلاشر یقول نفس القول فی مصادر التفسیر و فیما یتعلق عن حیاة النبی -

و کذالک المستشرق الالمانی شاخت افاد عدم اعتماده علی الحدیث النبوی فی کل فصل بین فصول کتابه فی التشریع الاسلامی -

فامثلة هذا الفهم كثيرة ۔ لانرى فائدة فی ذکر کلها و لیس غرضنا هنا الطعن فی الناس بل غرضنا هو الاشارة إلى ان الاسانید الموجودة فی المصنفات القدیمة تخفی تحتها مصادر مکتوبة و لیس هی شفویة کما فکر کثیرون من الناس ۔ و لا ندعی هنا ان الاحادیث و الاخبار یجب الاتکون صحیحة لکون مصادرها مکتوبة بل غرضنا هو اقامة مقیاس معتدل فی تقدیر الاحادیث مکان حکم یوافق حقائق الروایة الاسلامیة و ینکرها اشد الانکار ۔

الف ۔ د ۔ نسیم

خواجہ میر درد کا خاندان

خواجہ میر درد اردو کے ان چند شاعروں میں سے ہیں جو اپنے فن اور شخصیت کے اعتبار سے بلند مقام رکھتے ہیں ۔ ان کی ذات میں شخصی کمالات و اوصاف اور خاندانی فضائل و خصائص کا ایسا خوشگوار امتزاج ملتا ہے کہ وہ اس اخص زمرے میں بھی ممتاز نظر آتے ہیں ۔ تذکرہ نگاروں نے انہیں بارھویں صدی ہجری کے اولیائے عظام اور صوفیائے کرام میں شمار کیا ہے اور ان کے خاندان کی ثروت، سیادت، شرافت اور نجابت کے ذکر میں خاص اہتمام سے کام لیا ہے اپنی نجیب الطرفینی اور صحیح النسبی کا خواجہ میر درد کو بھی گہرا احساس تھا اور وہ اسے اپنے اور اپنے خاندان کا طرہ امتیاز اور نشان فضلیت سمجھتے تھے۔ وہ اپنی تصنیف علم‌الکتاب میں ایک جگہ لکھتے ہیں کہ (۱)

" آبا و اجداد پدری و مادری الی‌انفسنا و دریاتنا و نسائنا و همه اطراف ایسان سادات صحیح النسب و ذوات رفیع الحسب بوده اند و هستند .... غرض‌که اوصاف ظاهری و باطنی بزرگان خود تا کجا نگارم که بفضل الہی حدے و نہایتےندارد و هم منجر به خود ستائی نه گردد و احتمال افتخار نه شود "

خواجہ میر درد ماں اور باپ دونوں طرف سے صحیح النسب حسینی سید اور سادات بنی فاطمہ میں سے تھے۔ ان کا سلسلہ نسب باپ کی طرف سے حضرت خواجہ بہاءالدین نقشبند اور ماں کی جانب سے حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی تک پہنچتا ہے۔ اس کا ذکر ان کے والد خواجہ محمد ناصر عندلیب نے

---

۱ ۔ علم‌الکتاب از خواجہ میر درد صفحہ ۸۴ ۔

خود ھی اپنے رسالہ ھوش افزا میں لیا ھے جہاں ایک بزرگ ان کے متعلق کہتے ھیں کہ (۱)

" شما از مادر و پدر صحیح النسب بنی فاطمہ و سید حسینی ھستید کہ سیادت و نجابت شما از آفتاب و ماھتاب مشہور تر است ... .
از جانب پدر از نبیرہ ھائے قدوۃ العرفا خواجہ خواجہ ھا حضرت بہاء الدین المعروف بہ نقشبند ھستید و از طرف والدہ از نبیسہ ھائے محبوب سبحانی سید عبدالقادر جیلانی می شوید،،

بعض تذکرہ نویسوں نے خواجہ میر درد کے سلسلہ پدری کو حضرت محبوب سبحانی سید عبدالقادر جیلانی سے اور سلسلۂ مادری کو حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند سے ملایا ھے جو درست نہیں ھے ۔ خواجہ میر درد کا اپنا بیان بھی ان تذکرہ نویسوں کی رائے کے خلاف ھے ۔ وہ علم الکتاب میں کہتے ھیں کہ (۲)

" حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند قدس سرہ العزیز کہ از سادات حسینی صحیح النسب اند با یازدہ واسطہ جد پدری بندہ اند،،

اس بیان کی رو سے حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند گیارہ واسطوں سے حضرت خواجہ میر درد کے جد امجد ھوئے۔ وہ تصوف کے مشہور سلسلۂ نقشبندیہ کے سربراہ تھے اور ان کا اصل نام محمد بن محمد البخاری تھا (۳) ۔ ان کے نام کے ساتھ لقب خواجہ اور نسبت نقشبندیہ کا اضافہ جسے بعد میں ان کی اولاد نے بھی ورثے میں پایا، بغیر وجہ کے نہیں ھے ۔ لقب خواجہ پر روشنی ڈالتے ھوئے حضرت خواجہ میر درد علم الکتاب میں کہتے ھیں کہ اس کے معنی مالک سردار صاحب اور مولیٰ کے ھیں ۔ اس لئے اس کا اطلاق مولی الموالی علیہ السلام کی اولاد پر ھوتا ھے اور اکابر سادات اسی لقب سے ملقب رھے ھیں ۔ کتاب کی عبارت یہ ھے (۴)

---

۱ ۔ رسالہ ھوش افزا (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) از خواجہ ناصر عندلیب صفحہ ۹۶ ب ۔

۲ ۔ علم الکتاب صفحہ ۸۴

۳ ۔ کتاب اعراس بزرگان صفحہ ۴۵

۴ ۔ کتاب اعراس بزرگاں صفحہ ۴۵

" خواجه بمعنی مالک و سردار و صاحب و مولی است لهذا اطلاق آں بر ذریات مولی الموالی علیه السلام کرده اند و اکابر سادات ملقب به لقب خواجگان شده اند و حضرت بهاء الدین نقشبند قدس سره العزیز که از سادات صحیح النسب اند و با یازده واسطه جد پدری بنده اند نیز خواجه می گفتند"

نواجه بهاء الدین کے نقشبند کہلانے کی جو وجوہ بیان کی جاتی ھیں ان میں ثقه جه ان کا پیشه کمخواب بافی و نقشبندی ہے جس کی بنا پر وہ نقشبند مشہور ہوگئے ۔ داراشکوہ نے سفینۃ الاولیا میں رسالہ بہائیہ کے حوالے سے جو خواجه ذکور کے حالات میں ہے لکھا ہے که (۱)

" حضرت می فرمودند که من و پدرم به صنعت کمخواب بافی و نقشبندی مشغول بودیم (ازیں سبب ایں نسبت را بنام من کردند)"

ور پھر لکھا ہے که (۲)

" همیں نقل را بخط حضرت مولانا عبدالرحمن جامی قدس سره نیز نوشته یافتم"

خواجه میر درد اور ان کے آبا و اجداد نے بھی لقب خواجه اور نسبت نقشبندیه کو حضرت خواجه بزرگ سے ورثے میں پایا اور اس سرمائے کو همیشه اپنے لئے باعث تخار و فضلیت سمجھا ۔ خواجه میر درد کے نام میں تو لفظ خواجه ان کے نام کا ز ہے لقب نہیں ۔ یه نام ان کے نانا سید محمد قادری نے رکھا تھا اور انہوں نے ض اس کی مذکورہ صدر فضلیت کی بنا پر اسے جزو نام بنا دیا ہے ۔ اس کی ضاحت خواجه میر درد نے خود ھی اپنی تصنیف علم الکتاب میں کی ہے وہ کہتے ھیں که (۳)

---

۱ ۔ سفینۃ الاولیا از دارا شکوہ صفحه ۷۰

۲ ۔ سفینۃ الاولیا از دارا شکوہ صفحه ۷۰

۳ ۔ علم الکتاب صفحه ۸۴

" ایں اسم فقیر کہ خواجہ میر است وقت تولد بندہ والد بزرگوار والدہ ماجدہ ام سید العارفین میر سید محمد حسینی قادری بن نواب میر احمد خان شہید گذاشتہ اند"

اور پھر لقب خواجہ کا پس منظر بیان کرنے کے بعد لکھا ہے کہ (۱)

" بمناسبت ایں وجوہ مسمی بہ خواجہ میر کردہ اند"

حضرت خواجہ بہاء الدین نقشبند سادات بخارا میں سے تھے۔ وہ ۱۸ء میں (۲) بخارا ہی میں (۳) خواجہ عبداللہ بخاری کے گھر پیدا ہوئے جو سید جلال الدین بخاری، سید برہان الدین بخاری، سید کمال الدین بخاری، سید حسین ملقب بہ محبوب، سید حسین اکبر، سید عبداللہ، سید فخرالدین، سید محمود رومی، سید حسین مقتول، سید حسن محمد نقی، سید عبداللہ، سید جامع اور سید علی اکبر کے مزید چند واسطوں سے حضرت امام عسکری کی اولاد تھے۔ ان کے سلسلہ نسب کی ان کڑیوں کا ذکر ریاض الانساب (۴) اور کنزالانساب (۵) کے مصنفین نے کیا ہے۔ خواجہ میر درد نے بھی علم الکتاب میں اس پر کچھ روشنی ڈالی ہے وہ لکھتے ہیں کہ (۶)

" حضرت خواجہ نقشبند بہ سیزدہ واسطہ فرزند حضرت امام عسکری ہستند و ما بہ نسب و پنج واسطہ۔ باقی یازدہ ائمہ بہ ترتیب آبا و اجداد اند"

حضرت خواجہ بہاالدین نقشبند کا روحانی انتساب حضرت سید امیر کلال سے تھا (۷) جن کا شجرہ ایک طرف حضرت ابو بکر صدیق اور دوسری طرف حضرت علی کرم اللہ وجہ

---

۱ - علم الکتاب صفحہ ۸۴
۲ - انیس الطالبین از صلاح بن مبارک ص ۸۴
۳ - فہرست کتب خانہ برٹش میوزیم صفحہ ۲۷
۴ - ریاض الانساب (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) - صفحہ ۲۱۰
۵ - کنزالانساب (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) صفحہ ۱۰۷
۶ - علم الکتاب صفحہ ۸۴
۷ - شجرۃ الیقین (در بیان خواجہ نقشبند)

ہے ملتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سلسلہ کے ایک بزرگ جن کا نام شیخ ابوالقاسم تھا شیخ ابوالحسن خرقانی کے مرید بھی تھے جن کی نسبت شیخ ابویزید،حضرت امام جعفر صادق، حضرت خواجہ محمد باقر، حضرت زین الدین علی اور امام حسین کے ذریعے حضرت علی تک تھی اور ایک ایسے بزرگ سے بھی ارادت رکھتے تھےجن کے ذریعہ یہ شجرہ روحانی حضرت ابوبکر صدیق تک پہنچتا ہے۔ علی بن ملا حسین واعظ کاشفی نے اپنی تصنیف رشحات میں شیخ ابوالقاسم تک حضرت خواجہ بہاءالدین نقشبند، حضرت سید امیر کلال، خواجہ علی رامتینی، خواجہ محمود انجیر فغنوی، خواجہ عارف، خواجہ عبدالخالق غجدوانی، خواجہ یوسف ہمدانی، خواجہ ابوعلی فارمدی کے ذریعے صرف واحد سلسلہ روحانی کا ذکر کیا ہے (۱) اس کے بعد اسے حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت علی تک دو شاخوں میں تقسیم کیا ہے۔ حضرت خواجہ بہاءالدین نقشبند نے عموماً اور شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی نے خصوصاً نسبت صدیقیت پر زیادہ زور دیا ہے۔ لیکن خواجہ میر درد اور ان کے والد کا رجحان (جیسا کہ بعد میں ذکر آئے گا) حضرت علی کی طرف معلوم ہوتا ہے۔

خواجہ بہاءالدین نقشبند ایک مدت تک خلق خدا میں رشد و ہدایت کی شمع جلانے کے بعد شب دو شنبہ ۳ ماہ ربیع الاول ۷۹۱ھ عمر ۷۳ سال فوت ہوکر (۲) شہر بخارا سے ایک کوس کے فاصلے پر قصر عارفاں میں مدفون ہوئے(۳) اور انہوں نے

---

۱ - رشحات از علی بن ملا حسین واعظ کاشفی (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) ص۔

۲ - ریاض العارفین ص ۱۳۰

۳ - خواجہ علا الدین عطار کی کہی ہوئی مندرجہ ذیل تاریخ دیکھئے

رفت شاہ نقشبند آں خواجہ دنیا و دین
آں کہ بود شاہراہ دین و دنیا ملتش
مسکن و ماوی او چوں بود قصر عارفاں
قصر عرفاں زاں سبب آمد حساب رحلتش
۷۹۱ھ

اپنے پیچھے ایک لڑکی یادگار چھوڑی جن کا نام فاطمہ ثانی تھا (۱) حضرت فاطمہ ثانی کی شادی خواجہ بزرگ نے اپنی زندگی ہی میں اپنی خانقاہ کے ایک درویش خواجہ علاالدین عطار سے کردی تھی جس واقعہ پر روشنی ڈالتے ہوئے علی بن حسین واعظ کاشفی نے رشحات میں لکھا ہے کہ (۲)

"حضرت خواجہ بزرگ را صبیہ صغیرہ بودہ است بوالدہ وے گفتہ اند که چوں بہ بلوغ رسد مرا ہماں زماں آگہ کنند چوں آں وقت رسید حضرت خواجہ از سر غاراں شہر آمدند و یکسر بہ حجرہ خواجہ علاالدین که در مدرسہ داشتند رفتند . . . . . . چوں خواجہ علاالدین ایشاں را دیدند در قدم ایشاں سر نہادند و نیازمندی بسیار کردند حضرت خواجہ فرمودند که مرا صبیہ ایست که بہ حد بلوغ رسیدہ و من ماموروم بہ آں که وے را بہ حبالہ عقد تو در آرم خواجہ علاالدین تواضع نمودہ گفتہ اند که ایں سعادت است عظیمے که روئے بمن آوردہ لیکن مرا از اسباب دنیوی ہیچ چیز نیست که صرف کنم و حال ایں است که مشاہدہ می فرمائید حضرت خواجہ فرمودند که ترا او را من عنداللہ رزق مقدر و مقرر است ازاں ہیچ فکرے نیست پس آں عقد واقع شد"

حضرت فاطمہ ثانی کے بطن سے دو بیٹے پیدا ہوئے جن میں سے ایک کا نام خواجہ حسن عطار تھا اور دوسرے کا خواجہ حسین عطار ـــــــ کتب انساب میں آگے ان کی اولاد میں متعدد شاخیں ہو جانے کی وجہ سے مزید کڑیوں کا ذکر بہت کم ملتا ہے ۔ عبدالرزاق بہاری نے کنزالانساب میں خواجہ حسین عطار کے ایک بیٹے یوسف عطار کا نام لیا ہے اور اس کے بعد لکھا ہے کہ (۳)

---

۱ - علی بن حسین واعظ کاشفی نے رشحات میں لکھا ہے کہ خواجہ بزرگ کے گھر چار بیٹیاں اور دو بیٹے پیدا ہوئے لیکن حضرت فاطمہ ثانی کے سوا ساری اولاد کم عمری میں مر گئی (ص د ـ)

۲ - رشحات (در ذکر خواجہ علا الدین عطار)

۳ - کنز الانساب از عبدالرزاق بہاری ص ۱۰۸/۱۰۵

ازآن بعد معلوم نیست کیفیت بالتصریح ـــ باید دانست هنوز اولاد حضرت خواجه در بخارا شریف اند،، (۱)

ان خواجگان بخارا میں سے ایک بزرگ جن کا نام خواجہ محمد طاہر نقشبند تھا شہنشاہ اورنگ‌زیب کے زمانے میں اپنے چند بھائیوں بیٹوں اور برادر زادوں سمیت دلی میں آئے جو ہندوستان میں خواجہ میر درد کے خاندان کے مورث اعلیٰ تھے اس کی تصدیق رسالہ ہوش افزا کی اس عبارت سے ہوتی ہے (۲)

"اجداد شہ سہ نفور بودند مع چند پسران از بخارا دریں جا رسیدہ اند و ارشد ازانہا خواجہ محمد طاہر نقشبند است،،

تاریخ کملا کے مولف نے بھی لکھا ہے کہ (۳)

ایں خواجہ میر درد عارف کامل بود ابن بن خواجہ محمد طاہر

دلی پہنچ کر خواجہ محمد طاہر نقشبند نے شہنشاہ عالمگیر سے ملاقات کی ۔ بادشاہ نے انہیں تسبیح خانہ میں اپنے برابر بٹھایا اور ان کے شایان شان منصب بھی عطا کرنا چاہا لیکن انہوں نے قبول نہ کیا ۔ آخر کچھ عرصہ بعد وہ اپنے بیٹوں خواجہ محمد صالح، خواجہ محمد یعقوب، خواجہ فتح اللہ خان اور بھائیوں اور برادر زادوں کو بادشاہ کے پاس چھوڑ کر (۴) خواجہ ناصر عندلیب کی روایت کے مطابق حج کے لئے (۴) اور ساقی خان مصنف مآثر عالمگیری کے بیان کے مطابق اپنے وطن واپس چلے گئے (۵)

---

۱ - سید ناصر نذیر فراق نے میخانہ درد میں خواجہ میر درد کا جو نسب نامہ دیا ہے اس میں خواجہ بہاالدین نقشبند تک کی نسبی کڑیوں کا ذکر اس طرح موجود ہے -

خواجہ میر درد بن خواجہ محمد ناصر عندلیب بن نواب روشن الدولہ ظفر اللہ خان بن نواب سید خواجہ فتح اللہ خان بن خواجہ محمد طاہر بخاری بن خواجہ عوض بخاری بن خواجہ سلطان احمد بن خواجہ میرک بن سلطان احمد ثانی بن خواجہ قاسم بن خواجہ شعبان بن خواجہ عبد اللہ بن خواجہ زین العابدین بن خواجہ سید بہاؤالدین نقشبند (ص ۱۸ میخانہ درد)

۲ - رسالہ ہوش افزا ـ ص ۹۴ ب -

۳ - تاریخ کملا ص ۱۰۷ -

۴ - رسالہ ہوش افزا ـ ص ۹۴ ب -

۵ - مآثر عالمگیری جلد دوم از ساقی خان ص ۱۳۱ -

عالم گیر کی خواجہ محمد طاہر اور ان کی اولاد کی طرف اس توجہ خصوصی کی وجہ مغل پادشاہوں کی خواجگان نقشبند سے روحانی ارادت اور عقیدت مندی تھی جس نے بڑھتے بڑھتے رشتوں ناتوں کی صورت اختیار کر لی تھی۔ ھندی مغلوں کے جد اعلی صاحبقران امیر تیمور گورگان خواجہ بہاالدین نقشبند کے مرشد حضرت امیر کلال کے مرید تھے جس کا ذکر انہوں نے خود ھی تورک تیموری میں کیا ھے۔ اس نسبت کی وجہ سے وہ حضرت خواجہ بہاالدین نقشبند کے بھی بہت زیادہ معتقد اور نیاز مند تھے اور ان کی خاک پا کو اپنے جسم کے لئے عبیر و صندل سمجھتے تھے۔ حضرت مجدد الف ثانی سرھندی نے اس عقیدت کی مثال دیتے ہوئے اپنے ایک مکتوب میں لکھا ھے کہ (۱)

"شنیدہ ام کہ روزے صاحبقران امیر تیمور گورگان علیه الرحمته به کوچه بخارا می گذشت اتفاقاً درویشان خانقاہ حضرت خواجه بہاالدین نقشبند قدس سرہ درآں کوچه گلیم ھائے خانقاہ خواجه را می افشاندند و از گرد پاک می کردند۔ امیر از حسن ادب مسلمانی که داشت درآں کوچه توقف فرمود تا گردھائے خانقاہ را عبیر و صندل خود ساخته ببرکت توجھات درویشان مشرف گردد۔ مگر باین تواضع و فروتنی که بہ بل الله نمودہ بود بحسن خاتمه مشرف گشت منقول است که حضرت خواجه نقشبند قدس سرہ بعد از وفات امیر می فرمودند تیمور مرد و ایمان برد"

امیر تیمور گورگان کی وفات کے بعد بعض دوسرے مغل پادشاھوں اور امرأ نے خواجگان نقشبند سے عقیدت کیشی اور نیازمندی کو اپنے لئے سعادت عظمے سمجھا اور اس سرمائے میں اضافے کے لئے مختلف وقتوں میں شہزادیوں کی شادیاں بھی ان سے کر دیں۔ مثال کے طور پر جہانگیر نے توزک جہانگیری میں لکھا ھے کہ ان کے چچا میرزا محمد حکیم نے اپنی بہن کی شادی خواجگان نقشبند میں سے حسن خالدار نامی ایک بزرگ سے کر دی تھی (۲) توزک کی عبارت یہ ھے۔

۱۔ مکتوبات مجدد الف ثانی دفتر سوم حصہ ھشتم مکتوب ۹۰۔ ص ۹۳۔
۲۔ توزک جہانگیری۔ ص ۲۷۔

" خواجه حسن خالدار از خواجه زادهائے نقشبند اسب عم من میرزا محمد حکیم همشیره خود را بخواجه نسبت کرده بودند،،

سہنشاہ عالم گیر کے زمانے میں خواجگان نقشبند اور شاہی خاندان کے روابط پہلے سے بھی مضبوط ہوگئے تھے۔ جس کی وجہ بعض مزید ازدواجی رشتوں کے علاوہ خود شہنشاہ کی نقشبندیہ بزرگ حضرت خواجہ مجدد الف ثانی سرھندی کے فرزند ارجمند اور حلقہ عروہ الوثقی حضرت خواجہ محمد معصوم کے ھاتھوں پر بیعت تھی۔ خواجہ معصوم کی ان پر خاص نظر تھی۔ انہوں نے اپنے بیٹے خواجہ سیف الدین کو بادشاہ کی روحانی تربیت کے لئے ان کے محل ھی میں تعین کر رکھا تھا جو خط و کتابت کے ذریعے اپنے والد بزرگوار سے بادشاہ کے روحانی مسائل کی بابت صلاح مشورہ کرتے رھتے تھے۔ اس قسم کے متعدد مکاتیب خواجہ محمد معصوم کے مجموعہ مکاتیب میں ملتے ھیں۔ اور بعض مکاتیب سے بادشاہ کے بلند روحانی مقام پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ ایسے ھی ایک مکتوب میں جو خواجہ سیف الدین کے کسی خط کے جواب میں ہے خواجہ محمد معصوم نے لکھا ہے کہ (۲)

" آنچه از احوال بادشاه دین پناه مرقوم نموده بودند همه بوضوح انجامید در طبقه سلاطین ظهور این نوع امور از غرائب روزگار است... .... نوشته بودند که مبدأ تعین خود را صفت علم دریافته اند و می فرمانید که تاس صفت مبارک بسیر مناسبت یافته می شود و از مطالعه آن حظها نمود نزدیک بود که رقص کنند،،

اس مکتوب سے شہنشاہ کے بلند روحانی مقام پر بھی روشنی پڑتی ہے جو خواجہ محمد معصوم کے الفاظ میں صفت علم کا مقام ہے جسے انہوں نے ایک دوسری جگہ لطیفہ اخفی بھی کہا ہے اور لکھا ہے کہ یہ لطیفہ خاص نبی کریم ﷺ خصوصیت رکھتا ہے (۳)

---

۲ - مکتوبات حضرت خواجہ محمد معصوم دفتر سوم - مکتوب ۲۳۲ - ص ۲۸۷ -

۳ - ایضاً

" لطیفه اخفی اعلائے لطائف است و ولایت آن فوق سائر ولایت است و این لطیفه را خصوصیتے است خاص به سرور کائنات مفخر موجودات علیه و علی آله الصلوة .... فقیر نیز ایشان را (یعنی پادشاه را) مناسبتے به لطیفه اخفی در یافت "

حضرت مجدد الف ثانی سرهندی نے اپنے مکتوبات میں اس لطیفه اخفی یا صفت علم کے لئے شان کی اصطلاح استعمال کی ھے اور یہ بھی کہا ھے کہ اگرچہ اس لطیفے اور صفت کا تعلق خاص نبی کریم کی ذات مبارک سے ھے لیکن وہ ان کی امت میں سے اخص لوگوں کو بھی نصیب ہوتا ھے۔ پادشاہ کے روحانی مقام کی اسی بلندی کے انکشاف پر حضرت خواجہ محمد معصوم نے اپنے مکتوب میں لکھا تھا کہ طبعت چاھتی ھے کہ رقص کرے۔

عالم گیر نے نقشبندیہ بزرگوں کے اس احسان عظیم کو عمر بھر فراموش نہ کیا اور جہاں تک ہو سکا حضرت خواجہ بہاالدین نقشبند کی اولاد میں سے ہر بزرگ کی خدمت کی کوشش کی۔ خواجہ میر درد کے جد امجد خواجہ محمد طاھر اور ان کے خویش و اقارب کی قدر افزائی کا بھی یہی سبب تھا ۔ خواجہ محمد طاھر خود تو دلی سے چلے گئے لیکن اورنگ زیب نے ان کے بھائیوں اور اولاد کو جس عزت اور احترام کی مسند پر بٹھایا اس پر تاریخ کے صفحات شاھد ھیں ۔ انہوں نے خواجہ محمد طاھر کے بڑے بیٹے کو جن کا نام خواجہ محمد صالح تھا منصب اعلی عطا کر کے ان کی شادی اپنے بھائی مراد بخش کی لڑکی آسائش بانو سے کر دی ۔ خواجہ محمد ناصر عندلیب رسالہ ہوش افزا میں لکھے ھیں کہ (۱)

" آن شاہ عاقبت اندیش خواجہ محمد صالح را منصب نمایاں عطا کرد و با دختر برادر خویش شاھزادہ محمد مراد بخش کتخدا گردانید "

ساقی خاں مآثر عالم گیری میں اس شادی کی تفصیل دیتے ہوئے لکھتے ھیں کہ

" دوم جمادی الاخری به محمد صالح ولد خواجه محمد طاهر نقشبندی که وصلت او به آسائش بانو بیگم دختر مراد بخش مقرر شد خلعت و اسپ

---

۱ - رسالہ ہوش افزا ۔ صفحہ ۹۶ ب
۲ - مآثر عالمگیری - ص ۱۲۰

با ساز و طلا و جمدھر و کلگی مرصع و مادہ فیل عطا شد بحضور سر بلند خان و قاضی عبدالوھاب و ملا محمد یعقوب مجلس عقد منعقد گردید،،

خواجہ محمد طاھر کے دوسرے بیٹے کا نام خواجہ محمد یعقوب تھا۔ اورنگ زیب نے انھیں بھی منصب عمدہ بخشا اور ان کی شادی مراد بخش کی دوسری لڑکی سے کر دی۔ اس کا ذکر بھی رسالہ ھوش افزا میں ملتا ھے (۳)

''برادر دیگرش را کہ خواجہ محمد یعقوب نام داشت ھم منصب عمدہ بخشیدہ دوئم دختر شہزادہ مذ کور بہ حبالہ نکاحش در آورد،،

ساقی خاں نے اس مقام پر قدرے اختلاف کیا ھے اور خواجہ محمد یعقوب کو خواجہ محمد صالح کے بھائی کی بجائے برادر زادہ لکھا ھے جو شاید کتابت کی غلطی ھو۔

'' صبیہ مراد بخش بہ ازدواج خواجہ یعقوب برادر زادہ خواجہ صالح نقشبندی درآمد و خلعت و اسپ با ساز طلا و جیغہ سنگ یشم و چہار ہزار روپیہ نقد و مادہ فیل مرحمت شد۔ سر بلند خاں اول بر ڈیوڑھی نواب قدسیہ کریمۃ الخصائل بیگم صاحب جہت ادائے آداب برد۔ بعد ازاں در مسجد اکبر آبادی عقد نکاح شد بہ عوض مہر دو لک روپیہ،،

تاریخوں میں خواجہ محمد یعقوب کے ایک بیٹے کا ذکر بھی ملتا ھے جن کا نام خواجہ موسی تھا۔ ان کی شادی شہزادہ معز الدین کی بیٹی سے ھوئی تھی جو اورنگ زیب کی نبیرہ تھیں۔ رسالہ ھوش افزا سے معلوم ھوتا ھے کہ بادشاہ نے انھیں بھی منصب عالی پر سر افراز کیا تھا (۴)۔ اس کی شہادت تذکرہ چغتائیہ اور مآثر عالمگیری سے بھی ملتی ھے۔ تذکرۂ چغتائیہ میں خواجہ ذکریا اور خواجہ یحیی نام کے دو شہزادوں کے ضمن میں لکھا ھے کہ وہ خواجہ موسی کے بیٹے اور

---

۳ ۔ رسالہ ھوش افزا ۔ ص ۹۶ ب
۴ ۔ رسالہ ھوش افزا ۔ ص ۹۶ ب

شہزادہ معز الدین کے نبیسے تھے (۱) ساقی خاں نے مآثر عالم گیری میں خواجہ موسی کے لئے ''نبوہ سہزادہ معز الدین،، کے الفاظ استعمال کئے ھیں(۲)۔

خواجہ محمد طاہر کے سرشتہ بیٹے خواجہ فتح اللہ خان تھے جو خواجہ میر درد کے حقیقی جد امجد تھے تاہم گو کہ امیری میں منصب عمدہ عطا کیا اور شاہی نسل میں سادی کی پیش کش بھی کی لیکن انہوں نے اپنی صحیح النسبی میں فرق آجانے کے خیال سے اسے قبول نہ کیا۔ خواجہ میر اثر نے اپنی فارسی مثنوی بیان واقعہ میں خواجہ فتح اللہ خان کے انکار کی یہی وجہ بتائی ہے

او بداب خود نہ کرد این را قبول   تا نہ گردد مختلط آل رسول
(مثنوی بیان واقعہ)

آخرکار انہوں نے بادشاہ کے میر بخشی نواب سر بلند خان کی حقیقی بہن سے شادی کرلی جو ان کی طرح صحیح النسب حسینی سید از حضرت خواجہ بہاالدین نقشبند کی اولاد میں سے تھی (۳) خواجہ ناصر عندلیب لکھتے ھیں کہ (۴)

" برادر سیومئی خواجہ محمد صالح خواجہ فتح اللہ نام داشت کہ جد شما باشد پادشاہ او را بر منصبے سر افراز ساختہ بہر تکلیف کتخدائی بمیان اقربائے خود فرمود و لیکن او ہرگز قبول این معنی نہ نمود و در آخر کار ہمشیرہ حقیقی نواب سر بلند خان کہ میر بخشی سلطان قدردان بود منسوب گرداند "

جادو ناتھ سرکار نے تاریخ اورنگ زیب (History of Aurangzeb) میں لکھا ہے کہ بخشی الممالک کا عہدہ آج کل کے پے ماسٹر جنرل (Pay Master General) کے مترادف تھا (۵) رام پرشاد کھوسلہ نے اپنی تصنیف (Mughal Kingship & Nobility) میں عالم گیری عہد کے میر بخشیوں کی جو فہرست دی ہے اس میں سر بلند خاں کا

---

۱ - تذکرہ چغتائیہ (ذکر خواجہ یحیلی)
۲ - مآثر عالمگیری - ص ۵۱۳
۳ - میخانہ درد از سید ناصر نذیر فراق - ص ۱۱
۴ - رسالہ ہوش افزا - ص ۹۶ ب
۵ - History of Auranzeb by J. N. Sarkar page—62.

زمانہ ملازمت ۱۶۷۶ء سے ۱۶۷۹ء تک کا ہے(۱) - اور ان سے پہلے اور بعد ۱۶۵۹ء سے ۱۷۰۷ء تک کے عرصے میں محمد امین خاں، دانشمند خاں، لشکر خاں، اسد خاں، بخت خاں، اشرف خاں، روح اللہ خاں، بہرامند خاں اور نصرت جنگ اس عہدے پر فائز رہے ھیں(۲) -

انھی سر بلند خاں کی حقیقی بہن کے بطن سے خواجہ فتح اللہ خاں کے گھر خواجہ میر درد کے دادا نواب ظفر اللہ خاں پیدا ھوئے - جو خواجہ میر اثر کے بیان کے مطابق نہ صرف صاحب فوج و حشم تھے بلکہ صاحب نسب، ولی کامل، اور عالم با عمل بھی تھے - وہ مثنوی بیان واقعہ میں لکھتے ھیں کہ

حضرت نواب ظفراللہ خاں صاحب فوج و حشم والا شاں
صاحب نسب ولی کاملے عالم و اھل عزیمت عاملے
قبلہ گاہ حضرت ایشاں ما اوست یعنی جد عالی شان ما
یک ہزار و یک صد و ثامن عشر در محرم کرد از دنیا سفر
والدش نواب فتح اللہ خاں آں کہ ایشاں را شہید آمد نشاں
دفتر شاھاں ایں ھندوستاں چند تا در قبضہ اخوان شاں

سید ناصر نذیر فراق نے جو خواجہ میر درد کی اولاد میں سے تھے اپنی تصنیف میخانہ درد میں نواب ظفراللہ خاں کے متعلق یہ انکشاف کیا ھے کہ وہ محمد شاھی عہد کے وھی مشہور نواب روشن الدولہ تھے جو ظفر خاں، رستم جنگ، یار وفادار اور طرہ باز خاں کے خطابات و القابات سے مشہور تھے (۳) اور جن کے نام سے دلی میں دو سنہری مسجدیں ایک کوتوالی کے نزدیک اور دوسری قاضی دروازے کے اندر اب تک موجود ھے (۴) - لیکن تاریخی شہادت ان کے اس

---

۱ - Mughal Kingship and Nobility by R. P. Khosla page.

۲ - History of Aurangzeb by J. N. Sarkar page—62.

۳ - میخانہ درد - ص ۱۱

۴ - دھلی میں ایک تیسری سنہری مسجد بھی ھے جو زوجہ احمد شاہ بن محمد شاہ کی تعمیر کردہ ھے دیکھئے سیرالمتاخرین ص ۵۱۳ -

دعوی کے برعکس جاتی ہے۔ شاہنواز خاں نے مآثر الامرا میں نواب روشن‌الدولہ کے حالات میں لکھا ہے کہ (۱)

"خواجہ مظفر نام، خواجہ زادہ نقشبندی ست۔ پدر کلانش خواجہ محمد ناصر در عہد فردوس آشیانی بہ ہندوستان آمدہ در رفاقت سلطان شجاع می گذرانید۔ رتبہ رفیعہ منصب ہزار و پانصدی و پانصد سوار و خطاب محمد فخرالدین خان ممتاز گردید۔ و پس از جنگے کہ مابین شاہزادہ مذکور و عالم گیر پادشاہ در نواح کھجوہ روداد سلطان شجاع رو بہ بنگالہ گردانید مشارالیہ (کہ بعساب مخل بود) با جمعے از اقربائے خود بر ڈیوڑھی بکار آمد۔ پسرے ازو ماند خواجہ عبدالقادر نام کہ لباس درویشی بسر می برد در عہد فرخ سیر بدارالبقا پیوست۔ خواجہ مظفر پسر اوست ابتدأ بہ نوکری رفیع الشان امتیاز اندوختہ بمنصب ہزار و پانصد سوار و خطاب ظفر خان چہرہ رسائی برافروخت و پس از کشتہ شدن شاہزادہ مذکور ترک روزگار نمودہ التزام صحبت شاہ بھیک (کہ بخوارق و کرامات مشہور و معتقد فیہ باد شاہزادہ بود) اختیار کرد۔ بس ازان (کہ زمانہ ورق بر گرداند و عزیمت فرخ سیر از پٹنہ بہ ارادہ جنگ با جہاندار شاہ زبان زد گردید) مشارالیہ از درویش مذکور میسر شدہ بداں سمت شتافت و بہ استصواب حسین علی خان دولت دار یافتہ بمنصب پنج ہزاری و پنج ہزار سوار و عطائے علم و نقارہ و پالکی جھالر دار و خطاب ظفر خان بہادر رستم جنگ و بعرض بعلقہ بخشی گری سوم پایہ اعتبار برابر افراخت و پس از جنگ با جہاندار شاہ (کہ سلطنت نصیب فرخ سیر شد) مومی الیہ از اصل و اضافہ بمنصب ہفت ہزار و ہفت ہزار سوار و خطاب روشن‌الدولہ و عطائے ماہی و مراتب نکہ بر چہار بالش عمدگی رد۔"

اس طویل اقتباس سے نواب روشن‌الدولہ ظفر خاں بہادر رستم جنگ کے جس حسب نسب پر روشنی پڑتی ہے وہ خواجہ میر درد کے دادا نواب ظفراللہ خاں کے

---

۱ - مآثرالامرا از شاہنواز خان جلد دوم - ص ۳۳۴

ب سے بالکل الگ ہے ۔ غالبا بعد کے مورخوں اور تذکرہ نگاروں نے شاھنواز خان مذکورہ بالا عبارت سے ظفرخان اور خواجہ محمد ناصر کے ناموں سے دھوکا ھا کر ان کو خواجہ میر درد کے خاندان سے خلط ملط کر دیا ہے ۔ حس کا ت سید احمد کی تصنیف واقعات دارالحکومت کے اس بیان سے ملتا ہے۔

" خواجہ میر درد کے جد امجد خواجہ محمد ناصر شاھجہان کے زمانے میں ھندوستان تشریف لائے تھے ۔ کھجوے کی لڑائی میں جو اورنگ زیب اور سلطان شجاع کے درمیان ہوئی تھی ۔ شاھزادہ شاہ شجاع کے محل کی حفاظت کرنے میں کام آئے ... ... خواجہ میر درد کے عبدالقادر کا واقعات تاریخی سے کچھ تعلق نہیں وہ درویشانہ گذر کرتے تھے اور فرخ سیر کے عہد میں مرگئے . . .. خواجہ میر درد کے نواب روشن‌الدولہ ظفر خاں کا اصلی نام خواجہ مظفر تھا انہوں نے پہلے شاہ عالم بہادر شاہ اول کے فرزند رفیع‌الشان کی ملازمت اختیار کی اور بڑھتے بڑھتے منصب پانزدہ صدی و پانصد سوار کو پہنچے اور ظفر خان کا خطاب پایا ۔ رفیع الشان کے بعد ملازمت چھوڑ چھاڑ شاہ بھیک کی طرف رجوع ہوگئے تو فرخ سیر کا ساتھ اپنے مرشد کے حکم سے دیا۔"

د احمد کا یہ بیان، جیسا کہ صاف ظاہر ہے، شاھنواز خان کی فارسی عبارت کا .و چربہ ہے مگر اس فرق کے ساتھ کہ یہاں خواجہ مظفر (نواب شن‌الدولہ ظفر خان) کو بلا وجہ خواجہ میر درد کے خاندان سے متعلق کر دیا ا ہے ۔ بعض دوسرے تذکرہ نگاروں نے تو مذکورہ صدر عبارت کے اس فقرے ں کہ "خواجہ مظفر نام، خواجہ زادہ نقشبندی هست پدر کلانش خواجہ محمد ناصر عہد فردوس آشیانی بہ هندوستان آمده" ۔ لفظ "کلانش" کو اضافت کے ساتھ پڑھ ہے اور اسے "پدر کلانش خواجہ محمد ناصر" بنا کر خواجہ مظفر نواب شن‌الدولہ کو خواجہ محمد ناصر (والد خواجہ میر درد) کا باپ یا دادا سمجھ لیا ، ۔ سر سید احمد خان آثارالصنادید میں کہتے ہیں کہ (۲)

---

۱ ۔ واقعات دارالحکومت دھلی از سید احمد حصہ دوم ص ۱۳۷ ۔

۲ ۔ آثار الصنادید از سر سید احمد باب سوم ۔ ص ۲۲ ۔

" نسب خواجه میر درد کا نواب ظفر خان جہانگیری تک پہنچتا ہے۔
ان کے پوتے خواجه محمد ناصر صاحب منصب داران پادشاه هی میں
سے تھے"

سید نورالحسن تذکرہ طور کلیم میں لکھتے ہیں کہ (۱)

" سلسله نسبش (یعنی سلسله خواجه میر درد) در امرأ با نواب ظفر خان
که بعهد سعادت مهر جهانگیر از نامورات بوده است می رسد"

لاله سری رام نے تذکرہ ہزار داستان (یا خمخانه جاوید) میں لکھا ہے کہ (۲)

" آپ یعنی خواجه میر درد نواب ظفر خان بہادر امیر عہد جہانگیر پادشاہ
کی اولاد امجاد تھے"

مؤلف مجموعه سخن کا بیان ہے کہ (۳)

" ان کا (یعنی خواجه میر درد کا) سلسله امرأ میں نواب ظفر خان سے
جو عہد سلطنت جہانگیر بادشاہ میں نامی سردار تھے ملتا ہے"

سید ناصر نذیر فراق نے بھی غالباً ان کتب کی سند پر نواب روشن الدوله ظفر خان
بہادر رستم جنگ کو خواجه میر درد کے دادا نواب ظفراللہ خان سے ملا دیا ہے
جن میں خواجه میر درد کے والد خواجه ناصر عندلیب کی تصنیف رساله هوش افزا
کے بیان کردہ سلسله نسب کے مطابق کوئی اشتراک نظر نہیں آتا۔ خواجه میر درد
کے خاندان میں زمانه قدیم سے بادشاہوں کی مہروں کے ساتھ جو مستند شجرہ
چلا آتا تھا اس سے بھی رساله هوش افزا کے بیانات کی تصدیق ہوتی ہے۔ خواجه میر
اثر اس شجرہ کو مثنوی بیان واقعه کے نام سے نظم کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ

آن نسب نامه که از عهد بعد تا بوقت ما معنعن می رسید
ثبت بروئے بود هر اعصار دستخط و مهر شهان نامدار
....

۱ - تذکرہ طور کلیم از نورالحسن ص ۳۵ -
۲ - خمخانه جاوید جلد سوم ص ۱۶۹ -
۳ - مجموعه سخن - ص ۱۳۳ -

از بخارا هسره جد کلاں | آمده پیش شه هندوستان
شاه ایں جا هم چوں تحقیقش نمود | مهر خود را نیز بر وے کرده بود
بنده نقل از روئے آں مرقوم کرد | آں نسب نامه چنیں منظوم کرد
حضرت نواب ظفرالله خاں | صاحب موج و حشم والائے شاں
صاحب نسبت ولی کاملے | عالم و اهل عزیمت عاملے
قبله گاهے حضرت ایشاں ما | اوست یعنی جد عالی شاں ما
یک هزار و یک صد و ثامن عشر | در محرم کرد ار دنیا سفر
والدش نواب فتح الله خاں | آں که ایشاں را شهید آمد نشاں
دفتر شاهاں ایں هندوستاں | چند تا در قبضه احوال شاں
اوبداں خود نه کرد ایں را قبول | تا نگردد مختلط آل رسول

....

سلسلہ نسب کے اختلاف کے علاوہ ان میں بعض اور پہلوؤں سے بھی بُعد اور تضاد نظر آتا ہے۔ مذکور بالا شجرہ منظوم میں خواجہ میر اثر نے خواجہ میر درد کے دادا کا نام نواب ظفراللہ خاں لکھا ہے اور یہ نام، خطاب یا لقب کسی بھی تذکرہ نگار اور مورخ نے نواب روشن الدولہ کے لئے استعمال نہیں کیا ان کا نام شاهنواز خاں نے مآثرالامراء میں خواجہ مظفر، ظفر خاں، روشن الدولہ، رستم جنگ، یار وفادار، طرہ باز خاں وغیرہ (۱) فرح بخش نے تاریخ فرح بخش میں (Memoirs of Delh) شیخ محمد روشن (۲) اروں نے Later Mughals میں (۳) بدایونی نے قاموس المشاهیر میں (۴) ساقی خان نے مآثر عالم گیری میں (۵) گراهم بیلی نے اپنی ڈکشنری میں (۶) محمد علی نے تاریخ مظفری میں (۷) نواب

---

۱ - مآثرالامراء جلد دوم ص ۳۳۴
۲ - تاریخ فرح بخش (Memoirs of Delhi) - ص ۱۸۷
۳ - ۱۲۵ —P— (Later Mughals by Irvin)
۴ - قاموس‌المشاهیر جلد اول ص ۲۶۹
۵ - مآثرعالم گیری جلد دوم ص ۳۳۳
۶ - ڈکشنری آف گراهم بیلی - ص ۳۳۴
۷ - تاریخ مظفری - ص ۵۵

غلام حسین نے سیرالمتاخرین میں (۱) عبدالکریم نے عبرت مقال میں (۲) ہرچرنداس نے چہار گلزار شجاعی میں (۳) اور خوش حال چند نے تاریخ محمد شاہی میں، ظفر خان اور کھوسلے نے Mughal Kingship and Nobility میں مظفر خان لکھا ہے ۔ (۴) نواب روشن الدولہ نواب کی تعمیر کردہ دھلی کی سنہری مسجدوں کے کتبات میں بھی ان کا نام ظفر خان ھی دیکھنے میں آتا ہے

کتبہ مسجد سنہری نزد کوتوالی (۵)

بعہد بادشاہے ہفت کشور	سلیمان فر محمد شاہ داور
بہ بدر شاہ بھیک آں قطب آفاق	شد ایں مسجد بزینت درجہاں طاق
خدا بانی سب لیک از روئے احسان	بنام روشن الدولہ ظفر خان
بسال سن ز ھجرت تا شمار است	ہزار و یک صد و سی و چہاراست

کتبہ مسجد سنہری اندرون قاضی دروازہ (۶)

شکر حق کہ یمن فیض سید عرفاں پناہ	شاہ بھیک آں مرشد کامل ولایت دستگاہ
در زماں شاہ اسکندر نشاں جمشید قدر	معدلت گستر محمد شاہ غازی پادشاہ
روشن الدولہ ظفرخاں صاحب جود و کرم	کرد تعمیر طلائی مسجد عرش اشتباہ
مسجدے کہ از فضائے صحن قدرش آسماں	کرد جاروب از شعاع مہر ہر شام و پگاہ
حوض صاف او نشاں از چشمہ کوثر دھد	ھر کہ از آبش وضوے سازد شود پاک از گناہ
سال تعمیرش رسائی یافت از الہام غیب	مسجدے چوں بیت اقصی مہبط نور اللہ

---

۱ - سیرالمتاخرین جلد دوم - ص ۱۷۲ - ۱۸۱ - ۳۶۷ - ۳۶۹

۲ - عبرت مقال (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) - ص ۹۵ ب

۳ - چہار گلزار شجاعی (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) - ص ۴۲۵

۴ - تاریخ محمد شاہی (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) ص ۱۰ ب

۵ - یہ وھی تاریخی سنہری مسجد ہے جس کے صحن میں بیٹھ کر نادر شاہ نے قتل عام کا حکم دیا تھا ۔

۶ - قاضی دروازہ کے اندر داخل ہونے کی وجہ سے یہ قاضیوں کی مسجد بھی کہلاتی ہے - تفصیل کے لئے دیکھئے کتب سیر المحتشم اور آثار الصنادید ۔

مؤرخوں نے نواب روشن الدولہ کے عزیز و اقارب اور اولاد کی جو تفصیل دی ہے اس سے بھی خواجہ میر درد کے نواب ظفراللہ خاں اور ان میں اختلاف نظر آتا ہے ۔ نواب غلام حسین نے سیرالمتأخرین میں (۱) عبدالکریم نے عبرت مقال (۲) میں اور شاد عظیم آبادی نے حیات فریاد میں (۳) نواب روشن الدولہ کے ایک بھائی مفتخرالدولہ کا ذکر کیا ہے جو محمد شاہی عہد میں پہلے عظیم آباد اور پھر گجرات احمد آباد کے صوبہ دار تھے روشن الدولہ کے ایک دوسرے بھائی کا ذکر شاہنواز خان نے مآثرالامرا میں کیا ہے جو مفتخرالدولہ کے خطاب سے مشہور تھے اور محمد شاہی عہد میں احدیوں کی بخشی گری پر مامور تھے (۴) اگر سید ناصر نذیر فراق کے بیان کو درست تسلیم کر لیا جائے تو پھر یہ نواب فخرالدولہ اور نواب مفتخرالدولہ بھی نواب روشن الدولہ کے ساتھ خواجہ میر درد کے اجداد امجاد اور خواجہ فتح اللہ خان کے بیٹے ہوئے ۔

نواب روشن الدولہ کے بھائیوں کی طرح تذکروں اور تاریخوں میں ان کی اولاد اور دوسرے خویش و اقارب کے بھی کئی نام دیکھنے میں آتے ہیں لیکن تعجب ہے کہ اس فہرست میں خواجہ محمد ناصر عندلیب والد خواجہ میر درد کا نام کہیں نظر نہیں آتا جو سید ناصر نذیر فراق کے بیان کی موجودگی میں نواب روشن الدولہ کے فرزند ارجمند ہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ نواب مذکور کثیر الاولاد تھے اور کتب میں ان سب کے نام موجود نہیں لیکن پھر بھی خواجہ ناصر عندلیب جیسی شخصیت کا نام نہ ملنا ان کی نواب روشن الدولہ سے بے تعلقی کی غمازی ضرور کرتا ہے ۔ شاہنواز خان نے نواب کے تین بیٹوں کا ذکر کیا ہے (۵) جن میں ایک کا نام محمد کبیر خاں تھا جو صلابت جنگ کے زمانے میں صوبجات دکن کی بخشی گری کے عہدے پر فائز تھا ۔ دوسرے کا

---

۱ - سیرالمتاخرین جلد دوم - ص ۱۷۱ - ۱۷۸

۲ - عبرت مقال (مخطوطہ) - ص ۹۶ ب

۳ - حیات زیاد - ص ۳۰

۴ - مآثر الامرا - جلد دوم - ص ۳۳۳/۳۳۶

۵ - مآثر الامرا - جلد دوم - ص ۳۳۳/۳۳۶

خطاب مظفرالدولہ تھا اور وہ بھی کوئی مناسب منصب رکھتا تھا اور تیسرا قائم خا
کے نام سے تھا جس کے عہدے کے متعلق ماثرالامرا خاموش ہے (۱) تاریخ سلطا
کے مصنف نے ان کے ایک اور بیٹے کا ذکر بھی کیا ہے جس کا نام بھکاری خاں تھ
(۲) محمد علی نے تاریخ مظفری میں ان کی دو بیٹیوں کے نام بھی لئے ہیں
ان میں سے ایک نواب ناصر جنگ پسر نظام الملک آصف جاہ سے بیاہی گئی تھ
(۳) اور دوسری کی شادی بندہ علی خاں باسطی سے ہوئی تھی جو میر حبیب اللہ کے
بیٹے اور عزت اللہ خاں شیر افگن جد امجد محمد علی مؤلف تاریخ مظفری کے
دختر زادہ تھے۔

سید علی حسن نے تذکرہ صبح گلشن میں بندہ علی خاں کی شاعری کا ذ
بھی کیا ہے اور لکھا ہے (۴) کہ وہ باسطی تخلص کرتے تھے (۵) یہ تخلص انہوں
اپنے پیر و مرشد شاہ عبدالباسط لکھنوی سے بیعت کے بعد رکھا تھا (۶)

---

۱ - ماثرالامرا جلد دوم - ص ۳۳۳/۳۳۶

۲ - تاریخ سلطانی ص ۱۳۱ (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی)

۳ - ناصر جنگ کے حالات کے لئے دیکھئے - ماثرالامرا جلد سوم ص ۸۲۸

۴ - صبح گلشن از نواب سید علی حسن ص ۵۰

۵ - اس سے پہلے آپ ستمہ تخلص کرتے تھے

۶ - نواب صدیق حسن خاں نے اپنی تصنیف تقصار جنود الاحرار من تذکا
جنود الابرار میں شاہ عبدالباسط کو رستم علی بن ملا علی اصغر قنوجی
کا بیٹا کہا ہے اور لکھا ہے کہ " در عہد خود یادگار اسلاف نامدا
و مرجع علمائے دیار و امصار بود " (ص ۱۹۰) - وحید نے مختصر
سیر ہندوستان میں انہیں " از اجلہ علما و صلحائے زمان " کے الفا
سے یاد کیا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ " بہ عہد شجاع الدولہ مرجع
خلائق بود " (ص ۵۳/۵۴) بندہ علی خاں باسطی دہلی سے سیاسی ابتری ک
بنا پر لکھنو چلے گئے تھے اور وہیں جا کر انہوں نے شاہ عبدالباسط سے
بیعت کی تھی (صبح گلشن - ص ۵۰) شیر افگن خاں ، بندہ علی کے ج
مادری کا خطاب تھا جو بعد میں ان کی طرف منتقل ہو گیا اور وہ بھی شیر افگ
کے نام سے موسوم ہو گئے - خود شاعر ہونے کے علاوہ وہ شاعروں کے قدردا
بھی تھے اور بعض سخنوروں کو ان سے توسل بھی حاصل تھا - نشتر سخ
کے مؤلف نے لکھا ہے کہ میرزا امام وردی یکے از موزونان ہندوستا
است در لکھنؤ با نواب شیر افگن خان باسطی می گذراند (نشتر سخن جا
دوم ص ۶۲۷) شیخ گلشن علی گلشن ولد شیخ عطا جونپوری انصاری کے
ذکر میں کہا ہے کہ " بست و چہار سال در رفاقت شیر افگن خان باسط
اوقات ساخت " (نشتر سخن جلد دوم ص ۴۸۶ الف مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی

تذکرہ نگاروں نے نواب روشن‌الدولہ کے بعض اور عزیزوں کا ذکر بھی شاعروں کے زمرے میں کیا ہے ۔ ان میں سے ایک نواب جان عالم جان تھے جو نواب روشن‌الدولہ کے بھائی مفتخرالدولہ کے بیٹے اور میر سوز کے شاگرد تھے میر حسن نے تذکرہ شعرائے اردو (۱) نواب علی ابراھیم خان نے گلزار ابراھیم (۲) مولوی کریم‌الدین نے تذکرہ الشعرا (۳) . قدرت‌اللہ قاسم نے مجموعہ نغز (۴) ، مرزا علی لطف نے گلشن ھند (۵) اور صفیر بلگرامی نے جلوہ خضر میں (۶) ان کا ذکر کیا ہے مصحفی نے ریاض‌الفصحا میں نواب بھکری خاں ولد نواب روشن‌الدولہ کے ایک بیٹے خواجہ مظفر علی مظفر کو شاعروں کی صف میں شمار کیا ہے (۷) لالہ سری رام نے تذکرہ ھزار داستان (خمخانہ جاوید) میں نواب سید محمد رضا دھلوی کے بیان میں لکھا ہے (۸) کہ ان کے جد امجد نواب روشن الدولہ مظفر مرحوم محمد شاہ کے دوران سلطنت میں بخشی گری کے عہدے پر ممتاز تھے ۔ میر تقی میر نے نکات الشعرا میں (۹) فتح علی گردیزی نے تذکرہ گردیزی میں (۱۰) اور خوب چند ذکا نے تذکرہ ذکا میں (۱۱) میاں جگن نامی ایک شاعر کو نواب روشن‌الدولہ کے داماد شیر افگن خاں کا خالہ زاد بھائی لکھا ہے جو میر کے بیان کے مطابق ان کی شاگردی کا دعوی کرتا تھا (۱۲) میاں جگن کے ایک عزیز کا حال جو غلام حسن نام اور خیال تخلص کرتے تھے نواب اعظم الدولہ سرور نے تذکرہ سرور میں (۱۳) اور نواب مصطفے

---

۱ - تذکرہ شعرائے اردو میر حسن - ص ۷۷
۲ - گلزار ابراھیم - ص ۵۹
۳ - تذکرہ الشعرا - ص ۱۰۳
۴ - مجموعہ نغز جلد اول - ص ۱۵۳
۵ - گلشن ھند ص - ۱۰۱
۶ - جلوہ خضر - جلد اول - ص ۱۲۳
۷ - ریاض الفصحا - ص ۲۹۹
۸ - خمخانہ جاوید جلد چہارم - ص ۱۰۹
۹ - نکات الشعرا - ص ۱۴۷
۱۰ - تذکرہ گردیزی - ص - ۳۴
۱۱ - تذکرہ ذکا (بیان میاں جگن)
۱۲ - نکات الشعرا - ص ۱۴۷
۱۳ - تذکرہ سرور (بیان میاں جگن)

خان شیفتہ نے گلشن بے خار میں لکھا ہے (۱) اور کہا ہے کہ انہوں نے دو لاکھ اشعار کے دو دیوان یادگار چھوڑے ہیں - خوب چند ذکا نے بھی اس کی تصدیق کی ہے (۲)

سید ناصر نذیر فراق کے بیان کے مطابق اگر ہم نواب روشن الدولہ کو خواجہ میر درد کے دادا اور خواجہ فتح اللہ خان کے بیٹے تسلیم کر لیں تو پھر یہ تمام لوگ جن کا ذکر کیا گیا ہے ان کے خاندان سے متعلق ہوئے اگرچہ مآثرالامرأ اور بعض دوسری تاریخوں کے بیانات اس امر کے قبول کرنے میں حائل ضرور ہیں- لیکن سید ناصر نذیر لکھتے ہیں کہ (۳)

"شاہنواز خاں محض ایک مورخ اور تذکرہ نگار تھے - انہیں ہمارے خاندان کا کچھ علم نہیں"

ان کے نزدیک حقیقت یہی ہے کہ (۴) :—

"خواجہ سید محمد ظفر اللہ خاں درانی مخاطب بہ نواب ظفر اللہ خان روشن الدولہ رستم جنگ یار وفادار نواب فتح اللہ خان کے دولت خانے میں نواب سر بلند خان کی بہن کی کوکھ سے پیدا ہوئے"

اور پھر لکھا ہے کہ (۵)

"انہی نواب روشن‌الدولہ رستم جنگ یار وفادار کے فرزند دلبند خواجہ محمد ناصر صاحب (والد خواجہ میر درد) ہیں"

نواب روشن الدولہ کو بعض مؤرخوں نے اچھے الفاظ میں یاد نہیں کیا اور ان پر رشوت، غبن، بےایمانی، حرص اور سازش وغیرہ کے الزام لگائے ہیں -

---

۱ - تذکرہ گلشن بے خار (بیان میاں جگن)
۲ - تذکرہ ذکا (بیان میاں جگن)
۳ - میخانہ درد - ص ۱۱
۴ - میخانہ درد - ص ۱۱
۵ - میخانہ درد - ص ۱۷

کہا جاتا ہے کہ انھوں نے رحیم النسا کوکی سے، جو محمد شاہ کی چہیتی تھی ۔ گٹھ جوڑ کر کے امرا اور رعایا سے بے شمار دولت، رشوت اور نذر کے طور پر لی تھی ۔ اور ایک دوسرے درباری سے مل کر بھی جس کا نام عبدالغفور شاہ جی تھا بہت سی دولت اکٹھی کی تھی ایک دفعہ انھوں نے کابل سے آنے والے سرکاری خزانے سے بھی لاکھوں روپے کی رقم خرد برد کی تھی (۱) سید غلام حسین طباطبائی سیرالمتاخرین میں اس واقعہ پر روشنی ڈالتے ہوئے کہتے ہیں کہ

''روشن الدولہ ہر چند صفات حمیدہ بسیار داشت لیکن چوں بنائے کار او بر رسوب بود و نقدی ۱۲ لاکھ روپیہ بابت صوبہ کابل کہ سال سال از خزانہ عامرہ حوالہ روشن الدولہ می شد نصف فرسادہ نصف را خود متصرف می شد همیں رسم در امور دیگر هم بہ عمل می آورد و امرا را باهم منازعات بود ۔ پردہ از روئے کارش برخاستہ بہ فضیحت انجامید و پادشاہ او را معاتب ساختہ حکم بہ محاسبہ گرفتن فرمود ۔ متصدیان حضور مبلغ دو کروڑ روپیہ بر ذمہ او بر آوردہ بہ عرض رسانیدند ۔ حسب الحکم پادشاہ مبلغ مذکور از روشن الدولہ طلبی شد و او مبلغ مذکور لاعلاج و مجبور داخل سرکار والا نمودہ از نظر افتادہ زمام اختیار ایں اخراجات بہ صمصام الدولہ مفوض گشت(۲)''۔

اس واقعہ کو محمد علی مصنف تاریخ مظفری نے بھی لکھا ہے اگرچہ اس نے اسے روشن الدولہ کی غلطی کہا ہے بددیانتی نہیں ۔

''هم دریں ولا روشن الدولہ رستم جنگ کہ بخشی سیوم بود و بہ انصرام چند خدمت دیگر سوائے ازیں می پرداخت بہ علت باز یافت تنخواہ منصب داران متعینہ صوبہ کابل کہ بہ عہدہ خود داشت بپائے محاسبہ در آمد و بہ همان سبب دو کروڑ روپیہ از مال او داخل خزانہ عامرہ

---

۱ - Later Mughals by Irvin p. 266.

۲ - سیرالمتاخرین جلد دوم ۔ ص ۴۶۲

شد و تنخواہ منصب داران از عہدہ رستم جنگ موقوف گردیدہ بہ اہتمام صمصام‌الدولہ خان دوران در آمد، (۱)

عبدالکریم نے عبرت مقال میں بھی ان حالات پر روشنی ڈالی ہے اور لکھا ہے کہ

''روشن‌الدولہ ظفر خان بہادر بخدمت بخشی گری سیوم مامور و اعتماد و اقتدار کلی در جناب قدسی داشت و شاہ عبدالغفور کہ مرشد زادہ تورانی‌ها و کوکی ہمشیرہ علی حامد خان کوکہ در حضور معلی اقتدار کلی بہم رسانیدہ صاحب دستخط مقدس شدند از اختیار و اقتدار ایشان تمامی ارکان خلافت را جائے دم زدن نماند و لکھہا روپیہ پیشکش در رشوت از صوبیداران و جاگیر داران می گرفتند،، (۲)

اس راز کے فاش ہو جانے پر جہاں نواب روشن الدولہ کو خفت اٹھانا پڑی، عبدالعزیز شاہ جی اور رحیم‌النسا کوکی پر بھی بادشاہ کی نظر عتاب پڑی اور اس نے شاہ جی کو گوالیار کے قلعے میں قید کر دیا سرکاری اہل کاروں نے اس کے گھر سے ... رقم برآمد کی اس کی تفصیل عبدالکریم نے ان الفاظ میں دی ہے

''پنج کروڑ روپیہ نقد . . . دو کروڑ روپیہ نقرہ آلات و دیگر اسباب نقارہ ... در سرکار والا رسیدہ (۹۴ الف) و ہیچ کس از امرائے تورانی طاقت دم زدن نماند کوکی نیز مصدر عتاب پادشاہی گردید،، (۳)

نواب روشن‌الدولہ کی وفات پر بھی بے شمار دولت سرکاری خزانے میں جمع ہوئی تھی - اسی مصنف نے لکھا ہے کہ

''در سن ہفدہ جلوس معلّٰی ظفر خان روشن‌الدولہ بہ قضائے الٰہی ودیعت

---

۱ - تاریخ مظفری - ص ۵۷
۲ - عبرت مقال از عبدالکریم (مخطوطہ پنجاب) - ص ۹۵ ب
۳ - ایضاً ص ۹۴ ب -

حیات سپرد (۱) . . . و اسباب و خزائن او هم که زیاده از چهار کروڑ بود در سرکار والا ضبط گردید،، (۲)

تاریخوں سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ ایک دفعہ دھلی کے جوتے فروشوں نے نواب روشن الدولہ کی بہت بے عزتی کی تھی - خوشحال چند نے تاریخ محمد شاھی میں لکھا ہے کہ (۳) ۱۱۴۱ھ میں شعبان کی گیارہ تاریخ کو جمعہ کے روز جامع مسجد دہلی میں بہت بڑا ہنگامہ ہوا - اس کے لئے اس نے ''بلوہ عظیم،، کے لفظ استعمال کئے ہیں اور یہ بھی لکھا ہے کہ لوگوں نے خطبہ سلطانی سننے سے انکار کر دیا تھا - قاضی شہر نے بھی اس ہنگامے پر قابو پانا چاہا مگر ناکام رہا اور خوشحال چند کے الفاظ ہیں :

''بجوتے قاضی را مسند آمور اموراب سریعت ساختند که از یک پستاره رسن تغیر از حد موئے متعدد باقی نه ماند . . . نیز قطعه قطعه بہر ک پدر کردند،، (۴)

اس کے بعد روشن الدولہ شیر افگن کے ساتھ (جسے خوشحال چند نے روباہ شکوہ اور خرگوش صولت کے الفاظ سے یاد کیا ہے) مسجد میں آئے اور باوجود اس کے کہ ان کے جلو میں تقریباً پچاس (۵۰) ملازم تھے وہ اس ہنگمہ کو فرو کرنے میں ناکام رہے -

اس ہنگامے کی وجہ یہ تھی کہ سکرن نامی ایک جوھری نے ایک جوتے فروش کو مار ڈالا تھا (۵) - نواب روشن الدولہ نے اس جوھری کو اپنے ھاں پناہ دے

---

۱ - محمد علی نے تاریخ مظفری میں لکھا ہے کہ ان کی موت عارضہ سرطان سے ہوئی اور وہ قدم شریف کی درگاہ کے متصل دفن کئے گئے (ص ۵۷ تاریخ مظفری)

۲ - عبرت مقال ص ۹۳ ب -

۳ - تاریخ محمد شاھی جلد دوم (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) از خوشحال چند ص ۱۰ ب -

۴ - ایضاً ص ۱۱ الف -

۵ - ھر چرنداس نے چہار گلزار شجاعی میں جوھری کا نام سبھ کرن لکھا ہے - (ص ۳۲۵)

دی ۔ یہ بات جوتے فروشوں کو نواب کے خلاف مشتعل کرنے کا سبب بنی ۔ میر تقی میر کے بیان کے مطابق(۱) ''جنگ عظیم درمیان امرائے عظام افتاد بسیار از طرفین بہ قتل رسیدند ۔ ظفر خان تاب نیاورد گریخت،،۔۔۔۔اس زمانے کے ایک شاعر نے جس کا تخلص بے نوا تھا اس واقعہ کو ایک مخمس کی صورت میں بھی لکھا تھا (۲) جس کے چند شعر یہ ہیں (۳)

یہ کیا ستم ہے اے فلک ہرزہ نابکار　　مرغ پر جو سر کی خنجر کی اپنے دھار
جوتے فروش مرد مسلمان دیندار　　مردود جوہری نے لیا ہے ستم سے مار
سگ جفائے جور کیا لعل آبدار

کتنوں کو مارجی نے قضا سے گرا دیا　　کتنوں کو جی بچا کے سہب ھڑ بڑا دیا
کاغذ پہ بے نوا نے یہ سن کر چڑھا دیا　　کسی ھی مار جوتیاں طرہ(۴) گرا دیا

تا حشر ہر زبان پہ رہے گا یہ یادگار(۵)

سید ناصر نذیر فراق نے میخانہ درد میں نواب روشن‌الدولہ کی منسوبہ برائیوں اور بد عنوانیوں کی ساری ذمہ داری نواب غلام حسین طباطبائی مولف سیرالمتاخرین کی دماغی اختراع پر ڈال دی ہے اور لکھا ہے کہ چونکہ نواب مذکور کو نواب روشن‌الدولہ کے ساتھ عہدے اور بعض دوسرے پہلوؤں سے اختلاف بلکہ دشمنی تھی ۔ اسلئے انہوں نے اپنی تصنیف میں ان کے خلاف زہر چکانی کی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اس زمانے کے مورخ عام طور پر اپنے مخالفین کو برے

---

۱ - نکات الشعرا از میر تقی میر ص ۳۰

۲ - خمخانہ جاوید از لالہ سری رام جلد اول ص ۳۸۸ - (انہوں نے لکھا ہے کہ یہ فساد ہولی کے موقع پر ہوا تھا)

۳ - طرہ کا اشارہ یہاں طرہ باز خان کی طرف ہے جو نواب روشن الدولہ کا خطاب یا عرف تھا

۴ - دیکھیئے مخمس در مذمت طرہ باز خان از بے نوا (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی نمبر ۲۱۶۴)

۵ - اس موقع پر کسی شاعر نے یہ شعر کہا تھا ۔۔۔۔

آنچہ بر فرق ظفر خان از خدا افتادہ است
من چہ گویم معنی آن پیش پا افتادہ است

اور ذلت آمیز الفاظ میں یاد کرتے ھیں مثلا عبدالکریم نے عبرت مقال میں شیر افگن خان کو جگہ جگہ روبہ مزاج لکھا ھے(۱) - خوشحال چند نے تاریخ محمد شاھی میں اسے روباہ شکوہ اور خرگوش صوات کہا ھے (۲) - انند رام مخلص نے وقائع بدائع میں احمد شاہ ابدالی کو بر خود غلط اور علی محمد روھیلے کو آشفتہ روزگار کے الفاظ سے یاد کیا ھے (۳) - لیکن جو الزامات نواب روشن‌الدولہ پر عائد کئے گئے ھیں وہ محض ''مخاصمتی اسالیب،، نہیں بلکہ تاریخی ھیں جن پر مذکورہ بالا مورخوں کے علاوہ بہت سے دوسرے مورخوں نے بھی شہادت دی ھے - شاھنواز خان نے مآثرالامرا میں ان کے متعلق کہا ھے کہ ''از کمالات ظاھری عاری بود،، (۴) اروِن نے وارد کے حوالے سے لکھا ھے کہ ''وہ گندم نما جو فروش انسان تھا،،(۵) تاریخ کشمیر کے مصنف نے بھی نواب روشن‌الدولہ کی ''رعایا دشمنی،، کا ایک واقعہ لکھا ھے جس کی وجہ سے کشمیری عوام اسے ناپسند کرتے تھے اور خدا سے اس کی ذلت اور تنزل کی دعائیں کرتے تھے - نواب مذکور کی ایک دفعہ وزیر کے آدمیوں نے جو بے عزتی کی تھی کشمیریوں نے اسے اپنی دعا کا اثر ھی سمجھا تھا اور وہ ان پر ''پاپوش کاری،، کو مظلوم کشمیریوں کے دل دکھانے کا بدلہ سمجھتے تھے - اس واقعہ کی تفصیل تاریخ کشمیر میں ان الفاظ میں موجود ھے (۶)

''میر صدیق خان بخشی کو جب کشمیر کا نائب مقرر کیا گیا ۱۱۴۱ھ میں - اس سے کشمیری نالاں تھے - لوگ حضور بادشاہ میں بہ سبب حمایت روشن‌الدولہ ظفر خان تسری بخشی کے کوئی نالش پذیر نہ ھوا - کیونکہ یہ بخشی اس کا مربی تھا - اور بلکہ اس نے

---

۱ - عبرت مقال از عبدالکریم (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) ص ۹۵ ب

۲ - تاریخ محمد شاھی از خوشحال چند (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) ص ۱۰ ب

۳ - وقائع بدائع از انند رام مخلص (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) ص ۲۶۰ الف -

۴ - مآثرالامرا جلد دوم از شاھنواز خان - ص ۳۳۱ -

۵ - وارد ص ۵۸ الف (بحوالہ اروِن ص ۲۶۶ Later Mughals)

۶ - تاریخ کشمیر ص ۲۹۳

خدمت صوبہ داری کی رسوائی کی تھی ۔ آخر الامر کشمیر کی رعایا کا ناک میں دم آ گیا ۔ اس درمیان میں نواب روشن الدولہ پر عجیب مار ہوئی از آنجا کہ مردمان کشمیر واسطے اندفاع شر ظالم کے دعائیں مانگتے تھے اور وظائف حاجات میں بیٹھ کر پڑھتے تھے چنانچہ ۔۔۔ روز ۔۔۔ روشن الدولہ نے جامع مسجد میں ورد کے آدمیوں کے ہاتھ سے بڑی ۔۔۔ کی ٹوپی گرگئی ہوگئی ۔ اس پاپوش کاری کو سزائے آہ و زاری مظلومان کشمیر سمجھ کر مدعی معزولی اعز خان کا ہوا ۔

نواب روشن الدولہ کے پاس جتنی دولت تھی اس سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ یہ دولت انہوں نے ناجائز ذرائع سے فراہم کی ہوگی ۔ مورخوں نے نواب کے بعض اخراجات کی تفصیل دی ہے ۔ جس سے ان کی امارت اور سکھڑ کا اندازہ ہوتا ہے ۔ تاریخ مظفری میں لکھا ہے کہ انہوں نے اپنی بیٹی کی شادی پر ساٹھ لاکھ روپے خرچ کئے تھے اور لکھا ہے کہ (۱)

"نفس الامر در امرائے توران تا این زمان چنین شادی نشده شد"

اسی طرح بارہ ربیع الاول کے موقع پر جس انداز کا چراغاں وہ دہلی میں کرتے تھے اس پر بھی زر کثیر صرف ہوتا تھا ۔ اس چراغاں پر روشنی ڈالتے ہوئے محمد علی لکھتے ہیں کہ (۲)

"درین ولا تاریخ ۱۲ ربیع الاول کہ بر اعتقاد جم غفیر امم خیرالبشر روز وفات آن سرور است علیہ السلام روشن الدولہ رسم جنگ نیازی هر قسم طعام لطیف و نفیس نذر فاتحہ جناب ختم الانبیا بہ سرحد افراط رسانید و همان شب اسباب روشنی از سہ دروازہ شہر شاہ تا بدرگاہ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہ کہ مسافت چہار کروہ جریبی است بہ آئین شائستہ آمادہ مہیا گردانید . . . گویند دو صد هزار روپیہ

---

۱ - تاریخ مظفری از محمد علی ص ۵۶
۲ - تاریخ مظفری از محمد علی ص ۵۶

دریں روشنی و طعام فاتحہ خانم النسن خرج رسد - این روشنی برائے او یادگار روزگار گردید چہ کمتر کسے در ایام سلف چنیں روشنی نمودہ باشد،،

بعض مؤرخوں نے روشن الدولہ کی فراہمی زر اور صرف زر کے روشن پہلو بھی دئے ہیں - مثلاً اروں نے خوشحال، آشوب، اور غلام علی کے حوالے سے لکھا ہے کہ جب شاہ کی شادی فرخ سیر کی بیٹی ملک الزمانی سے ہوئی تو اس موقع پر فخرالدین خاں صمصام الدولہ، عبدالصمد خاں دلیر جنگ، خان خانان میر جملہ حیدر قلی خاں، راجہ گردھاری بہادر، راجہ جے سنگھ اور نواب ظفر خاں روشن الدولہ کو ایک ایک لاکھ روپیہ ملا (۱) ہرچرنداس نے چہار گلزار شجاعی میں نواب روشن الدولہ کی امارت کا سبب ان کے پیر و مرشد شاہ بھیک کی توجہ کو بتایا ہے اور لکھا ہے کہ (۲)

''گویند پیر و مرشد او شاہ بھیک بود بہ سبب توجہ او بدولت و حشمت رسید،، (۳)

---

۱ - Later Mughals by Irvan—p. 125.

۲ - چہار گلزار شجاعی از ہرچرنداس (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) ص ۳۲۵ الف

۳ - نواب روشن الدولہ شاہ بھیک کے مرید تھے جن کا اصل نام سید محمد سعید تھا -

سید میراں بھیک ان کا عرف تھا (واقعات دارالحکومت دہلی جلد دوم ص ۱۳۷) - شاہ بھیک کا سلسلہ عالیہ چند واسطوں سے شیخ احمد عبدالحق رودلی تک پہنچتا ہے (معین الاولیا ص ۲۵۶) جو شیخ محمد عرف جلال الدین پانی پتی کے خلیفہ تھے (معین الاولیا ص ۲۳۵) مذہب حنفیہ اور مشرب قادریہ رکھتے تھے اور بعض تذکرہ نگاروں کے بقول دوسرے سلسلوں مثلاً چشتیہ اور سہروردیہ کا بھی تتبع کرتے تھے (تاریخ مظفری از محمد علی) - آپ سید ابوالمعالی کے مرید تھے (کتاب الاعراس بزرگاں ص ۲۰) جو شیخ داؤد حسنی کے خلفائے کرام اور شیخ محمد صادق گنگوھی کے مریدوں میں تھے (تذکرہ خزینۃ الاصفیا ص ۴۸۰) ہشت محفل کے نام سے شاہ ابوالمعالی کے ملفوظات کا ایک مجموعہ بھی

بقیہ حاشیہ بر صفحہ ۱۳۶

نواب غلام حسن خان طباطباعی نے (جسے سید ناصر نذیر فراق اپنے آبا و اجداد کا دسمن کہتے ھیں) جہاں نواب روشن‌الدولہ کی شخصیت اور کردار کے بعض برے اور ناریک پہلو ہمارے سامنے رکھے ھیں ان کے متعلق نہ بھی

باقی حاسیہ ازصفحہ ۱۳۵
ملتا ھے جسے ان کے عقیدت مندوں میں سے محمد باقر نامی ایک بزرگ نے جمع کیا ھے (دیکھئے ھست محفل مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) ابوالمعالی کا مزار شہر لاهور میں ھے (سفینۃ الاولیا ص ۱۹۶) لطف اللہ اسالوی نے ثمرہ الفواد میں شاہ بھیک کا سن وفات ۱۱۲۶ ھ لکھا ھے (ثمرہ الفواد مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی ص ۲۲۹)۔ یہ لطف اللہ بھی شاہ بھیک کے مرید تھے ۔ ان کا اکثر تذکرہ نویسوں نے ذکر کیا ھے (دیکھئے حزینۃ الاصفیا ص ۲۸۸) حالات و مقامات مرزا مظہر جان جاں کے مصنف نے شاہ بھیک کے نام سے ایک اور بزرگ کا بھی ذکر کیا ھے جسے انہوں نے مرزا مظہر جان جاں کے خلیفہ ، حضرت مجدد الف ثانی کی اولاد اور شیخ عبدالاحد کے نواسے میں لکھا ھے (حالات و مقامات مرزا مظہر جان جاں ص ۷۳ حاشیہ) شاهنواز خان نے مآثرالامراء میں بیان کیا ھے کہ نواب روشن الدولہ شہزادہ رفیع الشان کے قتل کے بعد (جن کی ملازمت میں وہ تھے) ، گوشہ نشین ھوکر شاہ بھیک کے مرید ھو گئے تھے اور پھر انہیں کی ھدایت کے مطابق فرخ سیر اور معزالدین کی جنگ کے وقت دنیائے عمل میں آکر حسین علی خان کی وساطت سے منصب پنج هزاری پر فائز ھوئے (مآثر الامرا جلد دوم ص ۳۳۳) یہ واقعہ بھی شاہ بھیک کی کرامات میں شمار ھوتا ھے کیونکہ انہوں نے بشارت دی تھی کہ فرخ سیر کامیاب ھوگا اور اسی لئے نواب روشن الدولہ کو اس کی حمایت کے لئے کہا تھا ۔ شاد عظیم آبادی نے حیات فریاد میں بھی اس موقع پر ایک اور بزرگ سید شاہ سلام اللہ کی کرامت کا ذکر کیا ھے جو نواب سید حسین علی خاں کے عم زادہ تھے ۔ نواب مذکور نے جب سید شاہ سلام اللہ سے فرخ سیر کی کامیابی کے لئے دعا کرنے کو کہا تو شاہ صاحب نے مراقبہ کیا جس میں انہیں مشاهدہ ھوا کہ معزالدین اور ان کے سپہ سالار کے جنازے رکھے ھیں اور حسین علی خان امیرالامرائی کا خلعت زیب تن کئے ھوئے ھے اور ان کے بھائی سید عبداللہ خان وزیر اعظم بنے ھوئے ایک ھاتھی پر آ رھے ھیں (حیات فریاد از شاد عظیم آبادی ۔ ص ۲۵)

۲ - چہار گلزار شجاعی از هرچرنداس (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) ص ۳۲۵

۳ - تاریخ مظفری از محمد علی - ص ۵۶

کہا ہے کہ وہ صفات حمیدہ اور اوصاف پسندیدہ کے مالک بھی تھے(۱) - اس بات کی تصدیق ان کی مختلف مذہبی تعمیرات، رفاہ عام اور جود و سخا کے کاموں سے ہوتی ہے - دھلی میں انہوں نے ایک مسجد، شاہی محل کے پاس اور ایک مسجد مع مکتب چاندنی چوک کے قریب بنوائی تھی(۲) - پانی پت میں انہوں نے اسی نمونے پر ایک اور مکتب اور ایک مقبرہ تعمیر کروایا تھا - اسی شہر میں انہوں نے حضرت بوعلی شاہ قلندر پانی پتی کے مزار پر طلائی گنبد بھی بنوائے تھے(۳) - اور بھیکہ (نواح تھانیسر) میں جہاں ان کے مرشد شاہ بھیک مدفون ہیں مہمان خانے، محرابیں اور منبر بھی تعمیر کروائے (۴) - جن کے ساتھ کچھ گاؤں وقف کئے(۵) - دھلی میں وہ ہر سال قدم شریف کی درگاہ کی صفائی اور مرمت بھی کروائے تھے - شاید اسی بنا پر انہیں دون بھی پیش کیا گیا (۶) -

مذہبی تعمیرات اور رفاہ عام کے کاموں کے علاوہ مورخوں نے نواب روشن‌الدولہ کے روحانی فیوض اور کرامات کا بھی ذکر کیا ہے کہتے ہیں کہ محمد شاہ کے عہد میں جب ایک دفعہ امساک باراں ہوا تو نواب روشن الدولہ کی منعقد کی ہوئی ایک مجلس سماع کی تاثیر سے جس میں ان کے پیر و مرشد حضرت شاہ بھیک بھی موجود تھے باران رحمت کا نزول ہو گیا تھا (۷) - ہر چرنداس نے چہار گلزار شجاعی میں لکھا ہے کہ (۸) -

''گویند کہ روشن‌الدولہ بہ سبب توجہ پیر خود صفائی باطن تر داشت کہ در یک سال امساک باران پدید آمد پادشاہ محمد شاہ را ازاں سبب ملال خاطر شدہ فرمود کہ در زمان سلف درویشان و واصلان

---

۱ - سیرالمتاخرین جلد

۲ - Later Mughals by Irvin p. 267.

۳ - Do.

۴ - Do.

۵ - تاریخ مظفری میں شاہ بھیک کا مدفن کہرام لکھا ہے - ص ۵٦

٦ - میخانہ درد - ص ۱۷

۷ - Later Mughals by Irvin p. 267.

۸ - چہار گلزار شجاعی از ہرچرنداس (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) - ص ۴۲۵ -

حق به مسمے بود که در حد در حاب وحدت معروض داشتد پذیر امر شد و این وقت عجب وقت است که درین وقت کسے ازین قسم شخص نظر نمی آید. روشن الدوله که به حضور بادشاه ایستاده بود عرض نمود که خدا تعالی حق ساده در این وقت از هر قسم خلق آفریده درین وقت سر این جمع شده هائے او خواهند بود این کف و از بادشاه رخصت شده ، خانه خود آمد و در صحن دیوان خانه خرد فرش کرد و سرمها وغیره ترالان که او ترس زده و همه نمس او سرود می کرده انها را . نموده مجلس ساحت و قوالان را فرمود که سرود بکنند . خوان قوالان سرود آمدند روشن الدوله را حالے پیدا آمد و رقت خودن گرفت تا چهار پهر حالت درویشان صاحب حال، حال می نموده رقت نمود که ناگاه ابر ظاهر شد و باران باریدن گرفت ـ آن قسم باران با یک پاس بارید که تمام شهر از شورش و بارش آن عاجز آمد و تا آن یک پاس روشن الدوله در همان حالت در صحن دیوان خانه بوده از خود خبر نداشت ـ چون هنگامه باران بسر شد روشن الدوله به هوش آمد و احوال باران دریافت نمود سر سجده به درگاه آن کریم کارساز نهاد و گریه نمود،، (۱)

اس واقعه کو محمد علی نے تاریخ مظفری میں بھی اس طرح بیان کیا ہے لیکن ان کے بیان کے مطابق یہ کرامت نواب روشن الدوله کی نہیں بلکه ان کے پیر و مرشد شاہ بھیک کی تھی کیونکہ بادشاہ نے قحط سالی سے پریشان ہو کر نواب روشن الدوله کو لکھا تھا (۲)

،،که تنها اظهار کشف و کرامت در حق شاه بهیک مبالغه می کنند اکنون که آثار قحط عظیم ظاهر است به خدمت ایشان رجوع آورند تا به جناب مجیب الدعوات مناجات نمایند باشد که به برکت و دعائے ایشان ابواب رحمت بر روئے خلائق مفتوح گردد،،

---

۱ - تاریخ مظفری از محمد علی - ص ۵۶

اس پر نواب روشن الدولہ نے جواب دیا کہ

''اگر دریں ہفتہ بدعائے مرشد علام باران بر وقت بہ بارد امید آں دارد کہ صد ہزار روپیہ نذر مرشد خود از خزانہ عامرہ برائے تقسیم فقرا بدست آرد''

جسے پادشاہ نے قبول کر لیا ۔ اور پھر مجلس سماع منعقد کی جس سے باران رحمت کا نزول ہو (۱) ۔

فقرا اور مساکین سے اس ہمدردی کی بنا پر وہ سخی اور مخیر بھی مشہور تھے ۔ چہار گلزار شجاعی کے مصنف نے ان کی سخاوت اور سخاوت کی کئی جگہ تعریف کی ہے ۔ مثال کے طور پر وہ ایک جگہ لکھتے ہیں کہ (۲)

''مردے بود بسیار فیاض و بہ خدمت درویشاں رجوع داشت و خیرات بہ درجہ می نمود کہ روز رحلت او شہدہ و فقرائے شاہجہان آباد بہ نسبے می گریستند و سر خود را بر زمین می زدند کہ شاید بہ وقت پدر خودہا بہ گرسنہ باشند''

ایک دوسرے مقام پر لکھا ہے کہ (۳)

---

۱ ۔ یہ واقعہ بہ ظاہر عجیب اور خلاف عقل معلوم ہوتا ہے لیکن اس کی ثقاہت پر شک نہیں ہوسکتا کیونکہ سماع اور اس کی تاثیر کی مثالیں بعض دوسرے بزرگوں سے بھی منسوب ہیں جہانگیر نے تزک جہانگیری میں ایک واقع لکھا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ ملا علی احمد مُہرکن نے ایک مجلس سماع میں قوالوں سے امیر خسرو کے اس شعر کو سنکر جان دے دی تھی ۔ ہر قوم راست راہے دینے و دین پناہے من قبلہ راست کردم بر سمت کجکلاہے (توزک جہانگیری ۔ ص ۲۸۲)

۲ ۔ سبع سنابل میں خواجہ ابواسحاق شامی کے ذکر میں لکھا ہے کہ ایک دفعہ امساک باراں کے موقعہ پر ان کے کسی خلیفہ نے ان سے درخواست کی تھی کہ وہ نزول باراں کے لئے دعا کریں تو انہوں نے قوالوں کو سماع کا حکم دیا تھا جس سے بارش برس پڑی تھی ۔ چنانچہ مصنف سبع سنابل نے کہا ہے کہ ''خواجہ را سماع در گرفت و در گریہ شد و رقص می کرد ہم دران زماں باراں رسید'' ۔۔۔ (سبع سنابل ۔ ص ۲۱۴ سنبلہ ہفتم)

۳ ۔ مولانا الطاف حسین حالی نے مقدمہ شعر و شاعری میں نواب روشن الدولہ کے گھر ایک مجلس میں ان کے پیر و مرشد حضرت شاہ بھیک کے نور بائی گائن سے ایک فارسی رباعی سن کر رقت میں آجانے کا ذکر کیا ہے

"فیض او تا بجائے بود کہ پالکی و فیل کہ برو سوار می شد از مقیش طلا ساری آں می نمود کہ ہر روز در سواری او کہاران اش و فقرا بولہ‌ها مقیش از زمین می چیدند"

چہار گلزار شجاعی کے مصنف نے نواب روشن‌الدولہ اور سنکرن جوہری کے قصے کو بھی، نواب کی خدا ترسی پر محمول کیا ہے اور لکھا ہے کہ (۱)

"نواب روشن‌الدولہ خدا ترس و غریب پرور بدرجہ بود کہ بر سبھ کرن (سنکرن) جوہری موچی‌ها پاپوش فروش کہ ہنگامہ و بلوہ ساختند و سبھ کرن کہ وابستہ او بود در پناہ او آمدہ پنہاں شد و آں تمام بلوہ عام و ہنگامہ آں بلاد کہ ہزاراں کس ملک سکھ ها جمع شدہ بودند بر خود گرفت و سبھ کرن جوہری را بے حرمت شدن نہ داد"

نواب روشن‌الدولہ کے متعلق مورخوں اور تذکرہ نگاروں کے مذکورہ بالا جملہ خیالات اور بیانات سے ان کے سلسلۂ نسب کے اختلافی پہلو اور ان کی شخصیت کے روشن اور تاریک دونوں رخ سامنے آ جاتے ہیں ۔ جن سے قاری کے دل پر ان کی عظمت اور پستی کا ملا جلا اثر باقی رہتا ہے۔ البتہ ان حالات و واقعات سے ایک بات بالکل صاف اور واضح ہو جاتی ہے اور وہ یہ کہ نواب روشن‌الدولہ اپنے وقت کے مشہور اور موثر شخص تھے ۔ وہ نہ صرف بہت بڑے امرا میں سے تھے بلکہ محمد شاہ کے دربار اور شاہی محلات میں بھی ان کا بہت بڑا عمل دخل تھا ۔ مورخوں نے اس کا سبب ان کا عبدالغفور شاہ جی اور کوکی سے گٹھ جوڑ بتایا ہے ۔ لیکن سید ناصر نذیر فراق اس کی وجہ ان کے والد بزرگوار خواجہ فتح‌اللہ خان کے بھائیوں خواجہ محمد صالح اور خواجہ محمد یعقوب کی مغل شہزادیوں سے شادی قرار دیتے ہیں ۔ وہ لکھتے ہیں کہ (۲)

"صاحب مآثرالامرا نے لکھا ہے کہ جو کچھ نواب روشن‌الدولہ کو عروج حاصل ہوا وہ حضرت محمد شاہ کی رضاعی بہن کے سبب

---

۱ - چہار گلزار شجاعی ص ۴۲۵
۲ - میخانہ درد ـ ص ۱۴

سے ہوا کیونکہ روشن‌الدولہ کو محمد شاہ کی رضائی بہن کے مزاج میں بڑا دخل ہو گیا تھا وہ ان کی بادشاہ سے سفارش کرتی تھیں اور بادشاہ اسے قبول کرتے تھے مگر چونکہ صاحب مآثرالامرا صرف مورخ ہیں اور انہیں ہمارے خاندانی حالات معلوم نہیں تھے اس لئے وہ سوائے اس کے اور کیا لکھ سکتے تھے یہ راز ان پر کیونکر کھل سکتا تھا کہ نواب روشن‌الدولہ کی تین چچیاں خواجہ محمد صالح، خواجہ محمد یعقوب اور خواجہ موسی کی بیویاں اورنگ زیب شہنشاہ کی نسل سے تھیں - جس بہن کی سفارش کی طرف وہ اشارہ کرتے ہیں وہ نواب روشن‌الدولہ کی حقیقی چچا زاد بہن یا بھتیجی تھی ،،

نواب روشن‌الدولہ کی شادی، سید ناصر نذیر فراق کے بیان کے مطابق، سید لطف اللہ بن سید شیر محمد قادری نبیرہ حضرت سید تاج‌الدین ابوبکر کی لڑکی سے ہوئی تھی جو حضرت محبوب سبحانی غوث الاعظم کی اولاد میں سے تھے - اس عفیفہ کے بطن سے ۱۱۰۵ھ میں خواجہ میر درد کے والد خواجہ محمد ناصر عندلیب پیدا ہوئے -

در وجود آمد چوں ذات آں ولی شد کمالات امام از او جلی
سال تاریخش مرا الہام شد وارث علم و امامت و علی

(خواجہ میر درد) (۱)

خواجہ محمد ناصر عندلیب کا نام محمد ناصر اور عندلیب تخلص تھا - رسالہ ہوش افزا اور نالہ عندلیب میں جو خواجہ ناصر کی تصانیف ہیں انہوں نے خود ہی اس امر کا کئی جگہ اظہار کیا ہے - مثال کے طور پر ایک مقام پر کہتے ہیں (۲)

’’می گوید بندہ قاصر محمد ناصر کہ عندلیب تخلص دارد،،

خواجہ میر درد بھی علم‌الکتاب میں ایک جگہ کہتے ہیں کہ (۳)

’’عندلیب تخلص قبلہ کونین است،،

---

۱ - بحوالہ علم الکتاب ص ۱۳۷ و تقصار از نواب صدیق حسن خان ص ۱۹۳

۲ - رسالہ ہوش افزا (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) ص ۱ (الف)

۳ - علم الکتاب وارد ۶۹ صفحہ ۳۱۷

اس نام اور تخلص کے علاوہ وہ بہت سے صفاتی ناموں سے بھی موسوم تھے - خواجہ میر درد نے ان اسماء کو اپنی تصانیف میں مختلف جگہ استعمال کیا ہے - جس کو جمع کرنے سے ایک طویل فہرست مرتب کی جا سکتی ہے - ان میں سے چند یہ ہیں - امام العارفین، زبدۃالواصلین، ناصر دین محمدی، ناصر الملت والدین، وارث علم مرتضوی، صاحب کتاب، مظہر رحم الٰہی، جز لاینفک، متصل واحد، جز اعظم وغیرہ یہ اسماء محض رسمی نہیں ہیں بلکہ خواجہ محمد ناصر عندلیب کی شخصیت، کردار، روحانی عظمت اور احوال و مقامات کے مظہر ہیں - خواجہ میر درد نے علم الکتاب میں ان میں سے بعض ناموں کی وجہ تسمیہ بتائی ہے اور تشریح بھی کی ہے - مثال کے طور پر امام العارفین، زبدۃالواصلین، معی اللہ و قرب، ناصر دین محمدی وغیرہ اسما پر روشنی ڈالتے ہوئے کہتے ہیں کہ (۱)

''لفظ امام العارفین از راہ ظہور انوار و برکت امامت است در آنحضرت ــــ و کلمہ زبدۃالواصلین از سبب قرب نسبت آنحضرت ــــ معی اللہ و قرب نام است کہ مقام اقربیت باشد و ناصر دین محمدی گفتن بہ اعتبار ظاہر شدن حقائق و دقائق طریقہ محمدیہ از آنحضرت و این طریقہ وثیقہ متعلق است،،

خواجہ محمد ناصر کے عندلیب تخلص کرنے کی بھی ایک خاص وجہ ہے جس کا کئی تذکرہ نگاروں نے ذکر کیا ہے مثلاً سراج الدین علی خاں آرزو نے مجمع النفائس میں لکھا ہے کہ (۲)

'' وجہ تخلص عندلیب آن است کہ جناب کرامت مآب حضرت شیخ سعد اللہ گلشن پیر صحبت ایشان بودہ اند،،

اپنے پیر صحبت شیخ سعد اللہ کے گلشن تخلص کرنے کی مناسبت سے انہوں نے اپنا تخلص عندلیب رکھ لیا - خواجہ میر درد نے اپنے رسالہ آہ سرد میں بھی ایک جگہ اس قسم کی توجیہ بیں کی ہے - وہ لکھتے ہیں کہ (۳)

---

۱ - علم الکتاب ص ۱۳۷

۲ - تذکرہ مجمع النفائس (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) از سراج الدین علی خان آرزو - ص ۲۶۱ الف

۳ - رسالہ آہ سرد از خواجہ میر درد آہ ۱۵۶

''حضرت قبلہ کونین من امد اللہ بنصرہ سرہ عندلیب تخلص داشتند لہذا کتاب خود را مسمی بہ نالہ عندلیب فرمودند و پیر صحبت حضرت شاہ سعد اللہ، گلشن تخلص می کردند و مرشد ایشان حضرت عبدالاحد کہ ملقب بہ گل بودند وحدت تخلص می نمودند فقیر بہ رعایت مرتب این تخلص درد درس مقطع غزل خویش بہ لطف موزوں کردہ،،

درد از بس عندلیب گلشن وحدت شدہ است
جلوہ روئے گلے او را غزل خواں می کند (درد)

حیرت نے مقالات الشعرا میں خواجہ محمد ناصر عندلیب کو اکبر آبادی لکھا ہے(۱) جو درست نہیں ہے ۔ تذکرہ نشتر عشق میں بھی ان کے نام کے آگے اکبر آبادی کی نسبت دیکھی گئی ہے (۲)۔ غالباً ان تذکرہ نگاروں کو نام سے دھوکا ہوا ہے ناصر اکبر آبادی، اکبر آباد (آگرہ) کے رہنے والے ایک اور درویش تھے جن کا ذکر مختلف دوسرے تذکرہ نگاروں نے کیا ہے مثلاً بدایونی نے قاموس المشاہیر میں لکھا ہے کہ (۳)

''ناصر اکبر آبادی آگرہ کے رہنے والے ایک درویش تھے۔ شاہ جہان کے زمانے میں گذرے ہیں ۔ بادشاہ ان کا معتقد تھا ۔ وہ ۷ جنوری ۱۶۴۷ء مطابق ۱۳ جمادی الاول ۱۰۵۷ھ کو فوت ہوئے،،

اس بزرگ کا نام بھی غالبا ناصرالدین تھا محمد ناصر نہیں ۔ اسپرنگر نے فہرست کتب خانہ اودھ میں اسی نام سے اکبر آباد کے ایک درویش کا ذکر کیا ہے جس سے ان کی مراد یہی ناصر اکبر آبادی ہیں (۴) ۔ تذکرۃالصلحا میں اس زمانے

---

۱ - مقالات الشعرا از حیرت (ذکر ناصر و درد) بحوالہ فہرست کتب خانہ اودھ جلد اول ص ۱۵۸

۲ - نشتر عشق از عشقی عظیم آبادی - (ذکر درد و ناصر)

۳ - قاموس المشاہیر (جلد دوم) از بدایونی ص ۲۵۲

۴ - فہرست کتب خانہ اودھ از اسپرنگر جلد اول - ص ۲۰۷

ایک اور درویش شاعر شاہ محمد ناصر کا حال ملتا ہے - جو درویشوں کے فرقہ سے تعلق رکھتے تھے - وہ الہ آباد کے رہنے والے تھے اور یہیں ان کا فردوسی مزار بھی ہے (۱) خواجہ محمد ناصر عندلیب کو ان دونوں سے خلط ملط نہیں کرنا چاہئے -

خواجہ محمد ناصر عندلیب کی زندگی اپنے باپ دادا کے بر عکس درویشی اور درویشی منشی میں گذری ہے - دنیاوی شان و شکوہ اور مراتب و مدارج کی جو باتیں ان کے والد میں تھیں انہوں نے ان میں سے عسر عسیر بھی ورثے میں نہ پایا مغلوں کے نظام منصب، و امارت میں وراثت کا وجود نہیں تھا - باپ کے مرنے کے بعد بیٹا اپنی قابلیت کے جوہر دکھا کر ہی اپنے آپ کو کسی منصب اور عہدے کا حق دار بنا سکتا تھا (۲) قیاس یہ کہتا ہے کہ خواجہ محمد ناصر عندلیب کی درویشانہ طبعیت اور فقیرانہ افتاد طبع کو یہ بات راس نہ آئی ہوگی اور انہوں نے شاہی چاکری کے مقابلے میں کلاہ استغنا کو پہننا پسند کیا ہوگا جس ارادے کو پختہ کرنے میں اس زمانے کے عبرت انگیز حالات کو بہت زیادہ دخل ہوگا -

بارھویں صدی ھجری کی دھلی کے عبرت انگیز واقعات نے حساس اور درویش طبع لوگوں کو دنیا کی بے ثباتی اور حیات انسانی کی بے اعتباری کا اتنا گہرا احساس دلا رکھا تھا کہ وہ دنیا سے منہ موڑ کر گوشہ نشینی، عزلت گزینی اور خانقاہ مشربی کی طرف مائل ہو گئے تھے - متداول تاریخوں اور تذکروں میں خانقاھوں، تکیوں، دائروں، رمنوں، عرسوں، درویشوں اور درویش منش لوگوں کا جو کثرت سے ذکر آتا ہے اس کا سبب بھی یہی ہے -

---

۱ - تذکرہ الصلحا - ص ۳۷

۲ - Mansabdari System of the Mughals by Aziz Ahmad p. 23. بعض موقعوں پر اس اصول سے انحراف بھی نظر آتا ہے لیکن عام اور مسلمہ اصول یہی تھا ھاں اگر بیٹا اپنے باپ کی زندگی میں ھی ایسے جوہر دکھا چکا ہو کہ اس کے امتحان وفا کی مزید ضرورت نہ رہے تو اسے باپ کے مرنے کے فوراً بعد خلعت عطا کر دیا جاتا - دیکھئے

(*i*) The Army of the Indian Mughals by Irvin p. 59 and

(*ii*) Mughal Kingship and Nobility by R. Khosla.

اس زمانے کی دلی میں درد دل رکھنے والوں کے لئے عبرت کے جو پہلو ہو سکتے تھے ان کا اندازہ اورنگ زیب، اس کے بھائیوں اور اس کی اولاد کی خونریزی سے ھی کیا جا سکتا ھے عاقل خان نے وقائع عالم گیری میں لکھا ھے کہ (۱)

''از بدائع آثار اقبال این مورد الطاف دو الجلال آنکه از جانب داراشکوه آن قدر سپه سالاران و سرداران به قتل رسیدند که در هیچ معرکه هیجا مثل آن کم نشان داده اند،،

اورنگ زیب کی وفات کے بعد شاھی تخت نے جس سرعت اور تیزی کے ساتھ وفاداری بدلی، بھائی نے بھائی کا گلا جس بیدردی سے کاٹا، انسانی فضیلت و شرافت کی تذلیل جس طرح ہوئی، مرھٹوں اور سکھوں نے جو انتشار پھیلایا اور نادر شاہ اور احمد شاہ ابدالی نے جس وسیع پیمانے پر تباھی مچائی ان واقعات میں عبرت حاصل کرنے والے دلوں کے لئے ھزاروں سبق چھپے ہوئے تھے - یہ زمانہ آشوب، ابتری اور خونریزی کے لحاظ سے چنگیز خان کے زمانے سے کم نہیں تھا - جن اسباب کی بنا پر چنگیز خاں کے ظلم و استبداد کے بعد اسلامی دنیا میں تصوف اور درویشی کی تحریک نے زور پکڑا تھا اسی قسم کے اسباب ھندی خصوصاً دھلی کے مسلمانوں کو بھی پیش آئے تھے - مھدی خان نے تاریخ جہانکشائے نادری میں نادر شاہ کے قتل عام کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ھے کہ (۲)

''شور محشر و آشوب فزع اکبر درمیان شھر پدید آمد .... نر و ماده زنجیر شیون درگرفتند سرھائے که طعنه بر قصور جنت می زد به صدمه گنج کاوی بلان قصون یافت حوضھائیکه از چشمه سار لطافت

---

۱ - وقائع عالم گیری - ص ۳ - عاقل خان مصنف واقعات عالم گیری نے خود زمانے کے حالات سے تنگ آ کر گوشہ نشینی اختیار کرنا چاھی تھی جس کی عالم گیر نے اجازت نہیں دی تھی -
دیکھئے (i) منتخب اللباب از خوافی خان جلد دوم ص ۳۲
(ii) مقدمہ واقعات عالم گیری از عبداللہ حسن - ص ۱

۲ - تاریخ جہانکشائے نادری - ص ۱۶۰-۱۶۱

کوثر آب سموزد دواره جوشنده خون شد و بازار جوهریان و صرافان و راسته سازار و دکاکین تجار و ارباب مکتب و تمامی اسواق شهر به حیطهٔ نعما در آمد . . الحاصل از دروازه اجمیری الی در مسجد جامع و حند محله دیگر صغیراً و کبیراً عرصه شمشیر شدند،،

اور بقول مولف تاریخ ایران اگر محمد شاہ خود سفاعت کے لئے نہ نکلتا تو نہ جانے اور کیا حسر برپا ہوتا وہ لکھتا ہے کہ(۱)

''بالاخر محمد شاہ با دو نفر از وزرا نفس زمعہ شفاعت مردم را درخواست نمود،،

ایسے زہرہ گداز واقعات میں حساس دلوں کے لئے عبرت کے ہزاروں پہلو تھے - جس کا اندازہ خواجہ میر درد کی ایک عبارت سے ہو سکتا ہے جو انہوں نے رسالہ نالہٴ درد میں ایک جگہ دلی کی تباہی پر اسی تاثر کا اظہار کرتے ہوئے لکھی ہے(۲)

''شہر مبارک دلی کہ روضہ مقدسہ حضرت قبلہ کونین قدسنا اللہ بسصره سره در آں است و خدایش تا قیامت آباد دارد و عجب گلستانے بود و حالا پامال خزان حوادث زمانہ گستہ و طرفہ انہار و اشجار آبادیہا مردماں ہر جنس داشت و اکنوں تاراج صدمات دہر شدہ بہر وجہ در تمام روئے زمین چوں روئے محبوبان ماہ وش و مانند سبزہ خط ایشاں دلکش بود،،

دھلی کہ خراب کردہ اکنوں دھرس جاری شدہ اشک ھا بجائے نہرس
بود است این شہر مثل روئے خوباں چوں خط بتاں بود سواد شہرس
(درد)

محمد علی شاد عظیم آبادی نے اپنے مرشد و استاد حضرت شاہ فرہاد کے حالات زندگی میں حیات فرہاد کے نام سے جو کتاب لکھی ہے اس میں مذکور ایک

---

۱ - تاریخ ایران - جلد دوم - ص ۳۰
۲ - نالہ درد ص ٦٩ - نالہ ۳۳۸

واقعہ سے بھی خواجہ میر درد کے دھلی کی نباھی سے اثر پذیر ھونے کا ذکر ملتا ہے ۔

واقعہ یوں ہے کہ اشکی اور جالی، جو شاہ فریاد کے ماموں تھے خواجہ میر درد کی شہرت سن کر عظیم آباد سے دھلی گئے تھے ۔ وھاں پہنچ کر جب وہ خواجہ میر درد کے شاگرد ھوئے تو اس تقریب کے خاتمہ کے ساتھ ھی شاھی قلعے سے توپ کی آواز آئی اور ساتھ ھی نقارہ بجا ۔ یہ آواز سن کر خواجہ میر درد نے فرمایا (۱)

"کہ دوپہر کی توپ اس ویران قلعہ میں چلتی ہے اور نقارہ بھی وھیں بجتا ہے"

قیاس غالب یہی ہے کہ حالات کی عبرت انگیزی اور شاھی تعلقات سے طبعیت کی عدم مناسبت نے خواجہ ناصر عندلیب اور ان کے بیٹے خواجہ میر درد دونوں کو ابتدائی امیرانہ زندگی سے متنفر کر کے خواجہ فتح اللہ کی شہادت اور نواب ظفراللہ خان کے مرنے کے بعد ترک دنیا پر مجبور کر دیا ھوگا ۔ یہ واقعہ اس زمانے کا ہے جب درد کی عمر تقریباً ۲۹ سال کی ہوی(۲) ۔ اس کا ذکر انھوں نے اپنی تصنیف نالۂ درد میں خود ایک جگہ کیا ہے (۳)

"فقیر یک چندر در عنفوان جوانی بہ صورت دنیا داری گرفتار ماند و مرکب غفلت در میدان ھوا و ھوس دواند و ھنوز عالم جوانی باقی بود

---

۱ ۔ حیات فریاد از شاد عظیم آبادی ۔ ص ۱۶۳

۲ ۔ نیاز فتح پوری نے خواجہ میر درد کے دنیا ترک کرنے کی عمر ۲۲ سال لکھی ہے (مقالہ اردو شاعری پر تاریخی تبصرہ از نیاز فتح پوری ۔ انتقادیات جلد دوم ص ۱۰۳/۴ ۱) ۔ سید ناصر نذیر فراق نے میخانہ درد میں اس تبدیلی کے وقت ان کی عمر انیس سال بتائی ہے (میخانہ درد ص ۱۱۹) نواب حبیب الرحمان خان شروانی نے مقدمہ دیوان درد میں اس وقت ان کی عمر ۲۸ سال کی بتائی ہے (مقدمہ دیوان درد ۔ ص ۳) ۔ ظاھر ہے کہ خواجہ میر درد کے اپنے بیان کے پیش نظر یہ آرا درست نہیں ھیں

۳ ۔ نالہ درد از خواجہ میر درد ص ۵۸ ۔ نالہ ۲۸۹

کہ دست ازیں عالم فانی و بے ثبات کشید و در سن بست و نہ (۲۹) سالگی لباس درویشانہ پوشید حق تعالی خانمہ بخیر گرداند و چنانچہ بہ استقامت داشتہ ہم چنیں بمیراند،،۔

سید ناصر نذیر فراق نے میخانہ درد میں اس واقعہ پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا ہے کہ(۱)

''خواجہ فتح اللہ کی وفات کے بعد خواجہ ناصر کے سات گھر چھوٹے بڑے الا اللہ کہ کر مصر ہونے کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے،،

غلام ہمدانی مصحفی نے تذکرہ عقد ثریا میں خواجہ میر درد کے حال میں اسی لئے لکھا ہے کہ (۲)

''خواجہ میر درد، در ایام جوانی سپاہی پیشہ بود ازاں بعد کہ پا بر بوریائے درویشی نہادہ ہمیشہ در کسب سلوک و صبر و فنا و تصوف و توحید کوشیدہ و چشم از غیر حق پوشیدہ،،

صاحب تکملہ الشعراً نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ (۳)

'' خواجہ میر درد بسیار بہ کرّ و فر و تمکنت ظاہری بسر می برد لیکن آخر بقول مصحفی (۴)

''ترک روزگار کردہ بر سجادہ درویشی نشست،،

خواجہ میر درد کی طرح، خواجہ محمد ناصر عندلیب نے بھی دنیا پر دین کو ترجیح دی اور اپنے زمانے کے مشہور نقشبند بزرگ حضرت خواجہ محمد زبیر کے حلقہ مریدی میں شامل ہو گئے ۔ رسالہ ہوش افزا میں ان سے مکالمے کے دوران ایک بزرگ نے اسی لئے کہا تھا کہ (۵)

---

۱ - میخانہ درد ص ۴۳
۲ - عقد ثریا - ص ۲۷
۳ - تکملۃ الشعرا ۔ ص ۱۱۳ (الف)
۴ ۔ تذکرہ ہندی گویان از مصحفی ۔ ص ۹۲
۵ ۔ رسالہ ہوش افزا ۔ ص ۹۳ ب

"بارہا بجناب پیر بزرگوار شما حضرت شیخ محمد زبیر نقشبندی مشرف گردیدہ بمیان حلقہ ہائے مراقبہ ایشان نشستہ ام "

اس بیان میں "پیر بزرگوار شما" کے الفاظ سے صاف ظاہر ہے کہ خواجہ محمد زبیر حضرت خواجہ محمد ناصر عندلیب کے پیر تھے ۔ اس نسبت کی تصدیق مؤلف حالات و مقامات مرزا مظہر جان جاں نے بھی کی ہے ۔ وہ لکھتے ہیں کہ (۱)

"حضرت محمد زبیر غوث وقت بودند ۔ و خواجہ ناصر و شاہ عبدالعدل و مردمان بسیار در طریقہ ایشان ہستند"

خواجہ محمد زبیر حضرت حجۃ اللہ نقشبند کے نبیرہ اور خلیفہ تھے ۔ صاحب خزینۃ الاصفیا نے لکھا ہے کہ پادشاہ وقت اور بہت سے امرائے نامدار ان کے مرید اور معتقد تھے مجاہدہ و ریاضت ان کا روز کا معمول تھا اور ان کے شب و روز عبادت و ریاضت اور رشد و ہدایت میں گذرتے تھے (۲)

"وظیفہ وے آن بود کہ در تمام روز بست و چہار ہزار بار نفی و اثبات می خواند و پانزدہ ہزار بار اسم ذات بہ حبس نفس ذکر کرد و بعد از نماز مغرب صلوۃ اوابین خواندہ دہ ہزار بار نفی و اثبات می خواند پس ازاں حلقہ رجال می کرد و بہ مریداں متوجہ می شد ۔ بعد ازاں نماز عشا خواندہ در محل سرائے شاہی می رفت و درس در حلقہ نسا می فرمود و قریب نصف شب باز در خانقاہ آمدہ چند ساعت استراحت می کرد بعد ازاں برخاستہ نماز تہجد می خواند و دراں نماز چہل بار و گاہے شصت بار سورہ یسین خواند"

خواجہ محمد زبیر نقشبند کا مرتبہ روحانی اتنا بلند تھا کہ انہیں قطب ارشاد اور قیوم زمانہ کا درجہ حاصل تھا ۔ مولف رسالہ مظہریہ لکھتے ہیں کہ (۳)

"حضرت محمد زبیر قطب ارشاد بودند"

---

۱ ۔ حالات و مقامات مرزا مظہر ۔ ص ۲۵ (حاشیہ)
۲ ۔ خزینۃ الاصفیا ۔ ص ۶۷۰/۳۳۹
۱ ۔ رسالہ مظہریہ ۔ ص ۲۵

دوسرے تذکرہ نگاروں نے انہیں اپنے زمانے کے چار قیوموں میں سے ایک شمار کیا ہے - قطب ارشاد اور قیوم کے روحانی مرتبہ پر مکاتیب معصومیہ میں کئی جگہ وضاحت اور تشریح ملتی ہے - چند اقتباسات درج ذیل ہیں -

''باید دانست کہ منصب نبوت ختم بر خاتم الرسل شدہ است علیہ و علی الہ الصلوۃ و التسلیمات - اما از کمالات آن منصب بطریق تبعیت متابعان او را نصیب کامل است - این کمالات در طبقہ صحابہ بیشتر است و در تابعین نیز این دولت بر سبیل قلت سرایت کردہ است بعد ازان او باستتار آوردہ است و غلبہ کمالات ولایت ظلی جلوہ گر گشتہ است کہ بعد از مضی الف این دولت از سر تازہ گردد غلبہ و شیوع پیدا کند و کمالات اصلی رو بہ ظہور آرند و ظلی استتار پیدا کنند و حضرت مجدد علیہ الرضوان مظہر و باطن مروج این نسبت علیہ باشند - اے فرزند تابع کامل نبی شدہ و علی آلہ الصلواۃ و السلام چون بہ تبعیت کمالات نبوت را تمام کند اگر از اہل مناسب است بمنصب امامتش سر فراز سازند و چون کمالات ولایت کبری را تمام کند و از اہل منصب باشد بمنصب خلافتش مشرف می سازند یعنی وارث انبیا و از مقامات کمالات ظلی مناسب منصب امامت منصب قطب ارشاد است و مناسب منصب خلافت منصب قطب مدار - گویا این دو مقام (یعنی کمالات ظلی کہ مراد ازان ولایت صغری است کہ اہل آنرا قطب ارشاد و قطب مدار می نامند) کہ در تحت اند ظل آن دو مقام اند کہ مراد ازان مقام نبوت انبیا و مقام ولایت انبیا است کہ صاحب کمالات آن اگر از اہل مناصب است او را امام و خلیفہ نامند باید دانست کہ مقام ولایت این را ولایت کبری می گویند کہ در فوق اند'' (۱)

''قطب ارشاد کہ جامع کمالات فردیت نیز باشد بسیار عزیز الوجود است و بعد از قرون بسیار و ازمنہ بے شمار این قسم گوہرے بظہور می آید

---

۱ - ص ۹۱ - جلد چہارم - دفتر اول

و عالم ظلمانی از نور ظہور او نورانی می گردد ۔ و نور ارشاد ہدایت او سالک تمام عالم است از محیط عرش تا مرکز فرش ۔ ہر کسے را کہ رشد و ہدایت و ایمان و معرفت حاصل می شود از راہ او می آید و ازو مستعار می گردد ۔ و بے توسط او ہیچ کس باین دولت نمی رسد،، (ص ۹۵)

"باید دانست کہ ان اللہ خلق آدم علی صورتہ او تعالی از صورت منزہ متعالی است پس خلق آدم بر صورت او سبحانہ باین معنی تواند بود کہ اگر مرتبہ تنزیہ را در عالم مثال صورت فرض کردہ شد و ہر آئینہ این صورت جامع خواہد بود کہ انسان جامع بران صورت موجود گستہ است صورت دیگر را قابلیت آن نیست کہ تمثال آن مرتبہ مقدسہ تواند بود و مرآت آن تواند گشت ازین جا است کہ انسان شایان خلافت او تعالی گستہ است .... کمل امانت بزعم این فقیر قیومیت جمیع اشیاء است بر سبیل نیابت کہ مخصوص بہ تکمل افراد انسان است یعنی معاملہ انسان تا بجائے می رسد کہ او را قیوم جمیع اسما بحکم خلافت می سازند و ہمہ را افاضہ وجود و بقا و سائر کمالات ظاہری و باطنی بتوسط او می رسانند اگر ملک است باو متوسل است و گوہر انس و جن است باو متشبث و فی الحقیقت توجہ جمیع اشیا بجانب اوست و ہمہ نگران اویند،،(ص ۹۴ ۔ مکتوب ۴۷ ۔ جلد دوم ۔ حصہ ہفتم)

خواجہ محمد زبیر کی صحبت اور فیوض نے جو اپنے زمانے کے قطب ارشاد، قطب مدار اور قیوم تھے، خواجہ ناصر عندلیب کو وہ بلند ترین روحانی مقام عطا کیا جو بہت کم طالبوں کو نصیب ہوتا ہے ۔ اور انہوں نے تصوف میں محمدیہ کے نام سے ایک نئے مشرب کی بنیاد رکھی اور اس نسبت سے اپنے لئے امیرالمحمدین اور اپنے بیٹے اور خلیفہ خواجہ میر درد کے لئے اول المحمدین کے لقب استعمال کئے ۔

خواجہ میر درد اپنی خاندانی نجابت، شرافت اور سیادت کے جس سرمایہ پر اتنا فخر کرتے ہیں وہ علاوہ نسبی فضیلت کے اس مشرب طریقت کی بنا پر بھی ہے

جس کا آغاز ان کے والد ماجد سے ہوتا ہے - ان سے پہلے ان کے جتنے بزرگ گزرے ہیں سب اپنے طریقے کو نقشبندیہ کہتے رہے ہیں لیکن خواجہ ناصر عندلیب نے اپنے مشرب روحانیت کو طریقہ محمدی یا فقر محمدی کہا ہے - جس کی ایک خاص وجہ ہے -

تصوف کا طریقہ نقشبندیہ، جیسے خواجہ بہاءالدین نقشبند کے نام نامی سے منسوب کیا جاتا ہے - دوسرے صوفیانہ طریقوں کے مقابلے میں "متشرع طریقہ" رہا ہے جس کے اکثر مشائخ مذہب حنفیہ کے پیرو تھے چنانچہ دارا شکوہ نے سفینۃ الاولیا میں ایک جگہ لکھا ہے کہ (۱)

"طریقہ ایشان تمام بہ مطابق شرع شریف بود و مذہب امام اعظم رضی اللہ عنہ داشتند و اکثر مشائخ این سلسلہ حنفی بودہ اند از خواجہ بزرگ پرسیدند کہ در طریقہ شما جہر و خلوت و سماع می باشد - فرمودند کہ نمی باشد پس گفتند کہ بنائے طریقہ شما بر چیست فرمودند کہ بہ ظاہر با خلق و بہ باطن با حق سبحانہ"

خواجہ ناصر عندلیب اور خواجہ میر درد دونوں بزرگوں نے اپنی تصانیف میں کئی جگہ اس سلسلہ نقشبندیہ سے اپنے روحانی تعلق کا اظہار کیا ہے - اور یہ بات ثابت کرنی چاہی ہے کہ طریقہ محمدیہ، نقشبندیہ بزرگوں کے طریقہ سے الگ نہیں ہے - خواجہ میر درد علم الکتاب میں ایک جگہ حضرت خواجہ بہا الدین نقشبند، حضرت خواجہ عبیداللہ احرار (۲) اور حضرت خواجہ باقی باللہ (۳) جیسے بزرگوں کے ذکر میں لکھتے ہیں کہ (۴)

"ما فقیر بالذات سخت معتقد جناب ایشان است"

اور پھر کہتے ہیں کہ (۵)

---

۱ - سفینۃ الاولیا از دارا شکوہ - ص ۷۹

۲ - ان بزرگوں کے حالات کے لئے دیکھئے کتاب رشحات از سید علی حسن بن ملا حسین واعظ کاشفی - اور شجرہ الیقین وغیرہ -

۳ - خواجہ باقی با اللہ کے حالات کے لئے دیکھئے کتاب زبدۃ المقامات

۴ - علم الکتاب از خواجہ میر درد - ص ۳۶۶ وارد ۷۵

۵ - ایضاً

"نسبت محمدیان خالص مربائے همیں نسبتہائے بزرگاں خود است کہ ایں همہ صاحبان محمدی مشرب علی تفاوت استعداد الهم بودند و طریقہ محمدی زبدہ و خلاصہ و محصول و منتہائے همیں طرق مذکورہ بل جمیع طرق اسلامیہ اسب ۔ چنانچہ طریقہ مجددیہ از شعب طریقہ نقشبندیہ است و محسوب در همیں طریقہ"

یہاں خواجہ میر درد نے یہ دلیل دی ہے کہ جس طرح حضرت مجدد ـ ثانی نے طریقہ نقشبندیہ کے اندر رہ کر ہی اپنے طریقے کو ایک جداگانہ ـ یعنی طریقہ مجددیہ سے منسوب کیا ہے اس طرح حضرت خواجہ ناصر عندلیب ـ طریقہ محمدیہ اسی طریقے میں شامل ہے بلکہ نام کی مناسبت سے اصل اسلام ـ ۔ اس کے بعد مزید تشریح کرتے ہوئے یہ بھی لکھا ہے کہ طریقہ محمدیہ ـ بھی اپنے بزرگوں کی طرح شروع شروع میں نقشبندیہ قادریہ طریقے کے اذکار اشغال کی پابندی ہی کی جاتی ہے اور مجددیہ شیوخ کی طرز پر توجہ اور مراقبہ ـ نسبت باطن کا القا کیا جاتا ہے لیکن آخر میں صرف کلام اللہ کے توسط سے ـی کی جاتی ہے اور صرف اسے ہی امام اور پیشوا بنایا جاتا ہے ۔ وہ فرماتے ـں کہ (۱)

"اگرچہ محمدیان خالص نیز مثل دیگراں بموجب بیعت مرشدان خود در اوائل حال اشغال و اذکار معمولیہ طریقہ نقشبندیہ و قادریہ کہ از پیراں رسیدہ آمدہ است تلقین می فرمائید و القا نسبت باطن بہ توجہ و مراقبہ بہ وضع شیوخ مجددیہ می کند اما در اواخر کار محض بہ توسط کلام اللہ ترقیات حاصل می نمایند و همیں امام مبین را کہ قرآن مجید باشد پیشوائے خود سازند"

یہ طریقہ محمدیہ کی ایک بہت بڑی فضیلت ہے جس کی بنا پر نقشبندیہ ـیقہ کی یہ شاخ امتیازی اور منفرد درجہ حاصل کر لیتی ہے خصوصاً حضرت ـاجہ میر درد کی اس وضاحت کے بعد اس کی تقدیس، فضیلت اور اسلامیت سے ـب انکار ہوسکتا ہے کہ (۲)

---

۱ - علم الکتاب از خواجہ میر درد - ص ۵۹۵ - وارد ۹۳

۲ - ایضاً ص ۵۹۶ وارد ۹۳ -

''گوش الہام نیوش محمدیان خالص در ہر مقام از ہر پردہ کہ باشد غیر از صدائے کلام اللہ نمی شنوند،،

محمدیہ طریقہ کے نقشبندیہ طریقہ میں ہی شمولت کی تصدیق خواجہ میر درد کے ایک اور بیان سے بڑی وضاحت کے ساتھ ہوتی ہے وہ رسالہ درد دل میں فرماتے ہیں کہ (۱)

''حضرت امیرالمحمدین (یعنی حضرت خواجہ ناصر عندلیب) طریقہ محمدی پیمودہ و باوجود صاحب طریقہ و الوالعزمی تبیعت طریقہ نقشبندیہ و قادریہ نمودہ و باب سلوک بہ طور بزرگان مجددیہ کشودہ و عمل موافق علمائے مذہب حنفیہ فرمودہ و اول المحمدین (یعنی خود خواجہ میر درد) عفراللہ لہ ہماں مسلک را بہ چشم می پیماید و پیروی پیشوائے خود می نماید و اقتدائے امام خویش می کند و نظریہ راہ و رسم دیگران نمی فگند کہ حالا دیگر در ہمہ راہ ہا خبر سر گردانی نیست سوائے طریقہ محمدیہ،،

خواجہ ناصر عندلیب نے اپنے مسرب روحانی کا نام محمدیہ کیوں رکھا اس پر بھی خواجہ میر درد نے اپنی تصنیف علم الکتاب میں روشنی ڈالی ہے (۲) وہ لکھتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت خواجہ ناصر عندلیب ایک ہفتہ دن اور رات ایک حجرے میں بند رہے اور اس عالم ناسوت کی طرف ہرگز توجہ نہ کی حتی کہ کھانا اور پینا بھی چھوڑ دیا ۔ میں بھی حجرے کی دہلیز پر پڑا رہا اور ان کے غم میں زار و قطار روتا رہا ۔ یہاں تک کہ اس غم میں میں نے بھی کھانا پینا ترک کر دیا ۔ ایک دفعہ والدہ ماجدہ نے مجھے حویلی میں تاکیداً بلایا اور کھانے کا حکم دیا تو میں نے امتثال امر کی بنا پر چند لقمے کھائے اور پھر حجرے کی طرف دوڑا ۔ دوسرے اعزہ اور خدام مختلف نمازوں کے اوقات کے وقت آتے لیکن والد بزرگوار کو حجرہ خاص میں بند پا کر واپس چلے جاتے لیکن میں وہیں

---

۱ - رسالہ درد دل از خواجہ میردرد - ص ۵۹

۲ - دیکھئے علم الکتاب - ص ۸۵ - ۸۶

زمین پر پڑا رهتا ۔ اگرچه یه بات میری والده کو پسند نه تهی اور انهیں میری حالت کا بڑا دکھ تھا لیکن میں مجبور تھا ۔ میری والده نے بعض خدام اور دوسرے اقربا کو حکم دے رکھا تھا که وه میرے پاس رهیں اور میری حالت پر توجه رکھیں لیکن میں کسی کو نزدیک نہیں آنے دیتا تھا اور فرش خواب اور تکیه وغیره جو کچھ گھر سے آتا تھا ان میں سے کسی چیز کو استعمال نه کرتا تھا هاں کبھی کبھی بے اختیاری کے عالم میں سو ضرور جاتا تھا ۔ آٹھ روز بعد حجرے کا دروازه کھلا ۔ اور جب میرے والد بزرگوار نے مجھے زمین پر پڑا دیکھا تو مجھے اٹھا کر نہایت عنایت اور شفقت کا اظہار کیا ۔ میری پیشانی پر بوسه دیا اور میرے حق میں بہت سے کلمات بشارت کہے اور کہا که (۱)

''اے محمدی قلق و اضطراب مکن بلکه شادی و خوش باش که او سبحانه ما محمدیاں را به عجب عنایت خاص نواختته و به عجب شرف مشرف ساختته،،

اس کے بعد فرمانے لگے که میرے حجرے میں حضرت امام حسن کی روح نے نزول فرمایا هوا تھا ۔ میں پورا ایک هفته ان کی صحبت میں رها هوں اس دوران ان کی روح نے مجھ پر نسبت کا خاص القا کیا اور مجھے حکم دیا که اسے بندگان خدا تک پہنچاؤ اور یه بھی کہا که جس نسبت کا آغاز اب هوا هے اس کا حضرت صاحب الزماں مہدی موعود (صل الله علی محمد و اله) کے وقت میں مکمل ظہور هوگا ۔ میں نے عرض کیا اس نسبت اور طریقے کو طریقه حسن کے نام سے رائج کیا جائے انہوں نے اپنی انگلی کو منه میں رکھتے هوئے کہا که (۲)

''اے فرزند ایں کار دیگرانست کار ما نیست،،

اگر میرا اراده اپنے نام کی شہرت هی هوتی تو میں اپنے زمانه زندگی میں هی اپنے طریقے کا نام حسن رکھ لیتا لیکن یاد رکھنا چاهئے که هم سب امتی بحر

---

۱ ۔ علم الکتاب از خواجه میردرد ۔ ص ۸۵
۲ ۔ علم الکتاب از خواجه میردرد ۔ ص ۸۵

عینیت میں گم ھیں - ''نام ما نام محمد است و نشان ما نشان محمد محبت ما محبت خدا است و دعوت ما دعوت محمد''(۱) پس اس طریقے کو طریقہ محمدیہ کہنا چاھئے کیونکہ میں نے جو نسبت القا کی ھے وہ محمد کا طریق ھے میں نے اپنی طرف سے اس پر کچھ اضافہ نہیں کیا ''سلوک ما سلوک نبوی است و طریق ما طریق محمدی''(۲)

اس وجہ سے خواجہ ناصر عندلیب اور خواجہ میر درد اپنی تصانیف میں اس طریقہ محمدی کو خالص طریقہ اسلامی کہتے ھیں اور دوسرے تمام طریقوں پر فوقیت دیتے ھیں - اس کا اظہار یوں تو انہوں نے مختلف مقامات پر کیا ھے لیکن یہاں صرف چند اقتباسات پیش کئے جاتے ھیں -

''پس محمدیان خالص کہ از همه امتیاز یافته اند به سبب توسل تام به حقیقت جامعه محمدیه است علی صاحبه الصلوه والتحیه و از حیثیت شمول خود ممتاز از ما عدای خود شده اند نه چون دیگران از راه انانیت خویش ممیز گشته اند فنائے اتم و اکمل در جناب صاحب خود علیه السلام دارند''(۳)

'' هر چند اطلاق محمدیه مندرجه بر جمیع فرق اسلامیه ثابت است و داخل است مرحومه آن سرور اند علیه السلام که مستفتری امتی فرموده است اما خالص محمدیه نسبت این فرقه واحد است که کثرت متبدعه در واحدیت این خلل نیفکنده''(۴)

''تخصیص کلمه محمدی و انضمام آن بنامهائے ما محمدیان از راه نسبت به طریقه محمدیه است که او سبحانه از راه کمال اجتبا و فنا اتم در جناب رسول الله حضرت قبله کونین را ادام الله برکاته و افاض علی

---

۱ - علم الکتاب از خواجه میردرد - ص ۸۵
۲ - ایضاً
۳ - ایضاً - ص ۸۶
۴ - ایضاً

العالمین فیوضاته بآں مختص فرموده و بتوسط آں ذات خاتم الکمالات ما محمدیاں را به مشرف محمدیه خالص نموده،، (۱)

،، اگرچه محمدیه ممتزجه همه فرقه هائے اهل اسلام را حاصل است و ایں دولت همه مومنین را شامل اما زر ایشاں خالص و بے غش نیست که مس امانت و کدورت اسماء خود را بز به آں ممزوج ساخته اند و الا خود را همیں محمدیاں می گویانیدند و طرق و سبل خویش بنامهائے خود موسوم نمی گردانندند و اعتزال از هماں یک شارع عام نمی گزیدند و خروج ازیں سواد اعظم نمی پسندیدند و متفرق به هفتاد و سه فرقه نمی گردیدند تا هرگز عذاب نار نمی رسیدند،، (۲)

،،ما محمدیاں که سر ارادت خویش بر آستان پاک صاحب لولاک نهاده ایم از افتخار ایں شرف اگر آستان ما از افلاک هم بالا رود بجا است و ما مهتدیاں که باب هدایت طریقه محمدیه کشاده ایم به اعتبار ایں طریقه اشرف اگر پائے عرفان ما از همه پیش رود سزا است با حضرت خیرالمرسلین و با خاتم النبیین ،، (۳)

ان اقتباسات سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ طریقہ محمدی کو خالص اسلام سمجھتے ہیں بلکہ بعض مقامات پر تنبہ کرتے ہیں کہ اسے اسلام کے دوسرے فرقوں کی طرح ایک نیا فرقہ نہ سمجھا جائے بلکہ حقیقی اسلام یہی ہے -

،،باید دانست که محمدیه خالصه را هم در اوهام باطله و افهام ناقصه خود امر جد او چیزے نو پیدا از قسم دیگر طرق و فرق خویش خیال کرده فرقه متفرقه از سواد اعظم محمدیه ندانند و اطلاق محمدیه بر آں و استحقاق خلوص محمدیاں مجازاً و اصلاً از قبیل دیگر اسماء خود ها نخوانند و باز خطا بعد خطا نه کنند،، (۴)

---

۱ - علم الکتاب از خواجه میر درد - ص ۸۴ - ۸۵
۲ - علم الکتاب از خواجه میر درد - ص ۸۵
۳ - رساله آه سرد از خواجه میر درد آه - ۵ ص ۳
۴ - علم الکتاب از خواجه میر درد - ص ۸۶

وہ امت کے مختلف فرقوں میں تقسیم ہو جانے پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تمام فرقے اور طریقے مٹ کر صرف اصل مذہب اسلام یعنی طریقہ محمدیہ باقی رہ جائے -

"پس تفرق در آنہا چگونہ بہم رسیدہ ہفتاد و دو فرقہ چرا گردیدہ . . . . . سادگی این ہمہ قوم را نظر باید نمود و اعمال و احوال اینہا سیر و تماشا باید فرمود کہ خود چہا می شوند و کجا می روند و خود را چہ می خوانند و باز بہ زعم خود چہ می دانند" (۱)

وہ اس سے ایک قدم اور آگے بڑھتے ہیں اور فرقہ انگیزی کو شرک قرار دیتے ہیں - اور قوم کی اس سادگی پر افسوس کرتے ہیں کہ اس نے اپنے اتحاد کو پارہ پارہ کر دیا -

"مراد ما از اطلاق شرک خفی بر صاحبان محمدیہ متزجہ معنی اصطلاحی است کہ کفر طریقت باشد یعنی سرا کت نفسانیت و مداخلہ انانیت خویش در دین و ایمان شریک ساختہ اند و ازین راہ در ملت واحدہ خلل فساد و تفریق انداختہ اند نہ آن کہ شرک جلی کہ کفر حقیقی است و شرک در ذات وحدانیت او تعالی است . . . . پس منظور ما از لفظ اہل شرک خفی و محمدیہ متزجہ جماعت ۷۲ گروہ فرقہ اسلامیہ اند کہ بہ موجب حدیث ستفترق امتی از صراط مستقیم محمدیہ خالصہ جدا شدہ اند" (۲)

اس کے بعد وہ اس غلط فہمی کو پھر دور کرتے ہیں کہ ہمارا طریقہ محمدیہ اصل میں ملت کے متفرق فرقوں کو ختم کر کے "محمدی اسلام" رائج کرنے کے لئے ہے اور لوگ اسے اگر اسلام کے مختلف فرقوں میں کسی نئے فرقے کا اضافہ سمجھتے ہیں تو غلطی پر ہیں -

---

۱ - علم الکتاب از خواجہ میر درد ص ۸۷
۲ - ایضاً ص ۸۸

''محمدیان خالص را تبعیت ملت بزرگان صاحب حق خود که اکابر دین اند چون تبعیت ملت ابراهیمی است مومنین را ـ و سر مو انحراف از جاده مستقیم آن برزگواران به حال خویش روا نمی دارند و تصور عدم اتباع این اکابر اگر مظنون و متوهم کسے از راه غلط فهمی شود آنرا در حق خود محض افترا می شمارند و ناشی از عدم فهمیدگی پندارند و هرگز احتمال اس اتهام نیست ..... مگر از کسانیکه حقیقت کلام مارا نه در یافته صرف براه خباثت شتافته به چنیں توهمات باطله گرفتار شوند و محض از جهالت سوئے انکار روند،، (۱)

یہ طریقہ ان کے قول بموجب وهی طریقہ ہے جو ان کے بزرگوں، آئمہ، خلفا اور نبی کریم کا طریقہ تھا ـ وہ محض اس زمانے میں جب کہ قوم منتشر ہو گئی ہے اسے زندہ کرنا چاہتے تھے تاکہ تمام امتی خدا کی ایک رسی کو مضبوطی سے پکڑ کر متحد ہو جائیں ـ یہ ایک بہت بڑی قابل قدر کوشش تھی جس پر میر درد کا خاندان جس قدر فخر کرے بجا ہے ـ

''و ما همه اهل حق را محمدیان خالص می دانیم و طن کننده تخلف را سفیه و باطل می خوانیم،، (۲)

''همه پیران و مرشدان ما محمدیان خالص بوده اند،، (۳)

''حق تعالی امیرالمحمدین را (یعنی خواجه ناصر عندلیب را) بر شما فرستاد تا باز دعوت بر طرف همان طریقه محمدیه فرمایند و از کثرت به وحدت جذب نمایند و شما را بفهمانند که پیران ما همه محمدیه خالصه داشتند و این کثرت امتیازات که شما بهم رسانیده اند بالکل دریں طریقه منتفی بود،، (۴)

---

۱ ـ علم الکتاب از خواجه میر درد ص ۸۸
۲ ـ ایضاً ص ۸۹
۳ ـ ایضاً ص ۸۹
۴ ـ ایضاً ص ۸۹

اس حیثیت سے خواجہ ناصر عندلیب امیرالمحمدین کہلاتے ھیں کیونکہ ان میں نور محمدی کا ظہور ہوا تھا جس کی تصدیق خواجہ میر درد نے ان الفاظ میں کی ہے :-

''نسبت خاص محمدیہ خالص کہ در زمان آں سرور صلی اللہ علیہ وسلم بود و با حضرت امام عسکری علی جدہ و علیہ اسلام بطناً بعد بطن رسیدہ می آمد و بعد ازیں رو بہ اختفا آوردہ بود تار از سر نو بعد یک ہزار و یک صد و چند سال ہجری ایں فیض خاص از منبع باطن سید نبی و مقتدائے بر حق ... حضرت خواجہ محمد ناصر محمدی ظہور فرمود و بہ تفصیل تمام اسرار ایں مقام بر فرزندی از فرزنداں ایں جناب منکشف گشت،،(۱)

اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ جو نسبت خاص محمدیہ بطناً بعد بطن نبی کریم سے حضرت امام عسکری جد اعلی خواجہ میر درد تک پہنچ کر پردہ اختفا میں چلی گئی تھی، تقریباً گیارہ سو سال بعد پھر حضرت خواجہ ناصر عندلیب کے قالب میں ظہور پذیر ہوئی جہاں سے خواجہ میر درد میں منتقل ہو گئی - اسی لئے اگر خواجہ ناصر عندلیب امیرالمحمدین کہلاتے ہیں تو خواجہ میر درد کو اول المحمدین کہا جاتا ہے - جس کا ذکر انہوں نے خود اپنی تصنیف درد دل میں کیا ہے(۲)

''اگرچہ ایں بندہ کم از خس در نظر خویش بیش از گیاہ ضعیف گلشن طریقہ محمدی نیست اما عنایت و قبول جناب حضرت عندلیب من قدر ایں ناچیز را از ہمہ افزودہ و اول المحمدین ساختہ گل سر سبد نمودہ و باب چہا چہا عنایت کشودہ ــــہ

قدر ایں نا چیز را داند جناب عندلیب   گرچہ جز کاہے نہ ام اما گیاہ گلشنم

---

۱ - علم‌الکتاب از خواجہ میر درد - ص ۹۳

۲ - رسالہ درد دل از خواجہ میر درد - ص ۱۹۸ درد ۲۵۴

خواجہ ناصر عندلیب کی شخصیت، کردار اور روحانی مسلک پر ایک اور نقشبندیہ بزرگ مسمی حضرت شاہ گلشن دھلوی کا سب بڑا اثر معلوم ہوتا ہے (۱) جن کے تخلص کی مناسبت سے خواجہ محمد ناصر نے بھی اپنا تخلص عندلیب رکھا ہے ۔ اس بات کی تصدیق خواجہ میر درد کے اس بیان سے ہوتی ہے (۲)

"این بندہ درد تخلص دارد و حضرت قبلہ کونین من ایدہ اللہ بنصرہ (یعنی خواجہ محمد ناصر) عندلیب تخلص داشتند و پیر صحبت آنحضرت شاہ سعداللہ گلشن تخلص می کردند و مرشد ایشان حضرت عبدالاحد کہ ملقب بہ گل بودند وحدت تخلص می نمودند فقیر برعایت ترتیب این تخلص را دریں مقطع غزل خویش بہ لطف موزوں کردہ"

درد از بس عندلیب گلشن وحدت شد است
جلوہ روئے گلے او را غزل خواں می کند

خواجہ ناصر عندلیب کو اکثر تذکرہ نگاروں نے حضرت گلشن دھلوی کا مرید لکھا ہے ۔ شوق رام پوری تذکرہ جام جہان نما میں لکھتے ہیں کہ (۳)

"خواجہ ناصر عندلیب نسبت مریدی از قدوہ السالکین شاہ گلشن کہ در عہد اورنگ زیب عالم گیر از مقتدائے زمانہ بود داشت"

مزارات اولیائے دھلی (۴) ، یادگار دھلی (۵) (یادگار سلف (۶) تذکرہ روز روشن (۷)، اور

---

۱ - آپ کا نام سعداللہ اور تخلص گلشن تھا - شیخ احمد سر ھندی کے نبیرہ حضرت عبدالاحد شاہ گل متخلص بہ وحدت و گل کے مرید تھے دیکھئے تذکرہ بے نظیر ص۱۰۱)

۲ - رسالہ آہ سرد از خواجہ میر درد - آہ ۱۵۶

۳ - تذکرہ جام جہاں نما - ص ۳۵۶

۴ - مزارات اولیائے دھلی - ص ۱۱

۵ - یادگار دھلی - ص ۹۴

۶ - یادگار سلف - ۹۴

۷ - تذکرہ روز روشن - ص ۵۸۶

کوثر (۱)، آب حیات (۲)، دلی کا دبستان شاعری (۳) اور واقعات دارالحکومت دہلی (۴) کے مولفوں اور مصنفوں نے بھی خواجہ ناصر عندلیب کو حضرت شاہ گلشن دہلوی کے خلفا، اور مریدوں میں شمار کیا ہے لیکن حقیقت میں وہ نسبت ارادت صرف خواجہ محمد زبیر سے رکھتے تھے البتہ شاہ گلشن دہلوی ان کے پیر صحبت ضرور تھے ۔ جیسا کہ خواجہ میر درد کی کتاب آہ سرد کی مذکورہ صدر عبارت سے صاف عیاں ہے ۔ خواجہ میر درد نے جہاں حضرت شاہ گلشن دہلوی کا ذکر کرتے ہوئے یہی کہا ہے کہ (۵)

''خواجہ محمد ناصر عندلیب گلشن تخلص داشتند و پیر صحبت، آنحضرت شاہ سعداللہ، گلشن تخلص می کردند ،،

ان کے معاصر تذکرہ نگاروں نے بھی یہی شہادت دی ہے کہ حضرت شاہ گلشن ان کے صرف پیر صحبت تھے پیر ارادت نہیں ۔ لچھمی نرائن شفیق اورنگ آبادی نے گل رعنا میں لکھا ہے کہ (۶)

''شیخ سعداللہ گلشن پیر صحبت او بود،،

خان آرزو نے مجمع النفائس میں کہا ہے کہ (۷)

''حضرت شیخ سعداللہ گلشن پیر صحبت ایشان بودند،،

خواجہ ناصر عندلیب کی اپنی تصنیف رسالہ ہوش افزا میں پیر صحبت کی بجائے ''استاد،، کا لفظ دیکھنے میں آتا ہے ۔ ان سے مکالمے کے دوران ایک بزرگ کہتے ہیں کہ (۸)

---

۱ - رود کوثر - ص ۳۹۴
۲ - آب حیات - ص ۱۸۴
۳ - دلی کا دبستان شاعری - ص ۱۷۵
۴ - واقعات دارالحکومت دہلی جلد دوم - ص ۵۷۵
۵ - آہ سرد - آہ ۱۵۶
۶ - گل رعنا - ص ۲۱۶ - (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی)
۷ - مجمع النفائس (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) - ص ۲۶۱ الف
۸ - رسالہ ہوش افزا - ص ۹۷ ب (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی)

"بارہا بجناب پیر بزرگوار شما حضرت شیخ محمد زبیر نقشبندی مشرف گردیدہ بہ میان حلقہ ہائے مراقبہ ایشان نشستہ ام و بہ خدمت استاد شما حضرت شاہ گلشن بسیار ارتباط و خصوصیت داشتم"

اصل میں خواجہ ناصر عندلیب نے شروع شروع میں حضرت شاہ گلشن دہلوی کی صحبت اختیار کی تھی لیکن ان کے باقاعدہ مرید نہیں ہوئے تھے بعد میں حضرت خواجہ محمد زبیر سے تعلق ہو جانے پر ان کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی۔ خواجہ میر درد رسالہ آہ سرد میں اس تفریق کی واضح نشان دہی کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ (۱)

"پیر بیعت حضرت قبلہ گوہی حضرت محمد زبیر بودند و پیر صحبت در اوائل احوال حضرت شاہ سعداللہ گلشن تخلص قدس سرہ بودند"

بعض شواہد سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ خواجہ ناصر عندلیب نے حضرت شاہ گلشن دہلوی کے کہنے پر ہی حضرت خواجہ محمد زبیر کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ مولف معمولات مظہریہ کے ایک بیان سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ حضرت گلشن دہلوی عموماً اپنے ملنے والوں کو حضرت خواجہ محمد زبیر کی مریدی اختیار کرنے کے لئے بھیج دیا کرتے تھے۔ مرزا مظہر جان جاں کے ذکر میں انہوں نے لکھا ہے کہ (۲)

"بعد ازاں بخدمت حضرت شاہ گلشن کہ خلیفہ حضرت شیخ عبدالاحد سرہندی و نبیرہ حضرت مجدد بودہ اند رفتند چوں معلوم شد کہ ایشان یاران خود را بخدمت حضرت خواجہ محمد زبیر قدس سرہ کہ نبیرہ حضرت مجدد الف ثانی بودند سپردند رجوع بخدمت حضرت محمد زبیر آوردند" (۳)

خزینۃ الاصفیا کے مولف نے بھی ان دونوں بزرگوں کے گہرے مراسم اور شب و روز کی صحبت کا ذکر کیا ہے۔ اس لئے یہ بات غلط معلوم نہیں ہوتی کہ خواجہ ناصر

---

۱ - آہ سرد - ص ۱۱۷ (آہ ۲۶۷) و ص ۹۸ (آہ ۱۵۵)
۲ - معمولات مظہریہ - ص ۱۳
۳ - خزینۃ الاصفیا - ص ۶۴۰

عندلیب کی رسائی بھی خواجہ محمد زبیر تک حضرت شاہ گلشن دہلوی کی ہدایت اور ذریعے سے ہوئی ہو گی۔ سر سید نے آثار الصنادید میں صاف لکھا ہے کہ (۱)

"خواجہ محمد ناصر عندلیب نے بموجب ہدایت شاہ گلشن صاحب کے حضرت خواجہ محمد زبیر صاحب سے بیعت کی تھی"

اس انتقال تعلق کے باوجود حضرت خواجہ ناصر عندلیب کو حضرت شاہ گلشن دہلوی سے گہری عقیدت اور شدت کا لگاؤ تھا۔ جس کا اظہار خواجہ میر درد کی اس رباعی سے ہوتا ہے جس میں کہ انہوں نے خواجہ ناصر عندلیب کو شاہ گلشن کا عاشق کہا ہے (۲)۔

ہرچند نہ ام بہ ذات خود لائق تو	لیکن دارم محبتے صادق تو
اے حضرت عندلیب والا درگاہ	تو عاشق گلشنی و من عاشق تو

خواجہ میر درد کے فارسی دیوان اور نثری تصانیف علم الکتاب، نالہ درد، آہ سرد، شمع محفل، درد دل وغیرہ میں حضرت شاہ گلشن دہلوی سے عقیدت، اور محبت کے جو اشعار دیکھنے میں آئے ہیں اس کی وجہ بھی ان کے والد خواجہ محمد ناصر عندلیب کی ان سے گہری محبت، اور نسبت تھی۔ وہ خود اس بات کی وضاحت کرتے ہوئے رسالہ آہ سرد میں لکھتے ہیں کہ (۳)

"من شوریدہ حال حضرت محمد زبیر و حضرت شاہ گلشن را برائے حضرت قبلہ کونین خود می پرستم و الا با وجود دریافت صحبت‌ہائے ایشان و تفضل و مہربانیہائے بے پایاں بالذات بندہ درگاہ حضرت خویش ہستم۔ اے باغبان گلستان ایجاد من ازاں سبب خیر خواہ گلشنم کہ دلدادہ نالہ عندلیب خویشتنم و در ہر مقام ہمیں آہنگ می سرائم و برنام عندلیب و گلشن فدائم۔

---

۱ - آثار الصنادید - باب تیسرا ص ۲۲
۲ - نالہ درد از خواجہ میر درد - ص ۲۰ - نالہ ۱۰۳
۳ - آہ سرد - ص ۱۱۶ - آہ ۲۵۶

باغبان هر جا که باشم خیرخواه گلشنم
من فدائے عندلیب و خاک راہ گلشنم

ایک دوسری جگہ کہتے ہیں (۱)

" حق تعالی ایں فقیر خاکسار را نیز من کاسات الکرام بہرہ نصیب گرداند،،

چوں مرقع صد بہار از خرمن گل می کند
در فقیری بہرہ مند از فیض شاہ گلشنم

حضرت شاہ گلشن دھلوی کا خواجہ ناصر عندلیب پر سہ گونہ اثر تھا۔ ایک روحانیات میں، دوسرا شاعری میں اور تیسرا موسیقی میں ۔ روح کا ذکر تو اجمالاً ہو چکا شعر و شاعری میں بھی خواجہ ناصر عندلیب اچھا مذاق رکھتے تھے اور انہوں نے اپنا تخلص عندلیب، حضرت شاہ گلشن کے تخلص کی مناسبت سے ھی رکھا تھا۔ اس سے اس میدان میں بھی ان پر شاہ گلشن کے اثرات کا اندازہ ہو سکتا ھے ۔ بزم تیموریہ کے مولف نے انہیں ریختہ گو شاعروں میں شمار کیا ھے۔ جو درست معلوم نہیں ہوتا (۲) وہ صرف فارسی شعر کہتے تھے۔ کبھی کبھار امیر خان انجام کے گھر شاعرانہ مجلسوں میں ضرور جایا کرتے تھے لیکن ان کی ریختہ گوئی کی شہادت نہیں ملتی۔ نواب امیر خان انجام سے بھی ریختہ کا صرف ایک آدھ شعر منسوب ھے زیادہ نہیں یہ اس زمانے کی بات ھے جب بعض فارسی گو شاعر تفنن طبع کے طور پر کوئی شعر یا مصرع ریختہ میں موزوں کر لیتے تھے ممکن ھے ایسی ہی کسی صحبت میں خواجہ ناصر عندلیب سے بھی کوئی شعر ریختہ کا ہو گیا ہو لیکن تذکروں سے اس کی تصدیق بھی نہیں ہوتی۔ البتہ ان کی فارسی شاعری کا ذکر معاصر تذکرہ نویسوں نے ضرور کیا ھے۔ مثال کے طور پر سراج الدین علی خاں آرزو مجمع النفائس میں کہتے ہیں کہ (۳)

---

۱ - آہ سرد - ص ۱۱ ب آہ ۲۵ ب
۲ - بزم تیموریہ - ۳۰ ب
۳ - مجمع النفائس - ص ۲۶۱ الف

" هر چند شاعری دون مرتبہ ایشان است اما گاہے گاہے بہ موزونی طبع شعر می گویند"

لچھمی نرائن شفیق اورنگ آبادی نے گل رعنا میں کہا ہے کہ (۱)

" بنا بر موزونی طبع گاہے زبان را شعر آشنا می ساخت"

رہی موسیقی تو خواجہ ناصر عندلیب پر عموماً اور ان کے بیٹے خواجہ میر درد پر خصوصاً شاہ گلشن دہلوی کا اثر اس لحاظ سے مسلم ہے - شاہ گلشن اگرچہ تصوف کے نقشبندیہ خاندان سے متعلق تھے لیکن نہ جانے کیوں موسیقی کی طرف بہت زیادہ مائل تھے (۲) - تذکرہ نگاروں نے انہیں خسرو ثانی کے لقب سے یاد کیا ہے مؤلف نشتر سخن کہتے ہیں کہ (۳)

" شاہ گلشن در علم موسیقی کمال تحقیقات پیدا کردہ وے را خسرو ثانی می گفتند"

نواب صدیق حسن خان نے تذکرہ روز روشن میں کہا ہے کہ (۴)

" در فن موسیقی بہ غایتے رسید کہ بہ خسرو ثانی مشتہر گردید"

لچھمی نرائن شفیق اورنگ آبادی نے گل رعنا میں لکھا ہے کہ (۵)

" درموسیقی ہندی بہ حدے ماہر بود کہ او را خسرو زمان دانستند"

خواجہ میر درد رسالہ آہ سرد میں لکھتے ہیں کہ (۶)

" شاہ گلشن درعلم موسیقی دخل تام داشتند"

---

۱ - گل رعنا - ص ۲۶۱

۲ - تصوف کے نقشبندیہ مشرب میں اگرچہ سماع کو جائز نہیں سمجھا جاتا لیکن اس کے سربراہ خواجہ بہاالدین نقشبند کے متعلق مشہور ہے کہ وہ سماع کے متعلق کہا کرتے تھے کہ " انکار نمی کنم و این کار نمی کنم"۔۔۔ دارا شکوہ نے سفینہ الاولیا میں تو یہاں تک لکھا ہے کہ خواجہ بزرگ نے وصیت کی تھی کہ میرے جنازے کے آگے اس شعر کو پڑھتے جائیں

۳ - نشتر سخن ; مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) ۳۸۵ الف (جلد دوم)

۴ - روز روشن ص ۵۸۶

۵ - گل رعنا (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) - ص ۲۵۲ ب

۶ - رسالہ آہ سرد - ص ۱۱۷

شاہ گلشن دھلوی کے متعلق تو یقین سے نہیں کہا جا سکتا البتہ خواجہ میر درد یہ کہتے ہوئے سنے گئے ہیں کہ ان کے خاندان یا کم از کم ان میں سماع کا ذوق اللہ کی جانب سے ہے اور وہ اس ''ابتلا،، میں مرضی الٰہی کے مطابق گرفتار ہیں لیکن وہ اسے اپنے مشرب کی بنیاد پھر بھی قرار نہیں دیتے۔ نالہ درد میں لکھتے ہیں کہ (۱)

''سماع من منجانب اللہ است۔ و حق بر این امر ہمہ وقت گواہ کہ خود بخود گویندگان می آیند و ما دام کہ می خواھند.........................
می سرایند نہ آن کہ فقیر این ھا را می طلبد و شنیدن سرود را چون دیگران عبادت می فہمد بلکہ ہمان معاملہ نہ انکار می کنم و نہ این کار می کنم در پیش اسب و عقیدہ من ھمان است کہ عقیدہ بزرگان من است اما چون دریں ابتلا حسب مرضی الٰہی گرفتارم ناچار خدا عم بیامرزد و فتوی اباحت این کار بیاران خود نہ دادہ ام و بنیاد سلوک بر سماع نہ نہادہ ام تا دیگر صاحبان ہم طریق ما کہ اصلا وقف از کیفیت نغمہ نیستند در خارج آھنگی آمدہ اس ہمہ نغمات سرودنی در حق من عاصی مقر سرایند و بے اصول غائبانہ لب طعن کشایند اے کرم فرمایان این ہمہ غصہ عبث نہ باید خورد و سر بگریبان خود ہم باید برد خدا قادر است،،

خواجہ ناصر عندلیب، خواجہ محمد زبیر کی مریدی، حضرت شاہ گلشن دھلوی کے فیض صحبت، اور ذاتی مجاھدہ و ریاضت کے بل بوتے پر تصوف کے اس بلند مقام پر فائز ہو گئے تھے جو صرف اخص بزرگوں کا ہی حصہ ہے۔ میر تقی میر نے نکات الشعرا میں اسی لئے انہیں مقتدائے عالم (۲) خان آرزو نے مجمع النفائس میں قطب فلک ھدایت اور مرکز دائرہ ولایت (۳) اور قیام الدین قائم نے مخزن نکات میں (۴) یکے از اولیائے روزگار و مشائخ کبار کہا ہے۔ خواجہ

۱ - نالہ درد - ص ۷ - نالہ ۳۷
۲ - نکات الشعرا - ص ۵۴
۳ - مجمع النفائس - ص ۲۲۱ الف
۴ - مخزن نکات - ص ۱۱

میر درد رسالہ آہ سرد میں کہتے ہیں کہ (۱)

" از جمال باکمال حضرت قبلہ کونین خود چہ بیان نمایم و قطع نظر از توصیف کمال باطنی در توصیف جمال ظاہری آنحضرت ہم چہ لب کشائم کہ یک بار در شرف ملازمت رسیدہ شیفتہ شیدائے آن جمال باکمال گردیدہ و در سواری مبارک ہم از ہر جانب شناسا و غیر شناسا ہر کہ می دید بے اختیار سلام کردہ برائے قدم بوسی می دوید "

خواجہ میر درد نے اپنی دوسری تصانیف میں خواجہ ناصر عندلیب کے ساتھ جو روحانی قوتیں اور بزرگانہ مراتب منسوب کئے ہیں وہ چند چوٹی کے اولیا میں ہی ہو سکتے ہیں ۔ وہ جگہ جگہ ناصر کے نام کو اس طرح استعمال کرتے ہیں جیسے جملہ خدائی طاقتیں اور صفات ان میں مجتمع ہو گئی ہوں ۔ انہوں نے اپنی مشہور تصنیف علم الکتاب کی ہر وارد کو "ھوالناصر" کے عنوان سے شروع کیا ہے ۔ یہاں ھوالناصر کا اشارہ اگرچہ خدا کی ذات کی طرف ہے اور ہونا بھی چاہیے لیکن خواجہ میر درد اس میں خواجہ ناصر عندلیب کو بھی شریک سمجھتے ہیں بلکہ ایک رباعی میں تو ان کے بیان سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ ان کی مراد خواجہ ناصر ہی سے ہے ۔ وہ رباعی یہ ہے (۲)

آن ذات مقدس است ہر دم حاضر در حال جہانیان ہر جا ناصر
دست من و دامان رسول و آلش در ہر دو جہان است محمد ناصر

اس رباعی کے دومعنی قافیوں سے اگرچہ ہم کوئی صحیح نتیجہ نہیں نکال سکتے لیکن اس قدر ضرور ہے کہ لفظ ناصر کے استعمال سے خواجہ میر درد نے خواجہ محمد ناصر عندلیب کی بلند روحانی طاقتوں کی طرف اشارہ ضرور کیا ہے ۔

خواجہ ناصر عندلیب کی ولایت کا ایک یہ امتیاز بھی تھا کہ انہوں نے کسی سے کسب علم نہیں کیا تھا بلکہ ان پر علم و عرفان کے دارورے خداوند کریم کے خاص فضل سے از خود کھل گئے تھے ۔ وہ امی محض تھے لیکن اس کے باوجود

---

۱ ۔ رسالہ آہ سرد ۔ ص ۸۳ ۔ آہ ۳۷

۲ ۔ علم الکتاب ۔ ص ٦۳۸

عالم اجل اور صوفی کامل تھے ۔ خواجہ ناصر عندلیب نے رسالہ ہوش افزا میں خود ھی اپنے علم لدنی اور الہام الہی کا ذکر کیا ھے (۱)

" پس این همه علوم معارف شنیده او و این قدر معاملات و کارهائے دیده او که هر کدام را نادر و جدید می یابم محض از تائید علم لدنی و از الهامات الهی می نگارم"

ایک دوسری جگہ کہتے ہیں کہ (۲)

" وآنچه هادی برحق این امی مطلق را از کمال کرم خویش حقائق و دقائق امور اعتقادات و عبادات مشهود و معاش گردانیده و برائے علم و عرفان آیات قرآنی و احادیث مصطفوی را باستشهاد رسانده نیز به کنایت در آوردم"

خواجہ ناصر عندلیب کے صحبت یافتہ اور معاصر تذکرہ نویسوں نے بھی ان کے علم لدنی کی تعریف کی ھے ۔ خان آرزو نے مجمع النفائس میں لکھا ھے کہ (۳)

" هرچند تحصیل ظاهر نه کرده اند اما درے از غیب بر روئے قلب ایشان وا شده که تحقیقات صوفی و متکلم و حکیم بے تکلف بر زبان حقائق ترجمانش جاری است چنانکه از ناله عندلیب که از تالیفات شریفه ایشان است روشن است"

تصوف و عرفان کے موضوع پر ان کی دو کتابیں نالہ عندلیب اور رسالہ ہوش افزا کے نام سے ھیں ۔ نالہ عندلیب تو صوفیا کی ثقہ کتابوں میں شمار ہوتی ھے ۔ یہ تقریباً اٹھارہ سو صفحے کی ایک ضخیم نثری کتاب ھے جسے محمد حسین آزاد نے آب حیات میں محض رسالہ (۴) اور رام بابو سکسینہ نے تاریخ ادب اردو میں دیوان کہا

---

۱ - رسالہ ہوش افزا - ص ۴۹ ب
۲ - رسالہ ہوش افزا - ص ۲ الف
۳ - مجمع النفائس - (مخطوطہ پنجاب یونیورسٹی) - ص ۲۶۱ الف
۴ - آب حیات - (بیان میردرد)

ہے (۱) آزاد کی نظر سے نالہ عندلیب کا غالباً وہ نسخہ گزرا ہوگا جسے عبدالحق شہید فتح پوری نے خلاصہ" العندلیب کے نام سے اصل کتاب کی تلخیص کر کے کتابچے کی صورت میں لکھا تھا۔ اس کتابچے کا ایک نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں بھی موجود ہے جس پر نام نالہ عندلیب ہی لکھا ہے۔ اصل کتاب اس سے بہت ضخیم ہے۔ اس کی وجہ تالیف بیان کرتے ہوئے نواب حبیب الرحمن خان شروانی نے لکھا ہے کہ خواجہ ناصر عندلیب فرماتے تھے (۲) کہ " اکثر آدمی مجھ سے مختلف مطالب اور مسائل دریافت کرتے تھے صوفی طریقت کے جویا تھے مثلاً احکام شرعیہ پوچھتے تھے۔ مثلاً بعض جوان مذہب شیعہ و سنی کی تحقیق چاہتے تھے بعض اخلاق ستودہ کے متلاشی تھے۔ کسی کو عشق مجازی کی حکایوں کا شوق تھا اہل عقل کو عقلی پیرایہ کی جستجو تھی۔ اسی عرصہ میں حضرت قبلہ عالم نے رحلت فرمائی ادائے تعزیت کے لئے اعزہ اور احباب کا مجمع میرے مکان پر ہوا اسی موقع پر افسانے کے پیرائے میں برہان ہندی مطالب بالا کے جواب میں نے بیان کئے دن شب و روز صحبت رہی اپنے اپنے مطالب کے جواب پاکر سامعین پر عجب عالم طاری ہوا سامعین مصر ہوئے کہ اس افسانہ کو قلمبند کروں عرصہ تک ٹالا آخر اشارہ غیبی پاکر فارسی زبان میں لکھ دیا،، اس کتاب کی تالیف میں خواجہ میر درد نے اپنے والد بزرگوار کی ان معنوں میں بہت مدد کی ہے کہ جو کچھ خواجہ بزرگوار بولتے جاتے یہ اسے قلمبند کرتے جاتے۔ کتاب کا طریقہ تالیف بیان کرتے ہوئے خواجہ ناصر عندلیب کہتے ہیں کہ میں عشا کے بعد مخصوص احباب کے روبرو اپنے بیانات زبانی کہتا چلا جاتا جنہیں خواجہ میر درد لکھتے رہتے اگر اتفاق سے وہ نہ ہوتے تو میرے ایک اور مرید جن کا نام بیدار تھا قلمبند کرتے جاتے اور اگر دونوں میں سے کوئی نہ ہوتا تو میں خود ہی لکھتا جاتا۔ یہ کتاب ۱۱۵۳ھ میں مکمل ہوئی جس کی خواجہ میر درد نے ''نالہ عندلیب گلشن ماست،، تاریخ کہی

---

۱ - تاریخ ادب اردو (بیان میر درد) صاف ظاہر ہے کہ اس کتاب کو دیوان کہنا غلطی ہے۔

۲ - بحوالہ مقدمہ دیوان درد از نواب حبیب الرحمن خان شروانی ص ۲۳۔

جو کتاب کے دیباچے میں موجود ہے اور جس* کا ذکر خواجہ میر درد نے اپنے رسالے نالہ درد میں بھی کیا ہے - وہ لکھتے ہیں کہ(۱)

'' بندہ درحضور اقدس وقت تسوید نالہ عندلیب قطعہ تاریخ گفتہ کہ مصرع آخرش بلا کم و کاست مادہ تاریخ است و بہ سمع قبول آں حضرت رسیدہ داخل خطبہ کتاب گردیدہ و آں این است ''

سال تاریخ این کلام شریف — کہ سوئے حق انجذاب ما ست
کرد الہام حق بگوش دلم — نالہ عندلیب گلشن ماست
۱۱۵۳ھ

اس کتاب کو خواجہ میر درد نے اس قطعہ میں سوئے حق انجذاب ما اور ایک دوسری جگہ موصل الی الحبیب کہا ہے اور یہی اس کے مضامین کا نچوڑ ہے - یہ کتاب نواب شاہجہاں بیگم نور اللہ مرقدھا رئیسہ بھوپال کی کوششوں سے چھپ چکی ہے -

خواجہ ناصر عندلیب کی دوسری تصنیف رسالہ ہوش افزا ہے جو اپنی طرز کی انوکھی کتاب ہے - اس میں انھوں نے تمثیلیہ اور عارفانہ انداز میں ایک قسم کے کھیل کی تفصیل دی ہے جو انھوں نے شطرنج کے مقابلے میں ایجاد کی تھی چونکہ اس زمانے میں عوام شطرنج جیسی غیر شرعی بازی میں بہت مشغول رہتے تھے اور اپنا وقت عزیز بے فائدہ اور رائگاں گنواتے تھے اس لئے خواجہ ناصر عندلیب نے انہیں ایک متبادل اور مفید بازی میں مصروف رکھنے کے لئے یہ رسالہ لکھا ان کا خیال ہے کہ شطرنج شراب کہنہ کا حکم اور اثر رکھتی ہے اور شرع کی رو سے شراب اور دوسری نشہ آور چیزوں کی طرح اس کی حرمت بھی ثابت ہوئی ہے - اس لئے مسلمانوں کے لئے یہ کھیل حرام ہے - کتاب اسی نشہ کو چھڑانے کے لئے ہے -

خواجہ ناصر عندلیب نے روحانی دولت اپنے سسرال سے بھی ورثے میں پائی تھی انہوں نے یکے بعد دیگرے دو شادیاں کیں ان کی پہلی شادی حضرت شاہ میر بن سید لطف اللہ کی صاحبزادی سے ہوئی تھی - جو ایک صاحب نسبت بزرگ

---

۱ - نالہ درد - ص ۶ - نالہ ۳۴

اور صحیح النسب حسینی سید تھے - سید ناصر نذیر فراق نے مولوی سید محبوب عالم مرحوم کی یاد داشت کے حوالے سے لکھا ہے کہ ان کا مزار دهلی میں شاہ جیو نظام‌الدین کے باغ میں واقع ہے - یہ باغ خواجہ محمد ناصر عندلیب کے مزار کی شمالی جانب ہے - اس بیوی کے بطن سے ان کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا جن کا نام میر محمد محفوظ محمدی تھا وہ تقریباً ۲۹ سال کی عمر میں ۱۱۵۴ھ میں اپنے باپ کی زندگی میں ہی فوت ہوگئے تھے - خواجہ میر درد نے علم‌الکتاب میں جہاں اپنے بھائیوں کا ذکر کیا ہے میر محمد محفوظ محمدی کو بہت عزت و احترام سے ان کے کمالات ظاہری و باطنی کا ذکر کیا ہے وہ لکھتے ہیں کہ (۱)

" چون بتقریب مذکور اسمائے برادراں به قلم آمد داد برادر کلاں فقیر بیر ازسینه جوش زده نام شریف ایشان میر محمد محفوظ محمدی بود تاریخ ولادت ایشان از لفظ محمد محفوظ مستفاد می شود عجب کمالات ظاهری و باطنی داشتند و داغ معارف بر دل هرکه یک بار هم دیده باشد گذاشتند کمال شفقت و عنایت بر این بنده می نمودند و سلوکے که درخور حال این بالائی بود نمی فرمودند بلکه از راه کمال کرم در حق این فقیر ارشاد می کردند که حق تعالی شما را از صغر سن نسبت خاص بجود عطا کرده است متوجه احوال من باشد آن در عین شباب و جوانی ازین جهان فانی در حین حیات حضرت قبله گونین رخصت نمودند و در سن بیست و نه سالگی بتاریخ سازدهم شهر رجب ۱۱۵۴ھ سفر به عالم باقی فرمودند"

خواجہ ناصر عندلیب کی دوسری شادی میر احمد خاں شہید اول کی پوتی اور میر سید محمد قادری کی بیٹی سے ہوئی تھی جن کی کوکھ سے خواجہ میر درد اور ان کے دوسرے بھائی بہن پیدا ہوئے - اس کا ذکر خواجہ میر درد نے خود اپنی تصنیف علم‌الکتاب میں کیا ہے اور لکھا ہے کہ (۲)

" اسم این فقیر که خواجه میر است وقت تولد بنده والد بزرگوار والده ماجده ام سید العارفین حضرت میر سید محمد حسینی قادری بن نواب میر احمد خان شهید قدس سرهما العزیز گذاشته اند"

---

۱ - علم الکتاب - ص ۸۳

۲ - علم الکتاب - ص ۸۳

میر سید محمد قادری کے باپ میر احمد خان اول شہید خان بیوتات خواجہ عبدالرحیم کے داماد تھے (۱)۔ خواجہ عبدالرحیم ولایت فرغانہ کے شہر اندجان کے رہنے والے تھے (۲)۔ ان کے والد کا نام خواجہ ابوالقاسم تھا (۳)۔ جو اپنے وقت کے مسہور مشائخ میں شمار ہوتے تھے ۔ وہ شاہجہان کے عہد میں ہندوستان مس وارد ہوئے اور زمانہ شباب ھی میں انہوں نے سلطان دارا شکوہ کی رفاقت کا امتیاز حاصل کر لیا۔ عالم گیر تخت نشین ہوا تو اس کی ملازمت میں آ گئے اور خطاب خانی سے سر افراز ہوئے (۴) یہاں تک کہ سلطان عالم گیر نے خدمت بیوتانی ان کے سپرد کر دی۔ انہوں نے ۱۱۰۳ھ میں انتقال کیا۔ ان کی اولاد میں ایک وہ لڑ کی تھی جو میر احمد خان شہید سے بیاھی گئی تھی اور چند بیٹے اور تھے جن میں سے ایک کا نام میر نعمان خان تھا جن کے بیٹے میر عبدالمنان خان پہلے دکن میں نظام‌الملک آصف جاہ کی خدمت میں تھے اور پھر درویشانہ مزاج کی بنا پر خانہ نشین ہو گئے تھے۔ وہ شعر بھی کہتے تھے اور عترت تخلص کرتے تھے۔

شاھنواز خان نے ماثرالامرا میں لکھا ہے(۵) کہ میر احمد خان عالم گیر کے زمانے میں پہلے شاھزادہ محمد اعظم شاہ کی فوج میں واقعہ نویسی اور بخشی گری پر مامور تھے ۔ پھر شہزادہ بیدار بخت کی فوج کے دیوان مقرر ہوئے۔ ساقی خان نے مآثرعالم گیری میں بھی ان کے دیوان مقرر ہونے کا ذکر کیا ہے (۶) اور مزید لکھا ہے کہ وہ خاندیس کے صوبے کی نیابت پر بھی ممتاز رہے ہیں (۷)۔ جب شاہ عالم کام بخش کے ساتھ جنگ کے بعد واپس آیا اور اس کی فوج برھانپور میں خیمہ زن ہوئی تو اس نے برھانپور کے قریب ایک شکارگاہ میں شکار کھیلنے کا

---

۱ - مآثرالامرا - جلد سوم - ص ۶۶۲
۲ - ایضاً
۳ - ایضاً
۴ - ایضاً
۵ - ایضاً
۶ - مآثر عالم گیری - ص ۴۰۸
۷ - ایضاً

ارادہ کیا (۱)۔ لیکن اس زمانے میں شمالی ہند میں سکھوں اور راجپوتوں نے شورش بر پا کردی ۔ اس بنا پر شاہ عالم قصبہ مذکور کو میر احمد خاں کی حراست میں دے کر خود ان کی گوشمالی کے لئے چل کھڑا ہوا۔ یہ واقعہ شعبان ۱۱۲۱ھ کا ہے۔ اس کے اگلے سال ہی تلسی بائی نامی ایک مرہٹہ عورت نے بھی ریشہ دوانیاں شروع کر دیں وہ برہانپور پر حملہ آور ہوئی اور میر احمد خان اپنے بہت سے رشتہ داروں کے ساتھ اس آویزش میں شہید ہوگئے۔ مآثرالامرا میں میں لکھا ہے کہ (۲)۔

"اتفاقاً در سال چہارم ۱۱۲۲ھ تلسی‌بائی نام زنے یکے از سرداران مرہٹہ با فوج بسیار تاخت آورد ۔ میر احمد خاں شہید با بیشتر از اولاد و اقربا و دو ثلث لشکر در معرکہ جام شہادت چشیدند"

تذکرہ تیموریہ ، گلزار آصفیہ اور تذکرہ خواتین تیموریہ میں بھی میر احمد خان شہید کی شہادت کا حال اسی طرح لکھا ہے۔ لیکن نواب حبیب‌الرحمن خان شروانی نے دیوان درد پر مقدمہ لکھتے ہوئے کہا ہے کہ (۳)

"خواجہ ناصر عندلیب تخلص کے نانا میر سید محمد حسینی تھے جو بیٹے تھے نواب میر احمد خاں شہید کے۔ نواب صاحب پانی پت کے معرکے میں نادر شاہ کے مقابلے میں شہید ہوئے"

اور پھر اپنے دعوی کے ثبوت میں تاریخ جہاں‌کشائے نادری کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ ان کا ذکر اس تاریخ میں بھی موجود ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ وہ مشہور اردو شاعر مرزا رفیع سودا کے ممدوح بھی تھے۔ مرزا نے ان کی شان میں ایک قصیدہ بھی لکھا ہے (۴)

---

۱ - یہ جگہ برہان پور سے تین کروہ کے فاصلے پر تھی - اس میں صاف پانی کی ایک خوبصورت نہر تھی جس پر بند باندھ کر تقریباً سو گز کے فاصلے سے ایک آبشار گرائی تھی - اس کا نام تاریخوں میں کرارہ لکھا ہے -

۲ - مآثرالامراء - جلد سوم ص ۶۶۳/۶۶۵

۳ - مقدمہ دیوان درد از نواب حبیب الرحمن خان شروانی - ص ۲

۴ - ایضاً

نواب حبیب‌الرحمن خان شروانی کے اس بیان میں قطع نظر اس غلطی کے کہ انہوں نے میر سید محمد قادری کو خواجہ میر درد کی بجائے خواجہ محمد ناصر عندلیب کا نانا کہا ہے میر احمد خان شہید کا پانی پت کے میدان میں شہید ہونا بھی تاریخی اعتبار سے درست نہیں اور پھر جہاں کشائے نادری میں بھی ان کا کہیں ذکر نہیں اور نہ ہی وہ سودا کے ممدوح تھے۔

جہاں کشائے نادری میں جو مہدی خان کی تصنیف ہے علی احمد خان کے نام سے ایک اور امیر کا ذکر ملتا ہے۔ جو سودا کے ممدوح بھی تھے (۱) اور پانی پت کے میدان میں شہید بھی ہوئے تھے۔ وہ سیف‌الدولہ سادات خان ذوالفقار جنگ کے بھانجے اور احدیوں کے بخشی تھے۔ نواب حبیب‌الرحمن نے شاید غلط فہمی سے انہیں ہی میر احمد خان شہید سمجھ لیا ہے۔ جہاں کشائے نادری کی عبارت یہ ہے (۲)

" خان دوران که سپه سالار و مدار سلطنت هندوستان بود زخم دار گشته یک پسر او با مظفر خان برادرش مقتول و عاشور خان به تقید درآمد خودش بروز دیگر به علت آن زخم که افتاده بود درگذشت و اصلی خان سردار قسون خاص پادشاهی با شهداد خان افغان و یادگارخان و میر حسن خان کوکه، و اشرف خان و اعتبار خان و عاقل بیگ خان و علی احمد خان که امرائے معتبر بودند تا قریب صد نفر از خوانین و عظمائے دیگر و سی هزار تن از لشکریان ایشان عرضه شمشیر زهر آبگون گشتند "

خواجہ میر درد کے میر احمد خان شہید جیسا کہ تفصیل سے بیان ہو چکا ہے تلسی بائی کے مقابلے میں برہانپور کے قریب شہید ہوئے تھے۔ اس جنگ میں ان کے دو بیٹوں کے سوا تقریباً سبھی خویش و اقارب مارے گئے۔ ان بیٹوں میں سے ایک کا نام میر محامد خان تھا اور دوسرے کا میر سید محمد۔ میر محامد خان،

---

۱ - سودا نے ان کی مدح میں تین قصیدے لکھے ہیں - تفصیل کے لئے دیکھئے سودا از شیخ چاند

۲ - تاریخ جہان کشائے نادری از مہدی خاں - ص ۱۸۷

جو امن آباد (پنجاب) کی فوجداری پر مامور تھے اپنے باپ کے مرنے کے بعد انھی کے خطاب سے مشہور ہوئے اور میر احمد خان ثانی کہلانے لگے۔ میر سید محمد قادری اپنے بھائی کے برعکس درویشانہ زیست کرتے تھے اور تصوف و عرفان کی دنیا میں بلند منصب پر فائز تھے۔ خواجہ میر درد نے ان کے اوصاف ظاہری و باطنی کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ (۱)

''جناب ایشان عجب جاه و جلال مرتبہ فقر و استغنا داشته اند و مرتبه بزرگی و کمال داده اند سیادت و امارت و شرافت و شجاعت و غیرت و همت و جرأت و فتوت این خاندان و آبا و اجداد مادری و پدری ایشان ثابت بالاتفاق است و شهره آفاق''

خواجہ محمد ناصر عندلیب کی شادی انھی میر سید محمد قادری کی بیٹی سے ہوئی تھی جن کا نام سید ناصر نذیر فراق نے میخانہ درد میں بجی بیگم عرف منگا بیگم لکھا ہے۔ ان کے بطن سے اولاد نرینہ میں خواجہ میر درد اور ان کے دوسرے بھائی پیدا ہوئے جن میں سے ایک کا نام خواجہ میر اثر اور دوسرے کا نام سید میر محمدی تھا۔ اخرالذکر عین جوانی کے آغاز میں تقریبا ۱۹ سال کی عمر میں فوت ہوگئے تھے۔ علم الکتاب میں خواجہ میر درد نے اپنے بھائیوں کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ (۳)

'' نام برادر عزیز خواجہ محمد میر حق تعالی سلامت دارد و در هیچ جا و هیچ حال جدا از بنده نگذارد نیز به همین الفاظ است و برائے امتیاز هر دو اسم توسط اسم مبارک محمد به میان آورده شد و تعبیر از همین معنی است آنکه نام دیگر برادر خورد بنده که چند سال ازین برادر عزیزم سلمه الله کلاں بودند سید میر محمدی بود عجب کمالات و تقدس ذات از بدو خلقت و ابتدا طفولیت داشتند و در سن نوزده (۱۹) سالگی

---

۱ - علم الکتاب ص ۸۴

۲ - میخانہ درد - ص ۱۰۶

۳ - علم الکتاب ص ۸۴

در حضور اقدس بتارخ پنجم شهر ربیع‌الثانی ۱۱۶۳ھ جہان فانی را گداشند،،

حواجہ میر درد کا خاندان اپنی ان نام سلسلہ در سلسلہ روحانی اور دنیوی فضیلتوں کے اعتبار سے جن کی تفصیل اپھی گرری ہے قران السعدین اور مجمع‌البحرین نظر آتا ہے رسالہ ہوش افزا میں حواجہ ناصر عندلیب سے خطاب کرتے ہوئے اسی لئے ایک بزرگ نے کہا تھا کہ (۱)

”شما معزز ترین امیر زادہ و بے شبہ عمدہ زادہ اید،،

یہ امیر زادگی ایک مقام پر تو شہزادگی میں شامل ہو جاتی ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ خواجہ میر درد کے اجداد میں سے حواجہ محمد صالح، حواجہ محمد یعقوب اور حواجہ محمد موسیٰ تینوں شہنشاہ اورنگ زیب عالم گیر کے بھائی شہزادہ مرادبخش اور شہزادہ معزالدین کی لڑکیوں سے بیاہے ہوئے تھے - خود بادشاہ عالم گیر کے اپنے بیٹوں کی شادیاں بھی اس کے بھائیوں کے گھر ہو جانے سے تو یہ رشتہ شہزادگی اور زیادہ گہرا اور مضبوط ہو جاتا ہے - مثال کے طور پر اورنگ زیب کے بیٹے شہزادہ محمد سلطان کی شادی ۱۶۵۹ھ میں شاہ شجاع برادر اورنگ زیب کی لڑکی گل رخ بانو سے ہوئی تھی (۲) - اس شہزادے کی دوسری شادی ۱۶۷۲ء میں اورنگ زیب کے دوسرے بھائی مرادبخش کی لڑکی دوست دار بانو سے ہوگئی تھی (۳) جو خواجہ میر درد کے اجداد حواجہ محمد صالح اور خواجہ محمد یعقوب کی سالی تھی - اورنگ زیب کی دو لڑکیوں میں سے ایک لڑکی جس کا نام مہرالنساً تھا مرادبخش کے بیٹے شہزادہ ایزد بخش کے گھر تھی اور دوسری لڑکی جس کا نام زیب‌النسأ اور تخلص مخفی تھا داراشکوہ کے بیٹے شہزادہ سپہر شکوہ سے بیاہی ہوئی تھی - دارا شکوہ کی ایک لڑکی جہان زیب بانو

---

۱ - رسالہ ہوش افزا ص ۹۶ ب

2. History of Aurangzeb by J. N. Sarkar Vol. IV p. 61

3. History of Aurangzeb by J. N. Sarkar Vol. IV p. 61

4. Studies in Mughal India by J. N. Sarkar.

عالم گیر کے تیسرے بیٹے محمد اعظم کی بیوی تھی - اور اس کے سب سے چھوٹے بیٹے شہزادہ محمد اکبر کی شادی دارا شکوہ کی پوتی اور سلیمان شکوہ کی بیٹی سلیمہ بانو سے ہوئی تھی-

ان پیچ در پیچ رشتوں کی بنا پر خواجہ میر درد کے اجداد شہنشاہ اورنگ زیب کے خاندان سے مربوط اور متعدد رشتوں میں بندھے ہوئے تھے- لیکن خواجہ میر درد اور ان کے والد بزرگوار کو اپنی شہزادگی اور امیر زادگی اتنا فخر نظر نہیں آتا جتنا اپنی نجابت اور سیادت پر - چنانچہ خواجہ ناصر عندلیب کو خطاب کرتے ہوئے ایک بزرگ نے اس لئے کہا تھا کہ ۱

"اگرچہ الی الحال این همه بیان احوال آن گذشتگان (یعنی پادشاه پادشاهزادگان) خود را ننگ خویش می دانیدند آن که فخر خو نگارید - برائے آن که بموجب آن خبر که کل شیٔ یرجع الی اصله جانب مقرر اصلی خود رجوع نمود دولت فقر محمدی را که ارث جد شما است حاصل گردہ آید والحق که شما از طرف مادر و پدر صحیح النسب بنی فاطمه و سید حسنی هستید که سادات و نجابت از آفتاب و ماهتاب منور تر است که از جانب پدر از نبیرہ‌هائے مد العرفا خواجه خواجه‌ها حضرت خواجه بہاءالحق و الدین المعروف نقشبند هستید و از طرف والده از نبیرهائے محبوب سبحانی سید عبدالق جیلانی می شوند و بنده چنانچه از امور نسب شما به تفصیل آگهی دارم . کاروبار مسب گذران ایشان را هم واقف هستم که بارها به جناب پیر بزرگوار شما حضرت شیخ محمد زبیر نقشبندی مشرف گردیده میان حلقه هائے مراقبه ایشان ننشسته ام"

اس اقتباس سے صاف ظاہر ہے کہ خواجہ ناصر عندلیب کو اپنے آباؤ اجداد ا سلسلہ نسب پر ان معنوں میں فخر نہیں کہ وہ امیرزادوں اور شاہزادوں کے زمرے میں شامل تھے بلکہ ان کو اس بات پر ناز ہے کہ وہ نجیب‌الطرفین ا

---

۱ - رسالہ ہوش افزا از خواجہ ناصر عندلیب - ص ۹۳ ب و ۹۷ الف

صحیح النسب حسینی سید اور سادات بنی فاطمہ میں سے ہیں اور ان کے سلسلہ ہائے پدری و مادری علی الترتیب خواجہ بہاالدین نقشبند اور حضرت غوث الاعظم جیسے بزرگوں تک پہنچتے ہیں - یہ حقیقت میں ایک بہت بڑی اور لا زوال دولت ہے جس پر کوئی خاندان جتنا فخر کرے بجا ہے چنانچہ خواجہ میر درد اسی لئے اپنی تصنیف علم الکتاب میں اپنی سیادت و نجابت کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ (۱)

"آباؤ اجداد پدری و مادری الی انفسنا و ذریاتنا و نسائنا و ہمہ اطراف ایشان و اطراف اطراف ایشان سادات صحیح النسب و ذوات رفیع الحسب بودہ اند و ہستند"

اور پھر وہ اپنی اس صحیح النسبی اور رفیع الحسبی کی اہمیت اس لحاظ سے بھی بتاتے ہیں کہ ان کے آباؤ اجداد پدری و مادری کے اوصاف ظاہری و باطنی منتہائے کمال تک پہنچے ہوئے تھے وہ ایک جگہ اپنے نانا میر سید محمد قادری کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ (۲)

"جناب ایشان عجب جاہ و جلال مرتبہ فقر و استغنا داشتہ اند و مرتبہ بزرگی و کمال دادہ اند - سیادت و امارت و شرافت و شجاعت و غیرت و ہمت و جرأت و فتوت ایں خاندان و آبا و اجداد مادری و پدری ایشان ثابت بالاتفاق است و شہرہ آفاق - غرض کہ اوصاف ظاہری و باطنی بزرگان خود تا کجا نگارد کہ بہ فضل الہی حدے و نہایتے نہ دارد و ہم منجر بہ خودستائی نہ گردد و احتمال افتخار نہ شود"

فقر و سیادت کا یہ سرمایہ جو خواجہ میر درد کو پدری و مادری دونوں سلسلوں سے ورثے میں ملا تھا انہیں سلاطین دنیوی کے خزانوں سے عزیز تھا

---

۱ - علم الکتاب از خواجہ میر درد - ص ۸۴

۲ - علم الکتاب از خواجہ میر درد - ص ۸۴

اور وہ الفقر فخری کے تاج کے سامنے افسر شاہانہ کو ہیچ سمجھتے تھے وہ اپنی اس متاع عزیز پر بار بار فخر کرتے نظر آتے ہیں اور ہر جگہ اپنی خاندانی اہمیت اور فضیلت، شاہی تعلقات کی بنا پر نہیں بلکہ فقر و سیادت کی وجہ سے جتاتے ہیں مثلاً رسالہ درد دل میں ایک جگہ لکھتے ہیں کہ (۱)

"سادا ے کہ ایشاں را وراثت از فقر محمدی رسیدہ و افسر الفقر فخری زیب سر استغنائے قلبی گردیدہ و باب مدینہ علم و معرفت بروئے باطن کشادہ و توسل تام بہ حق و انقطاع کلی از خلق دست دادہ سلاطین ملک فراغت اند و مسند نشین عزت و عزت گروہ ذلّ من طمع ناچار پیش این جماعت عز من قنع سر فرو می آرند و بے اختیار ارباب توکل و استقامت را عزیز می دارند و اعیا بر آستان چنیں فقرا سر نیاز می سایند و استدعائے مدد و تائید می نمائند و ایں بے پروایان اصلا بر تخت و تاج نگاہ نمی اندازند و وجود ما سوی اللہ را بہ آتش عشق الہی می سوزند و ہماں دود سوختہ دلہا خود مانند شمع چتر شاہی ایں روشن ضمیران است و دیدہ گریاں ابرو بخشش ایں گداختہ دلاں واللہ معہم حیثما کانوا و ہو العزیز الحکیم"

سہ دو ما غذائے فقر گرفتہ چناں مزاج — اس جا بعید نیست کہ شاہاں دہند باج
کے بنگرند بے سرو پاداں بہ تخت و تاج — روشن دلاں بغیر ندارند احتیاج
بر سر جوں شمع بال ہما گشتہ دود ما

---

۱ - رسالہ درد دل خواجہ میر درد - ص ۲۲۳ - درد نمبر ۲۳۵

فہارس

اورینٹل کالج میگزین

★

از

۱۹۳۲ - ۱۹۵۷ء

فہرست مندرجات

توضیح

اورینٹنل کالج میگزین فروری ۱۹۲۵ء میں جاری ہوا تھا۔ مئی ۱۹۲۵ء میں اس کی جلد اول ختم کر دی گئی۔ اسکی دوسری جلد نومبر ۱۹۲۵ء سے شروع ہوئی۔ اور اگست ۱۹۲۶ء میں ختم ہوئی۔ اس رسالہ کا نمبر مسلسل ۶ تھا۔ کیونکہ اس کے بعد فی جلد ۴ نمبر شائع ہوتے رہے۔ اسلئے مسلسل نمبر ۷ سے تیسری جلد شروع ہوئی۔ اور اس نمبر سے نمبر مسلسل باقاعدہ اس رسالہ پر درج ہونے لگا۔ اور اب تک جاری ہے۔

اس سے قبل اس میگزین کے مضامین وغیرہ کا ایک اشاریہ میگزین کے شمارہ مئی ۱۹۴۲ء (جلد ۱۸ ۔ عدد ۳ ۔ عدد مسلسل ۹۴) میں شائع ہو چکا ہے۔ اب نیا اشاریہ فروری سنہ ۱۹۴۲ء سے لیکر نومبر سنہ ۱۹۵۷ء تک کے پرچوں سے متعلق ہے۔ اس اشاریے کی ۲ فہرستیں ہیں :-

۱ ۔ فہرست مضمون نگاراں

۲ ۔ فہرست مضامین

جلد اور صفحے کا حوالہ اس طرح دیا گیا ہے۔ ۱۵/۳۳/۴ (۴ سے مراد نمبر ، ۳۳ سے مراد جلد اور ۱۵ سے مراد صفحہ ہے) و علیٰ ہذا القیاس۔

ایڈیٹر

فہرست مضمون نگاراں

بلدیو سنگھ گیانی

جنگ نامہ یا سکھوں اورانگریزوں کی لڑائی کے حالات

مئی ۱۹۴۲ء ۱/۱۸/۳
اگست ۱۹۴۲ء ۴/۱۸/۴
نومبر ۱۹۴۲ء ۶/۱۹/۱

بنارسی داس

عبدالرحمن کا سندیش راسک

فروری ۱۹۴۷ء ۸۶/۲۳/۲

تاج محمد خان

دیوان خواجو کرمانوی

نومبر ۱۹۴۴ء ۱۲۹/۲۱/۱
فروری ۱۹۴۵ء ۱۴ /۲۱/۲
اگست ۱۹۴۵ء ۱۶۱/۲ /۴
فروری ۱۹۴۶ء ۱۰۷/۲۲/۲
مئی ۱۹۴۶ء ۲۰۹/۲۲/۳
اگست ۱۹۴۶ء ۲۲۵/۲۲/۴
نومبر ۱۹۴۶ء ۲۵۷/۲۳/۱
فروری ۱۹۴۷ء ۲۸۹/۲۳/۲
مئی ۱۹۴۷ء
حصہ اول ۳۰۷/۲۳/۳
حصہ دوم ۱/۲۳/۳
اگست ۱۹۴۷ء ۵/۲۳/۴
نومبر ۱۹۴۷ء ۳۷/۲۴/۱

جگن ناتھ اگروال

ڈاکٹر لکشمن سروپ

فروری ۱۹۵۶ء ۱۱/۳۲/۲

خادم محی الدین

برادر مرحوم کی یاد میں

نومبر ۱۹۵۱ء ۷۹/۲۸/۱

خان اے رحمان (ڈاکٹر)

خطبہ صدارت

مئی ۱۹۵۶ء ۱/۳۲/۳

خلیل الرحمن داؤدی

گلدستہ نازنیناں

نومبر ۱۹۵۵ء ۵۷/۳۲/۱

ڈوی - کے - پروفیسر

جاپانی شاعری

فروری ۱۹۵۶ء ۴۷/۳۲/۲

رحمن - ایس - اے - (ڈاکٹر)

تقریر یوم کالج

نومبر ۱۹۵۴ء ۴/۳۱/۱

رضی الدین صدیقی (ڈاکٹر)

خطبہ صدارت یوم کالج

فروری ۱۹۵۶ء ۲۵/۲۲/۲

ریاض الدین احمد

اقبال مرحوم

نومبر ۱۹۵۱ء ۷۳/۲۸/۱

سخاوت مرزا

نصاب الاحتساب عربی کا کاتب غواصی گولکنڈوی

نومبر ۱۹۵۶ء ۷۳/۳۳/۱

شجاع الدین خلیفہ (ڈاکٹر)

خطبہ صدارت

مئی ۱۹۵۵ء ۱/۳۱/۳

شمس اللہ قادری حکیم

خلاصتہ التواریخ کا مصنف

مئی ۱۹۴۳ء ۴۳/۱۹/۳

صادق علی دلاوری

غنیمت کنجاہی

مئی ۱۹۴۲ء ۱۳/۱۸/۳

غنیمت کا وطن

نومبر ۱۹۴۳ء ۲۶/۲۰/۱

ظفر حسن (خان بہادر)

سلاطین دھلی کے سکے

نومبر ۱۹۵۰ء ۱/۲۷/۱
مئی ۱۹۵۱ء ۱۳/۲۷/۳
فروری ۱۹۵۲ء ۶۲/۲۸/۲

عابد علی عابد، (سید)

شروان اور ملحقہ علاقے

نومبر ۱۹۵۲ء و فروری ۱۹۵۳ء
۱۳/۲۹/۲ و ۱

عبادت بریلوی (ڈاکٹر)

جدید اردو غزل

مئی و اگست ۱۹۷۳ء ۳و۴/۲۹/۳۵

عباس شوستری

تصوف در ایران

فروری ۱۹۴۶ء ۳/۲۲/۲

امثال در قرآن مجید

مئی ۱۹۴۷ء ۳/۲۲/۳

افسانہ نفس و ایزد کام

اگست ۱۹۴۹ء ۲۵/۲۵/۴

قیصر جولیانوس

فروری ۱۹۵۰ء ۳۰/۲۶/۲

مزدک و کیش او

مئی ۱۹۵۰ء ۱۷/۲۶/۳

افکار نو افلاطونی

اگست ۱۹۵۰ء ۲۰/۲۶/۴

عبداللہ چغتائی (ڈاکٹر)

مثنوی نیرنگ عشق کا ایک مخطوطہ

اگست ۱۹۴۳ء ۵۴/۱۹/۴

شہاب عبدالکریم قوام ناگوری

مئی ۱۹۵۱ء ۱/۲۷/۳

پروفیسر شیرانی مرحوم اور ان کے خطوط

نومبر ۱۹۵۴ء ۶۱/۳۱/۱

بادشاھی مسجد

فروری ۱۹۵۵ء ۳۵/۳۱/۲

عبدالحق، (ڈاکٹر مولوی)

محمد اقبال

نومبر ۱۹۵۱ء ۱۳/۲۸/۱

عبدالحمید خان دستی (سردار)

افتتاحی خطبہ یوم کالج

فروری ۱۹۵۷ء ۱/۳۳/۲

عبدالحی حبیبی قندھاری

ملتان کا لودھی شاھی خاندان

مئی ۱۹۴۸ء ۴۵/۲۴/۳
فروری ۱۹۴۹ء ۶۵/۲۵/۲
مئی ۱۹۴۹ء ۴/۲۵/۳

عبدالرؤف (خان بہادر)

اقبال مرحوم

نومبر ۱۹۵۱ء ۶۳/۲۸/۱

عبدالصمد صارم

آلہال اودل

مئی ۱۹۵۷ء ۱۹/۳۳/۳

عبدالعزیز بیرسٹر ایٹ لا

مرحوم پروفیسر شیرانی کی یاد میں

فروری ۱۹۴۷ء ۹/۲۳/۲

عبدالقادر بالقابہ، سر شیخ

مغرب کا اثر ادب اردو پر

غلام یسین خان نیازی (ڈاکٹر)

مثنوی اسپ نامہ

مئی ۱۹۴۷ء ۱۶/۲۳/۳

غنی (اے۔ ار) و ابواللیث صدیقی (ڈاکٹر)

گائیڈ۔ ٹو۔ انگلش اردو ڈکشنری

نومبر ۱۹۵۳ء و فروری ۱۹۵۴ء
۱ و ۲۷/۳۰/۲

فضل حسین تبسم

مثنوی سوهنی مہیوال از صالح

اگست ۱۹۴۶ء ۳/۲۲/۴

مثنوی سوهنی مہیوال فارسی

نومبر ۱۹۴۶ء ۳/۲۳/۱

فضل الرحمن

کتاب الفہرست کے ملحقات

فروری ۱۹۴۴ء ۵۷/۲۰/۲

فضل محمود اثیری (ڈاکٹر)

جاپان ایز نون ٹو عربز

مئی ۱۹۵۵ء ۱/۳۱/۳

شاہ ولی‌اللہ دهلوی

نومبر ۱۹۵۶ء ۱/۳۳/۱
مئی ۱۹۵۷ء ۱/۳۳/۳

فیوض الرحمان (مولوی)

ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ

اگست ۱۹۵۲ء ۱/۲۸/۴

کلب علیخان فائق رامپوری

دلی کا دبستان شاعری پر ایک ریویو

اگست ۱۹۵۷ء ۵۵/۳۳/۴

اردو کے طرحی رسالے

نومبر ۱۹۵۷ء ۵۲/۳۴/۱

مجتبی هاشم نوگانوی

مسر اور گردیزی

مئی ۱۹۴۴ء ۳۱/۲۰/۳
اگست ۱۹۴۴ء ۳/۲۰/۴

محمد ابراهیم ڈار

"هندوستان میں مغلوں سے قبل فارسی ادب"

